مکمل

لغات القرآن

مع فہرست الفاظ

www.KitaboSunnat.com

تالیف

مولانا محمد عبدالرشید نعمانی

مکتبہ حسن سہیل

احمد مارکیٹ ○ اردو بازار ○ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

مکمل

لغات القرآن

www.KitaboSunnat.com

مع فہرستِ الفاظ

جلد دوم — ب تا خ

تالیف

مولانا محمد عبدالرشید نعمانی

مکتبہ حسن سہیل

راحت مارکیٹ ○ اُردو بازار ○ لاہور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

95
C
230.
ع م ۔ ل

کتابت سرورق	سید نفیس رقم
ناشر	شاہد نذیر خاں یوسفی مجددی
مطبع	قیصر پرنٹرز، لاہور
تعداد	پانچ سو
قیمت بلا جلد	
قیمت مجلد	

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
باب الباء الموحدة	۷
فصل الالف	۷
فصل الثاء المثلثہ	۲۲
فصل الحاء المہملہ	۲۳
فصل الخاء المعجمہ	۲۴
فصل الدال المہملہ	۰
فصل الراء المہملہ	۲۶
فصل السین المہملہ	۳۱
فصل الشین المعجمہ	۳۲
فصل الصاد المہملہ	۳۴
فصل الضاد المعجمہ	۳۵
فصل الطاء المہملہ	۰
فصل العین المہملہ	۳۶

عنوان	صفحہ
فصل الغین المعجمہ	۴۱
فصل الکاف	۴۲
فصل اللام	۴۴
فصل المیم	۴۸
فصل النون	۴۹
فصل الواو	۵۱
فصل الھاء	۵۲
فصل الیاء المثناۃ	۵۳
باب التاء المثناۃ	۶۱
فصل الالف	۰
فصل الباء الموحدہ	۶۸
فصل التاء المثناۃ	۷۶
فصل الثاء المثلثہ	۸۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
فصل الجیم المعجمہ	۸۳
فصل الحاء المہملہ	۸۷
فصل الخاء المعجمہ	۹۵
فصل الدال المہملہ	۱۰۱
فصل الذال المعجمہ	۱۰۷
فصل الراء المہملہ	۱۰۹
فصل الزاء المعجمہ	۱۱۶
فصل السین المہملہ	۱۱۸
فصل الشین المعجمہ	۱۲۴
فصل الصاد المہملہ	۱۳۰
فصل الضاد المعجمہ	۱۳۲
فصل الطاء المہملہ	۱۳۶
فصل الظاء المعجمہ	۱۳۸
فصل العین المہملہ	۱۳۹
فصل الغین المعجمہ	۱۵۰
فصل الفاء الموحدہ	۱۵۱
فصل القاف المعجمہ	۱۵۸
فصل الکاف	۱۶۲
فصل اللام	۱۶۹
فصل المیم	۱۸۳
فصل النون المعجمہ	۱۹۲
فصل الواؤ	۲۰۲
فصل الہاء	۲۱۶
فصل الیاء المثناۃ	۲۱۸
باب الثاء المثلثہ	۲۱۹
فصل الباء الموحدہ	″
فصل الجیم المعجمہ	۲۲۰
فصل العین المہملہ	″
فصل القاف	″
فصل اللام	۲۲۱
فصل المیم	۲۲۲
فصل الواؤ	۲۲۶
باب الجیم المعجمہ	۲۲۸
فصل الالف	″
فصل الباء الموحدہ	۲۲۴
فصل التاء المثلثہ	۲۴۲
فصل الحاء المہملہ	″
فصل الدال المہملہ	″

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
فصل الذال المعجمہ	۲۴۳
فصل الراء المہملہ	۰
فصل الزاء المعجمہ	۲۴۴
فصل السین المہملہ	۲۴۶
فصل العین المہملہ	۰
فصل الفاء	۲۵۱
فصل اللام	۲۵۲
فصل المیم	۲۵۳
فصل النون	۲۵۴
فصل الواؤ	۲۶۰
فصل الھاء	۰
فصل الیاء المثناۃ	۲۶۲
باب الحاء المہملہ	۲۶۴
فصل الالف	۰
فصل الباء الموحدہ	۲۶۹
فصل التاء المثناۃ	۲۷۰
فصل الثاء المثلثہ	۲۷۲
فصل الجیم المعجمہ	۰
فصل الدال المہملہ	۲۷۴

عنوان	صفحہ
فصل الذال المعجمہ	۲۷۴
فصل الراء المہملہ	۲۷۵
فصل الزاء المعجمہ	۲۷۸
فصل السین المہملہ	۲۷۹
فصل الشین المعجمہ	۲۸۲
فصل الصاد المہملہ	۲۸۴
فصل الضاد المعجمہ	۲۸۵
فصل الطاء المہملہ	۰
فصل الظاء المعجمہ	۲۸۶
فصل العین	۰
فصل الغین	۲۸۷
فصل الکاف	۲۸۹
فصل اللام	۲۹۰
فصل المیم	۲۹۱
فصل النون	۲۹۴
فصل الواؤ	۲۹۵
فصل الیاء المثناۃ	۲۹۷
باب الخاء المعجمہ	۳۰۰
فصل الالف	۰

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
فصل الباء الموحدہ	۳۰۵	فصل الضاد المعجمہ	۳۱۱
فصل التاء المثناۃ	۳۰۶	فصل الطاء المہملہ	۳۱۲
فصل الدال المہملہ	۳۰۷	فصل الفاء	۳۱۴
فصل الذال المعجمہ	〃	فصل اللام	۳۱۵
فصل الراء المہملہ	۳۰۸	فصل المیم	۳۲۴
فصل الزاء المعجمہ	۳۰۹	فصل النون	۳۲۵
فصل السین المہملہ	〃	فصل الواؤ	۳۲۶
فصل الشین المعجمہ	۳۱۰	فصل الیاء المثناۃ	۳۲۷
فصل الصاد المہملہ	۳۱۱	———	

غنیۃ الطالبین

غوث الاعظم حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
کی
مایۂ ناز اور مشہورِ زمانہ تصنیف کا اُردو ترجمہ
از مولانا عبدالدائم جلالیؒ

اس کتاب میں فقہی مسائل صوفیانہ انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ مثلاً توحید، نماز روزہ، زکوٰۃ، حج، قربانی، جمعہ کے فضائل مریدوں کے آداب، فقہ کے آداب توکل، حسنِ اخلاق، شکر، صبر، رضا اور صدق کے بیانات شامل ہیں۔

ھدیہ صرف ۳۰/- روپے

تفسیرات احمدیہ

از مُلّاں لاچ جیونؒ
درویش صفت شہنشاہِ ہند اورنگ زیب عالمگیر
کے اُستادِ محترم
حضرت مُلّاں احمد جیونؒ
نے قرآن پاک کی وہ آیات جن میں فقہی مسائل آئے ہیں ان کی تفسیر بیان کی ہے۔ عرصے سے یہ تفسیر نایاب تھی اب اُردو میں اس کا ترجمہ عربی متن کے ساتھ پہلی مرتبہ شائع کرنے کی ہم سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

ہر مسلمان کے لیے اس کا مطالعہ لازمی ہے۔

ھدیہ صرف ۷۰/- روپے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب الباء الموحدۃ

فصل الالف

ب۔ میں سے، پر، ساتھ، بسبب، کو، ابوالبقاء کفوی کلیات میں لکھتے ہیں:۔

"باء ہی وہ حرف ہے جو سب سے پہلے نطق انسانی میں آیا اور انسان کی زبان کھلنے کی ابتداء اسی سے ہوئی، اس کے معنی میں وصل والصاق (ملانا) داخل ہے اللہ تعالیٰ نے اس سے اپنی کتاب کا آغاز اور اپنے کلام و خطاب کی ابتداء فرما کر اس کے مرتبہ کو بلند اس کی شان کو اعلیٰ اور اس کی برہان کو ظاہر کر دیا۔ یہ حروف جارہ میں سے ہے جن کی وضع اس لئے عمل میں آئی ہے کہ افعال کے معانی کو اسماء تک پہنچا دیا جائے۔"[1]

علامہ سیوطی، اتقان فی علوم القرآن میں فرماتے ہیں "باء مفرد حروف جر ہے، اس کے متعدد معانی آتے ہیں "الصاق" کے معنی ان سب میں زیادہ مشہور ہیں چنانچہ سیبویہ نے اس کے علاوہ اور کوئی معنی ذکر نہیں کئے، کہا جاتا ہے کہ یہ معنی اس سے جدا نہیں ہوتے شرح جلب میں بیان کیا ہے کہ دو معنوں میں باہم ایک دوسرے سے تعلق کا نام الصاق ہے، الصاق کبھی باعتبار حقیقت ہوتا ہے جیسے وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ (اور اپنے سروں پر مسح کرو) کہ یہاں حقیقتاً مسح کا الصاق "سروں" سے مراد ہے۔ اسی طرح فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ میں، اور کبھی باعتبار مجاز ہوتا ہے جیسے وَلَأَصْلِبَنَّكُمْ

[1] کلیات ابوالبقاء ص ۱۹۳ طبع مصر ۱۲۸۱ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَرُبُوْا بِهِمْ (اور جب ان کے پاس سے نکلے) یعنی اس جگہ سے قریب ہوتے ہیں (کہ یہاں درحقیقت الصاق کا تعلق تو اس مکان اور جگہ سے ہے مگر باعتبار مجاز ان سے ہی کر دیا گیا)۔

(۲) جس طرح "ہمزہ" فعل کو متعدی کرنے کے لئے آتا ہے اسی طرح یہ بھی آتی ہے جیسے ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ (اللہ نے ان کی روشنی کھو دی) اور وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ (اور اگر اللہ چاہے تو ان کی قوتِ سماعت کو کھو دے) کہیں ذھب بمعنی اذھب ہے جس طرح لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ (تاکہ اللہ تمہاری گندگی دور کر دے) میں، مبرد اور سہیلی کا خیال ہے کہ ہمزہ کے اور با کے تعدیہ میں فرق ہے (ان کے خیال میں با سے تعدیہ کی صورت میں مصاحبت کے معنی ملحوظ ہوتے ہیں اور ہمزہ میں نہیں) چنانچہ جب ذھبت بزید (تو زید کو لیکر گیا) کہو گے تو مخاطب زید کے ساتھ جانے میں شریک ہوگا۔ مگر ان کا یہ خیال مذکورہ آیات کی بنا پر مردود ہے۔ (کیونکہ اللہ تعالیٰ عدم نور، یا عدم سماعت میں کیونکر شریک کیا جا سکتا ہے۔ تعالی اللہ عن ذلك علوا كبيرا)

(۳) استعانت یعنی کسی چیز سے مدد چاہنا جب با اس معنی میں آتی ہے تو آلہ فعل پر داخل ہوتی ہے جیسے بِسْمِ اللّٰهِ (ساتھ نام اللہ کے) کی بابہ کہ معنی یہ ہیں کہ میں اللہ کے نام سے مدد لیتا ہوں،

(۴) سببیت یعنی فعل کا سبب بتانے کے لئے یہ سبب فعل پر داخل ہوتی ہے جیسے فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ (پس ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ کے سبب پکڑا) اور ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ (تم نے اس بچھڑے کے بنا لینے کے سبب اپنے آپ پر ظلم کیا) اس بار کو بار تعلیل بھی کہتے ہیں،

(۵) مصاحبت جس طرح کہ مع کے معنی آتے ہیں جیسے اِهْبِطْ بِسَلٰمٍ (سلامتی کے ساتھ اتر) جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ (تمہارے پاس حق کے ساتھ رسول آیا) فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ (اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ پاکی بیان کر)۔

(۶) ظرفیہ جس طرح کہ فی اس معنی میں آتا ہے خواہ ظرفِ زمان ہو یا مکان، جیسے فَنَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ (ہم نے ان کو صبح کے وقت نجات دی) اور نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ (اللہ نے تمہاری بدر میں مدد کی) (کہ آیت اولیٰ میں بمعنی ظرفِ زمان کے لئے ہے اور آیت ثانیہ میں ظرفِ مکان کے لئے)۔

(۷) عَلٰی (پر، اوپر) کی طرح استعلاء کے معنی میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جیسے مَنْ اِنْ تَأْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ (وہ شخص کہ تو اس کو مال کے ڈھیر پر امین بنائے) کہ یہاں باء بمعنی عَلٰی ہے چنانچہ اِلَّا لَمَّا اؤْتَمَنْتُكَ عَلٰى اَخِيْهِ (مگر جیسا کہ میں نے تم کو اس کے بھائی پر امین کیا تھا) اس کی دلیل ہے۔

(۸) مجاوزت جیسے کہ عَنْ (سے) کے معنی ہیں مثلاً فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا (پوچھ لے اس کے متعلق کسی باخبر سے) کہ یہاں با بمعنی عَنْ کے ہے چنانچہ يَسْئَلُوْنَ عَنْ اَنْبَآئِكُمْ (وہ پوچھتے پھرتے ہیں تمہاری خبریں) اس کی دلیل ہے پھر بعض کا خیال ہے کہ عن کے معنی میں آنا صرف سوال کے ساتھ ہی مخصوص ہے اور بعض کے خیال میں یہ خصوصیت نہیں جیسے يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ (ان کا نور ان کے آگے اور ان کے داہنے دوڑتا ہوگا) اور وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ (اور جس دن کہ آسمان بدلی پر سے پھٹ جائے گا) کہ بِاَيْمَانِهِمْ اور بِالْغَمَامِ دونوں میں با بمعنی عن ہے۔

(۹) تبعیض کے معنی میں جس طرح مِنْ (سے) آتا ہے جیسے عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ (چشمہ ہے کہ جس سے اللہ کے بندے پئیں گے) کہ یہاں سامنے چشمہ کا پی جانا مراد نہیں بلکہ اس میں سے پانی پینا مراد ہے۔

(۱۰) اِلٰی (تک) کی طرح بیان غایت و انتہا کے لئے جیسے وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْ (اور بلاشبہ اس نے میرے ساتھ احسان کیا) یعنی اس کا احسان مجھ تک پہنچا۔

(۱۱) مقابلہ کے لئے جو کسی چیز کے عوض اور بدلہ پر داخل ہو جیسے اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (جاؤ بہشت میں بدلہ اس کا جو تم کرتے تھے) واضح رہے کہ اس با کو بارِ مقابلہ مانا گیا بارِ سببیت نہیں جیسا کہ معتزلہ کا خیال ہے کیونکہ بدلہ اور عوض میں دینے والا کبھی منت بھی دیدیتا ہے لیکن سبب کا وجود بغیر سبب کے نہیں ہوتا۔

(۱۲) تاکید کے لئے اور یہ بار زائدہ ہوتی ہے چنانچہ فاعل میں زیادہ کی جاتی ہے جیسے اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ (کیا خوب سنتے ہوں گے اور کیا خوب دیکھتے ہوں گے) میں کہ یہاں یعنی افعالِ تعجب میں بار کا لانا واجب ہے اور دیگر مقامات میں فاعل پر بار کا لانا اکثر وارد ہے جیسے وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا (اور اللہ کافی ہے گواہ) کہ اللہ فاعل، شَهِيْدًا بر بنائے حال یا تمیز منصوب اور بار زائدہ ہے جو تاکید اتصال کے لئے آئی ہے کیونکہ كَفٰى بِاللّٰهِ میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم فعل سے اسی طرح متصل ہے جس طرح فاعل ہوتا ہے۔ ابن الشجری نے کہا ہے کہ ایسا اس لئے کیا گیا کہ یہ بتا دیا جائے کہ اللہ کی کفایت عظمت مرتبہ میں اوروں کی کفایت کی طرح نہیں ہے اسی لئے معنی کی زیادتی کے لئے لفظ میں بھی زیادتی کی گئی۔ اور زجاج کا بیان ہے کہ باء اس لئے داخل ہوئی کہ کَفٰی یہاں اِکْتَفٰی کے معنی میں ہے لیکن ابن ہشام نے تصریح کی ہے کہ یہ توجیہ خوبی سے خالی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہاں فاعل مستتر ہی اصل میں یوں تھا کَفٰی الْاِکْتِفَاءُ بِاللّٰہِ اکتفاء جو مصدر تھا وہ تو حذف ہو گیا اور اس کا معمول دلالت کے لئے باقی رہ گیا۔ یاد رہے کہ جب کفٰی بمعنی وَفٰی ہو تو اس صورت میں فاعل میں باء زیادہ نہیں کی جائیگی جیسے فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ (سو اب اللہ تیری طرف سے ان کو کافی ہے) اور کَفَی اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ (اور آپ اللہ نے مسلمانوں کی لڑائی) اور مفعول میں بھی باء زیادہ کی جاتی ہے جیسے وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ (اور اپنے ہاتھوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو) اور وَهُزِّیْٓ اِلَیْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ اور اپنی طرف کھجور کے ڈالے کو ہلا) اور فَلْیَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَی السَّمَآءِ (تو تانے ایک رسی آسمان تک) اور وَمَنْ یُّرِدْ فِیْهِ بِاِلْحَادٍ (اور جو اس میں بے دینی کا ارادہ کرے) نیز مبتدا میں بھی باء لائی جاتی ہے جیسے بِاَیِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ (کون تم میں سے فتنہ ہے) کہ یہاں بِاَیِّكُمْ اَیُّكُمْ کے حکم میں ہے اور بعض اس باء کو ظرفیہ بتاتے ہیں ان کے خیال میں بِاَیِّكُمْ فِیْ اَیِّ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ (تمہاری کس جماعت میں) بعض قاریوں نے جو لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا میں الْبِرَّ پر زبر پڑھا ہے ان کی قراءت پر لیس کے اسم پر بھی باء آتی ہے۔ نیز خبر منفی میں بھی باء زائد کی جاتی ہے جیسے وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ (اللہ غافل نہیں ہے)۔ نیز موجب میں بھی چنانچہ جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا (برائی کا بدلہ برائی کے موافق ہے) میں باء اسی قاعدہ پر ہے اور تاکید میں بھی باء آتی ہے چنانچہ یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ (روکے رکھیں اپنے آپ کو) کو اسی کی مثال قرار دیا گیا ہے۔

آیت شریفہ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ (اور اپنے سروں کا مسح کرو) میں جو باء ہے اس کے متعلق علماء میں باہم اختلاف ہے بعض کہتے ہیں الصاق کے لئے ہے بعض کہتے ہیں تبعیض کے لئے بعض زائدہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں اور بعض استعانت کے لئے بتلاتے ہیں اور
بات یہ ہے کہ اس کلام میں حذف اور قلب
دونوں ہیں کیونکہ مَسَکَنٌ کا تعدیہ منزل عنہ کی طرف
تو راست ہوتا ہے اور منزل کی طرف باء کے
ذریعہ سے پس اصل میں یوں ہے اسکنوا وطنکم
بالملوکدوس تو منزل عنہ ہے اور باء منزل جو
عبارت میں محذوف ہے۔ ؎۱

بَاءَ ۔ اس نے کمایا۔ وہ پھرا۔ وہ لوٹا (نَصَرَ)
بَوْاءٌ سے جس کے اصل معنی ٹھکانہ درست
کرنے اور جگہ ہموار کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ
واحد مذکر غائب۔ مجازاً اس کے معنی کمانے لوٹنے
اور اقرار کرنے کے بھی آتے ہیں ۲/۶ ۲/۱۴

بَابٌ ۔ دروازہ۔ داخل ہونے کی جگہ۔ ۲/۵ ۲/۸۲
۲/۹ ۲/۱۱ ۲/۱۲ ۲/۱۳ ۲/۱۵۸ **بَابًا** ۲/۱۵۹ ۲/۲۵۸

بَابِلَ ۔ یہ ایک عظیم الشان شہر کا نام ہے جو قدیم
زمانے میں دریا فرات کے دونوں جانب واقع
تھا اور فرات اس کے بیچ میں سے ہو کر گزرتا تھا۔
اور آج بھی فرات کے دونوں طرف اس کے
کھنڈرات موجود ہیں۔ اس کا عرض البلد شمالی
۳۳ درجہ ۳۰ دقیقہ ۴۱ ثانیہ اور طول البلد
شرقی ۴۴ درجہ ۲۳ دقیقہ ۳۰ ثانیہ ہے یہ مدت تک
سلطنتِ عراق کا پایہ تخت رہا ہے اور بختِ نصر
کے زمانہ تک بڑی شان و شوکت کا شہر تھا ۵۳۸ء
قبل مسیح کے بعد سے اس پر ایسی تباہی آئی کہ ہمیشہ
ہمیشہ کے لئے اس کا خاتمہ ہو گیا۔ بابل کی سحر و
ساحری اور یہاں کی میخواری مشہور عام ہے۔ مشہور
نحوی اخفش کا بیان ہے کہ بابل مؤنث نام ہونے
کے باعث غیر منصرف ہے کیونکہ عربی میں ہر مؤنث
شے کا نام جبکہ وہ علم ہو اور تین حرف سے زائد ہو
غیر منصرف ہوتا ہے۔ ؎۲ سنن ابی داؤد میں حضرت
علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے مقبرہ میں نماز ادا کرنے سے
منع فرمایا نیز اس سے بھی کہ میں سرزمینِ بابل میں
نماز پڑھوں کیونکہ وہ ملعون جگہ ہے۔ خطابی لکھتے
ہیں کہ اس حدیث کی سند میں گفتگو ہے میرے علم
میں کسی عالم نے سرزمینِ بابل میں نماز ادا کرنے کو
حرام نہیں کہا۔ علاوہ ازیں جعلت لی الارض
مسجدا وطہورا (میرے لئے ساری زمین سجدہ
کے قابل اور پاک کر دی گئی ہے) جو اس سے زیادہ
صحیح ہے اس کے معارض ہے اگر یہ حدیث

؎۱ ملاحظہ ہو اتقان ج ۱ ص ۱۵۹ و ۱۶۰ طبع مصر ؎۲ معجم البلدان ج ۲ ص ۱۸ طبع مصر ۱۳۲۳ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثبوت کو پہنچ جائے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارض بابل کو وطن بنانے اور وہاں اقامت گزیں ہونے سے منع فرما دیا کیونکہ جب وہاں اقامت اختیار کی جائیگی تو نماز بھی پڑھنی پڑے گی۔ پھر اس بارے میں جو نہی وارد ہے وہ بھی مخصوص ہے۔ نہانی کے لفظ پر غور فرمایئے (جس کے معنی ہیں مجھے منع فرمایا) غالباً اس محنت و مشقت سے ڈرانا مقصود تھا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کوفہ میں اٹھانی پڑی، کوفہ کا شمار بابل ہی کی سرزمین میں ہے حضرت علیؓ سے پہلے خلفاء راشدین میں سے کوئی بھی مدینہ سے منتقل نہیں ہوا۔[1] ۱۲ پ

بَاخِعٌ ۔ غم میں گھونٹ ڈالنے والا۔ بَخْعٌ سے جس کے معنی غم میں اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالنے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ ۱۹ پ ۵ ع

بَادٍ ۔ بادیہ نشین۔ باہر سے آنے والا۔ بَدَاوَۃٌ سے جس کے معنی صحرا میں اقامت اختیار کرنے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ ۱۳ پ

بَادُونَ ۔ باہر رہنے والے۔ صحرا نشین۔ بَادٍ کی جمع۔ اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر۔ ۱۸ پ

بَادِیَ ظاہر ظہور۔ کھلم کھلا، بُدُوٌّ سے جس کے معنی ظاہر ہونے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ ۱۲ پ

بَارِدٌ ۔ ٹھنڈا۔ بَرْدٌ سے جس کے معنی ٹھنڈا ہونے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ ۱۷ پ ۱۵ ع ۱۸ پ ۱۳ ع

بَارِزُونَ ۔ نکل کھڑے ہونے والے۔ بُرُوزٌ سے جس کے معنی کھلی جگہ میں نکلنے اور ظاہر ہونے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر۔ ۱۹ پ

بَارِزَۃٌ ۔ کھلی ہوئی۔ بُرُوزٌ سے اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث۔ ۲۹ پ

بَارَكَ ۔ اس نے برکت دی۔ مُبَارَکَۃٌ سے جس کے معنی برکت دینے کے آتے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ ۲۳ پ

بَارَكْنَا ۔ ہم نے برکت دی۔ مُبَارَکَۃٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم۔ ۹ پ ۱۵ پ ۱۵ ع ۱۷ پ ۸ ع ۲۳ پ

بَارِئُ ۔ نکال کھڑا کرنے والا، پیدا کرنے والا۔ بَرْءٌ سے جس کے معنی بنانے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ۔ واحد مذکر۔ باری اللہ تعالیٰ کی مخصوص صفت ہے بَرَأَ یَبْرَأُ کا استعمال پیدا کرنے کے معنی میں ہوتا ہے۔ اس اعتبار سے باری خالق کے

[1] معالم السنن شرح ابی داؤد للخطابی ج ۱ ص ۱۲۸ طبع حلب سنہ ۱۹۳۱ء

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم معنی ہوگا۔ مگر آیت شریفہ ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ (وہی اللہ ہے بنانے والا، نکال کھڑا کرنے والا، صورت کھینچنے والا) سے پتہ چلتا ہے کہ خالق اور باری دو علیحدہ علیحدہ صفتیں ہیں اور ان دونوں میں باہم فرق ہے البتہ ہم معنی ماننے کی صورت میں باری کو خالق کی تاکید سمجھا جا سکتا ہے۔ علامہ محمود آلوسی لکھتے ہیں کہ باری وہ ہے جس نے مخلوق کو تفاوت اور اجزاء و اعضاء کے عدم تناسب سے بری پیدا کیا یعنی یہ نہیں ہوا کہ ایک ہاتھ تو بہت چھوٹا اور پتلا ہو اور دوسرا بہت بڑا اور موٹا۔ اسی طرح خاصیتوں اور شکلوں نیز خوبی اور برائی میں ایک دوسرے سے ممتاز فرمایا۔ پس اس اعتبار سے باری خاص ہے اور خالق عام[1] یعنی خالق کے معنی ہیں صرف پیدا کرنے والا اور باری کے معنی ہیں مخصوص صفت پر پیدا کرنے والا۔

امام بیہقی، کتاب الاسماء والصفات میں فرماتے ہیں جلیمی رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ باری کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک تو اپنے علم کے مطابق طرح طرح کی مخلوقات کا ایجاد کرنے والا۔ آیت کریمہ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا (کوئی مصیبت نہیں پڑتی زمین میں نہ خود تمہاری جانوں میں مگر وہ اس سے پہلے کہ ہم اسے پیدا کریں کتاب میں موجود ہے) میں اسی معنی کی طرف اشارہ ہے اور اس میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں کہ جناب باری عزاسمہ کے متعلق جو "ابداع" کا اثبات و اعتراف کیا جاتا ہے تو وہ اس اعتبار سے نہیں کیا جاتا کہ اس نے ایک دم بغیر علم سابق جس چیز کا ابداع فرمانا چاہا فرما دیا بلکہ یہی مطلب ہے کہ جس چیز کا ابداع فرمایا وہ ابداع سے پہلے اس کے علم میں موجود تھی پس جس طرح کسی شئے کی ایداع و ایجاد کی بنا پر "مبدع" کا اسم اللہ تعالیٰ کے لئے ضروری ہے اسی طرح اسم "باری" بھی ضروری ہے۔

دوسرے یہ کہ "باری" سے قلب حقیقت اور تبدیل ماہیت کرنے والا مراد ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے پانی، مٹی، آگ اور ہوا کو تو اپنی صفت ابداع سے بغیر کسی چیز کے پیدا کیا اور پھر ان چاروں سے اجسام مختلفہ کو بنایا چنانچہ ارشاد ہے وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ (اور ہم نے ہر جاندار چیز کو پانی سے پیدا کیا) اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ

[1] روح المعانی ج ۱ ص ۲۲۷ طبع مصر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(میں بنانے والا ہوں انسان کو مٹی سے) وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ (اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تم کو مٹی سے پیدا کیا) خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ (اس نے پیدا کیا انسان کو نطفہ سے، پس یکایک وہ کھلم کھلا جھگڑنے لگا) خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ (انسان کو ٹھیکرے کی طرح بجتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا اور جنوں کو آگ کے شعلے سے بنایا) وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ (اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا پھر اس کو نطفہ بنا کر محفوظ جگہ میں رکھا پھر نطفہ کو لوتھڑا بنایا پھر لوتھڑے کی بوٹی بنائی پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا اور اس کو ایک دوسری مخلوق بنا دیا پس بڑا بابرکت ہے اللہ سب سے بہتر بنانے والا)۔

اس صورت میں لفظ "بارئ" برأ القواس القوس (کمان کو نے کمان بنائی) سے ماخوذ ہوگا۔ یعنی جس چیز سے کمان بنتی ہے اس سے کمان بنائی اور وہ چیز ہیئت بدل کر دوسری چیز بن گئی۔ غرض اللہ تعالیٰ کے متعلق صفتِ ابداع کا اعتراف کرنا صفت "برأ" کے اعتراف کا مقتضی ہے کیونکہ معترف خوب جانتا ہے کہ وہ خود ایک حال سے دوسرے حال میں برابر بدلتا رہا، یہاں تک کہ وہ اس قابل ہوا کہ اعتقاد و اعتراف کرنے لگے۔[1] پ۱۸

بَارِئِكُمْ۔ تمہارا پیدا کرنے والا۔ بَارِئِ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ۔ پ۱

بَازِغًا۔ درخشاں، روشن، بُزُوْغٌ سے جس کے معنی طلوع ہونے اور چمکنے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ پ۷

بَازِغَةٌ۔ درخشاں، روشن، بُزُوْغٌ سے۔ اسم فاعل کا صیغہ۔ واحد مؤنث۔ پ۷

بَاْس۔ لڑائی، دبدبہ، سختی، آفت، جنگ کی شدت اصل میں تو اس کے معنی سختی اور آفت کے ہیں مگر لڑائی اور غلبہ کے معنی میں اس کا استعمال بکثرت ہوتا ہے۔ پ۲ پ۸ پ۱۱ پ۱۷ پ۱۸ پ۲۱ پ۲۳

[1] کتاب الاسماء والصفات ص ۱۷ مطبع انوار احمدی الہ آباد۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَأْسَاءُ۔ سختی، فقر، اسم مؤنث ہے بُؤْسٌ سے مشتق ہے صفت نہیں ہے اور بعض کے خیال میں صفت ہے جو موصوف کے قائم مقام ہے

بَاسِرَةٌ۔ اداس بے رونق، پریشان، بَسْرٌ سے اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث اصل میں بَسْرٌ کے معنی وقت سے پہلے کسی چیز کے متعلق جلدی کرنے کے ہیں یہاں وقت سے پہلے اداس ہونا اور تیور بگڑ جانا مراد ہیں۔ مجازاً اس کے معنی ترش رو ہونے اور منہ بگاڑنے کے بھی آتے ہیں۔

بَاسِطٌ۔ دراز کرنے والا، کھولنے والا، پھیلانے والا بَسْطٌ سے اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ اصل میں تو بسط کے معنی کھلنے کھولنے اور پھیلنے پھیلانے کے ہیں مگر جب ہاتھوں کے ساتھ اس کا استعمال ہوتا ہے تو اس صورت میں اس کے مختلف مفہوم ہوتے ہیں چنانچہ کبھی تو کسی چیز کی طرف ہاتھ پھیلانا یعنی مانگنا اور طلب کرنا مراد ہوتا ہے جیسے كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ (اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلانے والا تاکہ پانی اس کے منہ میں پہنچ جائے) اور کبھی کسی چیز پر ہاتھ ڈالنے یعنی پکڑنے اور گرفت کرنے کے لئے آتا ہے جیسے، وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُوا أَيْدِيهِمْ (اور کبھی تو دیکھے جس وقت ظالم موت کی بیہوشی میں ہوں اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہوں) اور کبھی دست درازی یعنی مارنے اور حملہ کرنے کے معنی ہوتے ہیں جیسے لَئِنْ بَسَطْتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِي مَا أَنَا بِبَاسِطٍ يَدِيَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ (تو اگر مارنے کے لئے مجھ پر ہاتھ چلائیگا تو میں تجھ پر مارنے کو ہاتھ نہیں چلاؤں گا) اور کبھی ہاتھوں کے کھلنے سے مراد عطا اور بخشش ہوتی ہے جیسے (بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ (بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں)

بَاسِطُوا۔ کھولنے والے، بڑھانے والے۔ بَاسِطٌ کی جمع۔ اصل میں بَاسِطُونَ تھا اَيْدِيَهُمْ کی طرف مضاف ہونے کے باعث ن ساقط ہو گیا ہے

بَاسِقَاتٍ۔ بلند، لمبی۔ بَاسِقَةٌ کی جمع بُسُوقٌ سے جس کے معنی بلند اور لمبا ہونے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ جمع مؤنث غائب۔

بَأْسَكُمْ۔ تمہاری لڑائی، بَأْس مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ۔

بَأْسُنَا۔ ہمارا عذاب، بَأْس مضاف نا ضمیر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع متکلم مضاف الیہ جب بأس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو عذاب الٰہی کے معنی ہوں گے۔ پ۸ ع۱۰ پ۹ ع۱۳ پ۱۰ ع۱۱ پ۱۱ ع۱۲

بَأْسُهٗ۔ اس کا عذاب، بأس مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ پ۸

بَأْسُهُمْ۔ ان کی لڑائی، بأس مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ پ۲

بَاشِرُوْهُنَّ۔ ان (عورتوں) سے ملا کرو، ان سے ملو، بَاشِرُوا مُبَاشَرَةٌ سے جس کے معنی دو بشروں کے آپس میں ملنے کے ہیں، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، بشرہ جلد کے ظاہری حصہ کو کہتے ہیں، یہاں مباشرت سے جماع کا کنایہ مراد ہے، هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب۔ پ۲

بَاطِلٌ۔ غلط، ناحق، جھوٹ، حق کی نقیض اور ضد ہے، جستجو کرنے سے جس چیز کے متعلق پتہ چلے کہ وہ بے ثبات ہے اسی کو باطل کہتے ہیں ارشاد ہے ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ (یہ سبب اس کے ہے کہ اللہ ہی ہے حق ثابت اور اس کے سوائے جس کو پکارتے ہیں ناپید ہو جانے والا ہے) اور اسی اعتبار سے ہر قول یا فعل جو بے ثبات ہو باطل کہلاتا ہے قول کی مثال لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ (کیوں ملاتے ہو صحیح میں غلط) اور فعل کی مثال وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (اور ضائع ہو گیا جو کیا تھا اس جگہ اور مٹ گیا جو کچھ کہ عمل کرتے تھے)۔ پ۸ پ۹ پ۱۰ پ۱۱ پ۱۲ پ۱۳ پ۱۴ پ۱۵ پ۱۶ پ۱۷ پ۱۸ پ۱۹ پ۲۰ پ۲۱ پ۲۲ پ۲۳ پ۲۴ پ۲۵ پ۲۶

بَاطِلًا۔ پ۳ ع۱۴

بَاطِنٌ۔ سب سے چھپا ہوا، اندر، بُطُوْنٌ اور بَطْنٌ سے۔ جس کے معنی پوشیدہ اور مخفی ہونے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ علامہ حلیمی کہتے ہیں باطن وہ ہے جو غیر محسوس ہو اور آثار و افعال کے ذریعہ اس کا ادراک کیا جائے۔ امام خطابی کا بیان ہے کہ بطون کے معنی کبھی تو دیکھنے والوں کی نگاہوں سے اوجھل ہونے کے آتے ہیں اور کبھی غیب کی پوشیدہ باتیں جاننے کے۔ [1]

دوسرے معنے کے اعتبار سے ہی عرب والے بولتے ہیں فلان یبطن امر فلان یعنی فلاں

[1] کتاب الاسماء والصفات امام بیہقی ص ۲۵ طبع انوار احمدی الہ آباد ۱۳۳۳ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلاں کے باطنی حال سے آگاہ ہے، امام بخاریؒ نے بھی یحییٰ بن زیاد الفراء کی کتاب معانی القرآن سے یہی معنی نقل کئے ہیں۔ فراء مذکور لغت ونحو کے مشہور امام ہیں[1]۔ علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں۔

"الظاہر اور الباطن صفاتِ الٰہی میں الاول اور الآخر کی طرح ایک ساتھ بولے جاتے ہیں پس الظاہر کے متعلق تو کہا جاتا ہے کہ یہ ہماری بدیہی معرفت کی طرف اشارہ ہے کیونکہ انسان جس چیز کی طرف بھی نظر اٹھا کر دیکھے اس کی فطرت کا یہی فیصلہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ موجود ہے وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلَٰهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلَٰهٌ (اور وہی ہے کہ آسمان میں بھی قابلِ عبادت ہے اور زمین میں بھی قابلِ عبادت ہے) میں اسی حقیقت کا بیان ہے۔ اسی لئے کسی حکیم کا قول ہے کہ معرفتِ الٰہی کے طالب کی مثال اس شخص کی ہے جو آفاق میں ایسی چیز کے تلاش میں گشت لگائے جو خود اس کے پاس موجود ہو اور الباطن کا اشارہ اس کی حقیقی معرفت کی طرف ہے جس کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان لفظوں میں بتایا ہے یا من غایۃ معرفتہ القصور عن معرفتہ (اے وہ ذات کہ جس کی معرفت کی انتہا اس کی معرفت سے درماندگی ہے) کسی نے کہا باعتبار اپنی نشانیوں کے ظاہر ہے اور باعتبار اپنی ذات کے باطن ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ ظاہر سے مراد یہ ہے کہ وہ تمام اشیا پر محیط ہے اور اس کو سب کا ادراک حاصل ہے اور باطن اس حیثیت سے ہے کہ اس کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ خود اللہ عزوجل کا فرمان ہے لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ (نگاہیں اس کو نہیں پاسکتیں اور وہ نگاہوں کو پالیتا ہے) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایک مقولہ روایت ہے جو دونوں لفظوں کی تفسیر کو بتلاتا ہے فرماتے ہیں۔ تجلی لعبادہ من غیر ان رأوہ وارا ھم نفسہ من غیر ان تجلی لھم (اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر تجلی فرمائی بغیر اس کے کہ بندے اس کو دیکھیں اور اپنی ذات کو دکھلایا بغیر اس کے کہ ان پر تجلی ہو) مگر مقولہ کو سمجھنے کے لئے فہم ثابت اور عقل وافر کی ضرورت ہے۔

مفسرین اور ارباب لغت کے اس آیت کی تفسیر میں دس سے زیادہ اقوال مذکور ہیں حالانکہ خود حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاروں اسمائے الٰہی الاول والآخر والظاہر والباطن کی ایسی

[1] ملاحظہ ہو صحیح البخاری مع فتح الباری ج ۱۳ ص ۳۰۷ طبع میریہ مصر ۱۳۰۱ھ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تفسیر فرمائی ہے کہ اس کے بعد کسی تشریح کی ضرورت باقی نہیں رہتی فرماتے ہیں انت الاول فلیس قبلك شئ وانت الاخر فلیس بعدك شئ وانت الظاھر فلیس فوقك شئ وانت الباطن فلیس دونك شئ (تو ہی اول ہے تجھ سے پہلے کوئی شے نہیں اور تو ہی آخر ہے تیرے بعد کوئی شے نہیں اور تو ہی ظاہر ہے تیرے اوپر کوئی شے نہیں اور تو ہی باطن ہے تیرے ورے کوئی شے نہیں۔ یہ حدیث ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور صحیح مسلم میں بھی الفاظ کے معمولی سے تغیر کے ساتھ موجود ہے۔"[1]

واضح رہے کہ شیعہ اور معتزلہ نے جو رویتِ باری کے منکر ہیں اپنے غلط عقیدہ کے اثبات میں یہ استدلال پیش کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت میں الباطن فرمایا ہے جو اس امر کی دلیل ہے کہ ان ظاہری آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کا دیدار نہیں ہو سکتا مگر یہ استدلال کسی طرح صحیح نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنی کنہ ذات کے اعتبار سے باطن اور مخفی ہے کہ اس کی ذات کا کوئی ادراک نہیں کر سکتا اور اس اعتبار سے باطن ہونا آخرت میں رویتِ الٰہی کے منافی نہیں ہو سکتا کیونکہ ان ظاہری آنکھوں سے دیدارِ الٰہی کا حاصل ہونا کنہ ذاتِ الٰہی کی معرفت کا مقتضی نہیں ہے۔ ورنہ اس طرح اگر الباطن عدم رویت کی دلیل بن سکتا ہے تو الظاہر رویت باری کی دلیل کیوں نہیں ہو سکتا۔ ۲۷/۱۲

بَاطِنَةً چھپی ہوئی پوشیدہ، بَطَنَ اور بَطُنَ سے اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث۔ آیت کریمہ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً (اور پوری کر دیں تم پر اپنی نعمتیں ظاہری اور باطنی) میں ظاہرہ کو نبوت اور باطنہ کو عقل بتایا گیا ہے اور کوئی ظاہرہ سے محسوسات اور باطنہ سے معقولات مراد لیتا ہے اور کسی نے انسانوں کے ذریعہ دشمنوں پر فتحمندی حاصل کرنے کو ظاہری نعمت اور فرشتوں کے ذریعہ مدد پہنچنے کو باطنی نعمت کہا ہے۔ علامہ ماوردی نے اس سلسلہ میں نو اقوال ذکر کئے ہیں مگر وہ سب عموم آیت کے تحت میں داخل ہیں یہاں صرف اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ ظاہری نعمتوں سے وہ تمام نعمتیں مراد ہیں جو عقل یا حس سے معلوم کی جا سکیں اور جو کوئی ان کی معرفت

[1] مشکوٰۃ المصابیح فصل ثانی باب ما یقول عند الصباح والمساء والمنام۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاصل کرنا چاہے وہ انھیں معلوم کر سکے اور باطنی نعمتوں سے وہ نعمتیں مراد ہیں جو لوگوں کو معلوم نہ ہو سکیں اور ان سے مخفی رہیں۔ لہٰذا آیت کے عموم میں تمام ظاہری اور باطنی نعمتیں شامل ہیں اور مفسرین کے اس سلسلہ میں جو اقوال مذکور ہیں وہ ان نعمتوں کی ایک خاص صنف کا تعین کر رہے ہیں اور جس کے نزدیک جو نعمت زیادہ اہم تھی اس نے اسی نعمت کو بیان کر دیا۔ اس تعین سے کسی کا مقصود انحصار نہیں ہے اور بھلا انحصار ہو بھی کس طرح سکتا ہے وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ (اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گننا چاہو تو پورے طور پر گن بھی نہیں سکتے بیشک آدمی بڑا ہی ناانصاف اور ناشکر گزار ہے) ۱۴/۳۴

بَاطِنُهٗ اس کا باطن، اس کے اندر، بَاطِنٌ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ جو چیز حواس سے مخفی ہو وہ باطن کہلاتی ہے ۵۷/۱۳

بُعْدٌ ۔ تو دوری کر دے، بعد پیدا کر دے ۔ مَبَاعَدَةٌ سے جس کے معنی دور ہونے اور دور کرنے کے ہیں۔ امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر ۳۴/۱۹

بَاغٍ ۔ حد سے نکل جانے والا، عدول حکمی کرنے والا بَغْیٌ سے اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ میں مجاہد نے باغی عادی نہ ہونے کے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ رہزن نہ ہو امام سے جدا نہ ہو معصیتِ خدا میں گھر سے باہر نہ نکلا ہو تو ایسے شخص کو مردار خون اور سور کا گوشت کھانا جائز ہے ورنہ گو مضطر ہو اس کو رخصت نہیں ہے امام شافعیؒ بھی اسی کے قائل ہیں لیکن امام ابوحنیفہؒ اور سلف کی بڑی جماعت اس طرف گئی ہے کہ بغاوت اور عدوان کا تعلق کھانے سے ہے۔ باغی کا یہ مطلب ہے کہ بے حکمی نہ کرے یعنی نوبت اضطرار کی نہ پہنچے اور کھانے لگے اور عادی کے یہ معنی ہیں کہ زیادتی نہ کرے یعنی بقدر ضرورت کھائے (ملاحظہ ہو بَغْیٌ) ۲/۵ ۵/۳ ۱۴/۱۱۹

بَاقٍ ۔ باقی رہنے والا۔ بَقَآءٌ سے جس کے معنی کسی شے کے اپنی پہلی حالت پر برقرار رہنے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ بقا فنا کی ضد ہے باقی کی دو قسمیں ہیں ایک باقی بنفسہ جس پر کبھی فنا طاری نہ ہو یہ ذات حق جل جلالہ کی صفت ہے دوسرے باقی بغیرہ اس میں سب ماسوی اللہ داخل ہے جس کو فنا لازمی ہے۔ پھر باقی باللہ کی بھی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو بشخصہ جب تک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ چاہے باقی رہے جیسے اجرام فلکیہ دوسرے وہ کہ جس کی نوع اور جنس تو باقی رہے مگر وہ خود فنا ہو جائے جیسے انسان اور حیوان۔ اسی طرح آخرت میں بھی بعض چیزیں خود باقی رہیں گی جیسے اہل جنت کہ وہ ہمیشہ ہمیشہ باقی رہیں گے اور بعض چیزیں ایسی ہیں جو خود تو فنا ہو جائیں گی مگر ان کی نوع اور جنس باقی رہے گی جیسے اشجار جنت ہیں۔ [1]

اَلْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ۔ باقی رہنے والی نیکیاں، بَاقِیَاتٌ بَاقِیَۃٌ کی جمع بَقَاءٌ سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مؤنث اَلْبَاقِیَاتُ موصوف اَلصّٰلِحٰتُ صفت۔ امام احمد بن حنبل نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر تہلیل تسبیح حمد اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ کو باقیات صالحات فرمایا ہے نیز امام احمد نے نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ اور طبرانی نے سعد بن جنادہ رضی اللہ عنہ اور ابن جریر نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر یہ باقیات صالحات ہیں۔ [2]

حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ موضح القرآن میں فرماتے ہیں۔

"رہنے والی نیکیاں یہ کہ علم سکھا جاوے جو جاری رہے یا نیک رسم چلا جاوے، یا مسجد، کنواں، سرائے، باغ کھیت وقف کر جاوے یا اولاد کو تربیت کر کر صالح چھوڑ جاوے۔" [3]

حضرت شاہ صاحبؒ نے باقیات صالحات کی جو تفسیر بیان کی ہے صحیح حدیثوں سے ماخوذ ہے علامہ سیوطی نے شرح الصدور فی احوال الموتی والقبور کے "باب ما ینفع المیت فی قبرہ" میں وہ تمام روایتیں یکجا جمع کر دی ہیں جن میں ان اعمال کا ذکر ہے جن کا نفع مرنے کے بعد انسان کو پہنچتا رہتا ہے۔ شاہ صاحبؒ نے اس ذرا سی عبارت میں ان تمام روایتوں کا خلاصہ جمع کر دیا ہے۔ مگر واضح رہے کہ باقیات صالحات میں وہ تمام اذکار و اعمال صالحہ داخل ہیں جن کا ثواب انسان کے لئے باقی رہے۔ راغب اصفہانی لکھتے ہیں۔ و الصحیح انھا کل عبادۃ یقصد بھا وجہ اللہ (یعنی صحیح یہ ہے کہ اس میں ہر وہ عبادت داخل ہے جو اللہ کے لئے کی جائے) کیونکہ اعتبار عموم لفظ کا ہوتا ہے اور ظاہر یہی ہے کہ "باقیات صالحات"

[1] الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸ طبع مصر ۱۳۱۸ھ [2] موضح القرآن ص ۳۰۱ طبع مصطفائی ۱۳۶۵ھ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں ہر امر خیر داخل ہے اور احادیث میں جو باقیات صالحات کی تفسیر مروی ہے وہ اس کے اطلاق وعموم کے منافی نہیں ہے کہ سوائے اعمال مذکورہ کے اور کوئی عمل صالح اس میں داخل نہ ہو سکے ۱۵/۱۸ ب ۱۶/۸

بَاقِيَةٌ ۔ باقی رہنے والی۔ بَقَاءٌ سے اسم فاعل کا صیغہ، واحد مؤنث۔ آیت کریمہ فَهَلْ تَرَىٰ لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ (پھر کیا دیکھتا ہے تو ان میں کوئی باقی) میں بعض نے باقیہ کو اسم فاعل کے معنی میں لیا ہے اور اس کا موصوف جماعت یا فِئَةٌ کو محذوف قرار دیا ہے یعنی باقی رہنے والی جماعت، یا ان کا کوئی فعل جو باقی رہا ہو اور بعض نے اسم فاعل کو بمعنی مصدر یعنی بقاء کے لیا ہے۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ مصادر فاعل کے وزن پر بھی آتے ہیں، اور مفعول کے وزن پر بھی لیکن پہلا خیال زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے ۲۹/۶ ب ۲۵/۸

بَاقِينَ بچے ہوئے، باقی رہنے والے بَاقٍ کی جمع بحالت نصب وجر (ملاحظہ ہو بَاقٍ) ۲۳/۲۶ ب ۲۴/۸

بَالٌ ۔ حال۔ خبر جس حال کی پروا کی جائے وہ بال کہلاتا ہے اور کبھی جس حالت پر دل جمنے لگے اس کو بھی بال کہتے ہیں اور اسی اعتبار سے مجازاً اس کے معنی دل اور جی کے آتے ہیں۔ ۲/۴۷ ب ۱۱/۱۳

بَالِغٌ ۔ پہنچنے والا۔ بُلُوغٌ سے جس کے معنی پہنچنے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر ۲۳/۵ ب ۲۴/۸

بَالِغَةٌ ۔ پہنچی ہوئی پہنچنے والی۔ بُلُوغٌ سے۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث۔ اَيْمَانٌ بَالِغَةٌ سے تاکید میں انتہا کو پہنچی ہوئی قسمیں مراد ہیں ۶۸/۵ ب ۲۹/۸

بَالِغُوهُ ۔ اس تک پہنچنے والے۔ بَالِغُوا مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، بَالِغُوا اصل میں بَالِغُونَ تھا۔ بُلُوغٌ سے اسم فاعل کا صیغہ بحالت رفع اضافت کے سبب نون جمع حذف ہو گیا ۹/۶ ب

بَالِغُهُ ۔ اس تک پہنچنے والا بَالِغٌ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ ۳/۶۵ ب

بَالِغُهُ اس تک پہنچنے والے بَالِغِي مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ بَالِغِي اصل میں بَالِغِينَ تھا بُلُوغٌ سے۔ اسم فاعل کا صیغہ بحالت نصب وجر، نون جمع بسبب اضافت حذف ہو گیا۔ ۱۱/۱۲ ب ۱۲/۱۲

بَالَهُمْ ان کا حال۔ بَالَ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۲۶/۵ ب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَآءُوْ۔ انھوں نے کمایا، وہ پھر آئے، وہ لوٹے، بَوْءٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو بَآءَ) ۱/۱۱۷ ۲/۳

بَائِسٌ۔ بھوکا، برے حال والا، مصیبت زدہ بُؤْسٌ سے جس کے معنی سخت فقیری اور بدحالی کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر ۱۷/۲

بَايَعْتُمْ۔ تم نے سوداگری کی۔ تم نے تجارت کی مُبَايَعَةٌ سے جس کے معنی باہم خرید فروخت کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر آیت کریمہ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ (تو خوشیاں مناؤ اس بیع پر جس کا معاملہ تم نے اللہ سے کیا ہے) میں جس معاملہ کی طرف اشارہ ہے اس کی تفصیل ماقبل کی آیت میں مذکور ہے ۱۱/۲

بَايِعْهُنَّ۔ تو ان عورتوں سے بیعت قبول کر بَايِعْ مُبَايَعَةٌ سے امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب، یہاں مبایعت کا معنی بیعت قبول کرنے اور عہد لینے کے معاہدہ کے معنی میں استعمال بطور مجاز ہے۔ علامہ ابن الجوزی نے تصریح کی ہے کہ ان بیعت کرنے والی صحابیات کا شمار کیا گیا تو جملہ چار سو ناون (۴۵۷) عورتیں ہوئیں بیعت میں آپ نے کسی عورت سے مصافحہ نہیں کیا بلکہ محض زبانی بیعت لی۔ صحیحین میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آیت عَلٰى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا الخ پر بذریعہ قول بیعت لیتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک نے کسی ایسی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا جس کے آپ مالک نہیں ہوئے۔ [1] یہ بیعت فتح مکہ میں واقع ہوئی اور سنت سے یہی بیعت ثابت ہے ۱۲

فصل الثاء المثلثة

بَثَّ۔ اس نے بکھیرا۔ اس نے پھیلایا (نَصَرَ ضَرَبَ) بَثٌّ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، اصل میں بَثٌّ کے معنی کسی چیز کے پراگندہ کرنے اور ابھارنے کے ہیں اور اسی لئے ہوا سے خاک اڑنے، غم سے بیقرار ہو جانے اور راز کے افشار کرنے کے لئے بث کا استعمال ہوتا ہے وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ (اور بکھیرے اس میں سب طرح کے جانور) میں

[1] تفسیر خازن بغدادی ج ۷، ص ۶۸ طبع مصر ۱۳۳۲ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بث سے مراد اللہ تعالیٰ کا ان جانوروں کو پیدا کرنا ہے جو پہلے موجود نہ تھے پ ۲ ع ۱۲ پ ۲۱ ع ۱۰ پ ۲۵ ع ۳

بَثِّیْ۔ میری بیقراری، میری پراگندگی، بث مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ۔ پ ۱۳ ع ۴

فصل الحاء المهملة

بِحَارٌ۔ دریا سمندر، بَحْرٌ کی طرح یہ بھی بَحْرٌ کی جمع ہے۔ پ ۳۰ ع ۶

بَحْرٌ۔ دریا۔ سمندر۔ بحر اصل میں اس وسیع مقام کا نام ہے جہاں بہت کثرت سے پانی ہو اور اسی اعتبار سے سمندر کو بحر کہتے ہیں۔ سمندر میں دو چیزیں ہوتی ہیں ایک پانی کی کثرت اور وسعت اور دوسرے نمکینی اور کھاراپن۔ ان ہی دونوں مفہوموں کے لحاظ سے کبھی بحر کا استعمال کسی چیز کی زیادتی اور وسعت کے متعلق ہوتا ہے اور کبھی باحت اور نمکینی کے سلسلہ میں، حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بنی اسرائیل کو لیکر جس سمندر کو پار کیا تھا وہ بحر احمر (تلزم) تھا۔ پ ۱ ع ۲ پ ۲ ع ۴ پ ۷ ع ۳ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۸ پ ۹ ع ۶ و ۱۱ پ ۱۱ ع ۸ و ۱۴ پ ۱۳ ع ۱۲ پ ۱۵ ع ۷ و ۱۷ و ۲۱ پ ۱۶ ع ۱ و ۳ و ۱۳ پ ۱۷ ع ۱۶ پ ۱۸ ع ۱۱ پ ۱۹ ع ۸ پ ۲۰ ع ۱ پ ۲۱ ع ۸ و ۱۲ و ۱۳

بَحْرَانِ۔ دو دریا۔ دو سمندر۔ بَحْرٌ کا تثنیہ بحالت رفع۔ پ ۲۲ ع ۱۴

بَحْرَیْنِ۔ دو سمندر، دو دریا۔ بَحْرٌ کا تثنیہ بحالت نصب وجر۔ پ ۱۵ ع ۱۱ پ ۱۹ ع ۳ پ ۲۰ ع ۱ پ ۲۷ ع ۱۱

بَحِیْرَۃٌ۔ بحیرہ، کان پھٹا۔ حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ فرماتے ہیں: یہ کفر کی رسمیں تھیں کہ مواشی میں کوئی بچہ نیاز رکھتے بت کی، تو اس کا کان پھاڑ دیتے نشان کو اور اس کو بحیرہ کہتے۔ [1]

چونکہ بحر کے مادہ میں وسعت اور کثرت کے معنی ملحوظ ہیں اس لئے اونٹ کے اچھی طرح کان پھاڑنے کے لئے عرب والے بولتے تھے بَحَرْتُ الْبَعِیْرَ میں نے اونٹ کے کان اچھی طرح پھاڑ ڈالے) اس اعتبار سے یہاں فعیلۃ بمعنی مفعولۃ کے ہے صحیح بخاری میں سعید بن المسیب سے مروی ہے کہ بحیرہ کا دودھ بتوں کے نام پر محفوظ کر دیا جاتا تھا۔ اس لئے کوئی شخص اس کے تھن نہیں دوہ سکتا تھا۔ [2] مصنف عبدالرزاق میں قتادہ سے روایت ہے کہ بحیرہ اونٹنی ہوتی تھی، جب ناقہ پانچویں مرتبہ بچہ دیتی اگر بچہ نر ہوتا تو صرف مرد ہی کھاتے عورتیں نہ کھاتیں

[1] موضح القرآن سورہ مائدہ۔ [2] صحیح بخاری کتاب التفسیر باب ما جعل اللہ من بحیرۃ ولا سائبۃ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اگر زیادہ ہوتا تو اس کے کان پھاڑ کر چھوڑ دیتے پھر نہ اس کی اون کاٹتے نہ دودھ پیتے نہ اس پر سوار ہوتے اور جو بچہ مردہ پیدا ہوتا تو پھر مرد اور عورتیں سب مل کر کھاتے۔ بحیرہ کی تعیین میں اہل سنت کے دس سے زیادہ اقوال مذکور ہیں[1] مگر شاہ صاحبؒ نے جتنا ذکر فرمایا ہے وہ تمام اقوال کی جان ہے۔ پ ۷

فصل الخاء المعجمة

بَخْسٍ۔ ناقص۔ ظلم سے کسی شے کے گھٹا دینے اور کم کرنے کا نام بخس ہے۔ بعض نے یہاں مصدر بمعنی اسم فاعل باخس کے لیا اور بعض نے بمعنی اسم مفعول یعنی مبخوس کے پہلی صورت میں ناقص کے معنی ہوں گے اور دوسری صورت میں منقوص کے معنی جس کو قصداً گھٹا دیا جائے۔ پ ۱۲ **بَخْسًا** کم کر دینا، گھٹا دینا۔ پ ۱۲

بُخْل۔ بخل کرنا، کنجوسی کرنا، مال و متاع کو اس جگہ خرچ کرنے سے روک رکھنا جہاں خرچ کرنا چاہئے اس کا نام بخل ہے۔ جود کی ضد اسی بخل کے مقابل ہے۔ بخل کی دو قسمیں ہیں ایک خود بخل کرنا جگہ خرچ نہ کرنا دوسرے غیر کو بھی خرچ کرنے سے روک دینا۔ یہ اور بھی زیادہ قابل مذمت ہے آیت شریفہ اَلَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَیَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ (جو لوگ کہ خود بخل کرتے ہیں اور دوسروں کو بخل کا حکم دیتے ہیں) میں دونوں طرح کا بخل مذکور ہے پ ۵ ع ۲۶

بَخِلَ۔ اس نے بخل کیا۔ اس نے کنجوسی کی (سَمِعَ بُخْلٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ پ ۳۰

بَخِلُوْا۔ انھوں نے کنجوسی کی۔ انھوں نے بخیلی کی۔ بُخْلٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب پ ۴ ع ۱۲

فصل الدال المهملة

بَدَا۔ ظاہر ہو گیا۔ (نَصَرَ) بَدْوٌ اور بَدَاءٌ سے جس کے معنی کھلم کھلا ظاہر ہو جانے کے ہیں ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب پ ۷ ع ۱۲ پ ۱۲ ع ۲ پ ۲۵ ع ۷

بَدَأَ۔ اس نے شروع کیا، اس نے ابتدا کی (فتح) بَدْءٌ سے جس کے معنی کسی چیز کے شروع کرنے اور اس سے ابتدا کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ ۱۰ ع ۱۲ پ ۲۱ ع ۱۲

بِدَارًا جلدی کرکے بروزن فِعَالٌ مصدر ہے تَاکَا واسی اِسْرَافًا اور بِدَارًا دونوں حال واقع ہیں بمعنی مسرفین و مبادرین

[1] فتح الباری ج ۸ ص ۳۱۳ طبع میری مصر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی شتابی اور سرعت سے کام لیکر پہ

بَدَاَکُمْ اس نے تم کو پہلے بنایا، تم کو شروع میں پیدا کیا۔ بَدَاَ یَبْدَءُ سے صیغہ ماضی کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر۔ پ۸

بَدَاْنَا ہم نے پہلے شروع کیا۔ ہم نے ابتدا میں بنایا بَدَءٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم پ۱۷

بَدَءُوْکُمْ انھوں نے پہلے تم سے شروع کیا۔ بَدَءُوْا یَبْدَءُ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر۔ پ۱۰

بَدَتْ ظاہر ہوئی۔ بَدْوٌ اور بَدَاءٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۲ پ۷ پ۱۶

بَدْرٍ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مشہور مقام ہے جو بدر بن مخلد بن نضر بن کنانہ کی طرف منسوب ہے چونکہ یہ وہاں فروکش ہوا تھا اس لئے اسی کے نام پر اس قریہ کا نام بدر قرار پایا۔ بعض بدر بن مخلد کی بجائے بدر بن الحارث کا نام لیتے ہیں اور بعض کا خیال ہے کہ بدر اصل میں اس کنوئیں کا نام ہے جو وہاں پر واقع ہے چونکہ کنواں بالکل مستدیر تھا اور اس کا پانی نہایت صاف شفاف اس لئے تعمیر کی خوبی اور پانی کی صفائی کی بنا پر اسے بدر کہا گیا کہ اندر جھانک کر دیکھو تو بدر کامل جھلکتا نظر آئے گا۔ لیکن واقدی نے بہت سے مشیوخ بنی غفار سے نقل کیا ہے کہ وہ مذکورہ بالا تمام بیانات کے سرے سے منکر تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ بدر ہمارا وطن ہے وہاں ہمارے مکانات موجود ہیں۔ بدر نام کا کوئی شخص بھی کبھی اس بستی کا مالک نہیں ہوا کہ جس کے نام پر وہ منسوب ہو سکے۔ جس طرح اور شہروں کے نام مقرر ہیں اسی طرح اس مقام کا نام بھی ہے[1]۔ غزوہ بدر کبریٰ کا مشہور واقعہ، ۱۷ رمضان روز جمعہ ۲ھ کو واقع ہوا۔ پ۴

بِدْعًا نیا، صفت مشبہ ہے، اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں کے معنی میں آتا ہے چنانچہ بعض نے اول معنی میں یعنی مُبْدِعٌ لیا ہے یعنی نئی باتیں کہنے والا اور بعض نے دوسرے معنی میں یعنی مُبْدَعٌ یعنی نیا بھیجا ہوا کہ جس سے پہلے کوئی پیغمبر نہ آیا ہو۔ پ۲۶

بَدَّلَ بدل ڈالا۔ بدل دیا۔ تبدیل کر دیا۔ تَبْدِیْلٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَبْدِیْلٌ) پ۱ پ۹ پ۱۹

بَدَلًا بدلہ۔ پ۱۹

بَدَّلْنَا ہم نے بدل ڈالا۔ تَبْدِیْلٌ سے ماضی کا صیغہ

[1] فتح الباری ج ۷، ص ۲۲۲ طبع میریہ مصر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع تکسیر (ملاحظہ ہو تَبْدِیْلٌ) پ ۹ ع ۱۴ پ ۲۹ ع ۲

بَدَّلْنٰهُمْ ہم نے ان کو بدل دیا۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ پ ۵ ع ۲۲

بَدَّلُوْا انھوں نے بدل دیا، تَبْدِیْلٌ سے۔ ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَبْدِیْلٌ) پ ۱۳ ع ۱۷ پ ۲۱ ع ۱۴

بَدَّلَهٗ اس کو بدل دیا۔ بَدَّلَ صیغہ ماضی۔ هٗ ضمیر واحد مذکر غائب پ ۲ ع ۲

بَدِّلْهُ اس کو بدل ڈال۔ بَدِّلْ تَبْدِیْلٌ سے امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر هُ ضمیر واحد مذکر غائب۔ پ ۱۱ ع ۷

بُدْنَ۔ قربانی کے اونٹ گائے جو خانہ کعبہ کی طرف لیجائے جائیں، بَدَنَةٌ کی جمع ہے موٹاپے اور بدن کے بھاری ہونے کی وجہ سے اس کو بدنہ کہتے ہیں، عطا اور سدی نے تصریح کی ہے کہ بُدن میں اونٹ گائے ہی داخل ہیں۔ بکری کو بدنہ نہیں کہتے ہیں۔ [1] پ ۱۷ ع ۱۲

بَدَنِكَ۔ تیرا بدن۔ بَدَنٍ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، بدن اور جسد میں فرق یہ ہے کہ بدن تو باعتبار حبثہ کے بولا جاتا ہے اور جسد باعتبار رنگ کے اسی لئے ثوب مجسّد کے معنی رنگین کپڑے کے آتے ہیں اور امرأۃ بَدِیْنٌ کے معنی موٹی عورت کے ہوتے ہیں پ ۱۱ ع ۱۴

بَدْوِ۔ جنگل۔ بَدْوٌ کے معنی اصل میں ظاہر ہونے کے ہیں اس لئے ہر وہ مقام جہاں کی سب چیزیں ظاہر ہوں بدو کہلاتا ہے جنگل میں بھی سب چیزیں کھلی اور ظاہر ہوتی ہیں اس لئے اس کا نام بَدْوٌ ہوگیا۔ پ ۱۳ ع ۵

بَدِیْعُ۔ موجد، نیا نکالنے والا، نئی طرح بنانے والا پیدا کرنے والا۔ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے بَدِیْعٌ بروزن فَعِیْلٌ بمعنی مُبْدِعٌ ہے یعنی اس چیز کا پیدا کرنے والا جس کی سابق میں مثال نہ ہو، بغیر کسی کی اقتدا اور پیروی کے کسی صنعت کے نکالنے کا نام ابداع ہے۔ ابداع کا استعمال جب اللہ عزوجل کے متعلق ہوگا تو بغیر کسی آلہ مادہ، زمانہ اور مکان کے کسی شے کے ایجاد کرنے کے معنی ہوں گے۔ پ ۱ ع ۱۴ پ ۷ ع ۱۹۔

فصل الراء المهملة

بَرٌّ۔ جنگل۔ زمین، خشکی، بَحْرٌ کی ضد ہے پ ۷ ع ۳ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۸ پ ۱۱ ع ۸ پ ۱۵ ع ۷ پ ۲۰ ع ۱ پ ۲۱ ع ۳ و ۹ و ۱۳

www.KitaboSunnat.com

[1] معالم التنزیل ج ۵ ص ۱۵۔ طبع مصر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَرٌّ۔ احسان کرنے والا، نیک سلوک کرنے والا۔ بِرٌّ سے صفت مشبہ کا صیغہ بَرٌّ (یعنی جنگل اور زمین) کے معنی میں چونکہ وسعت کا تصور موجود ہے اس لئے اس سے بِرٌّ کا اشتقاق ہوا جس کے معنی خوب نیکی کرنے کے ہیں چنانچہ بِرٌّ کی نسبت کبھی تو اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے جیسے اِنَّہٗ ھُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ (بیشک وہی ہے احسان کرنے والا مہربان) اور کبھی بندہ کی طرف جیسے وَبَرًّا بِوَالِدَیْہِ (اور اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا) چنانچہ جب اللہ تعالیٰ کے لئے اس لفظ کا استعمال ہوگا تو اس کے معنی ثواب عطا کرنے کے ہوں گے اور جب بندہ کے لئے آئے گا تو اطاعت کرنے کے معنی ہوں گے، بِر والدین سے مراد ماں باپ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا ہے۔ عقوق اسی کی ضد ہے۔

پ ۳ ع ۱۶ ص ۵۴ **بَرًّا**

بِرٌّ۔ نیکی کرنا، بھلائی کرنا، نیکوکاری، مصدر ہے۔ اعتقادی اور عملی دونوں قسم کی نیکیاں بر میں داخل ہیں چنانچہ آیت شریفہ لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْھَکُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ میں اس کی تفصیل پورے طور پر موجود ہے۔

پ ۱ ع ۲ ص ۲ پ ۲ ع ۶ ص ۲۸ پ ۵ ع ۸ ص ۶

بَرَآءٌ۔ بیزار، بیزار ہونا۔ اصل میں اس کے معنی ہر اس چیز سے جس کا پاس رہنا برا لگتا ہو، چھٹکارا دھونڈھنے کے ہیں۔ مصدر ہے جو صفت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے اور جب صفت واقع ہو تو واحد جمع تثنیہ مذکر مؤنث سب کے لئے برابر استعمال ہوتا ہے پ ۲۵

بُرَءٰٓؤُا۔ بیزار، بَرِیْءٌ کی جمع ہے جیسے ظَرِیْفٌ کی جمع ظُرَفَآءُ پ ۲۸

بَرَآءَۃٌ۔ بیزاری، بیزار ہونا۔ خلاصی، چھٹکارا پانا۔ مصدر ہے پ ۱۰ ع ۲۷

بَرَّاَہٗ۔ اس کو بری کر دیا۔ بَرَّاَ تَبْرِیَۃٌ سے جس کے معنی بری کرنے اور تہمت سے پاک کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب۔ پ ۲۲ ع ۴

بَرْدٍ۔ اولے، پ ۱۸ ع ۱۲

بَرْدًا۔ ٹھنڈک، ٹھنڈا ہونا مصدر ہے پ ۱۷ ع ۵ پ ۳۰

بَرَرَۃٍ۔ نیکوکار۔ بَرٌّ کی جمع ہے بَرَرَۃٌ اَبْرَارٌ کی بہ نسبت زیادہ بلیغ ہے کیونکہ ابرار بَارٌّ کی جمع ہے اور بَرَرَۃٌ بَرٌّ کی اور جس طرح عَدْلٌ (یعنی سرتاپا انصاف) عَادِلٌ سے زیادہ بلیغ ہے اسی طرح بَرٌّ بَارٌّ سے زیادہ بلیغ ہے۔ قرآن مجید میں یہ فرشتوں کی صفت میں استعمال ہوا ہے۔ پ ۳۰

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَرَزَ ۔ وہ نکلا۔ (نصر) **بُرُوْزٌ** سے جس کے معنی کھلم کھلا ظاہر ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب "بروز" کی کئی شکلیں ہیں ایک تو بذاتہ کسی چیز کا خود ظاہر ہونا جیسے **وَتَرَی الْاَرْضَ بَارِزَۃً** (اور تم دیکھو کہ زمین کھل گئی) کہ یہاں پر خود زمین کا صاف طور پر کھل جانا مراد ہے کیونکہ اس روز مکانات اور ان کے بسنے والے سب مٹ جائیں گے اور بعد میں حشر شروع ہوگا۔ اور اسی لئے میدانِ جنگ میں صف سے نکلنے کو "مبارزت" کہتے ہیں چنانچہ **لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ** (جن لوگوں کا قتل لکھدیا گیا ہے وہ تو اپنے مقتلوں کی طرف نکل کر ہی رہیں گے) میں بروز کا یہی مطلب ہے اور کبھی "بروز" کا استعمال چھپی ہوئی چیز کے کھل جانے کے متعلق ہوتا ہے جیسے **وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ لِلْغٰوِیْنَ** (اور دوزخ ظاہر کردی جائیگی گمراہوں کے لئے ۲۶/۹۱) **بُرِّزَتْ** ۔ وہ ظاہر کردی گئی۔ "تبریز" سے جس کے معنی ظاہر کرنے کے ہیں ماضی مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۷۹/۳۶

بَرْزَخٌ ۔ دو چیزوں کے درمیان کی حد، روک، حائل، عالم برزخ موت سے حشر تک کے عالم کا نام ہے۔ مولانا محمد سورتی مرحوم رسالہ عالم برزخ میں رقمطراز ہیں۔

"مولوی اسلم صاحب لکھتے ہیں

برزخ غالباً فارسی لفظ پردہ سے معرب کیا گیا ہے جس کے معنی آڑ کے ہیں۔

برزخ کے متعلق درحقیقت یہ تمام بحث نرالی ہے اسی لئے اسے فارسی سے معرب بتایا گیا۔ عام قاعدہ کے مطابق اگر پردہ کی تعریب کی جائے تو "فرذخ" یا "فرذخ" ہونی چاہئے مگر یہاں ہر ایک بات بے قاعدہ ہے اس لئے پردہ سے برزخ بن گیا ہو تو کیا تعجب ہے؟ یہ طے شدہ امر ہے کہ جس زبان میں کسی معنی کے لئے لفظ نہ ہو تو وہ دوسری زبان سے لانے کی فکر کرے گی عربی میں آڑ اور پردہ کے لئے حجاب اور ستر وغیرہ الفاظ موجود ہیں، لہٰذا اسے کیا ضرورت ہوئی کہ "پردہ" کی تعریب کرے! قرآن نے برزخ کو دو چیزوں میں فصل، حد فاصل اور موت و حشر کے درمیان جو مدت ہے اس کے واسطے مستعمل کیا ہے کسی طرح سے یہ لفظ فارسی الاصل نہیں، ممکن ہے عبری ہو یا سریانی ہو، مگر بلا کسی حجت کے اسے پردہ سے معرب بتانا عجیب اجتہاد ہے۔ ہمیں معربات کی کتابوں میں اس کا پتہ نہیں لگا۔ نہ اس سے قبل کسی نے اسے فارسی لفظ سے معرب بتایا ہے۔ گو ممکن ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آج کل کے مستشرقین کی یہی تحقیق ہو[1] ۱۸ ۳

بَرْزَخًا۔ ۱۹

بَرْزُوْا۔ وہ سب نکلے، بُرُوْزٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۱۴ ۵ ۳ ۱۵

بَرْقٌ۔ بجلی، بجلی کی چمک۔ اسم ہے ۲ ۱۳ ۲۱

بَرِقَ۔ خیرہ ہوگئی، ماند پڑگئی، پتھرا گئی، چندھیا گئی (سَمِعَ) بَرَقٌ سے جس کے معنی نظر کے متحیر اور خیرہ ہوجانے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب اصل میں تو بَرْقٌ کے معنی بجلی کے ہیں اور اسی اعتبار سے اس کے معنی چمکنے کے آنے لگے لیکن جب آنکھ کے ساتھ اس کا استعمال ہو تو اس کے معنی خوف سے پتلیوں کے پھرنے اور نظر کے خیرہ ہوجانے کے آتے ہیں فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ میں یہی مراد ہیں ۲۹ ۷

بَرْقِهٖ۔ اس کی بجلی، بَرْقٌ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ ۱۳ ۱۲

بَرَكٰتٍ۔ برکتیں، بَرَكَةٌ کی جمع جس کے معنی کسی شے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوبی اور بھلائی کے ثابت ہونے کے ہیں اور چونکہ خدا کی طرف سے خیر و خوبی غیر محسوس طریقہ پر صادر ہوتی ہے اور بے حد اور بے شمار طریقوں پر پائی جاتی ہے اسی لئے ہر چیز کو جس میں غیر محسوس طور پر زیادتی مشاہدہ میں آئے مبارک اور بابرکت کہتے ہیں اصل میں بَرَكٌ اونٹ کے سینہ کو کہتے ہیں، اونٹ چونکہ سینہ ٹیک کر بیٹھتا ہے اسی لئے اس کے معنی عزوم یعنی ٹیکنے ٹھیرنے ثابت رہنے اور ایک جگہ جمے رہنے کے متعلق اس کا استعمال ہونے لگا چنانچہ حوض وغیرہ کو جہاں پانی رک جائے اور جمع ہوجائے عربی میں بِرْكَةٌ کہتے ہیں اور جس طرح حوض میں پانی جمع رہتا ہے اسی طرح کسی چیز میں خیر و خوبی کے اکٹھا اور جمع ہوجانے کا نام برکت ہوا ۲ ۱۳ ۲۱

بَرَكَتُهٗ۔ اس کی برکتیں، بَرَكَاتٌ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۱۱

بُرُوْجٍ۔ برجیں، بُرْجٌ کی جمع جس کے معنی بلند عمارت اور محل کے ہیں۔ آسمان کی برجوں سے کیا مراد ہے اس کے متعلق شاہ عبدالقادر صاحب موضح القرآن میں سورہ فرقان کے فوائد میں فرماتے ہیں "آسمان کے بارہ حصے ان کا نام برج ہر ایک پر ستاروں کا پہرہ، یہ حدیں رکھی ہیں حساب کو۔ اور سورۂ حجر کے فوائد میں ذرا تفصیل سے روشنی ڈالتے ہیں

[1] عالم برزخ مطبوعہ معارف اعظم گڈھ ص ۱، ۱۹۵۴ء

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حق تعالیٰ بندوں سے وہ خطاب کرتا ہے جو سمجھیں ان کے عرف میں آسمانِ مشرق سے مغرب تک اور مغرب سے مشرق، بارہ پھاٹک ہیں جیسے خربوزہ، وہی بارہ برج ہیں اور سورج برس دن میں سب طے کرتا ہے موسم گرمی اور سردی اس سے بدلتا ہے اور گرمی سے مینہ آتا ہے اور مینہ سے دنیا بستی ہے اور رونق آسمان کی ستارے ہیں۔

کسی شاعر نے ان بارہ برجوں کے ناموں کو ترتیب وار ایک قطعہ میں جمع کر دیا ہے

برجہا دیدم کہ از مشرق برآورد سر
جملہ در تسبیح و در تہلیل ہی لایموت
چوں حمل چوں ثور و چوں جوزا و سرطان و اسد
سنبلہ میزان و عقرب قوس و جدی و حوت

آیت شریفہ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ (اگرچہ تم مضبوط برجوں میں ہو) میں ستاروں کی برجیں بھی مراد لی جا سکتی ہیں اس صورت میں لفظ مشیدہ کا استعمال برجوں کے لئے بطور استعارہ ہوگا اور زمین کی برجیں بھی یعنی مضبوط قلعہ اور مستحکم محلات ۵ ۴ بُرُوجًا ۲۵ ۱۹

بُرْهَانٌ۔ دلیل، بیان حجت، بروزن فُعْلَانٌ جیسے رُجْحَانٌ اور تُبْيَانٌ وغیرہ ہیں بعض کے خیال میں بَرَّ يَبْرَهُ کا مصدر ہے جس کے معنی سفید اور درخشاں ہونے کے ہیں، برہان اس دلیل کو کہتے ہیں جو تمام دلائل میں زوردار ہو اور ہمیشہ اور ہر حال میں صدق کی مقتضی ہو۔ واضح رہے کہ دلیل کی پانچ قسمیں ہیں (۱) وہ جو ہمیشہ صدق کی مقتضی ہو (۲) وہ جو ہمیشہ کذب کی مقتضی ہو (۳) وہ جو صدق سے زیادہ قریب ہو (۴) وہ جو کذب سے زیادہ قریب ہو (۵) وہ جس کا اقتضا صدق و کذب دونوں کے لئے برابر ہو۔ ۶ ۱۳ ۵ ۶

بُرْهَانَانِ۔ دو دلیلیں۔ بُرْهَانٌ کا تثنیہ ۲۰

بُرْهَانُكُمْ۔ تمہاری دلیل۔ بُرْهَانَ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۱۱ ۱۲ ۱۰۱

بَرِيٌّ۔ بیزار، بے تعلق، بے گناہ۔ بروزن فَعِيلٌ بَرَاءَةٌ سے بمعنی اسم فاعل ہے۔ ۸ ۱۵۳ ۱۰ ۲ ۱۰ ۱۰

۱۲ ۱۵ ۱۹ ۲۸ بَرِيٓءٌ ۵ ۱۳

بَرِيٓئُونَ۔ بیزار، بے تعلق۔ بَرِيٓءٌ کی جمع ۱۱ ۱۰

بَرِيَّةٍ۔ مخلوق۔ خلق، بَرْءٌ سے جس کے معنی عدم سے وجود میں لانے کے ہیں بروزن فَعِيلَةٌ بمعنی مفعول ہے ۳ ۲۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل السین المهملة

بَسًّا۔ خلط ملط کرنا۔ اجزا کا باہم دگر ملا دینا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ مصدر ہے اور بعض نے اس کے معنی آہستہ آہستہ ہانکنے اور چلانے کے لئے ہیں۔ عرب کی عادت ہے کہ جب اونٹ بکری کا ریوڑ ہانکتے ہیں تو ہانکتے وقت بِسْ بِسْ یا بُسْ بُسْ زبان سے کہتے جاتے ہیں۔ چنانچہ اس طرح پر آہستہ آہستہ ہانکنے کا نام بَسٌّ ہے۔ پہلے معنی کے اعتبار سے بولتے ہیں بَسَسْتُ السَّوِیْقَ بِالْمَاءِ (میں نے ستو کو پانی میں گھول دیا) یعنی ستو اور پانی دونوں کے اجزا ملکر باہم دگر خلط ملط ہو گئے اس معنی کی تفسیر آیت شریفہ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ (اور پہاڑ دھنی ہوئی اون کے مانند ہو جائیں گے) کر رہی ہے یعنی ریزہ ریزہ ہو کر اڑنے لگیں گے اور دوسرے معنی کی تفسیر وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ (اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے) کر رہی ہے۔ پ۳۰

بِسَاطًا۔ بچھونا۔ فرش، اسم ہے۔ ہر پھیلی ہوئی چیز کو بساط کہتے ہیں چنانچہ وسیع زمین کا نام بھی بساط ہے۔ پ۲۹

بُسَّتِ۔ ریزہ ریزہ کر دی گئی، آہستہ آہستہ چلائی گئی بَسٌّ سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب عربی کا قاعدہ ہے کہ جب فاعل اسم ظاہر ہوتا ہے تو فعل کو واحد لاتے ہیں اور جمع مکسر کا حکم یعنی جس میں واحد کا وزن سلامت نہ رہے مؤنث غیر حقیقی کا حکم ہے کہ اس کے لئے مذکر کا صیغہ بھی لایا جا سکتا ہے اور مؤنث کا بھی چنانچہ بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا میں چونکہ جبال جمع مکسر ہے اس لئے اس کے لئے واحد مؤنث کا صیغہ لایا گیا۔ لہٰذا یہاں پر بُسَّتْ کے ترجمہ میں صیغہ جمع کے معنی لینا چاہئے یعنی آہستہ آہستہ چلائے گئے ریزہ ریزہ کر دیئے گئے پ۲۹

بَسَرَ۔ منہ بنایا۔ (نَصَرَ) بُسُوْرٌ سے جس کے معنی ترش رو ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۲۹

بَسْطٍ۔ کھول دینا، کشادہ کرنا۔ پھیلانا۔ مصدر ہے بسط کے معنی میں پھیلانا اور کشادگی دونوں داخل ہیں چنانچہ کہیں تو دونوں چیزیں مقصود ہوتی ہیں اور کہیں صرف ایک ہی مفہوم مراد ہوتا ہے یہاں سخاوت اور بخشش میں وسعت کے معنی مقصود ہیں (ملاحظہ ہو بَاسِطُ) پ۹

بَسَطَ۔ اس نے کشادہ کیا۔ (نَصَرَ) بَسْطٌ سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ یہاں رزق میں وسعت دینے کے معنی مراد ہیں۔ پ۲۵

بَسَطْتَ۔ تو نے دراز کیا، تو نے اٹھایا۔ بَسْطٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ یہاں ہاتھ اٹھانے سے مراد مارنا اور حملہ کرنا ہے (ملاحظہ ہو بَاسِطٌ) پ۷

بَسْطَةً۔ کشادگی، کشائش، وسعت، مصدر ہے (ملاحظہ ہو بَسْطٌ) پ۲ بَصْطَةً پ۹

فصل الشین المعجمة

بَشَرٌ۔ آدمی، انسان، اصل میں بَشَرَةٌ کھال کی ظاہری سطح کو کہتے ہیں اور اَدَمَةٌ باطنی سطح کو۔ تمام ادبا کا یہی قول ہے مگر ابوزید نے اس کے برعکس کہا ہے چنانچہ ابوالعباس وغیرہ نے اس کی تردید کی ہے بَشَرَةٌ کی جمع بَشَرٌ اور اَبْشَارٌ آتی ہے، انسان کو بھی بشر اسی لئے کہتے ہیں کہ اور حیوانوں میں تو کسی کی کھال اُون سے ڈھکی ہوئی ہوتی ہے اور کسی کی بالوں سے مگر انسان کی کھال سب حیوانات کے برخلاف کھلی ہوئی ہے۔ لفظ بشر کا استعمال واحد اور جمع دونوں کے لئے یکساں طور پر ہوتا ہے ہاں تثنیہ میں بشران آیا ہے۔ قرآن مجید میں انسان کے ظاہری جسم اور جثہ کو بشر کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔ کفار نے جب انبیاء پر زبان طعن دراز کی تو اسی وصف بشریت کو نشانہ بنایا۔ قرآن مجید نے جواب میں اس حقیقت کو قائم رکھا کہ بلاشبہ بشریت میں سب برابر ہیں مگر اللہ تعالیٰ جس کو چاہے معارف جلیلہ اور اعمال جمیلہ کے ذریعہ امتیاز و اختصاص فرما کر سرفراز فرمائے چنانچہ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ (ان کے رسولوں نے ان سے کہا کہ بیشک ہم تمہاری طرح آدمی ہی ہیں مگر اللہ اپنے بندوں میں جس پر چاہے احسان فرمائے) اور قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ (کہدیجئے میں تم جیسا ہی آدمی ہوں میری طرف وحی آتی ہے) میں اسی حقیقت کو قائم رکھ کر اس فرق و امتیاز کو واضح کیا ہے۔ سورہ مریم میں جو فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا (وہ پورا آدمی بن کر ان کے سامنے ظاہر ہوا) وارد ہے اس میں فرشتہ کا خوبصورت انسان کی شکل میں آنے کا بیان ہے اور سورہ یوسف میں جو وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ (عورتیں کہنے لگیں حاشا للہ یہ بشر نہیں ہے ہو نہ ہو یہ تو کوئی بزرگ فرشتہ ہے) ہے یہاں حضرت یوسف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیہ السلام کے متعلق انسانیت کی نفی مقصود نہیں بلکہ عورتوں کے اظہار تعجب وحیرت کا بیان ہے

س ۳ ع ۱۳ و ۱۶ ع ۷ ۱۷ ع ۱۳ ۱۴ ع ۲ و ۲۰ ۱۴ ع ۳ و ۵ ۱۶ ع ۱ و ۳ ۱۷

س ۱۸ ع ۳ و ۲ ۱۹ ع ۱۲ و ۱۴ ۲۱ ع ۶ ۳۳ ع ۹ ۲۴ ع ۱۵ ۲۵ ع ۶ ۲۸

س ۲۹ ع ۱۶ و ۱۹ بُشِّرَ ۱ س ۱۴ ع ۳ ۱۴ ع ۳ ۱۵ ع ۱۰ و ۱۱ ۱۶ ع ۵

س ۱۸ ع ۳ ۱۹ ع ۳ ۲۳ ع ۱۴ ۲۷ ع ۹

بُشِّرَ اس کو خبر دی گئی، اس کو بشارت دی گئی تَبْشِیْرٌ سے جس کے معنی خوش خبری سنانے کے ہیں ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب نفسِ انسانی کا خاصہ ہے کہ جب اس کو کوئی خوش کن خبر پہنچتی ہے تو وفورِ مسرت سے اس کے جسم میں خون دوڑ کرنے لگتا ہے۔ اسی لئے ایسی خبر کے سنانے کو جس کو سُن کر انسان کے چہرہ پر فرحت وانبساط کے آثار ظاہر ہونے لگیں تبشیر کہتے ہیں یہ بھی واضح رہے کہ تبشیر کے لفظ میں کثرت سے بشارت دینے کے معنی ملحوظ ہیں۔ کبھی کبھی غصہ کے اظہار کے لئے بطور تہکم اس کا استعمال افسوسناک اندوہگیں اور بری خبر سنانے کے لئے بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ اس معنی میں اس کا استعمال بطور استعارہ ہے جس طرح کسی شاعر نے کہا ہے ع

تحیۃ بینھم ضرب وجیع

(ان کا آپس کا سلام درد انگیز ضرب ہے) مطلب یہ ہے کہ کارزار کی گرما گرمی سے ان کے سلام کی ابتدا ہوتی ہے۔ س ۱۴ ع ۱۳ س ۲۵ ع ۸

بَشِّرْ۔ تو خوش خبری دے، تو خبر دے، تَبْشِیْرٌ سے امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر س ۳ س ۲ ع ۱۲ س ۵ ع ۱۲ س ۱۰ ع ۷

س ۱۵ ع ۳ و ۱۲ ۱۷ ع ۱۲ ۲۳ ع ۳ ۲۳ ع ۱۹ ۲۸ ع ۱۰

بُشْرًا۔ خوش خبری دینے والی، بروزن فُعْلٌ بَشِیْرَۃٌ کی جمع ہے جس کے معنی خوش خبری دینے والی کے ہیں۔ پ ۱۴ ع ۱۹ پ ۲۰ ع ۱

بَشَّرْتُمُوْنِیْ۔ تم نے مجھے بشارت دی بَشَّرْتُمْ تَبْشِیْرٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر واو اشباع کا ہے۔ ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے۔ ع ۴

بَشَّرْنٰکَ ہم نے تجھے بشارت دی بَشَّرْنَا تَبْشِیْرٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم اَ ضمیر واحد مذکر حاضر ع ۴

بَشَّرْنٰہُ۔ ہم نے اس کو بشارت دی، اس میں ہُ ضمیر واحد مذکر غائب ہے ع ۲۲

بَشَّرْنٰھَا۔ ہم نے اس (عورت) کو بشارت دی، اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے ع ۲۲

بَشَّرُوْہُ۔ انھوں نے اس کو خوش خبری دی بَشَّرُوْا تَبْشِیْرٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ہُ ضمیر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مذکر غائب۔ ۲۶/۱۹

بَشِّرْهُ۔ اس کو خبر دے، اس کو بشارت دے۔ اس کو خوش خبری دے۔ اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے ۲۱/۱۰ ۲۲/۱۸ ۲۵/۱۷

بَشَّرْهُمْ۔ ان کو خبر دے۔ ان کو خوش خبری دے اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۱۱/۳ ۱۲/۱۰

بُشْرٰی۔ خوش خبری، ایسی خبر جس کو سن کر بشرہ پر مسرت و خوشی کے آثار نمایاں ہو جائیں ۱۰/۱۲ ۹/۱۲ ۱۱/۷ و ۱۲ ۱۴/۱۸ و ۱۹ ۹/۱۹ ۱۰/۲۳ ۲۶/۲

بُشْرٰىكُمْ۔ تم کو خوش خبری ہو۔ تمہیں بشارت ہو بُشْرٰی مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۲۷/۱۸

بَشَرَيْنِ دو آدمی، بَشَرٌ کا تثنیہ بحالت نصب و جر ۴۸/۳

بَشِيْرٌ۔ خوش خبری دینے والا، بشارت سنانے والا بُشْرٰی سے جس کے معنی بشارت دینے کے ہیں۔ بروزن فَعِيْلٌ بمعنی فاعل ہے ۶/۱۳ ۹/۱۷ ۱۱/۴ بَشِيْرًا ۱۰/۱۲ ۱۲/۱۵ و ۹ ۱۳/۱۵

فصل الصاد المهملة

بَصَآئِرُ۔ کھلی دلیلیں، ظاہر نصیحتیں، بَصِيْرَةٌ کی جمع (ملاحظہ ہو بَصِيْرَةٌ) ۱۰۳/۶ ۲۰۳/۷ ۱۵/۱۲ ۲۰/۴۵ ۲۱/۴۵

بَصَرِ۔ آنکھ، بینائی خواہ آنکھ کی ہو یا دل کی (ملاحظہ ہو اَبْصَارٌ) ۴۳/۱۲ ۱۵/۴ ۲۷/۱۰ و ۵ ۲۹/۱۴ و ۱۷

بَصُرْتُ۔ میں نے دیکھا، مجھے نظر آیا (کَرُمَ) بَصَرٌ سے جس کے معنے دیکھنے اور معلوم کرنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد متکلم۔ ۹۶/۱۴

بَصُرَتْ۔ اس (عورت) نے دیکھا، بَصَرٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۱/۲۰

بَصَرُكَ۔ تیری نظر، تیری آنکھ، بَصَرٌ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ ۲۲/۱۶

بَصِيْرَةٍ۔ اس کی آنکھ، اس کی بینائی، بَصَرٌ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۲۵/۱۲

بَصَلِهَا۔ اس (زمین) کی پیاز، بَصَلٌ پیاز کو کہتے ہیں مضاف ہَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ۶۱/۲

بَصِيْرٌ۔ دیکھنے والا۔ جاننے والا۔ بروزن فَعِيْلٌ بمعنی فاعل ہے ۱۱/۱۳ ۱۴/۱۵ و ۱۰ ۳/۴ ۶/۱۴ ۷/۱۱ ۹/۱۹ ۱۰/۶ ۱۲/۱۰ و ۲ ۱۳/۸ ۱۵/۱ ۱۷/۱۵ و ۱۶ ۱۹/۱۶ و ۱۹ ۲۲/۱۵ و ۸ ۲۳/۱۱ و ۱۰ و ۱۹ ۲۶/۱۴ ۲۷/۱۲ ۲۹/۳ و ۴ ۳۵/۱۲ و ۷ بَصِيْرًا ۱۳/۱۵ و ۱۲ ۱۶/۱۹ و ۱۷ ۲۱/۱۱ ۲۲/۱۲ ۲۳/۱۲ ۲۹/۱۴ ۳۱/۹

بَصِيْرَةٌ۔ بینائی، سمجھ، دلیل، واضح رہے کہ بصیرت کا استعمال صرف دل کی بینائی کے متعلق ہوتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنکھ سے دیکھنے اور نظر کرنے کے لئے نہیں ہوتا۔ بصیرت کے مختلف معانی آتے ہیں، عقل، سمجھ، عبرت، دلیل اور حجت ۱۳/۱۰۸ ۱۲/۱۰۹

فصل الضاد المعجمة

بِضَاعَةٌ۔ پونجی، سامان تجارت، بَضْعٌ سے ماخوذ ہے، گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے جو کاٹ کر علیحدہ کئے جائیں انھیں "بضع" کہتے ہیں اور اسی اعتبار سے مال کی اس وافر مقدار کو جو تجارت کے لئے رکھی جائے بضاعت کہا جاتا ہے ۱۲/۸۸ ۱۲/۶۵

بِضَاعَتَنَا ہماری پونجی، بِضَاعَةٌ مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ۔ ۱۲/۶۵

بِضَاعَتَهُمْ ان کی پونجی۔ بِضَاعَةٌ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ۔ ۱۲/۶۵

بِضْعٌ۔ چند، کئی، دس سے جو کم کر دیا جائے "بضع" کہلاتا ہے۔ بعض کے نزدیک تین سے لیکر نو تک اور بعض کے خیال میں پانچ سے نو تک کے عدد بضع میں داخل ہیں۔ یوسف علیہ السلام کے ذکر میں جو بِضْعَ سِنِينَ آیا ہے اس کے متعلق اکثر مفسرین سات برس کی مدت بتاتے ہیں اور سورہ روم میں دس سال سے کم کی مدت مراد ہے ۱۲/۴۲ ۳۰/۴

فصل الطاء المهملة

بِطَانَةً۔ دلی دوست، رازدار، بھیدی، استر، کپڑے کا باطنی حصہ جو جسم سے ملا ہے۔ بَطْنٌ سے مشتق ہے۔ "بطن" کا استعمال ہر شے میں "ظہر" کے خلاف ہوتا ہے۔ اوپر کی جانب کو "ظہر" اور اندر کی جانب کو "بطن" بولتے ہیں اور کپڑے کے اوپر کے حصہ کو ظِهَارَة اور اندرونی اور نیچے کے حصے کو جو جسم سے ملا ہے جیسے استر وغیرہ بِطَانَةٌ کہتے ہیں جس طرح ہم اپنی زبان میں بولتے ہیں کہ وہ تو اس کا اوڑھنا بچھونا ہے یعنی وہ اس کو نہایت ہی مرغوب و محبوب ہے، اسی طرح "بطانۃ الثوب" سے بطور استعارہ دلی دوست کے متعلق جو باطنی امور کا رازدار ہو "بطانۃ" کا لفظ استعمال ہوتا ہے ۳/۱۱۸

بَطَائِنُهَا اس کے استر، بَطَائِنُ بِطَانَةٌ کی جمع مضاف ہے هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ۔ ۵۵/۵۴

بَطْرًا۔ اترانا۔ مصدر ہے۔ ۸/۴۷

بَطِرَتْ۔ اترائی۔ اکڑنے لگی (سَمِعَ) بَطَرٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۲۸/۵۸

بَطْشَ۔ پکڑ، گرفت، پکڑنا، سختی اور قوت کے ساتھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پکڑنے کو بطش کہتے ہیں مصدر ہے ب ۳۰ بَطْشًا ۲۵/۱۴ ب ۳۶/۱۱ بَطْشَةَ ۲۵/۱۲

بَطَشْتُمْ۔ تم نے پکڑا، تم نے گرفت کی (ضَرَبَ ونَصَرَ) بَطْشٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۹/۱۱ ب

بَطْشَتَنَا۔ ہماری پکڑ، ہماری گرفت، ہمارا پکڑنا بَطْشَةَ مصدر مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ ۲۷/۹ ب

بَطَلَ۔ مٹ گیا، نابود ہوگیا، (نَصَرَ بُطْلَانٌ) سے جس کے معنی ضائع ہوجانے اور نابود ہونے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ ۹/۴

بَطَنَ۔ وہ پوشیدہ ہوا، وہ چھپا (نَصَرَ بُطُوْنٌ) سے جس کے معنی پوشیدہ ہونے اور چھپنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۵/۱۱ ب ۶

بَطْنٍ۔ اندرون، پیٹ۔ ۳۶/۱۱ ب

بَطْنِهٖ۔ اس کا پیٹ، بَطْنٍ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۱۸/۱۲ ب ۲۳/۹

بَطْنِیْ۔ میرا پیٹ۔ اس میں ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ ہے۔ ۳/۱۲

بُطُوْنِ۔ پیٹ۔ بَطْنٌ کی جمع ۵/۱۴ ب ۱۴/۱۲ ب ۲۳/۱۵ و ۶ ۲۵/۱۹ ب ۲۷/۱۵ و ۴

بُطُوْنِهٖ۔ اس کے پیٹ۔ بَطْنٍ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۱۵/۱۲ ب

بُطُوْنِهَا اس (مونث) کے پیٹ، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ہے ۱۵/۱۲ ب ۱۸/۱۵ ب

بُطُوْنِهِمْ۔ ان کے پیٹ۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ہے۔ ۲/۵ ب ۱۲/۲ ب ۱۹/۹ ب

فصل العین المهملة

بَعْثٍ۔ جی اٹھنا۔ زندہ کرنا، اٹھا کھڑا کرنا۔ اصل میں تو بَعْثٌ کے معنی بھیجنے اور اٹھا کھڑا کرنے کے ہیں مگر قرائن اور متعلقات کے اعتبار سے اس کے معنی بدلتے رہتے ہیں مثلاً اونٹ کیلئے بعث کا لفظ آئے گا تو معنی اونٹ کے اٹھانے اور چلانے کے ہوں گے، مردوں کے لئے استعمال ہوگا تو جی اٹھنے اور حشر کے ہوں گے، رسولوں کے متعلق کہا جائیگا تو مبعوث کرنے اور بھیجنے کے ہوں گے۔ غرض حسب قرینہ ومقام اس کے معنی سمجھنے چاہئیں۔ (ملاحظہ ہو ابعث) ۱۷/۸ ب ۲۱/۹

بَعَثَ۔ اس نے بھیجا (فَتَحَ) بَعْثٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۲/۱۰ و ۱۶ ۴/۸ ب ۶/۹ ب ۱۵/۱۱

بُعْثِرَ۔ وہ اٹھایا گیا، وہ کریدا گیا، وہ الٹ پلٹ کیا گیا ۱۹/۴ ب ۲۵/۱۱

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَعْثَرَۃٌ سے جس کے معنی الٹ پلٹ کرنے کے ہیں ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ جن علماء کی رائے یہ ہے کہ رباعی اور خماسی دو ثلاثی سے ملکر بنتی ہیں ان کے خیال میں بعثر، بُحِثَ اور اُثِیرَ سے مل کر بنا ہے اور یہ بات کچھ بعید نہیں ہے کیونکہ بَعْثَرَۃ میں دونوں فعلوں کے معنی موجود ہیں۔ پس جس طرح بَسْمَلَ (اس نے بسم اللہ پڑھی) بسم اور اللہ کے لام سے مرکب ہے اسی طرح بَعْثَرَۃٌ لفظ بحث اور اثارۃ کی راء سے مرکب ہے۔ ۳۰/۲۵

بُعْثِرَتْ۔ وہ کھود کر اٹھائی گئی، بَعْثَرَۃٌ سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۳۰/۴

بَعْثُکُمْ۔ تمہارا اچھلنا، تمہارا زندہ کرنا، تمہارا اٹھانا بَعْثٌ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۲۱/۱۲

بَعَثْنَا۔ ہم نے بھیجا، ہم نے کھڑا کیا، ہم نے اٹھایا بَعْثٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم ۶/۳ ۹/۳ ۱۱/۱۳ ۱۲/۱۱ ۱۵/۱۳ و ۱۵ ۱۹/۳

بَعَثْنَا۔ اس نے ہم کو اٹھایا۔ بَعَثَ فعل ماضی نَا ضمیر جمع متکلم ۲۳/۳

بَعَثْتُکُمْ۔ ہم نے تم کو اٹھا کھڑا کیا۔ بَعَثْنَا فعل ماضی کُمْ ضمیر جمع متکلم ۴/۷

بَعَثْنٰھُمْ۔ ہم نے ان کو اٹھایا، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۱۵/۱۳ و ۱۵

بَعَثَہٗ۔ اس کو زندہ کیا، اس کو جلایا، بَعَثَ فعل ماضی ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ۳/۳

بَعْدُ۔ پیچھے، ظرف زمان ہے، قَبْلُ کی ضد ہے اضافت اس کو لازمی ہے۔ جب بغیر اضافت کے آئے گا تو یا ضمہ پر مبنی ہوگا یا اس پر دو زبر ہوں گے جیسے بَعْدُ، بَعْدًا، اور مِنْ بَعْدُ قرآن مجید میں بَعْدًا نہیں آیا ہے ۳/۸ و ۹ و ۱۳ و ۱۴ ۱/۳ ۲/۳ و ۴ و ۶ و ۹ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۹ ۳/۳ و ۹ و ۱۰ و ۱۴ و ۱۶ و ۱۷ ۴/۲ و ۷ و ۹ و ۱۳ ۵/۱۴ ۶/۲ و ۷ و ۹ و ۱۰ ۳ و ۴ و ۵ ۷/۱۴ و ۱۵ ۸/۱۴ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ ۹/۱ و ۳ و ۵ و ۱۵ ۱۰/۶ و ۸ و ۱۰ و ۱۴ و ۱۶ ۱۱/۳ و ۶ و ۸ و ۹ ۱۲/۱ و ۲ و ۴ و ۱۶ ۱۳/۵ و ۹ و ۱۱ ۱۴/۱۲ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ ۱۵/۲ ۱۶/۵ و ۷ و ۸ ۱۸/۷ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ ۱۹/۱ و ۱۰ و ۱۵ و ۱۶ ۲۰/۸ و ۱۲ ۲۱/۴ و ۵ و ۶ و ۸ و ۹ ۲۲/۳ و ۱۰ و ۱۴ ۲۳/۱۴ و ۱۵ ۲۵/۱ و ۳ و ۴ و ۵ و ۷ و ۱۴ و ۱۸ و ۱۹ ۲۶/۴ و ۵ و ۷ و ۸ و ۱۱ و ۱۴ ۲۷/۴ و ۱۷ و ۱۸ ۲۸/۱۷ و ۱۹ ۲۹/۳ ۳۰/۴ و ۲۰ و ۲۳

بُعْدٌ۔ دوری، ہلاکت، لعنت، قُرْبٌ کی ضد ہے، قرب و بعد کی کوئی حد مقرر نہیں ہے بلکہ جگہ اور مقام کے اعتبار سے ایک کو قریب اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرے کو بعید کہتے ہیں، محسوسات میں تو قرب بعد کا استعمال بکثرت ہوتا رہتا ہے لیکن کبھی کبھی معقولات کے لئے بھی بعید اور قریب کے الفاظ آتے ہیں جیسے ضَلُّوْا ضَلٰلًا بَعِیْدًا (وہ بہت دور بہکے) چونکہ موت ہلاکت اور لعنت میں بھی دوری ہوتی ہے اس لئے بُعْد اور بَعْد کے معنی اکثر ہلاکت تباہی اور لعنت کے آتے ہیں ۲۵/۱ بُعْدًا ۱۲/۱۱ و ۱۸/۳ و ۸/۴

بَعُدَتْ۔ وہ دور معلوم ہوئی، وہ دور لگی۔ (نَصَرَ) بُعْدٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۲/۱۴

بَعِدَتْ۔ وہ دور ہوئی۔ اس پر لعنت ہوئی، وہ تباہ ہوئی، (سَمِعَ) بَعَدٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۱۲/۸

بَعْدِكَ۔ تیرے پیچھے، تیرے بعد، بَعْدِ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ ۱۶/۱۳

بَعْدِكُمْ، تمہارے پیچھے، تمہارے بعد۔ بَعْدِ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۸/۳

بَعْدِهٖ۔ اس کے بعد، اس کے پیچھے، بَعْد مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ

۱/۶ و ۱۱/۱۳ ب ۳/۱۵ ب ۴/۸ ب ۶/۳ ب ۷/۱۲ ب ۹/۱۳ ب ۱۱/۱۳ ب ۱۲/۱۳

۱۵/۱۲ ب ۲۱/۱۳ ب ۲۲/۴ و ۱۲/۱۷ ب ۲۳/۱ ب ۲۵/۶ ب ۲۹/۲۲

بَعْدَهَا۔ اس کے بعد اس کے پیچھے بعد مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ۹/۹

ب ۱۴/۲۰ و ۲۱/۱ ب ۱۶/۱ ب ۱۷/۲

بَعْدِهِمْ، ان کے بعد، ان کے پیچھے، بَعْدِ مضاف هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ

۳/۱ ب ۷/۴ ب ۹/۱۱ و ۱۲ ب ۱۱/۷ ب ۱۳/۱۴ و ۱۵ ب ۱۶/۷ ب ۱۸/۳ و ۲

۲۰/۹ ب ۲۲/۶ و ۹ ب ۲۵/۳ ب ۲۸/۴

بَعْدَهُنَّ۔ ان کے بعد ان کے پیچھے، بَعْدِ مضاف هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ

ب ۱۸/۱۴

بَعْدِیْ۔ میرے بعد، میرے پیچھے بَعْدِ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ ب ۱/۱۶ ب ۹/۸

ب ۲۳/۱۲ ب ۲۸/۹

بَعْضٌ۔ کچھ، ٹکڑا۔ کل کے اعتبار سے شے کے کسی جز کو بعض کہتے ہیں اسی لئے کلّ کے مقابل بولا جاتا ہے۔ ب ۱/۹ و ۱۰ و ۱۱ ب ۲/۱۷ و ۱۸ ب ۳/۱ و ۳ و ۱۲ و ۱۳

ب ۴/۱۱ و ۱۴ ب ۵/۱ و ۲ و ۳ ب ۶/۱ و ۱۱ و ۱۳ ب ۷/۱۳ و ۱۴ ب ۸/۱ و ۲ و ۳ و ۷

ب ۹/۱۸ ب ۱۰/۶ و ۱۵ ب ۱۱/۵ و ۱۰ ب ۱۲/۲ و ۵ و ۱۳ ب ۱۳/۷ و ۱۲

ب ۱۴/۲ و ۳ و ۱۰ و ۱۵ ب ۱۵/۲ و ۱۲ ب ۱۶/۲ و ۱۲ ب ۱۷/۱۳ ب ۱۸/۵ و ۶ و ۱۱ و ۱۴ و ۱

ب ۱۸/۱۵ و ۱۷ ب ۱۹/۱۵ و ۲ ب ۲۰/۸ و ۱۷ ب ۲۱/۸ و ۱۷ ب ۲۲/۱۰ و ۱۱ ب ۲۳/۶ و ۱۱

ب ۲۴/۹ و ۱۳ ب ۲۵/۹ و ۱۲ و ۱۸ ب ۲۶/۵ و ۷ و ۱۳ و ۱۴ ب ۲۷/۳ ب ۲۸/۱۹ ب ۲۹/۶ و ۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَعْضًا ۳ ۱۵ ۷ ۹ ۲ ۱۸ ۳ و ۱۵ ۱۵ ۲۲ ۱۷

۲۵ ۲۶ ۱۴

بَعْضُكُمْ۔ تمہارے بعض، تم میں سے بعض، بَعْض مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۱ ۶ ۳ ۷ ۱۴ ۱۱ و ۱۴ ۴ ۵ ۱ و ۲ ۵ ۱۴ ۸ ۹ و ۷ ۱۶ ۱۸ ۱۴ و ۱۵ و ۱۷

۲۰ ۱۵ ۲۲ ۱۱ ۲۶ ۵ و ۱۴ و ۱۴

بَعْضُنَا۔ ہمارے بعض، ہم میں بعض، بَعْض مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ ۳ ۱۵ ۵ ۲ ۲۳ ۱۵

بَعْضَهٗ اس کا بعض، بَعْض مضاف هٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۹ ۱۸ ۱۳ ۱۱ ۲۸ ۱۴

بَعْضُهَا اس کا بعض، بَعْض مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ۱ ۶ ۳ ۱۲ ۳ ۷ ۱۵ ۱۱

بَعْضُهُمْ۔ ان کے بعض، بَعْض مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۱ ۶ ۲ ۱۴ و ۱ ۲ ۳ ۲ ۵ ۳ ۶ ۱۲ ۵ ۳ ۲ ۶ ۱۰ ۱۵ و ۶ ۱۱ ۵ ۱۵ ۳ و ۱۰ ۱۶ ۱۳ ۲ ۱۸ ۵ و ۳ ۲۱ ۱۷ ۲۲ ۱۷ و ۱۲ ۲۳ ۱۱ و ۶

۲۵ ۲۶ ۳ ۲۹ ۱۳ و ۱۲ و ۱۳

بَعْلًا۔ ایک بت کا نام، شوہر، خاوند اصل میں تو بعل شوہر کو کہتے ہیں اور شوہر کے متعلق چونکہ بیوی پر فوقیت اور غلبہ کا تصور ہوتا ہے اس لئے عربی زبان میں ہر وہ چیز "بعل" کہلاتی ہے جسے دوسرے پر فوقیت حاصل ہو، چنانچہ اہل عرب اپنے دیوتا کو جس کے ذریعہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور تقرب کے خواہاں تھے "بعل" کے نام سے یاد کرتے تھے، کیونکہ وہ اس کا مرتبہ اپنے سے اعلیٰ وارفع سمجھتے تھے یہ امام راغب کی تحقیق ہے، عرب میں یہ لفظ اس معنی میں زیادہ تر اہل یمن میں مستعمل تھا، چنانچہ ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں اور ابراہیم حربی نے غریب الحدیث میں عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی نظر ایک شخص پر پڑی جو گائے ہانکتا جا رہا تھا، اس شخص کی زبان سے کلام من بعل هذه اس گائے کا مالک کون ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے اس کو بلا کر پوچھا کہ تو کون ہے کہنے لگا کہ میں یمن کا رہنے والا ہوں، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا کی زبان یہی ہے کہ بعل سے مراد مالک اور رب ہے[1]۔ مولانا سید سلیمان صاحب ندوی فرماتے ہیں۔

"ہمارے مفسرین نے عکرمہ، مجاہد اور قتادہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ "بعل" یمن کی زبان میں آقا اور مالک

[1] فتح الباری کتاب التفسیر سورۃ الصافات۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو کہتے ہیں اور یہ حضرت الیاسؑ کی قوم کا بت تھا اور اسی لئے عربی میں شوہر کو بعل کہتے ہیں، ہمارے مفسرین اور اہلِ لغت کا بیان بالکل صحیح ہے لیکن صرف اس تخصیص سے انکار ہے کہ یہ صرف یمن کی زبان کا لفظ ہے صحیح یہ ہے کہ یہ لفظ تمام سامی زبانوں میں پایا جاتا ہے یہ بھی اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ بعل صرف قوم الیاس میں نہیں بلکہ اکثر مشرقی سامی قوموں میں پوجا جاتا تھا بعلبک، ملک شام کا ایک قدیم شہر ہے جو اسی بعل دیوتا کی طرف منسوب ہے، روایتوں میں ہے کہ یہ دیوتا سونے کا تھا، چودہ ہاتھ لمبا تھا اور اس کے چار منہ تھے توراۃ میں اس کے تین طریقے سے نام آئے ہیں "بعل" "بعل فغور" "بعل بریث"

"بعل" کے لئے مذبح، قربانگاہ اور ہیکل بنتے تھے، لوبان اور دیگر بخورات ان میں جلائے جاتے، اولاد کو اس کی خاطر آگ میں ڈال دیا جاتا تھا اور یہ بہترین قربانی سمجھی جاتی تھی بعل کی پوجا کے لئے خاص قسم کے برتن اور ظروف ہوتے تھے، سامی قوموں میں اور مدین کے ہمایوں میں بعل کی پوجا کے یہی سب رسوم تھے، غالباً مدین میں بھی یہی جاری ہوں گے۔

مستشرقین یورپ کی تحقیق کے مطابق "بعل" ستارہ زحل کا نام تھا جس کی دوسری مانوس عربی شکل "حبل" ہے، اس کی مدین میں پرستش ہوتی تھی اور اونٹ (ابل) کی قربانی اس کے لئے سب سے بہتر سمجھی جاتی تھی[1] پ۲۳ ع۸

بَعْلِهَا۔ اس (عورت) کا شوہر، اس کا خاوند بَعْلِ مضاف ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ پ۵

بَعْلِي۔ میرا خاوند، میرا شوہر بَعْلِ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ پ۱۲ ع۷

بَعُوضَةً۔ مچھر، بَعْضٌ سے مشتق ہے، چونکہ تمام حیوانات کی بہ نسبت اس کا جسم ذرا سا ہوتا ہے اس لئے اس کو "بعوضہ" کہنے لگے۔ پ۱

بُعُولَتِهِنَّ۔ ان (عورتوں) کے شوہر، ان کے خاوند، بُعُولَةٌ بَعْلٌ کی جمع ہے جیسے فَعْلٌ اور فُحُولَةٌ مضاف ہے هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ پ۲ ع۱۲ پ۱۸ ع۱۰

بَعِيدٌ۔ دور، بُعْدٌ سے مشتق ہے، صفت مشبہ کا صیغہ ہے پ۷ ع۵ پ۱۲ ع۸ پ۱۳ ع۱۳ و ۱۵ پ۱۷ ع۷ و ۹ و ۱۴ پ۱۷ ع۱۷ پ۱۹ ع۷ و ۱۲ پ۲۲ ع۱۹ پ۲۴ ع۱ و ۳ پ۲۵ ع۳ پ۲۶ ع۱۵ و ۱۶ و ۱۷

بَعِيدًا پ۳ ع۱۱ پ۵ ع۱ و ۵ و ۱۷ پ۲۹ ع۳

بَعِيرٍ۔ اونٹ، شتر، اسم جنس ہے۔ لفظ انسان کی طرح مذکر و مؤنث دونوں پر بولا جاتا ہے پ۱۳ ع۲ و ۳

[1] ارض القرآن ج ۳ ص ۱۷۶ و ۱۷۷ طبع معارف ۱۹۶۹ء

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل الغین المعجمة

بِغَاءٍ ۔ بدکاری، زناکاری، اصل میں بغاءٌ کے معنی حد سے تجاوز کرنے کے ہیں چونکہ زنا حد سے تجاوز ہی ہے اس لئے عام طور پر بغاءٌ کے معنی زناکاری کے آتے ہیں ۱۵/۲۴

بِغَالَ ۔ خچر، بَغْلٌ کی جمع ہے۔ ۱۴/۱۶

بَغَتْ ۔ اس نے سرکشی کی، اس نے بغاوت کی (ضَرَبَ) بَغْیٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۳۶/۱۲

بَغْتَةً ۔ ایک دم، اچانک، یکایک ۱۰/۱۱ ۹/۱۳۲ ۱۳/۶ ۱۷/۱۴۳ ۱۹/۱۵ ۲۱/۲ ۲۲/۳ ۲۵/۱۲ ۳۶/۶

بَغْضَاءُ ۔ بغض، نفرت، مصدر ہے حُبٌّ کی ضد ہے ۴/۳ ۶/۱۳۲ ۲/۶ ۲۸/۶

بَغَوْا ۔ انھوں نے سرکشی کی، انھوں نے بغاوت کی، بَغْیٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۲۵/۴

بَغْیٌ ۔ سرکشی، زیادتی، ضد، مصدر ہے۔ جہاں میانہ روی چاہیئے وہاں میانہ روی سے بڑھنے کی خواہش کرنے کو بَغْیٌ کہتے ہیں خواہ میانہ روی سے تجاوز عمل میں آیا ہو یا نہ آیا ہو بغیٌ کا استعمال کمیت اور کیفیت یعنی مقدار اور وصف دونوں کے متعلق ہوتا ہے (ملاحظہ ہو اَبْغِیْ) ۱۱/۵

بَغْیًا ۔ ۱۴/۱۹ ۲۵/۵ ۱۱/۲ ۳/۲ ۱۱/۱۲ ۲۵/۱۸۹۳

بَغَی ۔ اس نے سرکشی کی، اس نے زیادتی کی، بَغْیٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۲۰/۱۱ ۲۳/۱۲

بُغِیَ (اس پر) زیادتی کی گئی، بَغْیٌ سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب ۱۵/۲۲

بَغِیًّا ۔ بدکار، بَغْیٌ سے صفت مشبہ کا صیغہ ۱۶/۵

بَغْیُکُمْ ۔ تمہاری سرکشی، بَغْیٌ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۱۱/۸

بَغْیِهِمْ ۔ ان کی سرکشی، بَغْیٌ مضاف هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۵/۷

فصل القاف

بَقَرٌ ۔ بیل، گائے۔ اسم جنس ہے مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۷۰/۲ ۶۸/۲

بَقَرَاتٌ ۔ گائیں، بَقَرَةٌ کی جمع ۱۲/۱۶

بَقَرَةٌ ۔ گائے، واحد ہے۔ اس کی جمع بَقَرٌ اور بَقَرَاتٌ آتی ہے ۷۱/۲

بُقْعَةِ ۔ زمین، قطعہ زمین بِقَاعٌ اور بُقَعٌ جمع ۲۰/۱۲

بَقْلِهَا ۔ اس کا ساگ، اس کی ترکاری۔ بَقْلٌ مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ۶۱/۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَقِیَ وہ بچ گیا، وہ باقی رہا (سَمِعَ) بَقَاءٌ سے۔ جس کے معنی کسی شے کے اپنی پہلی حالت پر باقی رہنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ہے۔

بَقِیَّۃٌ بچی ہوئی چیز، باقی ماندہ، باقی رکھا ہوا بروزن فَعِیلَۃٌ بَقَاءٌ سے صفتِ مشبہ کا صیغہ ہے قرآن مجید میں حضرت طالوت کے ذکر میں جب ان کو بادشاہ ماننے سے انکار کر دیتے ہیں تو ان کے نبی فرماتے ہیں۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ	اور بنی اسرائیل کی اس جماعت
إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَنْ	سے ان کے نبی نے کہا کہ طالوت
يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ	کی سلطنت کا نشان یہ ہے کہ
فِيهِ سَكِينَةٌ	تمہارے پاس صندوق آجائیگا
مِنْ رَبِّكُمْ	جس میں تمہارے پروردگار کی
وَبَقِيَّةٌ مِمَّا	طرف سے دلجمعی ہے اور کچھ بچی
تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ	ہوئی چیزیں ہیں جن کو حضرت
وَآلُ هَارُونَ	موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام
تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ	کی اولاد چھوڑ گئی ہے فرشتے اس کو
	اٹھائے ہوئے ہوں گے۔

یہ بچی ہوئی چیزیں کیا تھیں، تورات کی دو لوحیں کچھ ٹوٹی ہوئی لوحوں کا ریزہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور ان کی نعلین، حضرت ہارون علیہ السلام کا عمامہ اور عصا اور ایک قفیز (ایک پیمانہ کا نام) من جو بنی اسرائیل پر نازل ہوتا تھا۔[1]

آیت کریمہ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِنْ قَبْلِكُمْ أُولُو بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ (پس کیوں نہ ہوئے تم سے پہلے قرنوں میں وہ لوگ جن میں اثر رہا ہو کہ ملک میں فساد کرنے سے منع کرتے) میں "اولو بقیۃ" سے مراد وہ لوگ ہیں جن کی رائے اور عقل باقی ہے یا ارباب فضل مراد ہیں، فضل کو بقیہ اس لئے کہا گیا کہ انسان اپنے میں سب سے اچھی چیز کو باقی رکھنے کا خواہشمند ہوتا ہے۔ اسی لئے عرب والے بولتے ہیں فلان من بقیۃ القوم یعنی فلاں آدمی قوم میں عمدہ ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بقیہ تقیہ کی طرح مصدر ہو، اس صورت میں "اولو بقیہ" کے معنی "ذوو بقاء" کے ہوں گے یعنی وہ لوگ جو اپنی جانوں کو عذاب سے بچائیں اور محفوظ رکھیں۔[2] پ ۲ ع ۱۶ ۱۱ و ۱۲ ع ۱

فصل الکاف

[1] ملاحظہ ہو معالم التنزیل امام بغوی ج ۱ ص ۲۱۶ طبع مصر ۱۳۳۱ھ [2] ملاحظہ ہو انوار التنزیل قاضی بیضاوی ج ۱ ص ۳۳۸ طبع مصر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِكَ تجھ سے، تجھ کو، تیرے ساتھ، تیرے ذریعہ تیرے متعلق، ب حرف جر، كَ ضمیر واحد مذکر حاضر مجرور متصل (ملاحظہ ہو ب) ۳/۱۲ ۵/۳ ۹/۱۸ ۱۲/۴ ۱۸/۱۲ ۱۶/۶ ۱۹/۱۹ ۲۰/۵ ۲۵/۱۰

بَكَتْ وہ روئی (ضَرَبَ) بُكَاءٌ سے جس کے معنی رونے کے ہیں ماضی کا صیغہ، واحد مؤنث غائب ۲۵/۱۴

بِكْرٌ نیا ہی۔ جس نے بچہ نہ دیا ہو، کنواری لڑکی کو بھی کہتے ہیں۔ ۱/۸

بُكْرَةً دن کا اول حصہ، صبح، ۱۶/۴ ۱۶/۷ ۱۸/۱۴ ۲۲/۵ و ۹ ۲۶/۹ ۲۷/۹ ۲۹/۲

بِكُمْ تم سے، تم کو، تمہارے ساتھ، تمہارے ذریعہ تمہارے متعلق، ب حرف جر کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مجرور متصل، ۱/۲ ۲/۲ و ۶ ۳/۲ ۵/۲ و ۱۲ و ۱۶ ۸/۶ ۱۰/۱۳ ۱۱/۱ ۱۲/۷ ۱۳/۵ و ۲ ۱۴/۸ و ۱۳ ۱۵/۶ و ۱۲ و ۱۳ ۱۹/۴ ۲۱/۱۰ و ۱۳ و ۱۸ ۲۲/۱۹ ۲۳/۱۳ ۲۶/۱۰ و ۱۶ و ۱۷ ۲۷/۶ ۲۸/۷ ۲۹/۲

بُكْمٌ گونگے، اَبْكَمُ کی جمع جس کے معنی پیدائشی گونگے کے ہیں ۱/۲ ۲/۶ ۳/۱۲ ۹/۱۷ **بُكْمًا** ۱۵/۱۱

بَكَّةَ مکہ معظمہ کا نام ہے۔ مجاہد سے یہی منقول ہے وہ کہتے ہیں کہ باء میم سے بدل گئی ہے جیسے سبد لاسہ اور سمد ہ اور لازب اور لازم

بعض اندرون مکہ کا نام بتلاتے ہیں بعض کہتے ہیں مسجد کا نام ہے بعض بیت اللہ اور بعض مطاف کو بیان کرتے ہیں بَبَّ اَقَّ سے ماخوذ ہے جس کے معنی ازدحام کے ہیں۔ چونکہ وہاں طواف کے لئے لوگوں کا ازدہام ہوتا ہے اس لئے اس کو بکہ کہا گیا، بعض کہتے ہیں کہ بکہ بَكٌّ سے مشتق ہے جس کے معنی مزاحمت کرنے، پھاڑ ڈالنے اور بگاڑ ڈالنے کے ہیں چونکہ سنت الٰہی جاری ہے کہ جو یہاں الحاد پھیلاتا اور ظلم پر کمر باندھتا ہے اس کی گردن توڑ ڈالی جاتی ہے اس لئے مکہ کا نام بکہ ہوا ۴

بُكِيًّا روتے ہوئے، بَاكِيٌ کی جمع جس کے معنی رونے والے کے ہیں، اصل میں تو بُكِيٌّ فُعُولٌ کے وزن پر تھا جیسے سَاجِدٌ اور سُجُودٌ اور رَاكِعٌ اور رُكُوعٌ اور قَاعِدٌ اور قُعُودٌ لیکن جَاثٍ اور جُثِيٌّ اور عَاتٍ اور عُتِيٌّ کی طرح اس کے واو کو یا سے بدلا گیا اور یا کا یا میں ادغام کر دیا گیا۔ بُكِيٌّ کا استعمال اندوہگیں ہونے اور آنسو بہانے دونوں کے متعلق ہوتا ہے اور صرف اندوہگیں ہونے اور صرف آنسو بہانے کے معنی میں بھی آتا ہے ۱۶

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل اللام

بَلْ. بلکہ۔ بَلْ کے بعد یا مفرد واقع ہوگا یا جملہ، اگر مفرد ہو تو اس صورت میں یہ حرف عطف ہے مگر قرآن مجید میں اس کے بعد کہیں مفرد نہیں آیا۔ اور اگر جملہ واقع ہو تو حرف اضراب ہے یعنی ماقبل سے اعراض کے لئے آتا ہے اور تدارک یعنی اصلاح کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ تدارک کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ مابعد ماقبل کا مناقض ہو لیکن اس صورت میں کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ مابعد کے حکم کی تصحیح سے ماقبل کا ابطال مقصود ہوتا ہے اور کبھی اس کے برخلاف ثانی کا ابطال اور ماقبل کی تصحیح منظور ہوتی ہے جیسے اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ، كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ (جب ہماری آیتیں اس کے سامنے تلاوت کی جاتی ہیں تو کہدیتا ہے کہ اگلوں کی کہانیاں ہیں، ہرگز نہیں بلکہ انھوں نے جو برائیاں کمائی ہیں اس سے ان کے دلوں پر زنگ لگ گیا ہے) مطلب یہ ہے کہ قرآن تو اگلوں کی کہانیاں نہیں بلکہ ان کمبختوں کے دلوں پر زنگ لگ گیا ہے اب یہاں زنگ کے اثبات سے کہانی ہونے کا ابطال مقصود ہے اسی طرح فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ فَیَقُوْلُ رَبِّیْۤ اَكْرَمَنِ ۝ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَیْهِ رِزْقَهٗ فَیَقُوْلُ رَبِّیْۤ اَهَانَنِ ۝ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْیَتِیْمَ ۝ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ۝ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ۝ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝ (پس آدمی (کا حال یہ ہے کہ) جب اس کا پروردگار آزماتا ہے اور اس کو عزت اور نعمت دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے میرا اکرام کیا اور جب اس کو آزماتا ہے پس اس پر تنگ کرتا ہے اس کی روزی تو کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کیا، ہرگز نہیں بلکہ تم قدر نہیں کرتے یتیم کی اور نہ ایک دوسرے کو ترغیب دیتے ہو محتاج کے کھلانے کی، اور تم کھا جاتے ہو میراث کا مال سارا سمیٹ کر اور عزیز رکھتے ہو مال کو جی بھر کر) مطلب یہ ہے کہ رزق کی فراخی یا تنگی دربارِ الٰہی میں اکرام یا اہانت کی دلیل نہیں بلکہ یہ پروردگار کی طرف سے آزمایش ہے مگر بے جگہ مال کو خرچ کرنے کی وجہ سے لوگوں نے اس حقیقت کو دل سے بھلا دیا، یہاں پر دوسرے امر کا ابطال منظور ہے اور اول کی تصحیح یعنی آزمایش

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا اثبات کیا جارہا ہے اور روزی کی کشائش یا تنگی کی بنا پر عزت یا اہانت کا ابطال ہو رہا ہے۔

بل کی دوسری صورت یہ ہے کہ پہلے حکم کو برقرار رکھکر اس کے مابعد کو اس حکم پر اور زیادہ کر دیا جائے جیسے بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ (بلکہ انھوں نے کہا کہ خیالات پریشان ہیں بلکہ اس کو آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے گھڑ لیا ہے، بلکہ یہ شاعر ہے) مطلب یہ ہے کہ ایک تو قرآن کو خیالاتِ پریشان کہتے ہیں اور پھر مزید اسے افترا بتلاتے ہیں اور اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ نعوذ باللہ آپ کو شاعر سمجھتے ہیں۔

قرآن مجید میں بَلْ، جہاں بھی آیا ہے ان ہی دونوں معنی میں سے کسی ایک معنی میں اس کا استعمال ہوا ہے۔ امام راغب لکھتے ہیں وجمیع ما فی القرآن من لفظ بل لا یخرج من احد هذین الوجهین وان دق الکلام فی بعضه (قرآن میں جتنی جگہ بھی بل ہے ان دونوں معنی میں سے کسی ایک معنی کے لئے ہے اگرچہ بعض جگہ پر کلام دقیق ہے) اسی دقتِ کلام کی بنا پر بعض اکابر علماء نحو سے یہ غلطی سرزد ہو گئی کہ انھوں نے یہ کہدیا کہ بل کا استعمال قرآن مجید میں صرف معنی ثانی میں ہوا ہے چنانچہ صاحب بسیط نے یہی کہا ہے نیز ابن الحاجب نے شرح مفصل میں اور ابن مالک نے الفیہ میں یہی دعوی کیا ہے لیکن علامہ ابن ہشام اور امام سیوطی نے صراحت کے ساتھ اس دعوی کو وہم بتلایا ہے[1]۔

۱ و ۱۲ و ۱۴ و ۱۶	۱	۲ و ۵	۲	۳	۳ و ۸ و ۹	۴	۵ و ۱۰	۵
۶ و ۱۳	۶	۷ و ۱۲	۷	۹	۱۲	۱۰ و ۱۱	۱۱	۱۲
۱۳	۱۲	۱۱ و ۱۹ و ۲۰	۱۴	۱۸ و ۲۰	۱۵	۱۶	۱۲ و ۱۷	۱۷
۱۸	۱۷ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۷	۱۹	۲ و ۹ و ۱۲ و ۱۷	۴ و ۵ و ۷	۲۰	۱ و ۲ و ۷ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۴	۲۱	۱۵ و ۱۸ و ۱۹
۱ و ۲ و ۷ و ۹ و ۱۰ و ۱۲	۲۲	۱۹ و ۱۱	۲۳	۱۳ و ۱۷	۲۴	۲ و ۳ و ۱۳	۲۵	۸ و ۹ و ۱۲ و ۱۵
۳ و ۴ و ۹ و ۱۰ و ۱۴ و ۱۵	۲۶	۲ و ۴ و ۹ و ۱۰ و ۱۵	۲۷	۲ و ۳	۲۸	۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ و ۱۹ و ۲۰	۲۹	۲

بَلَاءٌ۔ آزمائش، مصدر ہے، جب اس کی ماضی باب سَمِعَ سے آتی ہے تو اس کے معنی بوسیدہ ہونے کے آتے ہیں اور جب باب نَصَرَ سے آتی ہے تو امتحان و آزمائش کے معنی ہوتے ہیں۔ غم کو بھی بلا اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ جسم کو گھلا دیتا ہے۔ تکلیف کا نام بھی اسی لئے بلا ہوا کہ جتنی تکلیفیں ہیں سب بدن پر گراں ہیں۔ آیت کریمہ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى

[1] ملاحظہ ہو اتقان ج ۱ ص ۱۶۰ طبع مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ (اور یقیناً ہم تم کو آزمائیں گے یہاں تک کہ ہم تم میں سے جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو ظاہر کردیں) سے صاف ظاہر ہے کہ تکالیف آزمائش کے لئے ہوتی ہیں، اللہ تعالیٰ کبھی تو بندوں کو فراخی دیکر آزماتا ہے تاکہ وہ شکرگزار بن جائیں اور کبھی تنگی کے ذریعہ امتحان فرماتا ہے کہ وہ صبر میں پورے اتریں، ارشاد ہے وَ نَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً (اور ہم تم کو جانچتے ہیں برائی اور بھلائی سے آزمانا کر) بہ نسبت شکر کے صبر کے حقوق کی بجاآوری زیادہ آسان ہے اسی لئے نعمت میں بہ نسبت محنت و مشقت کے زیادہ آزمائش ہے حضرت عمر رضی اللہ فرماتے ہیں بلینا بالضراء فصبرنا وبلینا بالسراء فلم نصبر (ہم لوگوں کو تکلیف سے آزمایا گیا تو صابر رہے اور فراخی سے آزمایا تو صبر میں پورے نہ اترے) حضرت علی فرماتے ہیں من وسع علیہ دنیاہ ولم یعلم انہ قد مکر بہ فھو مخدوع عن عقلہ (جس پر دنیا فراخ کی گئی اور وہ یہ پتہ نہ چلا سکا کہ آزمائش کی گرفت میں ہے تو وہ عقل سے کھو یا گیا) آیت کریمہ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ (اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی آزمائش تھی) میں نعمت و مشقت دونوں طرح کی آزمائش کا مذکور ہے فرعون سے نجات دینا نعمت اور بچوں کا قتل اور عورتوں کا جیتا رکھنا مشقت تھی۔ اسی طرح وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ (اور ہم نے ان کو ایسی صاف نشانیاں دیں جن میں کھلی آزمائش تھی) میں بھی دونوں قسم کی آزمائش کا ذکر ہے۔ پ ۱ ع ۹ پ ۱۳ ع ۳ پ ۱۵ ع ۱۵

بِلَادٌ۔ شہر، بَلَدٌ کی جمع پ ۱۱ ع ۲ پ ۲۴ ع ۲ پ ۳۰ ع ۱۴

بَلَغَ۔ پہنچا دینا، کافی ہونا، مصدر ہے۔ یہ لفظ قرآن مجید میں بمعنی تبلیغ آیا ہے اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ (اس میں کفایت ہے عبادت کرنے والی جماعت کے لئے) میں "بلاغ" بمعنی کافی ہونے کے ہے پ ۳ ع ۳ پ ۷ ع ۳ پ ۱۳ ع ۱۹ پ ۱۴ ع ۱۱ و ۱۷ پ ۱۷ ع ۱۳ پ ۱۸ ع ۱۹ پ ۲۱ ع ۱۲ پ ۲۲ ع ۱۹ پ ۲۵ ع ۴ پ ۲۶ ع ۱۹ پ ۲۸ ع ۱۹ بَلٰغًا پ ۲۹ ع ۱۲

بَلَدٌ شہر پ ۱۴ ع ۸ پ ۱۸ ع ۱۳ پ ۱۹ ع ۱۴ پ ۲۲ ع ۱۴ و ۱۵ پ ۳۰ ع ۲۰ بَلْدَةٌ پ ۱۹ ع ۹ پ ۲۰ ع ۲ پ ۲۲ ع ۸ پ ۲۵ ع ۷

بَلَغَ وہ پہنچا (نصر) بُلُوْغٌ اور بَلَاغٌ سے جس کے معنی انتہائی مقصد اور منتہی تک پہنچنے کے آتے ہیں خواہ وہ مقصد و منتہی کوئی مقام ہو یا وقت یا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کوئی شے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب

پ ۸ ع ۱۳ پ ۱۶ ع ۲ پ ۱۸ ع ۱۱ پ ۲۰ ع ۵ پ ۲۲ ع ۳ پ ۲۶

بَلِّغْ۔ تو پہنچا دے، تو تبلیغ کر دے۔ تَبْلِیْغٌ سے جس کے معنی پہنچا دینے کے ہیں۔ امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ ۶ ع ۱۴

بَلَغَا۔ وہ دونوں پہنچے، بُلُوْغٌ سے، ماضی کا صیغہ تثنیہ مذکر غائب پ ۱۵ ع ۲۱

بَلَغْتُ۔ میں پہنچا، بُلُوْغٌ سے۔ ماضی کا صیغہ واحد متکلم پ ۶ ع ۱۶

بَلَغْتَ۔ تو پہنچا۔ بُلُوْغٌ سے۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ ۶ ع ۱۶

بَلَغَتْ۔ وہ پہنچی، بُلُوْغٌ سے۔ ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۲۱ ع ۱۴ پ ۲۹ ع ۱۷

بَلَّغْتَ تو نے تبلیغ کی، تو نے پہنچایا۔ تَبْلِیْغٌ کے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ ۶ ع ۱۴

بَلَغْنَ۔ وہ (عورتیں) پہنچیں، بُلُوْغٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مؤنث غائب پ ۲ ع ۱۳ و ۱۴ پ ۲۸ ع ۱۷

بَلَغْنَا۔ ہم پہنچے۔ بُلُوْغٌ سے۔ ماضی کا صیغہ جمع متکلم۔ پ ۲۸ ع ۲

بَلَغَنِیْ مجھے آپہنچا، بَلَغَ۔ صیغہ ماضی ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم پ ۳ ع ۱۲

بَلَغُوْا۔ وہ پہنچے، بُلُوْغٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب پ ۴ ع ۱۲ پ ۲۲ ع ۱۱

بَلَوْنَا۔ ہم نے آزمایا۔ (نصر) بَلَاءٌ اور بَلْوٌ سے۔ جس کے معنی آزمانے کے ہیں ماضی کا صیغہ جمع متکلم پ ۲۹ ع ۳

بَلَوْنٰهُمْ۔ ہم نے ان کو آزمایا۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ ۲۹ ع ۳

بَلٰی۔ ہاں، الف اس میں اصلی ہے، بعض کہتے ہیں کہ زائد ہے اصل میں بل تھا کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ تانیث کے لئے ہے کیونکہ اس کا امالہ ہوتا ہے، بَلٰی کا استعمال دو جگہ پر ہوتا ہے ایک تو نفی ماقبل کی تردید کے لئے جیسے زَعَمَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ یُّبْعَثُوْا قُلْ بَلٰی وَرَبِّیْ لَتُبْعَثُنَّ (کافر دعویٰ کرتے ہیں کہ ہرگز وہ نہیں اٹھائے جائیں گے، تو کہدے کیوں نہیں قسم ہے میرے رب کی تمہیں ضرور اٹھایا جائے گا) دوسرے یہ کہ اس استفہام کے جواب میں آئے جو نفی پر واقع ہے خواہ استفہام حقیقی ہو جیسے الیس زید بقائم (کیا زید کھڑا نہیں) اور جواب میں کہا جائے بلیٰ یا استفہام توبیخی جیسے اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ بَلٰی قٰدِرِیْنَ عَلٰٓی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنْ نَّسَوِّیَ بَنَانَہٗ۔ (کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ ہم ہرگز اس کی ہڈیاں جمع نہیں کریں گے کیوں نہیں بلکہ ہم قدرت رکھتے ہیں کہ اس کی پور پور درست کردیں) یا استفہام تقریری ہو جیسے اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی شَھِدْنَا (کیا میں تمہارا رب نہیں، انھوں نے کہا ہاں (تو ہی ہے) ہم گواہ ہیں) نعم اور بلی میں فرق یہ ہے کہ نعم استفہام مجرد کے جواب میں آتا ہے اور بَلٰی بالاتفاق ایجاب کے جواب میں نہیں آتا بلکہ اس استفہام کے جواب میں آتا ہے جو مقترن نفی ہو، نیز بلی ابطال نفی کے لئے آتا ہے اور نعم تصدیق ماقبل کے لئے ب ۱ ۱۳ ۹ و ۳ ۱۶ ب ۳ ب ۴ ب ۹ ۱۲ ب ۱۱ ۱۴ ب ۲۲ ۴ ب ۲۳ ۳ و ۵ ۱۰ ب ۲۴ ب ۲۵ ۱۲ ب ۲۶ ۱۸ ب ۲۸ ۱۵ ب ۲۹ ۱۷ ب ۳۰ ۹

بَلِیْغًا۔ اثر کرنے والا، پہنچنے والا، بلاغت والا، بروزن فَعِیْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔ بَلَاغَۃٌ سے مشتق ہے۔ کسی شئے کے بلیغ ہونے کے دو معنی ہیں ایک تو یہ کہ وہ شئے بذاتہ بلیغ ہو یعنی زبان اور لغت کے اعتبار سے درست ہو، معنی مقصود کے مطابق ہو اور حقیقت کے اعتبار سے سچ ہو۔ ان تینوں اوصاف میں سے اگر ایک وصف بھی کم رہا تو بلاغت میں نقصان رہیگا دوسرے یہ کہ قائل اور مقول لہ یعنی جس سے کہا جائے دونوں کے اعتبار سے بلیغ ہو مطلب یہ ہے کہ کہنے والا جو کہنا چاہتا ہے اس کو اس خوبی سے ادا کرے کہ جس سے کہا جارہا ہے وہ اس کو مان لے۔ آیت شریفہ وَقُلْ لَّھُمْ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ قَوْلًا بَلِیْغًا (اور ان سے کہہ ان کے حق میں بات اثر کرنے والی) میں قول بلیغ کو دونوں معنی پر محمول کیا جاسکتا ہے۔ ب

فصل المیم

بِمَ۔ کس چیز کے ساتھ۔ کیا چیز سے۔ ب حرف جر اور مَا استفہامیہ ہے۔ حرف جر کے آنے کی وجہ سے اس کے آخر سے الف حذف کردیا گیا ہے اور فتحہ کو اپنے حال پر باقی رکھا گیا تاکہ مَا استفہامیہ اور مَا موصولہ میں امتیاز ہوسکے۔ کیونکہ مَا موصولہ میں الف کو حذف نہیں کیا جاتا۔ ب ۱۴ ۱۸

بِمَا۔ اس چیز سے، ب کے بعد مَا مصدریہ بھی بن سکتا ہے اور موصولہ بھی (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ب اور مَا) ب ۱ ۲ د ۵ و ۹ و ۱۱ ۹ ب ۲ ۳ و ۵ و ۸ ب ۲ ۱۵ ۱۲ د ۳ ب ۳ ۱۶ ۱۳ د ۳ ب ۴ ۳ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ ۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ ۶
۴ و ۵ و ۶ و ۱۳ و ۱۶ و ۱۷ - ۲ و ۳ و ۶ و ۷ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۵

۶ ۷
ب ۱۵ ۱ و ۲ و ۴ و ۹ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۷ و ۱۹

۸ ۹
۱ و ۲ و ۳ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۶ و ۱۷ ۲ و ۳ و ۶ و

۹ ۱۰
۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۸ و ۱۹ ۲ و ۳ و ۶ و ۸ و ۱۰ و ۱۴ و ۱۶ و ۱۷

۱۱ ۱۲
۱ و ۲ و ۳ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۳ ۳ و ۴ و ۸ و

۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶
۱۰ و ۱۱ و ۱۲ ۳ و ۴ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۴ و ۱۶ ۳ و ۵ و ۶ و

۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰
۸ و ۱۶ ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۹ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۷

۲۱ ۲۲
۳ و ۷ و ۸ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۵ و ۱۷ و ۱۸ ۳ و ۸ و ۱۰ و ۱۱ و

۲۳ ۲۴
۱۲ و ۱۴ و ۱۶ ۱ و ۳ و ۱۱ و ۱۵ ۴ و ۷ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۶ و

۲۵
۱۴ و ۱۸ و ۱۹ ۱ و ۲ و ۵ و ۶ و ۸ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۸ و ۱۹

۲۶ ۲۷
۱ و ۲ و ۳ و ۵ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۷ ۳ و ۶ و ۷ و ۱۴ و ۱۷ و ۱۹

۲۸ ۲۹
۲ و ۳ و ۶ و ۷ و ۱۱ و ۱۴ و ۱۵ ۵ و ۶ و ۱۲ و ۱۶ و ۱۷ و

ب ۲۹ ب ۳۰
۱۹ و ۲۲ ۹

بِمَنْ ۔ اس کے ساتھ۔ اس کو، ب حرف جار مَنْ مجرور (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ب اور مَنْ) ب ۱۲ ۲۲ ب ۱۵ ۹ و ۱۹ ب ۱۹ ب ۲۰ ۷ و ۱۶

ب ۲۷ ۶ ب ۲۹ ۳ و ۱۱ ۔

فصل النون

بِنَا ۔ ہمارے ساتھ، ہم کو، ب حرف جر نا ضمیر جمع متکلم مجرور متصل ب ۱۰ ۱۱ ب ۱۶ ب ۱۷ ۳ ب ۲۰ ۱۱

بِنَاءٌ ۔ چھت عمارت، جو چیز بنائی جائے "بنا" کہلاتی ہے۔ ب ۱ ۳ ب ۱۲ ۳ ب ۲۰ ۴

بَنَّاءٍ ۔ عمارت بنانے والا معمار، بروزن فَعَّالٌ بِنَاءٌ سے مشتق ہے جس کے معنی عمارت بنانے کے ہیں اگرچہ مبالغہ کے وزن پر ہے مگر بمعنی اسم فاعل ہے ب ۱۳ ۲۳

بَنَاتٌ، بیٹیاں، بِنْتٌ اور اِبْنَةٌ کی جمع جس کے معنی بیٹی کے ہیں ب ۲ ۱۵ ب ۷ ۱۸ ب ۱۲ ۱۳ ب ۱۳ ۲ ب ۲۳ ۹ ب ۲۵ ۸

بَنَاتِكَ، تیری بیٹیاں، بَنَاتِ مضاف لَكَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ ب ۱۴ ۷۱

بَنَاتُكُمْ، تمہاری بیٹیاں، بَنَاتُ مضاف كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ۔ ب ۴ ۱۵

بَنَاتِي۔ میری بیٹیاں، بَنَاتِ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ۔ حضرت لوط علیہ السلام کے ذکر میں جو وارد ہے قَالَ يٰقَوْمِ هٰؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ (کہ انھوں نے فرمایا اے میری قوم یہ میری بیٹیاں موجود ہیں وہ تمہارے واسطے بہت پاکیزہ ہیں) یہاں بیٹیوں سے صلبی بیٹیاں مراد ہیں یا امت کی عورتیں۔ اس بارے میں دو قول ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعض کا خیال ہے کہ ان کی حقیقی بیٹیاں مراد ہیں اس وقت میں کافر سے بیاہ دینا منع نہ تھا اور حضرت لوط علیہ السلام نے یہ بات اپنی قوم کے سرداروں اور رئیسوں سے کہی تھی، پوری بستی کے لوگ مخاطب نہ تھے کیونکہ ظاہر ہے کہ چند لڑکیاں جم غفیر کو نہیں بیٹی کی جا سکتی تھیں، لیکن صحیح یہ ہے کہ بیٹیوں سے مراد ان کی امت کی عورتیں ہیں اور ان کو بیٹی اس لئے کہا گیا کہ ہر نبی اپنی امت کے لئے بمنزلہ باپ کے ہوتا ہے بلکہ باپ سے بھی زیادہ، ظاہر ہے کہ اس صورت میں اس تاویل کی بھی ضرورت باقی نہیں رہتی کہ صرف چند اشخاص ہی کو مخاطب قرار دیا ہے بلکہ ظاہر سیاق قرآن کے مطابق پوری قوم مخاطب سمجھی جائے گی ۱۲ ع ۱۱

بَنَانٌ۔ پوریں، انگلیوں کے سرے بَنَانَۃٌ کی جمع جس کے معنی پور کے ہیں۔ جس طرح تمرۃ کی جمع بحذف تا تمر آتی ہے ایسے ہی یہ بھی ہے ۹ ع ۱۹

بَنَانَہٗ۔ اس کی پوریں، بَنَانَ مضاف کا ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۲۹ ع ۱۲

بَنَوْا۔ انھوں نے بنایا۔ (ضرب) بِنَاءٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۱۱ ع ۱۱

بَنُوْٓ اِسْرَآءِیْلَ۔ بنی اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد بَنُوْنَ اصل میں بَنُوْنَ تھا اسرائیل کی طرف اضافت کے باعث ن حذف ہو گیا (ملاحظہ ہو اسرائیل) ۱۱ ع ۱۲

بَنُوْنَ۔ بیٹے، اِبْنٌ کی جمع، بحالت رفع (ملاحظہ ہو ابن) ۱۵ ع ۱۸ ب ۱۹ ع ۱۳ ب ۲۷ ع ۲

بَنِیَّ۔ میرے بیٹو، میرے بیٹے، اصل میں بَنِیْنَ تھا ی متکلم کی طرف اضافت کے باعث ن جمع حذف ہو گیا بَنِیْ اِخْوَانِھِنَّ اور بَنِیْ اَخَوَاتِھِنَّ میں اِخوان اور اَخَوَات کی طرف اضافت ہے (ملاحظہ ہو بَنِیْنَ) ۱۴ ع ۱۲ ب ۱۸ ع ۲ ب ۱۵ ع ۱

بُنَیَّ۔ میرے بیٹے میرے پیارے بیٹے، میرے چھوٹے سے بیٹے۔ اِبْنٌ کی تصغیر ہے یہاں تصغیر پیار اور محبت کے لئے ہے جیسے ہم اپنی زبان میں کہتے ہیں۔ بیٹا، یا نے وغیرہ بُنَیَّ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، اضافت کے باعث ی کا ی میں ادغام کر دیا گیا۔ ۱۲ ع ۱۱ ب ۱۳ ع ۱۱ ب ۲۳ ع ۲

بَنِیْٓ اٰدَمَ۔ آدم علیہ السلام کے بیٹے، آدم علیہ السلام کی اولاد، آدمی، بنی مضاف اٰدَمَ مضاف الیہ اس میں بھی نون جمع بسبب اضافت محذوف ہے ۸ ع ۱۰ ب ۹ ع ۱۲ ب ۲۳ ع ۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ۔ بنی اسرائیل، حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کو کہتے ہیں۔ ۱/۱۵ و ۱۶ و ۱۸ ۱/۱۰ و ۱۶ ۲/۱۲ ۴ ۶/۱۴ و ۱۵ ۵ ۹/۶ ۱۰/۱۴ و ۱۵ ۱۱/۱۳ و ۱۴ ۱۶ ۱۹/۶ و ۸ و ۱۵ ۲۰/۳ ۲۱/۱۹ ۲۲/۱۲ و ۱۳ ۲۵/۱۸ و ۱۵ ۲۶/۱ ۲۸/۹ و ۱۲۔

بُنْیَانٌ۔ عمارت، واحد ہے جمع نہیں، کیونکہ بُنْیَانٌ قرآن میں بنیان کی صفت بھی مذکر ہے جمع ہوتی تو صفت مؤنث ہوتی، بعض علماء کا خیال ہے کہ بُنْیَانٌ بُنْیَانَۃٌ کی جمع ہے۔ جیسے شجر، شجرۃ کی اور تمر، تمرۃ کی اور نخل نخلۃ کی اور اس قسم کی جمع کی تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ۴/۱۵ بُنْیَانًا ۱۵/۲۲

بُنْیَانَہٗ، اس کی عمارت، بُنْیَانَ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۱۱/۲

بُنْیَانُھُمْ۔ ان کی عمارت، بُنْیَانَ مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۱۱/۲

بَنِیْنَ بیٹے، اِبْنٌ کی جمع بحالت نصب و جر ۱۸/۴ ۱۴/۱۶ و ۱۸ ۱۹/۴ ۱۱/۲۳ ۲۵/۸ ۲۹/۹ و ۱۵

بَنَیْنَا ہم نے بنایا، ہم نے تیار کیا، بناءٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم ۵/۲

بَنَیْنٰھَا۔ ہم نے اس کو بنایا، ہم نے اس کو تیار کیا۔ اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے ۷۹/۲۷

بَنِیْہِ، اس کے بیٹے، بَنِیْ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ (ملاحظہ ہو بَنِیْنَ) ۱۱/۲ ۱۲/۲۰

بَنٰھَا۔ اس کو بنایا، بَنٰی یَبْنِیْ بناءٌ کی ماضی کا صیغہ ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ۷۹/۲۷ ۱۶/۲۸

فصل الواو

بَوَارٍ۔ ہلاکت۔ مصدر ہے۔ اصل میں تو بوار کے معنی زیادہ کھوٹے ہونے کے ہیں اور چونکہ کسی چیز میں زیادہ کھوٹ کا پایا جانا اس کی ہلاکت اور فساد کا باعث ہوتا ہے اس لئے بوار کا استعمال ہلاکت کے معنی میں بھی کیا جاتا ہے۔ ۱۴/۲۸

بَوَّاَکُمْ، تم کو جگہ دی، بَوَّاَ تَبْوِیَۃٌ سے جس کے معنی ٹھکانہ دینے اور مناسب جگہ فروکش کرنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ۷/۱۰

بَوَّاْنَا۔ ہم نے جگہ دی، ہم نے مناسب مقام تیار کیا تَبْوِیَۃٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم ۵۶/۱۰ ۲۱/۱۲

بُوْرًا۔ ہلاک ہونے والے۔ بَائِرٌ کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہلاک ہونے والے ہیں، جو شخص حیران

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پریشان ہو کہ نہ کسی کا کہنا سنے نہ کسی کی طرف متوجہ ہو ایسے شخص کے لئے عرب والے کہتے ہیں رَجُلٌ حَائِرٌ بَائِرٌ اور ایسی قوم کو کہتے ہیں قومٌ حُوْرٌ بُوْرٌ پس جیسے حور حائر کی جمع ہے ایسے ہی بور بائر کی ہے۔ بعض علما کا خیال ہے کہ بور مصدر ہے اور واحد اور جمع دونوں کی صفت میں بولا جاتا ہے چنانچہ رجل بور اور قوم بور بولتے ہیں۔ کسی شاعر کا قول ہے۔ شعر

یَارَسُوْلَ الْمَلِیْكِ اِنَّ لِسَانِیْ
رَاتِقٌ مَّا فَتَقْتُ اِذْ اَنَا بُوْرٌ

(اے بادشاہ کے قاصد جبکہ میں ہلاک ہو رہا ہوں تو میری زبان جو کچھ میں نے توڑا ہے اس کو جوڑ دیگی) کہ یہاں اَنَا واحد ہے اور بور اس کی صفت واقع ہے۔ ۱۲ ب ۳۶

بُوْرِكَ۔ اس کو برکت دی گئی، وہ برکت دیا گیا مُبَارَكٌ سے جس کے معنی برکت دینے کے ہیں۔ ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب ۹ ب ۱۹

فصل الهاء

بِهٖ۔ اس کے ساتھ۔ ب حرف جر ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مجرور متصل (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ب

اور ھٖ

۱	۲	۳	۴
۳ و ۵ و ۹ و ۱۱ و ۱۳	۳ و ۴ و ۱۳ و ۱۴	۴ و ۵ و ۸ و ۱۰ و ۱۱	۲
۲	۳	۴	
۱۱ و ۱۳ و ۱۴	۵ و ۸ و ۹ و ۱۵ و ۱۶	۱ و ۴ و ۷ و ۹ و ۱۰ و ۱۲	
۵			۶
۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۸ و ۱۳ و ۱۵ و ۱۹			۳ و ۴ و ۵ و ۹ و ۱۰
۶	۷		
۷ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳	۳ و ۴ و ۶ و ۷ و ۸ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ و		
۷	۸		
۱۴ و ۱۵ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ و ۱۹	۳ و ۵ و ۶ و ۱۱ و ۱۴ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸		
۹	۱۰		
۴ و ۶ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۶	۴ و ۱۱ و ۱۶		
۱۱	۱۲		
۲ و ۳ و ۴ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۶	۱ و ۲ و ۵		
۱۳	۱۴		
۳ و ۵ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۷	۱ و ۲ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۵		
۱۵	۱۶		
۱۴ و ۱۵ و ۱۷ و ۱۹	۱ و ۶ و ۸ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۹ و ۲۱ و ۲۲		
۱۷	۱۸		
۴ و ۵ و ۶ و ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۳	۱۴ و ۱۸ و ۲۰ و ۲۱	۵ و ۱۶ و	
۱۹	۲۰		
۱۱ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۷	۳ و ۵ و ۶ و ۹ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۵ و ۱۶		
۲۱	۲۲		
۱ و ۲ و ۴ و ۶ و ۸ و ۱۲	۱ و ۳ و ۵ و ۶ و ۱۵ و ۱۷ و ۱۸		
۲۳	۲۴		
۴ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۶	۱ و ۵ و ۶ و ۹ و ۱۳ و ۱۹ و ۱۷		
۲۵	۲۶		
۱ و ۲ و ۴ و ۶ و ۷ و ۹ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۹	۱ و ۳ و ۴ و ۶ و ۷ و		
۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
۳ و ۴ و ۶ و ۲۰	۱ و ۳ و ۴ و ۷ و ۱۹	۱ و ۳ و ۱۱ و ۱۲ و	
		۱۳ و ۱۷ و ۲۱	۱ و ۸ و ۹ و ۲۵

بِهَا۔ اس کے ساتھ، اس کو ب حرف جر، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مجرور متصل (ملاحظہ ہو ب)

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۱۲ و ۱۹	۷	۳	۱۳ و ۲	۲	۱۱	۳ و ۹ و ۱۰	۳ و ۵

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷/۱۹ ب ۸/۱۶ و ۱۰ و ۱۷ ۹/۳ و ۶ و ۷ و ۹ و ۱۲ و ۱۳ ب ۱۰/۱۱ و ۱۳ و ۱۷

۱۱/۲ و ۶ و ۸ ب ۱۲/۳ و ۱۳ و ۱۵ ب ۱۳/۸ ب ۱۵/۶ و ۱۲ ب ۱۶/۸ و ۱۰ ب ۱۷/۴ و ۱۳

ب ۱۸/۶ ب ۱۹/۳ و ۸ و ۱۶ ب ۲۰/۳ و ۱۵ ب ۲۱/۳ و ۷ و ۱۱ و ۱۵ و ۱۸ ب ۲۲/۱۱ ب ۲۳/۳

ب ۲۵/۳ و ۶ و ۱۲ ب ۲۶/۱ و ۳ ب ۲۷/۴ و ۵ و ۱۲ ب ۲۹/۷ و ۱۹ ب ۳۰/۸

بُهِتَ۔ وہ مبہوت ہوگیا، وہ ششدر ہوگیا، وہ حیران رہ گیا (سَمِعَ، کَرُمَ) بَهْتٌ سے جس کے معنی حیران اور ششدر رہ جانے کے ہیں، ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ واضح رہے کہ یہاں مجہول بھی معروف ہی کے معنی میں ہے۔ ب ۳/۴

بُهْتَانٌ۔ بہتان، ایسا صریح جھوٹ کہ جس کو سُنکر سننے والا حیران و ششدر رہ جائے ب ۱۸/۸ ب ۲۸/۴

بُهْتَانًا ب ۴/۱۴ ب ۵/۱۲ ب ۶/۲۲

بَهْجَةٍ۔ رونق، تازگی، خوبی و خوشرنگی، ظہور فرحت و مسرت۔ ب ۲۰/۱

بِهِمْ، ان کے ساتھ، ان کو ب حرف جر هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مجرور متصل (ملاحظہ ہو ب اور هِمْ)

ب ۲/۲ ب ۴/۸ ب ۵/۳ ب ۶/۱۱ ب ۱۰/۲ ب ۱۱/۳ و ۸ و ۱۲ ب ۱۲/۴ و ۷

ب ۱۳/۳ و ۱۹ ب ۱۴/۱۰ و ۱۲ ب ۱۵/۱۵ و ۱۶ ب ۱۶/۵ ب ۱۸/۴ ب ۲۰/۱۶

ب ۲۲/۵ و ۷ و ۱۱ ب ۲۳/۱۳ ب ۲۴/۳ و ۱۴ ب ۲۵/۲۰ ب ۲۶/۳ و ۱۲ ب ۲۷/۳

ب ۲۸/۴ و ۱۰ ب ۲۹/۱۱ ب ۳۰/۸ و ۲۵

بِهِمَا۔ ان دونوں میں، ان دونوں کے ساتھ، ان دونوں کے متعلق، ب حرف جر هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب مجرور متصل (ملاحظہ ہو ب اور هِمَا) ب ۲/۳ ب ۵/۱۷ ب ۱۸/۷

بِهِنَّ، ان عورتوں کے ساتھ، ان عورتوں کے بدلہ، ب حرف جر هِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب (ملاحظہ ہو ب اور هُنَّ) ب ۴/۱۵ ب ۲۲/۳

بَهِيجٍ۔ بارونق، تروتازہ، نفیس، بَهْجٌ سے جس کے معنی بارونق اور تروتازہ ہونے کے ہیں صفت مشبہ کا صیغہ ب ۷/۸ ب ۲۲/۱۵

بَهِيمَةُ۔ چارپائے، چرنے والے جانور، بہیمہ اصل میں اس جانور کو کہتے ہیں جس میں نطق نہ ہو کیونکہ اس کی آواز میں ابہام ہوتا ہے لیکن عرف عرب میں درندوں اور پرندوں کو بہیمہ نہیں کہتے ب ۶/۵ ب ۱۱/۱۲ ب ۱۷/۱

فصل الیاء المثناۃ

بِيْ۔ میرے ساتھ، مجھ کو، ب حرف جر ی ضمیر واحد متکلم مجرور (ملاحظہ ہو ب) ب ۴/۵ ب ۵/۱۵ ب ۸/۹ ب ۱۳/۵ ب ۱۶/۶ ب ۱۷/۱۱ ب ۱۸/۱۳ ب ۲۰/۱۲ ب ۲۱/۱۱ ب ۲۶/۱

بَيَاتًا۔ رات میں آپڑنا، رات میں سوتے دشمن پر حملہ کرنا، شبخون مارنا، مصدر ہے۔ ب ۸/۱ ب ۹/۴

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَیَانٌ۔ بیان، بولنا، مصدر ہے۔ کسی چیز کے متعلق کھولنے اور واضح کرنے کا نام "بیان" ہے پس بیان، نطق سے عام ہے اور نطق خاص ہے اور کبھی جس چیز کے ذریعہ بیان کیا جاتا ہے اسی بیان کہتے ہیں چنانچہ کلام اول معنی ہی کے اعتبار سے بیان کہلاتا ہے کیونکہ وہ معنی مقصود کو کھولتا اور ظاہر کر دیتا ہے اور مجمل و مبہم کلام کی شرح کو دوسرے معنے کے اعتبار سے بیان کہتے ہیں ھٰذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ (یہ لوگوں کے لئے بیان ہے) اول معنی کی مثال ہے اور ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ (ہمارے ذمہ اس کا بیان کرنا ہے) دوسرے معنی کی، اور عَلَّمَهُ الْبَیَانَ (اس کو بیان سکھلایا) دونوں معنی کی مثال بن سکتا ہے۔ پ ۲۷ ع ۱۱

بَیَانَهٗ۔ اس کا بیان کرنا، بَیَانَ مضاف کا ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ پ ۲۹ ع ۱۱

بَیَّتَ۔ اس نے رات میں مشورت کی، تَبْیِیْتٌ سے، جس کے معنی رات میں دشمن پر دا ؤ کرنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ ۱۹

بَیْتٌ۔ گھر، اصل میں تو بیت اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں انسان رات میں آکر بسیرا لے پھر کبھی کبھی رات کا لحاظ کئے بغیر مطلق جائے سکونت کو بیت کہدیا جاتا ہے، مٹی کا گھر ہو یا چونے پتھر کا ان کا شامیانہ ہو یا خیمہ پشمینہ سب کے لئے بیت کا لفظ استعمال ہوتا ہے پ ۱۵ ع ۲ پ ۱۸ ع ۹ پ ۱۲ ع ۱۵ پ ۳ ع ۲۲ پ ۲۷ ع ۱۱ بَیْتًا پ ۲۰ ع ۱۹ پ ۲۰ ع ۲۰

اَلْبَیْتَ الْحَرَامَ۔ حرمت والا گھر، اَلْبَیْتَ موصوف، اَلْحَرَامَ صفت، شاہ عبدالقادر صاحبؒ فرماتے ہیں "حرام" کے معنی جس جگہ بند رہنا چاہئے اس مکان میں کئی باتیں منع ہیں، آدمی کو مارنا اور جانور کو ستانا اور درخت اور گھاس اکھاڑنا اور پڑا مال اٹھانا[1]۔ پ ۶ ع ۳

بَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ۔ مکڑی کا گھر، بَیْتُ مضاف الْعَنْکَبُوْتِ مضاف الیہ پ ۲۰ ع ۱۹

اَلْبَیْتِ الْعَتِیْقِ۔ بزرگ گھر، آزاد گھر، خانہ کعبہ جو چیز زمانہ یا مقام یا رتبہ میں مقدم ہو اس کو عتیق کہتے ہیں، اسی لئے عتیق کے معنی کبھی قدیم کے آتے ہیں اور کبھی بزرگ اور کریم کے اور کبھی اس غلام کے جو آزاد کر دیا گیا ہو خانہ کعبہ کو بیت عتیق

[1] موضح القرآن فائدہ آیت ومن حیث خرجت فول وجهك شطر المسجد الحرام۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیوں کہا گیا۔ حضرت ابن عباس، ابن الزبیر مجاہد اور قتادہ کا بیان ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے زبردستوں اور سرکشوں کے ہاتھ سے اس کو تباہی اور بربادی سے ہمیشہ آزاد رکھا اس لئے عتیق کہا گیا۔ سفیان بن عیینہ کہتے ہیں کہ یہ نام اس لئے پڑا کہ وہ دوسروں کی ملکیت سے ہمیشہ آزاد رہا۔ حسن اور ابن زید کا قول ہے کہ چونکہ وہ قدیم گھر ہے اس لئے اس کا نام عتیق ہوا کیونکہ اللہ کا پہلا گھر وہی ہے جو لوگوں کے لئے بنایا گیا ہے عرب والے بولتے ہیں دینار عتیق یعنی پرانی اشرفی ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو غرق ہونے سے آزاد رکھا۔ اس لئے اس کو عتیق کہا جاتا ہے۔ طوفان نوح میں اللہ تعالیٰ نے اس گھر کو اٹھا لیا تھا[1]

اَلْبَیْتِ الْمَعْمُوْرِ آباد گھر۔ بیت معمور۔ شاہ عبدالقادر صاحبؒ موضح القرآن میں فرماتے ہیں۔ کعبہ کو کہا ساتویں آسمان پر کعبہ ہے فرشتوں کے طواف کا، حسن بصری اور محمد بن عباد بن جعفر سے پہلا ہی خیال مروی ہے کہ بیت معمور کعبہ ہی ہے لیکن دوسرا قول زیادہ مشہور ہے اور اکثر علماء سلف اسی طرف گئے ہیں اور اکثر روایات میں بھی یہی مذکور ہے کہ وہ ساتویں آسمان میں ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک مرفوع روایت میں وارد ہے کہ وہ چوتھے آسمان پر ہے۔ علامہ مجدالدین فیروز آبادی جو حافظ ابن حجر عسقلانی شارح صحیح بخاری کے استاد ہیں، قاموس میں اسی رائے پر جمے ہوئے ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ چھٹے آسمان پر ہے۔ بعض عرش کے نیچے بتاتے ہیں۔ بعض کی رائے ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام جب زمین پر اترے تو انھوں نے بیت المعمور کی تعمیر کی تھی جو طوفان نوح کے زمانے میں اٹھا لیا گیا اور غالباً یہی شبہ ان لوگوں کو ہوا ہے جو خانہ کعبہ کو بیت المعمور بتاتے ہیں[2]۔ ازرقی نے تاریخ مکہ میں تصریح کی ہے کہ چوتھے آسمان میں جو گھر ہے وہی ہے جس کو آدم علیہ السلام نے اپنی حیات میں بنایا تھا وہ ان کی وفات کے بعد اٹھا لیا گیا[3]

صحیح مسلم کی حدیث معراج میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ

---

[1] ملاحظہ ہو معالم التنزیل امام بغوی ج ۵ ص ۱۳، طبع مصر ۱۳۳۲ھ [2] فتح الباری ج ۶ ص ۲۲۰ طبع میریہ مصر

[3] الکمالین شیخ سلام اللہ الدہلوی ص ۴۳۳ طبع لکھنؤ مطبع نولکشور۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیہ وسلم نے "بیت المعمور" کو ساتویں آسمان پر دیکھا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ وہاں ہر روز ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں جو پھر دوبارہ نہیں آتے دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ پھر میں ایک عمارت کے پاس پہنچا تو میں نے فرشتہ سے کہا کہ یہ کیا عمارت ہے اس نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو فرشتوں کے لئے بنایا ہے یہاں ہر روز ستر ہزار فرشتے آتے ہیں جنھیں پھر دوبارہ آنا میسر نہیں ہوتا وہ یہاں آکر اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس کرتے ہیں۔ صحیح بخاری کی حدیث معراج میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ساتویں آسمان پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ملاقات کے بعد مذکور ہے کہ پھر میرے سامنے "بیت معمور" کیا گیا تو میں نے حضرت جبریل علیہ السلام سے دریافت کیا وہ کہنے لگے کہ یہ بیت معمور ہے۔ یہاں ہر روز ستر ہزار فرشتے آکر نماز ادا کرتے ہیں اور جب نماز پڑھ کر چلے جاتے ہیں تو پھر واپس نہیں آتے۔ امام اسحٰق بن راہویہ نے اپنی مسند میں نیز طبری وغیرہ بہت سے علماء نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ان سے جب "بیت المعمور" کے متعلق سوال کیا گیا تو فرمایا کہ آسمان میں کعبہ کے محاذی ایک گھر ہے جس کی حرمت وہاں اتنی ہی ہے جتنی زمین میں خانہ کعبہ کی طبری کی روایت میں سائل کا نام عبداللہ بن الکوا مذکور ہے۔ حافظ ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں حضرت ابن عباسؓ حضرت عائشہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے بھی اسی کے قریب قریب نقل کیا ہے نیز ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت کے مانند مرفوع حدیث بھی نقل کی ہے اور ابن منذر نے بطریق صحیح خود حضرت ابوہریرہ سے بھی یہی ذکر کیا ہے [1]

بَيْتَكَ، تیرا گھر، بَيْتٍ مضاف اِكَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ ۹/۱۵ ۱۲/۱۸

بَيْتِهٖ۔ اس کا گھر، بَيْتٍ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ ۵/۱۱

بَيْتِهَا۔ اس (عورت) کا گھر بَيْتٍ مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ۱۲/۱۳

بَيْتِيْ۔ میرا گھر۔ بَيْتٍ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ ۱۰/۱۵ ۱۱/۱۷ ۲۹/۱۰

[1] ملاحظہ ہو فتح الباری ج ۶ ص ۲۱۹ و ۲۲۰۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِئْرٌ کنواں، مؤنث مستعمل ہوتا ہے ۱۷/۱۲

بِئْسَ برا ہے، فعل ذم ہے، اس کی گردان نہیں آتی، بِئْسَ اصل میں بَئِسَ تھا بروزن فَعِلَ یَفْعَلُ سے۔ عین کلمہ کی اتباع میں اس کے فا کو کسرہ دیا گیا پھر تخفیف کے لئے عین کلمہ کو ساکن کر لیا گیا۔ بِئْسَ ہو گیا۔ ۱/۱۵ ۱۲/۲ ۲/۳ ۳/۴ ۴/۷ ۸ و ۱۰ و ۱۱ ۶/۱۳ ۱۵/۱۳ ۹/۱۴ ۱۰/۱۴ ۱۷/۱۴ ۸/۱۷ ۱۳/۱۴ ۱۵/۱۴ ۱۷/۱۶ ۱۹/۱۶ ۹/۱۷ ۱۵/۱۳ ۲۲/۱۳ ۲۴/۱۳ ۵/۱۷ ۲۵/۱۴ ۲۶/۱۴ ۱۸/۲ ۲۸/۲ ۱۱ و ۱۵ و ۲۰ ۲۹/۲

بِئْسَمَا برا ہے جو کچھ، بری ہے وہ چیز، مَا بمعنی شئے کے تمیز ہے بِئْسَ کے فاعل مضمر کی، ابو علی اور فرا کے نزدیک مَا موصولہ ہے بمعنی الذی کے اور بِئْسَ کا فاعل ہے، سیبویہ اور کسائی کا خیال ہے کہ مَا بمعنی الشی کے معرفہ تامہ ہے پس اس صورت میں اسم معرف باللام کی طرح بِئْسَ کا فاعل ہوگا، ۱/۲ ۹/۲

بَيْضٌ انڈے، بَيْضَةٌ کی جمع بحذف تا جیسے نَخْلٌ نَخْلَةٌ کی جمع ہے۔ بَيَاضٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی سپیدی کے ہیں۔ بیضہ کو بیضہ اس لئے کہا گیا کہ اس میں بیاض مکمل طور پر پائی جاتی ہے ۲۳/۴

بِيْضٌ مفید بَيَاضٌ سے صفت مشبہ کا صیغہ جمع ہے۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے جمع میں ایک ہی صیغہ آتا ہے، واحد مذکر اَبْيَضُ اور واحد مؤنث بَيْضَاءُ ہے ۲۲/۱۴ ۲۳/۴

بَيْضَاءُ سفید، بَيَاضٌ سے صفت مشبہ کا صیغہ واحد مؤنث ۹/۴ ۱۶/۴ ۱۹/۴ و ۱۹/۱۶ ۲۰/۴ ۲۳/۴

بَيْعٌ خرید و فروخت، لین دین، بیچنا، خریدنا، مصدر ہے۔ سودا دیکر قیمت لینے کا نام "بیع" اور قیمت دیکر سودا لینے کا نام "شرا" ہے، کبھی "شرا" کے معنی میں "بیع" اور "بیع" کے معنی میں "شرا" کا استعمال ہوتا ہے ۲/۲ ۱۲/۱۴ ۱۸/۱۱ ۲۵/۱۲

بِيَعٌ عبادت خانے، بِيْعَةٌ کی جمع جس کے معنی یہود و نصاریٰ کے عبادت خانہ اور گرجا کے ہیں ۴۰/۲۲

بَيْعِكُمْ تمہارا سودا کرنا، تمہارا لین دین کرنا بَيْعٌ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۹/۱۱

بَيْنَ درمیان، بیچ، جدائی، ملاپ، دو چیزوں کے درمیان اور بیچ کو بتانے کے لئے اس کی وضع عمل میں آئی ہے، ارشاد ہے وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا (اور ہم نے رکھی دونوں کے بیچ میں کھیتی) عرب والے بولتے ہیں بَانَ کذا یعنی وہ چیز جدا ہو گئی اور جو کچھ اس میں پوشیدہ تھا ظاہر ہو گیا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بین اسی بَانَ کا مصدر ہے اور چونکہ اس میں ظہور اور انفصال کے معنی معتبر ہیں اس لئے یہ ان میں سے ہر ایک کے لئے بھی علیحدہ علیحدہ مستعمل ہوتا ہے لَقَدْ تَقَطَّعَ بَيْنَكُمْ (تم ٹوٹ گئے آپس میں یا تمہارا ملاپ ختم ہو گیا) بین بمعنی وصل، ملاپ اور علاقہ کے ہے جس کی طرف آیت کے ابتدائی حصہ وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادٰى الخ میں اشارہ کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ بین کا استعمال کبھی اسم ہو کر ہوتا ہے اور کبھی ظرف ہو کر چنانچہ آیتِ مذکورہ میں دونوں قراءتیں ہیں بعض نے بَيْنَكُمْ پڑھا ہے پیش کے ساتھ اور بَيْنُ کو اسم قرار دیا ہے اور بعض نے بَيْنَكُمْ پڑھا ہے زبر کے ساتھ اور اس کو ظرف غیر متمکن بتایا ہے، یہ بھی یاد رہے کہ بَيْنَ کا استعمال یا تو وہاں ہوتا ہے جہاں مسافت پائی جائے جیسے بَيْنَ البلدين (دو شہروں کے درمیان) یا جہاں دو یا دو سے زیادہ کا عدد موجود ہو جیسے بين الرجلين (دو شخصوں کے درمیان) یا بين القوم (قوم کے درمیان) اور جس جگہ وصلت کے معنی ہوں وہاں بین کی اضافت ہو تو تکرار ضروری ہے جیسے وَمِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ (اور درمیان ہمارے اور درمیان تیرے پردہ ہے) اور فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا (پس ہمارے اور تیرے درمیان وعدہ ٹھیرا لے) میں ہے۔ جب بین کی اضافت ایدی (ہاتھوں) کی طرف ہو تو اس کے معنی سامنے اور قریب کے ہوتے ہیں جیسے ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ (پھر میں آؤں گا ان کے سامنے سے) وغیرہ

بَيِّنٌ ظاہر، بَيَانٌ سے صفت مشبہ کا صیغہ ۱۵/۱۴

بَيَّنَّا۔ ہم نے بیان کر دیا۔ ہم نے کھول دیا تَبْيِيْنٌ سے جس کے معنی بیان کرنے اور واضح و ظاہر کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع متکلم ۱/۱۲ ۲/۱۳ ۲۷/۱۸

بَيِّنٰتٌ۔ کھلی ہوئی دلالتیں، روشن دلیلیں۔ بَيِّنَةٌ کی جمع۔ ۱/۲ ۲/۱۱ ۲/۷ ۳/۹ ۳/۱۰ ۳/۱۷ ۳/۱۸ ۴/۲ ۴/۵ ۴/۹ ۴/۱۰ ۴/۱۱ ۴/۱۳ ۴/۱۴ ۴/۱۵ ۴/۱۶ ۴/۱۹ ۵/۷ ۵/۱۹ ۵/۲۱ ۵/۲۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

س ۴ / ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۴ — س ۵ / ۱۲ و ۱۸ و ۱۹ — س ۳۶ / ۱ — س ۲۷ / ۱۹ و ۱۷

س ۲۸ / ۱۰ و ۹ و ۱۵

بَيَّنَّا ہم نے اس کو بیان کیا۔ بَيَّنَ ماضی کا صیغہ جمع متکلم ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب س ۲

بَيْنَكَ تیرے درمیان۔ بَيْنَ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ س ۱۵ / ۵ — س ۱۶ / ۱۲ و ۱۰

س ۲۴ / ۱۵ و ۹ — س ۲۵ / ۱۰

بَيْنَكُمْ تمہارے درمیان، بَيْن مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ س ۲ / ۱۵ و ۷ — س ۳ / ۱۴ و ۱۰

س ۵ / ۱۵ و ۷ و ۹ و ۱۰ و ۱۷ — س ۶ / ۲ و ۶ و ۸ و ۱۳ و ۱۷

س ۹ / ۱۵ — س ۱۰ / ۶ — س ۱۱ / ۸ — س ۱۳ / ۱۲ — س ۱۴ / ۱۹ — س ۱۵ / ۱۱ — س ۱۷ / ۱۲ — س ۱۷ / ۱۴

س ۱۸ / ۱۵ — س ۳۰ / ۱۵ — س ۲۱ / ۶ و ۲ — س ۲۵ / ۳ — س ۳۶ / ۱ — س ۲۷ / ۱۵ و ۸ و ۱۷

بَيْنَنَا ہمارے درمیان، بَيْنَ مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ س ۳ / ۱۵ — س ۸ / ۱۲ — س ۱۸ / ۱۲ — س ۹ / ۱

س ۸ / ۱۲ و ۲ — س ۲۶ / ۱۲ — س ۲۲ / ۱۱ و ۱۰ — س ۱۵ / ۱۴ — س ۲۵ / ۳ — س ۲۷ / ۹ — س ۲۵ / ۷

بَيَّنُوْا انھوں نے بیان کیا۔ تَبْيِيْنٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب س ۲

بَيِّنَةٌ کھلی دلیل، واضح دلالت کو بَيِّنَة کہتے ہیں خواہ دلالت عقلیہ ہو یا محسوسہ س ۲ / ۱۲

س ۹ / ۷ و ۱۸ — س ۹ / ۳ — س ۱۰ / ۲ و ۵ و ۱۷ و ۱۹ — س ۱۶ / ۱۶ — س ۲۰ / ۱۶

س ۲۲ / ۱۷ — س ۲۶ / ۲ — س ۳۰ / ۲۳

بَيْنَهُمَا ان کے درمیان، بَيْنَ مضاف ہٗ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ س ۱ / ۱۴ — س ۲ / ۶ و ۱۰ و ۱۴

س ۲ / ۱۱ — س ۵ / ۶ و ۹ و ۱۰ — س ۶ / ۷ و ۱۱ و ۱۳ — س ۸ / ۱۲ — س ۱۰ / ۶ — س ۳ و ۶

س ۱۱ / ۸ و ۱۰ و ۱۱ — س ۱۲ / ۱۰ — س ۱۴ / ۲۳ — س ۱۵ / ۱۹ و ۱۵ — س ۱۶ / ۲ و ۵ و ۶

س ۱۶ / ۱۳ و ۱۲ — س ۱۷ / ۱۳ و ۶ و ۹ — س ۱۸ / ۱۳ و ۶ و ۱۲ — س ۱۹ / ۱۰ و ۳ — س ۲۰ / ۲

س ۲۱ / ۱۶ — س ۲۲ / ۱۳ و ۸ — س ۲۳ / ۱۵ — س ۲۴ / ۲۰ و ۵ و ۳ — س ۲۵ / ۹ و ۵ و ۳

س ۲۵ / ۱۸ و ۱۲ — س ۲۶ / ۱۲ — س ۲۷ / ۱۸ و ۹ — س ۲۸ / ۵

بَيْنَهُمَا ان دونوں کے درمیان، بَيْنَ مضاف هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب مضاف الیہ س ۵ / ۱۶ و ۳

س ۶ / ۷ — س ۸ / ۱۲ — س ۱۲ / ۴ — س ۱۴ / ۴ — س ۱۵ / ۱۷ و ۲۱ — س ۱۶ / ۱۰ و ۷ — س ۱۷ / ۲ — س ۱۹ / ۶ و ۳

س ۲۱ / ۱۴ و ۳ — س ۲۲ / ۱۲ و ۱۴ و ۱۵ — س ۲۵ / ۱۵ و ۱۴ و ۱۳ — س ۲۶ / ۱۴ و ۱۷ و ۱۳

س ۲۷ / ۱۱ — س ۳۰ / ۲

بَيْنَهُنَّ ان عورتوں کے درمیان۔ بَيْنَ مضاف هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ س ۲۵ / ۱۸

بَيْنِيْ میرے درمیان۔ بَيْنَ مضاف یٔ ضمیر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد متکلم مضاف الیہ ۷ ب ۱۳ و ۸ ب ۱۱ ۱۵ ب ۱۶ ب ۱۹ ب ۲ ب ۲۱ ب ۲۵ ب ۲۶

بُیُوْتٌ۔ گھر، بَیْتٌ کی جمع، ۲ ب ۸ ۲ ب ۱۴ ب ۱۱ و ۱۳ ب ۲ ب ۱۶ ب ۲۲ ب ۲ بُیُوْتًا ۸ ب ۱۴ ب ۶ و ۱۵ و ۱۷ ب ۱۸ ب ۱۰ و ۱۳ ب ۱۲

بُیُوْتِکُمْ۔ تمہارے گھر، بُیُوْتِ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۳ ب ۱۳ ب ۱۱ ۱۴ ب ۱۸ ب ۱۰ و ۱۳

بُیُوْتِکُنَّ۔ تمہارے (عورتوں کے) گھر، بُیُوْتِ مضاف کُنَّ ضمیر جمع مؤنث حاضر مضاف الیہ ۳۲ ب

بُیُوْتَنَا۔ ہمارے گھر، بُیُوْتَ مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ ۲۱ ب ۱۸

بُیُوْتَھُمْ۔ ان کے گھر، بُیُوْتَ مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۱۹ ب ۱۹ ۲۵ ب ۲۴

بُیُوْتِھِنَّ۔ ان (عورتوں کے) گھر بُیُوْتِ مضاف ھِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ ۲۸ ب

بَئِیْسٍ۔ سخت، بروزن فَعِیْلٌ بَأْسٌ اور بُؤْسٌ سے صفت مشبہ کا صیغہ ۹ ب ۱۱

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب التاء المثناة

ت۔ قسم ہے، حرف جر ہے اس کے معنی قسم کے ہیں اور تعجب کے ساتھ مخصوص ہے، نیز اللہ کے نام کے سوا اور کسی نام پر داخل نہیں ہوتی۔ علامہ مخشری تَاللّٰہِ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ (قسم ہے اللہ کی میں تمہارے بتوں کا علاج کروں گا) کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

"حروف قسم میں "با" تو اصل ہے اور واو اس کا بدل اور واو کا بدل "تا" ہے لیکن "تا" میں تعجب کے معنے زائد ہیں (جیسا کہ آیت مذکورہ میں) گویا اس بات پر تعجب ہے کہ باوجود نمرود کی سرکشی اور زور آوری کے میرے لئے ان کا علاج کر دینا اور اس کام کا سرانجام کو پہنچنا کتنا آسان ہے۔" [1]

جب یہ فعل مستقبل کے اول میں آتی ہے تو مخاطب پر دلالت کرتی ہے جیسے تَعْلَمُوْنَ (تم جانتے ہو یا جان لوگے) نیز صیغہ تانیث ہونے کو بھی بتاتی ہے جیسے تَرْجُفُ (وہ کانپے گی) اور جب کلمہ کے آخر میں آتی ہے تو تانیث پر دلالت کرتی اور حالت وقف میں "ہ" بن جاتی ہے جیسے قَائِمَۃٌ (کھڑی ہونے والی) اور کبھی وقف اور وصل دونوں حالتوں میں ثابت رہتی ہے جیسے اُخْتٌ (بہن) اور بِنْتٌ (بیٹی) اور جمع مؤنث سالم کے آخر میں الف کے ساتھ آتی ہے جیسے مُسْلِمَاتٌ (مسلمان عورتیں) اور مُؤْمِنَاتٌ (ایمان والی عورتیں) اور فعل ماضی کے آخر میں جب مضموم ہوتی ہے یعنی اس پر پیش ہوتا ہے تو ضمیر واحد متکلم کے لئے آتی ہے جیسے جَعَلْتُ (میں نے بنایا) اور جب مفتوح ہوتی ہے یعنی اس پر زبر ہوتا ہے تو واحد مذکر مخاطب کی ضمیر ہوتی ہے جیسے اَنْعَمْتَ (تو نے انعام فرمایا) اور جب مکسور ہوتی ہے یعنی اس پر زیر ہوتا ہے تو واحد مؤنث حاضر کی ضمیر کے لئے آتی ہے جیسے جِئْتِ (تو لائی)۔

فصل الالف

تَابَ۔ اس نے توبہ کی، وہ پھر آیا، وہ گناہ سے

[1] ملاحظہ ہو کشاف، سورۂ انبیاء

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بازآگیا، وہ متوجہ ہوا، اس نے معاف کیا (نصر) تَوْبٌ اور تَوْبَۃٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ تَوْبٌ اور تَوْبَۃٌ کے معنی گناہ سے بازآنے کے ہیں، جب اس کا تعدیہ اِلیٰ کے ذریعہ ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ اور انابت کے معنی ہوتے ہیں اور جب علیٰ سے ہوتا ہے تو توبہ قبول کرنے کے معنی آتے ہیں (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو لفظ تَوْبَۃ) ۱/۶ ۲/۷ ۶/۱۰ ۹/۱۲ ۱۱/۱۳ ۱۱/۱۴ ۱۲/۱۶ ۱۳/۱۹ ۱۴/۲۰ ۱۴/۲۵ ۱۴/۲۹

تَابَا۔ ان دونوں نے توبہ کی، وہ دونوں بازآگئے تَوْبٌ اور تَوْبَۃٌ سے ماضی کا صیغہ تثنیہ مذکر غائب ۵/۴۔

تَابِعٌ۔ پیروی کرنے والا، تَبَعٌ اور تِبَاعٌ سے یعنی پیچھے پیچھے قدم بقدم چلنے، ساتھ رہنے۔ مطیع ہونے اور پیروی کرنے کے اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ ۲/۲

تَابِعِیْنَ۔ ساتھ رہنے والے، طفیلیوں کے طور پر رہنے والے، تَابِعٌ کی جمع بحالت نصب جر اَوِ التّٰبِعِیْنَ غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَۃِ مِنَ الرِّجَالِ (یا ان مردوں پر جو طفیلی کے طور پر رہتے ہوں اور ان کو ذرا توجہ نہ ہو) سے وہ لوگ مراد ہیں جو بطور طفیلی کے بچا کھچا کھانے کو پیچھے ہولیں اگرچہ مرد تو ہیں لیکن عورتوں سے کچھ غرض مطلب نہیں رکھتے جیسے خواجہ سرا یا بڈھا پھوس وغیرہ مجاہد، عکرمہ اور شعبی سے یہی تفسیر منقول ہے[1] احناف کے نزدیک خصی، مقطوع الذکر اور مخنث اجنبی مرد کے حکم میں ہیں جن کے سامنے زینت کا کھولنا روا نہیں۔ ۲/۱۸

تَابُوْا۔ انہوں نے توبہ کی، وہ بازآگئے، تَوْبٌ اور تَوْبَۃٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۲/۵ ۴/۶ ۵/۷ ۹/۱۱ ۱۱/۱۲ ۱۲/۱۴ ۱۲/۲۲

تَابُوْتٌ۔ صندوق، ۲/۱۱۶

تَابٰی۔ وہ انکار کرتی ہے، وہ انکار کرتے ہیں اِبَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ واضح رہے کہ جب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل کو واحد لاتے ہیں اور جمع مکسر کا حکم مؤنث غیر حقیقی کا ہے تَابٰی قُلُوْبُھُمْ (ان کے دل انکار کرتے ہیں) میں قلوب چونکہ جمع مکسر ہے اس لئے واحد مؤنث کا صیغہ لایا گیا، لہٰذا یہاں تَابٰی کے ترجمہ میں صیغہ جمع کے معنی لینا چاہئے (ملاحظہ ہو ابوا) ۲/۹۳

[1] معالم التنزیل ج ۵ ص ۵۸۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَأْتِ۔ وہ (جماعت) آوے، (ضَرَبَ) اِتْیَانٌ سے جس کے معنی آسانی کے ساتھ آنے اور کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ تَأْتِ اصل میں تَاْتِیُ تھا۔ عامل کے آنے کے سبب ی جو حرف علت ہے آخر سے حذف ہوگئی۔ واضح رہے کہ اِتْیَانٌ کا استعمال بذاتِ خود آنے نیز کسی کام کا حکم دینے اور اس کی تدبیر کو سرانجام دینے کے متعلق ہوتا ہے اور خیر و شر، اعیان و اعراض سب کے متعلق بولا جاتا ہے باء کے ذریعہ جب اس کا تعدیہ ہو تو معنی لانے کے ہوتے ہیں۔ پ۹

تَأْتِنَا۔ تو ہمارے پاس لائیگا۔ تَأْتِ اِتْیَانٌ سے مضارع کا واحد مذکر حاضر اصل میں تَاْتِیُ تھا عامل کے سبب ی گر پڑی نا ضمیر جمع متکلم پ۹

تَأْتُنِّنِیْ۔ تم ضرور میرے پاس لے آؤ گے، نَّ اِتْیَانٌ سے مضارع با نون ثقیلہ کا صیغہ جمع مذکر حاضر نون وقایہ ی ضمیر واحد متکلم پ۱۳

تَأْتُوْا۔ تم آتے رہو، اِتْیَانٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ان ناصبہ کے آنے کے سبب آخر سے نون اعرابی گر پڑا۔ پ۲

تَأْتُوْنَ۔ تم کرتے ہو، تم آتے ہو۔ تم آؤ گے۔ اِتْیَانٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۹ ۱۱ ۱۲ ۱۵ ۱۷ ۱۸

تَأْتُوْنَنَا۔ تم ہمارے پاس آتے ہو، اس میں نَا ضمیر جمع متکلم ہے پ۲۴

تَأْتُوْنِیْ۔ تم میرے پاس لاؤ گے۔ اس میں ی ضمیر واحد متکلم ہے یہاں اس کا تعدیہ بذریعہ باء ہے پ۱۹

تَأْتِهِمْ۔ تو ان کے پاس لاتا ہے، تو ان کے پاس لائے گا۔ تَأْتِ اِتْیَانٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لم کے آنے کے سبب آخر سے ی گر گئی ھِمْ ضمیر جمع مذکر غائب پ۱۴

تَأْتِهِمْ۔ ان کے پاس آئی، تَأْتِ اِتْیَانٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب اصل میں تَاْتِیُ تھا لم کے آنے کے سبب آخر سے ی حذف ہوگئی اور مضارع ماضی کے معنی میں ہوگیا ھِمْ ضمیر جمع مذکر غائب پ۱۶

تَأْتِیْ۔ تو لے آوے، اِتْیَانٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ۱۵

تَأْتِیْ۔ وہ آئے گی، اِتْیَانٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۱۲ پ۲۱ پ۱۳

تَأْتِیْکُمْ۔ وہ تمہارے پاس آتی ہے، وہ تمہارے پاس آئے گی۔ تَأْتِیْ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غائب۔ کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ۹ پ ۱۳ ۲۴

تَاْتِيْنَا۔ تو ہمارے پاس آئے، تو ہمارے پاس لے آئے۔ تَاْتِيْ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نَا ضمیر جمع متکلم ۹ پ ۱۳ ۲۴

تَاْتِيْنَا۔ وہ ہمارے پاس آوے۔ وہ ہمارے پاس آئے گی، تَاْتِيْ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ نَا ضمیر جمع متکلم ۱۴ پ ۱۴ ۳۲

تَاْتِيَنَّكُمْ۔ وہ تمہارے پاس ضرور آئے گی تَاْتِيَنَّ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب بانون تاکید کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر۔ ۲۳

تَاْتِيْهِمْ۔ تو ان کے پاس آتا ہے، تو ان کے پاس لے آئیگا۔ تَاْتِيْ صیغہ مضارع واحد مذکر حاضر هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ۷ پ

تَاْتِيْهِمْ۔ وہ ان کے پاس آتی ہے، وہ ان کے پاس آئیگی۔ تَاْتِيْ صیغہ مضارع واحد مؤنث غائب۔ هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب ۷ پ ۹ پ ۱۱ ۳ پ ۴ پ ۱۵ پ ۲۰ پ ۱۷ پ ۱۴ ۳ پ ۲ پ ۲۳ پ ۸ پ ۲۴ پ ۱۲ ۲۵ پ ۶ ۲۶ پ ۱۵ ۲۵ پ ۲۳ ۳۰

تَاْثِيْمٌ۔ گنہگاری، گنہ میں ڈالنا۔ گناہ کی باتیں۔ بروزن تَفْعِيْلٌ مصدر ہے ۲۴ پ ۱۴ تَاْثِيْمًا ۲۴ پ ۱۴

تَاْجُرَنِيْ۔ تو میری نوکری کرے گا تو میری مزدوری کریگا، (نَصَرَ) تَاْجُرًا جَرٌّ سے جس کے معنی مزدوری دینے اور کسی کی مزدوری کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ۲۰ پ

تَاْخُذُ۔ تو پکڑے (نَصَرَ) اَخْذٌ سے جس کے معنی پکڑنے اور لینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ یہاں لَا نہی آنے کے سبب فعل نہی ہے ۱۶ پ ۱۴

تَاْخُذُكُمْ۔ تم کو وہ آپکڑے، تم کو وہ آلے تَاْخُذُ اَخْذٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر۔ ۱۵ پ ۴

تَاْخُذُوْا۔ تم لے لو، اَخْذٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب حذف ہوگیا ۳ پ ۱۴

تَاْخُذُوْنَهٗ۔ تم اس کو لیتے ہو، تم اس کو لوگے تَاْخُذُوْنَ اَخْذٌ سے مضارع کا صیغہ۔ جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ۳ پ ۱۴

تَاْخُذُوْنَهَا۔ تم اس کو لوگے۔ اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے ۲۶ پ ۱۱

تَاْخُذُوْهَا۔ تم اس کو لے لو۔ اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے (ملاحظہ ہو تَاْخُذُوْا) ۲۶ پ ۱۱

تَاْخُذُهٗ۔ وہ اس کو پکڑتی ہے، وہ اس کو آلیتی ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَاْخُذُ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔
ہ ضمیر واحد مذکر غائب۔ پ۳

تَاْخُذُهُمْ وہ ان کو آپکڑیگی وہ ان کو آلیگی
اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ۲

تَاَخَّرَ۔ وہ پیچھے رہا، وہ پیچھے ہوا۔ تَاْخُرٌ سے جس کے معنی پیچھے ہونے اور پیچھے رہنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۲۷

تَاَذَّنَ۔ اس نے سنا دیا، اس نے پکار دیا، اس نے اعلان کر دیا، اس نے بتلا دیا، اس نے خبر کر دی تَاْذِیْنٌ سے جس کے معنی سنا دینے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۱۱ ۱۳

تَارِكٌ۔ چھوڑنے والا، تَرْكٌ سے جس کے معنی چھوڑ دینے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر پ۱۲

تَارِكُوْا چھوڑنے والے، تَارِكٌ کی جمع۔ نون بسبب اضافت حذف ہو گیا۔ بحالت رفع پ۲۳

تَارِكِيْ چھوڑنے والے۔ تَارِكٌ کی جمع بحالتِ نصب وجر پ۱۲

تَارَةً، مرتبہ، دفعہ۔ باری، باری، اس کی اصل تَاْرَةٌ تھی ہمزہ کثرتِ استعمال کے باعث متروک ہو گئی۔ پ۱۷ ۱۲

تَاْسَ۔ تو غم کھائے گا (سمع)

اَسًی سے جس کے معنی غمگین ہونے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر اصل صیغہ تَاْسَیٰ تھا، لیکن چونکہ یہاں لا نہی اس پر داخل ہے اس لئے آخر سے ی گر گئی۔ پ۷ ۸ و ۱۴

تَاْسِرُوْنَ۔ تم قید کرتے ہو، تم اسیر کرتے ہو۔ (ضَرَبَ) اَسْرٌ سے جس کے معنی قید میں باندھنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۹

تَاْسَوْا۔ تم غم کھاؤ، تم غم کھاتے ہو، اَسًی سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۲۷

تَاْفِكَنَا۔ تو ہم کو پھیر دیگا۔ (ضَرَبَ) تَاْفِكَ اِفْكٌ سے قاموس میں ہے کہ اَفَكَ ضَرَبَ اور سَمِعَ دونوں سے آتا ہے اور مصدر افک الف کے کسرہ اور فا اور را کے سکون اور حرکت سے جھوٹ بولنے کے معنی میں آتا ہے اور اَفَكَ عَنْهُ یعنی جب عن صلہ میں آئے تو معنی پھیرنے، بدلنے، رائے بدلنے اور مراد سے محروم کرنے کے ہوتے ہیں، امام راغب کہتے ہیں اِفک کا استعمال ہر اس شے کے متعلق ہوتا ہے جو اپنے اصلی رخ سے پھیر دی گئی ہو اسی بنا پر ان ہواؤں کو جو اپنے چلنے کا اصلی رخ چھوڑ دیں مُؤتفکات کہتے ہیں اور اعتقادِ حق سے باطل کی طرف اور سچائی سے جھوٹ کی طرف اور اچھے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعمال سے برے افعال کی طرف پلٹنے کے لئے
اَنّٰی یُؤْفَکُوْنَ بولا گیا ہے، آیت شریفہ قَالُوْٓا
اَجِئْتَنَا لِتَاْفِکَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا (کافروں نے کہا
کہ کیا تو اس لئے آیا ہے کہ ہم کو ہمارے معبودوں
سے پھیر دیوے) میں اِفْکٌ کا استعمال ان کے
اعتقاد کے اعتبار سے ہوا ہے کیونکہ وہ اپنے اعتقادِ
باطل میں دعوتِ توحید کو حق سے برگشتگی سمجھتے
تھے ۱۳ پ ۱۱

تَاْکُلُ ۔ وہ کھائے، وہ کھاتی ہے وہ کھائیگی
(نصر) اَکْلٌ سے جس کے معنی کھانے کے ہیں۔
مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۷ پ ۱۲
۱۵ و ۱۶ پ ۱۳ پ ۱۴

تَاْکُلُوْا ۔ تم کھاؤ، تم کھا جاؤ اَکْلٌ سے مضارع کا
صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں تَاْکُلُوْنَ تھا، عامل
کے باعث آخر سے نون اعرابی حذف ہو گیا ہے
۱۲ پ ۵ پ ۵ پ ۱۴ پ ۱۴

تَاْکُلُوْنَ ۔ تم کھاتے ہو، تم کھا جاتے ہو، تم
کھاؤ گے اَکْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر
۳ پ ۱۴ پ ۷ پ ۱۵ و ۳۰ پ ۲۲ پ ۱۴ پ ۲۳ پ ۱۳
۱۹ پ ۲۰ پ ۱۴

تَاْکُلُوْهَا ۔ تم اس کو کھاتے رہو، اس میں ھا

ضمیر واحد مؤنث غائب ہے ۱۴ پ

تَاْکُلُهٗ ۔ وہ اس کو کھائے، وہ اس کو کھانے
لگے، تَاْکُلُ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب
کا ضمیر واحد مذکر غائب ۱۴ پ

تَاْلَمُوْنَ ۔ تم درد مند ہوتے ہو، تم تکلیف پاتے
(سَمِعَ) اَلَمٌ سے جس کے معنی سخت درد مند ہونے
کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۵ پ ۱۲

تَالِیَاتِ ۔ تلاوت کرنے والیاں، پڑھنے والیاں
(نصر) تِلَاوَۃٌ سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مؤنث
(تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تِلَاوَۃٌ) ۲۸ پ

تَاْمُرُکَ ۔ وہ تجھے حکم دیتی ہے۔ تَاْمُرُ اَمْرٌ سے
مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب کا ضمیر واحد
مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَمْرٌ) ۱۲ پ

تَاْمُرُنَا ۔ تو ہم کو حکم دیتا ہے۔ تَاْمُرُ اَمْرٌ سے
مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نَا ضمیر جمع متکلم
(ملاحظہ ہو اَمْرٌ) ۹ پ

تَاْمُرُوْنَ ۔ تم حکم دیتے ہو، تم حکم کرتے ہو، اَمْرٌ سے
مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۰ پ ۲۴ پ ۱۴ پ

تَاْمُرُوْنَنَا ۔ تم ہم کو حکم کرتے ہو۔ اس میں نَا ضمیر
جمع متکلم ہے ۲۴ پ

تَاْمُرُوْنِّیْٓ ۔ تم مجھ کو حکم دیتے ہو، اس میں ی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضمیر واحد متکلم ہے اور نون پر تشدید ادغام کی وجہ سے ہے ۳ پ ۱۳

تَأْمُرُهُمْ۔ وہ ان کو حکم دیتی ہے۔ تَأْمُرُ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب۔ ۳ پ ۲۵

تَأْمُرِيْنَ تو حکم دیتی ہے، اَمْرٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث حاضر۔ ۱۲ پ ۱۸

تَأْمَنَّا۔ تو ہم کو بالامانت جانتا ہے، تو ہم کو امین بنا تا ہے (سمع) اصل میں تَأْمَنُنَا تھا نون کا نون میں ادغام کر دیا گیا، تَأْمَنُ اَمْنٌ اور اَمَانَةٌ سے بمعنی اعتبار کرنے اور امین بنانے کے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نَا ضمیر جمع متکلم ۱۳ پ ۱۲

تَأْمَنُهُ۔ تو اس کو امانت دے، تو اس کو امین بنائے اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے۔ ۳ پ ۱۴

تَأْوِيْلٌ، تعبیر، تاویل، کل بٹھانی، بیان حقیقت ٹھیک پڑنا، بروزن تَفْعِيْلٌ مصدر ہے اَوْلٌ سے مشتق ہے جس کے معنی اصل کی طرف لوٹنے کے ہیں اسی لئے مرجع اور جائے بازگشت کو مَؤُوْلٌ کہتے ہیں، کسی شے کو خواہ وہ شے علم ہو یا فعل، اس کی اصلی مراد کی طرف لوٹانے کا نام تاویل ہے۔ علم کی مثال وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهٗ إِلَّا اللّٰهُ (اور ان کی کل بٹھانی کوئی نہیں جانتا سوائے اللہ کے) اور فعل کی مثال هَلْ يَنْظُرُوْنَ إِلَّا تَأْوِيْلَهٗ، يَوْمَ يَأْتِيْ تَأْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَاءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَا أَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ (کیا اسی کی راہ دیکھتے ہیں کہ وہ ٹھیک پڑے جس دن وہ ٹھیک پڑنے لگی کہنے لگیں گے جو اس کو پہلے سے بھول رہے تھے کہ بیشک سچ بات لائے تھے ہمارے رب کے پیغمبر، اب کوئی ہیں سفارش والے کہ ہماری سفارش کریں یا ہم کو پھر لوٹا دیا جائے تو ہم عمل کریں خلاف ان اعمال کے جو ہم کر رہے تھے) ہے ۱۱ پ ۱۲ و ۱۳ پ ۱۲ و ۱۵ پ ۱۳ و ۱۸ پ ۱۵

تَأْوِيْلًا ۳ پ ۱۶ و ۱۵ پ ۱۳

تَأْوِيْلَهٗ۔ اس کی حقیقت، اس کا ٹھیک پڑنا، اس کی تعبیر، تَأْوِيْل مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۳ پ ۱۳ و ۵ پ ۱۲ و ۸ پ ۱۴ و ۱۵ پ ۱۳ و ۱۸ پ ۱۵

تَائِبَاتٍ۔ توبہ کرنے والیاں، باز آنے والیاں، تَائِبَةٌ کی جمع تَوْبَةٌ سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مؤنث (ملاحظہ ہو تَوْبَةٌ) ۲۸ پ ۱۲

تَائِبُوْنَ باز آنے والے، توبہ کرنے والے، تَائِبٌ کی جمع بحالت رفع، تَوْبَةٌ سے، اسم فاعل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا صیغہ، جمع مذکر (ملاحظہ ہو تَوْبَۃ) پ ۱۱

www.KitaboSunnat.com

فصل الباء الموحّدۃ

تُبْ۔ تو معاف کر، تو توبہ قبول کر، تَوْبَۃٌ سے۔ امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں پر خطاب اللہ عزوجل سے ہے اور صلہ میں عَلٰی واقع ہے اس لئے توبہ قبول کرنے کے معنی ہوں گے، (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تَابَ اور تَوْبَۃ) پ ۱

تَبَّ۔ وہ ہلاک ہوا، وہ سدا ٹوٹے میں رہا، وہ ٹوٹ گیا (ضَرَبَ) تَبٌّ سے جس کے معنی ٹوٹے میں رہنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ پ ۳۰

تَبَابٍ۔ ہلاکت، کھپنا، ٹوٹنا، سدا ٹوٹے میں رہنا، تَبٌّ کی طرح یہ بھی تَبَّ کا مصدر ہے پ ۳۰

تَبَارًا۔ ہلاکت، ہلاک کرنا، برباد ہونا، مصدر ہے۔ ضَرَبَ اور سَمِعَ سے آتا ہے۔ پ ۲۹

تَبَارَكَ۔ وہ بہت برکت والا ہے، وہ بڑی برکت والا ہے، تَبَارُكٌ سے جس کے معنی بابرکت ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، اس فعل کی گردان نہیں آتی اور صرف ماضی کا ایک صیغہ مستعمل ہے اور وہ بھی صرف اللہ تعالیٰ کے لئے آتا ہے اسی لئے بعض لوگ اس کو اسم فعل بتاتے ہیں۔

پ ۵ س ۱۸ آ ۱۶ و ۱۷ پ ۹ س ۴ پ ۱۲ س ۱۳ پ ۲۴ س ۱۳ پ ۲۵ س ۱۳ پ ۲۶ س ۱

تُبَاشِرُوْهُنَّ۔ تم ان (عورتوں) سے ملو۔ تم ان سے مباشرت کرو، تُبَاشِرُوْا مُبَاشَرَۃٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب، یہاں مباشرت سے جماع کا کنایہ ہے (ملاحظہ ہو بَاشِرُوْهُنَّ) پ ۲

تَبَايَعْتُمْ۔ تم نے سودا کیا، تم نے خرید و فروخت کی تَبَايُعٌ سے جس کے معنی باہم خرید و فروخت کرنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۳

تُبْتُ۔ میں نے توبہ کی، میں باز آیا، تَوْبَۃٌ سے ماضی کا صیغہ واحد متکلم (ملاحظہ ہو تَابَ اور تَوْبَۃ) پ ۴ پ ۹ پ ۲۶

تَبَّتْ۔ وہ ہلاک ہوئی، وہ سدا ٹوٹے میں رہی، وہ ٹوٹ گئی، تَبٌّ اور تَبَابٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ تَبَّتْ يَدَا (دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے) (ملاحظہ ہو تَبَّ اور تَبَابٌ) پ ۳۰

تَبْغُوْا۔ تم چاہتے ہو، تم ڈھونڈتے ہو، تم تلاش کرتے ہو، اِبْتِغَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر اصل میں تَبْتَغُوْنَ تھا، نون اعرابی عامل کے آنے سے حذف ہو گیا (ملاحظہ ہو اِبْتِغَاءٌ) پ ۲ پ ۵ پ ۱۸

پ ۱۸ س ۲۵ آ ۷۲ پ ۱۰ پ ۱۰ پ ۸ پ ۲۱ پ ۱۴ پ ۲۲ پ ۱۸ پ ۲۵۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَبْتَغُوْنَ - تم چاہتے ہو، تم ڈھونڈتے ہو۔ اِبْتِغَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۰

تَبْتَغِیْ - تو چاہتا ہے، تو تلاش کرتا ہے، تو ڈھونڈھے، تو تلاش کرے، اِبْتِغَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ۱۸ ع۱۹

تَبَتَّلْ - تو اخلاص نیت اور عبادت میں سب سے منقطع ہو جا، سب سے الگ ہو جا، تَبَتُّلٌ سے جس کے معنی سب سے الگ ہو کر اللہ کے لئے عبادت اور نیت کے خالص کرنے کے ہیں، امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ۲۹ ع۱۳

تُبْتُمْ - تم نے توبہ کی، تم باز آ گئے، تَوْبٌ اور تَوْبَۃٌ کے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۲۸ ع۱

تَبْتَئِسْ - تو غم کھائے، تو غمگین ہو، اِبْتِئَاسٌ سے جس کے معنی غمگیں اور رنجیدہ ہونے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں لا نہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے پ۱۲ ع۳

تَبْتِیْلًا - سب سے الگ ہو کر اللہ تعالیٰ کے لئے عبادت اور نیت میں اخلاص پیدا کرنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے پ۲۹ ع۱۳

تَبْخَسُوْا - تم کم دینے لگو، تم گھٹاتے رہو (فتح) بَخْسٌ سے جس کے معنے ظلم سے کسی چیز کے گھٹانے اور کم کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر یہاں فعل نہی ہے کیونکہ لا نہی داخل ہے پ۸ ع۱۸

تَبْخَلُوْا - تم بخل کرنے لگو، تم کنجوسی کرو گے بُخْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں تَبْخَلُوْنَ تھا، نون عامل کی وجہ سے حذف ہو گیا (ملاحظہ ہو بُخْل) پ۲۶ ع۸

تُبْدَا - وہ ظاہر کی جائے۔ اِبْدَاءٌ سے، جس کے معنی ظاہر کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب اصل میں تُبْدَای تھا یا عامل کی وجہ سے حذف ہو گئی پ۳۰

تُبَدَّلُ - وہ بدلی جائے گی، تَبْدِیْلٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو تَبْدِیْل) پ۱۳ ع۱۹

تَبَدَّلَ - تو بدل ڈالے، تَبَدُّلٌ سے جس کے معنی بدلنے اور تبدیل کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں تَتَبَدَّلُ تھا ایک تاء گر گئی۔ پ۳۰ ع۳

تُبْدُوْا - تم ظاہر کرو، اِبْدَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں تُبْدُوْنَ تھا نون عامل کی وجہ سے حذف ہو گیا پ۳ ع۸ پ۶ ع۱ پ۲۲ ع۴

تُبْدُوْنَ - تم ظاہر کرتے ہو، تم ظاہر کرو گے اِبْدَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۴ ع۳ پ۷ ع۱۰

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُبْدُوْنَهَا۔ تم اس کو ظاہر کرتے ہو، اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے ۳ پ ۱۲

تُبْدُوْهُ۔ تم اس کو ظاہر کرو، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے۔ ۳ پ ۱۱

تُبْدِیْ۔ وہ ظاہر کردیتی، اِبْدَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۲۲ پ

تَبْدِیْلَ، بدلنا، تبدیلی، بدل ڈالنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے۔ ایک چیز کو دوسری جگہ رکھنے کا نام تبدیل ہے۔ تبدیل کے لفظ میں بنسبت عوض کے عمومیت ہے، عوض میں ایک چیز کے بدلہ میں دوسری چیز ہوتی ہے لیکن تبدیل مطلق تغیر کا نام ہے ۱۱ پ ۱۴ پ تَبْدِیْلًا ۲۱ پ ۲۲ پ ۲۶ پ ۱۱ ۲۹ پ ۲۰

تُبَذِّرْ۔ تو بیجا خرچ کرے۔ تَبْذِیْرٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر یہاں نہی کا صیغہ ہے ۱۵ پ

تَبْذِیْرًا۔ بیجا خرچ کرنا۔ تبذیر کے معنی تفریق اور پراگندہ کرنے کے ہیں، اصل میں بَذْر یعنی زمین میں بیج کے ڈالنے اور پھینکنے کا نام تبذیر ہے اور چونکہ بیج کا زمین پر ڈالنا اس شخص کی نظر میں جو آل کار سے واقف نہ ہو بظاہر ضائع کرنا ہی ہے۔ اس لئے بطور استعارہ ہر اس شخص کے متعلق جو انجام کو سوچے بغیر اپنے مال کو فضول ضائع کرنے لگے، تبذیر کا استعمال ہونے لگا ۱۵ پ

تَبَرَّاَ۔ وہ بیزار ہوا، اس نے بیزاری ظاہر کی تَبَرُّءٌ سے جس کے معنی بیزار ہونے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۲ پ ۱۴ پ

تَبَرَّاْنَا۔ ہم بیزار ہوگئے، ہم نے بیزاری کا اظہار کیا تَبَرُّءٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم ۲ پ

تَبَرُّجَ۔ بناؤ سنگار کرنا، دکھانا، نمائش کرنا۔ خودنمائی کرنا، بروزن تَفَعُّلٌ مصدر ہے ۲۲ پ

تَبَرَّجْنَ۔ تم بناؤ سنگار کرنے لگی، تم دکھاتی پھرو تَبَرُّجٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مؤنث حاضر اصل میں تَتَبَرَّجْنَ تھا ایک تا حذف کردی گئی۔ ۲۲ پ

تَبَّرْنَا۔ ہم نے ہلاک کیا، تَتْبِیْرٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع متکلم (ملاحظہ ہو تَتْبِیْرٌ) ۱۸ پ

تَبَرَّءُوْا۔ وہ بیزار ہوئے، تَبَرُّءٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب۔ ۲ پ

تَبَرُّوْا۔ تم نیکی کرتے ہو، تم نیکی کروگے (سَمِعَ) بِرٌّ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر اصل میں تَبَرُّوْنَ تھا۔ اَنْ کے آنے سے نون اعرابی ساقط ہوگیا (ملاحظہ ہو بِرٌّ اور بَرٌّ) ۲ پ

تَبَرُّوْهُمْ۔ تم ان سے نیکی کرتے رہو، تم ان کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساتھ احسان کرتے رہو، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۲۸/۸

تُبْرِئُ ۔ تو چنگا کرتا ہے، تو تندرست کرتا ہے، اِبْرَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ (ملاحظہ ہو اُبْرِئُ) ۵/۵

تَبْسُطَهَا ۔ تو اس کو کھولے، تو اس کو کشادہ کرے، تَبْسُطْ بَسْطٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو بَاسِطٌ اور بَسْطٌ) ۱۱/۵

تُبْسَلَ وہ گرفتار ہو جائے، وہ ہلاکت کے سپرد کی جائے، اِبْسَالٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اُبْسِلُوْا) ۷۰/۶

تَبَسَّمَ ۔ وہ مسکرایا، تَبَسُّمٌ سے جس کے معنی مسکرانے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۱۹/۲۷

تُبَشِّرَ ۔ تو بشارت دے، تو خوش خبری سنائے، تَبْشِیْرٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ (ملاحظہ ہو یُبَشِّرُ) ۵۴/۹

تُبَشِّرُوْنَ ۔ تم خوش خبری سناتے ہو، تم بشارت دیتے ہو، تَبْشِیْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو یُبَشِّرُ) ۵۴/۱۵

تُبْصِرُ تو دیکھیگا اِبْصَارٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَبْصَرُ) ۲۹/۳

تُبْصِرُوْنَ ۔ تم دیکھتے ہو، اِبْصَارٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَبْصَرُ) ۱۹/۱۷

۲۰/۲ ۲۵/۱۱ ۲۶/۱۸ ۲۷/۱۹ ۲۹/۲

تَبْصِرَةً ۔ دکھلانا، سمجھانا، بروزن تَفْعِلَةٌ باب تَفْعِیْلٌ کا مصدر ہے۔ تَبْصِیْرٌ اور تَبْصِرَةٌ دونوں آتے ہیں جیسے تَقْدِیْمٌ اور تَقْدِمَةٌ اور تَذْکِیْرٌ اور تَذْکِرَةٌ ۳۶/۱۵

تُبْطِلُوْا ۔ تم باطل کرو، تم ضائع کرو، اِبْطَالٌ کے جس کے معنی باطل کرنے اور ضائع کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر یہاں فعل نہی ہے ۲۶/۴ ۲۶/۸

تَبِعَ اس نے پیروی کی (سَمِعَ) تَبَعٌ سے جس کے معنی پیروی کرنے اور قدم بقدم چلنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۳/۱۴ ۳/۱۶

تُبَّعٌ ۔ تبع شاہانِ یمن کا لقب ہے، ابو عبیدہ جو عربیت و لغت کے امام ہیں فرماتے ہیں۔

"تبع ملوك اليمن كل واحد منهم يسمى تبعا لانه يتبع صاحبه و الظل يسمى تبعا لانه

تبع، ملوکِ الیمن کل تبع شاہانِ یمن ہیں، ان میں سے ہر ایک تبع کہلاتا ہے کیونکہ اپنے پیرو کے قدم بقدم چلتا ہے (عربی میں) سایہ کا نام بھی اسی لئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یتبع الشمس و تبع ہے کہ وہ دھوپ کے پیچھے
موضع تبع فی الجاھلیۃ پیچھے لگا رہتا ہے اسلام میں خلیفہ
موضع الخلیفۃ فی الاسلام کی جو حیثیت ہے وہی جاہلیت
وھو ملوک العرب میں تبع کی تھی۔ وہی عرب کے
الاعاظم[1] شاہانِ عظام تھے۔

قرآن مجید میں قوم تبع کا ذکر دو جگہ کیا گیا ہے
ایک سورۂ حم الدخان میں جہاں قریش کی طرف
روئے سخن ہے کہ یہ کس گھمنڈ میں ہیں اور کس
بل بوتے پر اترا رہے ہیں کیا یہ قوم تبع اور ان سے
اگلی قوموں سے بھی زیادہ زور آور اور سطوت و
جبروت کے مالک ہیں جو باداشِ جرم میں ہلاکت
کے گڑھے اتار دی گئی تھیں اور دوسرے مقام
پر سورۂ ق میں ان مغضوب اور سرکش قوموں کے
ساتھ جو تکذیبِ حق میں پیش پیش رہیں اور بالآخر
اپنے کئے کی سزا کو پہنچیں ان کا بھی نام لیا ہے
ارشاد ہے۔

أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ اب یہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم،
وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ اور جو ان سے پہلے تھے

أَهْلَكْنَاهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوا ہم نے ان کو برباد کر کے رکھ دیا
مُجْرِمِينَ۔ (حم الدخان) کہ وہ مجرم تھے۔
كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ جھٹلا چکے ہیں ان سے پہلے
وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ، نوح کی قوم اور کنویں والے
وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ اور ثمود اور عاد اور فرعون اور
لُوطٍ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لوط کے بھائی اور بن کے رہنے
وَقَوْمُ تُبَّعٍ كُلٌّ كَذَّبَ والے اور تبع کی قوم سب نے
الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ۝ جھٹلایا رسولوں کو تو ہماری
(ق) وعید سچ ہو کر رہی۔

تبع کے ذکر میں قرآن مجید کا جو اندازِ بیان ہے
اس سے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
نے استنباط کیا ہے کہ وہ مرد صالح تھے۔ چنانچہ
حاکم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت
کی ہے کہ

کان تبع رجلا صالحا تبع ایک نیک شخص تھا دیکھتے نہیں
الا تری انذم قومہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی قوم کی
ولم یذمہ[2] مذمت کی اور خود اس کو برا نہیں کہا
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا جو استنباط ہے مرفوع

[1] امام بخاری نے اپنی صحیح میں سورۂ حم الدخان کی تفسیر میں یتبع الشمس تک نقل کیا ہے۔ بقیہ عبارت میں نے فتح الباری سے نقل کی ہے اسی میں تصریح ہے کہ یہ ابو عبیدہ کے الفاظ ہیں۔ فتح الباری ج ۸ ص ۲۳۸ طبع میریہ مصر ۱۳۰۱ھ

[2] ملاحظہ ہو الکمالین شیخ سلام اللہ الدہلوی طبع نولکشور ص ۴۱۰ ۱۳۱۷ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیثوں میں اس کی تصریح موجود ہے مسند امام احمد بن حنبل میں سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لاتسبوا تبعا فانہ کان قد اسلم۔ تبع کو برا نہ کہنا کیونکہ وہ اسلام لاچکا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی طبرانی نے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے جس کی اسناد سہل کی اسناد سے بھی اچھی ہے۔

قرآن مجید میں جس "تبع" کا ذکر ہے، ان کا نام اسعد تھا، عبدالرزاق وہب بن منبہ سے ناقل ہیں۔ نہی النبی صلی اللہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسعد علیہ وسلم عن سب کو برا کہنے سے منع فرمایا اور اسعد وھو تبع قال تبع وہی ہے۔ وہب کا وھب وکان علی بیان ہے کہ وہ دین ابراہیمی دین ابراھیم۔ پر تھا۔

عبدالرزاق نے سعید بن جبیر سے جو مشہور تابعی ہیں یہ بھی روایت کیا ہے کہ سب سے پہلے کعبہ پر غلاف ان ہی نے چڑھایا تھا۔ [1]

"قوم تبع" کا جو واقعہ تفسیر اور تاریخ کی عام کتابوں میں مذکور ہے اس کا خلاصہ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب نے موضح القرآن میں سورۂ حم الدخان کے فوائد میں اس طرح ذکر فرمایا ہے

"تبع بادشاہ تھا یمن کا، سب قوم اس کی بت پرست اس کو یقین آیا توریت پر اپنی قوم کے سامنے آزمایا کہ دین سچا کونسا، بڑی آگ لگائی دو حبر یہود کے توریت بغل میں لیکر اس میں گھس گئے، نہ جلے۔ وہ بت پرست بت کو بغل میں لیکر چلے جلنے لگے، اُلٹے بھاگے اس کی قوم اس کی دشمن ہوئی آخر خراب ہوئے"

۲۵/۱۵ ۲۶/۱۵

تَبَعًا ۔ تابع، پیروی کرنے والے، تابعٌ کی جمع ہے جیسے صَحْبٌ صاحبٌ کی ۱۳/۱۵ ۲۲

تُبْعَثُنَّ ۔ تم ضرور اٹھائے جاؤگے، بَعْثٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو ابعث اور بعث۔ ۲۸/۱۵

تُبْعَثُوْنَ ۔ تم اٹھائے جاؤگے، بَعْثٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو ابعث اور بعث) ۱۸/۱

تَبِعَكَ ۔ اس نے تیری پیروی کی، تَبِعَ عینہ فعل ماضی لہ ضمیر واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو تبع) ۹/۱ ۱۵/۷ ۲۳/۱۴

[1] ان تمام روایات کے لئے ملاحظہ ہو فتح الباری تفسیر سورۂ حم الدخان ج ۸ ص ۴۳۷ طبع مصر المیریۃ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَبِعَنِیْ۔ اس نے میری پیروی کی، اس میں ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے (ملاحظہ ہو تَبِعَ) ۱۳/۱۸

تَبِعُوْا۔ انھوں نے پیروی کی، تَبِعَ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب۔ ۲/۱۶

تَبْغِ۔ تو چاہے، تو خواہش کرے، بَغْیٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں لا نہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے اور آخر سے ی حذف ہوگئی اصل میں تَبْغِیْ تھا (ملاحظہ ہو اَبْغِیْ اور بَغْیٌ) ۱۰/۱۲

تَبْغُوْا۔ تم تلاش کرنے لگو، تم چاہو، تم ڈھونڈنے لگو بَغْیٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں بھی لا نہی آنے کے سبب فعل نہی ہے اور اسی لئے نون اعرابی آخر سے ساقط ہوگیا کیونکہ اصل میں تَبْغُوْنَ تھا (ملاحظہ ہو اَبْغِیْ اور بَغْیٌ) ۵/۱۸

تَبْغُوْنَهَا۔ تم اس کو چاہتے ہو، تَبْغُوْنَ بَغْیٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَبْغِیْ اور بَغْیٌ) ۷/۱۸

تَبْغِیْ۔ وہ سرکشی کرتی ہے، بَغْیٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَبْغِیْ اور بَغْیٌ) ۲۶/۱۳

تُبْقِیْ۔ وہ باقی چھوڑتی ہے، اِبْقَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَبْقٰی) ۲۹/۱۸

تَبْكُوْنَ۔ تم روتے ہو، بُكَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو بَكَتْ) ۲۱/۴۴

تَبْلُغَ۔ تو پہنچتا ہے، تو پہنچیگا، بُلُوْغٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَبْلُغَ اور بَلَغَ) ۱۵/۴۶

تَبْلُغُوْا۔ تم پہنچو، تم پہنچتے رہو، بُلُوْغٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر اصل میں تَبْلُغُوْنَ تھا لام کے اول میں آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا۔ (ملاحظہ ہو اَبْلُغَ اور بَلَغَ) ۷/۱۲ ۳۳/۱۱

تَبْلُوْا۔ وہ آزمائیگی، بَلَاءٌ سے مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو بَلَاءٌ) ۱۱/۱۱

تُبْلَوُنَّ۔ تم ضرور آزمائے جاؤ گے، بَلَاءٌ سے مضارع مجہول بانون ثقیلہ کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو بَلَاءٌ) ۳۰/۲

تُبْلٰی۔ وہ آزمائی جائیگی، وہ جانچی جائے گی، اس کا امتحان کیا جائیگا۔ بَلَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۳۰/۱۰

تَبْنُوْنَ۔ تم بناتے ہو، تم تعمیر کرتے ہو، بِنَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَبْنِ) ۱۲/۱۱

تَبُوْءَ۔ تو پھر جاوے، تو لوٹے، تو حاصل کرے تو سمیٹے۔ تو کمائے، (نَصَرَ) بَوْءٌ سے جس کے معنی لوٹنے کے ہیں اور بَوَاءٌ سے جس کے معنی ٹھکانا دینے اور قصاص میں برابر ہونے کے ہیں مضارع

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو بَاءَ) پ۲

تَبَوَّآ تم دونوں ٹھیراؤ، تم دونوں اتارو، تم دونوں جگہ تیار کرو۔ تَبَوُّءٌ سے جس کے معنی ٹھیرانے اور جگہ تیار کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر پ۱۱

تَبُورَ۔ وہ ہلاک ہوگی، وہ مٹے گی، وہ بگڑے گی۔ (نَصَرَ) کواڈ سے، جس کے معنی ہلاک ہونے اور بگڑنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۲۲

تَبَوَّؤُا۔ انھوں نے ٹھکانا بنایا انھوں نے جگہ لی تَبَوُّءٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب پ۲۸

تُبَوِّئُ۔ تو جگہ دیتا ہے، تو ٹھکانا دیتا ہے، تو اتارتا ہے، تَبْوِیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر اس کا تعدیہ مفعول ثانی کی طرف بذریعہ لام بھی ہوتا ہے اور بنفسہ بھی۔ (ملاحظہ ہو بَوَّاَ لَہٗ) پ۱۳

تَبْهَتُهُمْ۔ وہ ان کے ہوش کھو دیگی، وہ ان کے حواس باختہ کردے گی، وہ ان کو مبہوت بنا دیگی تَبْهَتٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب

هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو بُهِتَ) پ۱۷

تِبْيَانًا۔ بیان، بَیَانٌ کی طرح یہ بھی بَانَ یَبِیْنُ کا مصدر ہے پ۱۴

تَبِيدَ۔ وہ ہلاک ہوگی، وہ تباہ ہوگی، وہ خراب ہوگی، (ضَرَبَ) بَیَادٌ سے، جس کے معنی اصل میں "بیداء" یعنی صحرائے بے آب وگیاہ میں کسی چیز کے متفرق اور پراگندہ ہونے کے ہیں اور اسی اعتبار سے مکمل بربادی تباہی اور ہلاکت کے متعلق اس کا استعمال ہوتا ہے مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب۔ پ۱۵

تَبْيَضُّ۔ وہ سفید ہوگی، وہ درخشاں ہوگی۔ اِبْیِضَاضٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب چہروں کے لئے جب "ابیضاض" کا استعمال ہو تو مسرت وانبساط کا اظہار مراد ہوتا ہے، مشہور مقولہ ہے کہ البیاض افضل والسواد اھول والحمرۃ اجمل والصفرۃ اشکل (سفیدی میں فضیلت زیادہ ہے اور سیاہی میں ہول اور ڈر، سرخی میں جمال زیادہ ہوتا ہے اور زردی میں لبھاوٹ) اسی لئے فضیلت وشرافت کے متعلق بیاض کا استعمال ہوتا ہے اور جس شخص کا دامن کسی عیب سے داغدار نہ ہو اسے "ابیض الوجہ" (آبرودار) کہتے ہیں، اس اعتبار سے "بیاض" کے معنے سفیدی کے علاوہ "آب" کے بھی ہوئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ملاحظہ ہو اَبِیْضَتْ) پ۲

تَبِیْعًا۔ پیچھا کرنے والا، دعوی کرنے والا، مددگار تَبَعٌ سے بروزن فَعِیْلٌ بمعنی فاعل ہے چونکہ مدعی دعوی کے اور مددگار مدد کے درپے ہوتا ہے اس لئے مجازاً مدعی اور مددگار کے معنی بھی آتے ہیں پ۱۵

تَبَیَّنَ۔ وہ ظاہر ہوگیا، وہ کھل گیا، تَبَیُّنٌ سے جس کے معنی ظاہر ہونے اور واضح ہوجانے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، واضح رہے کہ بیان کی دو صورتیں ہیں ایک تو خود دلالت حال کہ صورت یہ ہیں حالت پرس، دوسرے آزمائش کے ذریعہ کسی چیز کا کھلنا اور واضح ہونا خواہ آزمائش بذریعہ نطق ہو یا کتابۃً اور اشارۃً، پ۱ پ۳ پ۱۳ پ۱۱ پ۱۳ پ۱۹ پ۱۲ پ۱۴ پ۲۰ پ۱۶ پ۲۵ پ۱۸ پ۲۷ پ۲۴

تَبَیَّنَتْ۔ اس (عورت) نے جانا، اس نے معلوم کیا وہ ظاہر ہوگئی، تَبَیُّنٌ سے ماضی کا صیغہ۔ واحد مؤنث غائب پ۲۲

تُبَیِّنُنَّهٗ تم ضرور بیان کروگے، تُبَیِّنُ تَبْیِیْنٌ سے، مضارع بانون ثقیلہ کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُبَیِّنُ اور بَیِّنًا) پ۴

تَبَیَّنُوْا تم تحقیق کرلو، تم کھول لو۔ تَبَیُّنٌ سے امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۵ پ۲۶

فصل التاء المثناۃ

تَتَبَدَّلُوْا۔ تم بدلو، تم بدل ڈالو، تَبَدُّلٌ سے جس کے معنی بدل ڈالنے کے ہیں، امر کا صیغہ، جمع مذکر حاضر۔ پ۲

تَتَّبِعُ۔ تو اتباع کرے، تو پیروی کرے، اِتِّبَاعٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِتِّبَاعٌ) پ۱ پ۶ پ۵ پ۹ پ۱۱ پ۲۵ پ۱۸ پ۳

تَتَّبِعٰنِّیْ۔ تم دونوں پیروی کرنا، اِتِّبَاعٌ سے مضارع بانون ثقیلہ کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر یہاں لانہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے۔ پ۱۶

تَتَّبِعٰنِ۔ تو میری پیروی کرے، تَتَّبِعَ صیغہ مضارع ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم تحریر میں محذوف ہے پ۱۶

تَتَّبِعُوْا۔ تم پیروی کرو، اِتِّبَاعٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر یہاں لانہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے اور نون اعرابی محذوف ہے پ۲۰

پ۵ پ۶ پ۸ پ۱۵ پ۲۶

تَتَّبِعُوْنَ۔ تم پیروی کرتے ہو، تم پیروی کرتے ہو اِتِّبَاعٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۸ پ۱۵ پ۱۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَتَّبِعُوْنَا تم ہماری پیروی کروگے۔ اس میں نا ضمیر جمع متکلم ہے پ ۲۶

تَتْبَعُهَا وہ اس کے پیچھے پیچھے لگی آئے گی، تَبَعٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ھا ضمیر واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو تَبِیْع) پ ۳۰

تَتْبِیْب - ہلاک کرنا، تباہ و برباد کرنا، ہلاکت تباہی و بربادی، ہمیشہ گھاٹے اور نقصان میں رہنا بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے پ ۱۲

تَتْبِیْرًا ہلاک کرنا، ویران کرنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے پ ۱۵ پ ۱۹

تَتَجَافٰی - وہ دور ہوتی ہے، وہ الگ رہتی ہے تَجَافِیٌ سے جس کے معنی جگہ سے دور ہونے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۲۱ پ ۱۵

تَتَّخِذُ تو بناتا ہے، تو بنائے گا، تو اختیار کرتا ہے تو اختیار کرے گا، تو پکڑتا ہے تو پکڑیگا اِتِّخَاذٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر اَتَتَّخِذُ میں ہمزہ استفہام توبیخ کے لئے ہے (ملاحظہ ہو اِتِّخَاذٌ) پ ۱۵ پ ۱۶

تَتَّخِذُنَا تو ہم کو بناتا ہے، اس میں نا ضمیر جمع متکلم ہے، اَتَتَّخِذُنَا میں ہمزہ استفہام تعجب کے لئے ہے (ملاحظہ ہو اِتِّخَاذٌ) پ ۸

تَتَّخِذُوْا تم بناؤ، تم پکڑو، اِتِّخَاذٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، چونکہ یہاں لا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے اور نون اعرابی حذف ہوگیا ہے (ملاحظہ ہو اِتِّخَاذٌ) پ ۱۳ پ ۳ پ ۳ پ ۵ و ۹ پ ۱۸ پ ۶ پ ۱۲ و ۱۳ پ ۹ پ ۱۰ پ ۱۲ و ۱۹ پ ۱۵ پ ۲۸

تَتَّخِذُوْنَ - تم بناتے ہو، تم پکڑتے ہو۔ اِتِّخَاذٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِتِّخَاذٌ) پ ۷ پ ۱۵ پ ۱۴ و ۱۹ پ ۱۹ پ ۱۱

تَتَّخِذُوْنَهٗ تم اس کو بناتے ہو، تم اس کو پکڑتے ہو، تم اس کو پسند کرتے ہو، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے پ ۱۵ پ ۱۹

تَتَذَكَّرُوْنَ تم نصیحت پکڑتے ہو، تم نصیحت پکڑوگے، تم دھیان کرتے ہو، تم دھیان کروگے، تَذَکُّرٌ سے جس کے معنی یاد کرنے، دھیان کرنے اور نصیحت پکڑنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱۵ پ ۲۱ پ ۱۴ پ ۲۳ پ ۱۱

تَتْرًا - پے در پے، مسلسل، تابڑ توڑ، یکے بعد دیگرے آنا، تَتْرٌ سے جس کے معنی کسی شئے کے بے بہ پے آنے کے ہیں، الف اس میں تانیث کا ہے اور فراء کہتے ہیں کہ تنوین کے عوض میں آیا ہے۔ پ ۱۸

تُتْرَكُوْا تم چھوڑے جاؤ، تمہیں چھوڑ دیا جائے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَرَکَ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ان ناصبہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا ہے (ملاحظہ ہو اُتْرُکَ) پ۱۰

تُتْرَکُوْنَ ۔ تم چھوڑے جاؤ گے، تمہیں چھوڑ دیا جائے گا۔ تَرَکَ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُتْرُکَ) پ۱۱

تَتْرُکَهٗ تو اس کو چھوڑے، تَتْرُکْ تَرَکَ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ضمیر واحد مذکر غائب پ۹ ۱۲

تَتَفَرَّقُوْا ۔ تم متفرق ہونے لگو۔ تم جدا ہو، تَفَرُّقٌ سے، جس کے معنی متفرق اور پراگندہ ہونے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں لا نہی آنے کے سبب فعل نہی ہے پ۲۵

تَتَفَکَّرُوْا تم فکر کرو، تم غور کرو، تم سوچو، تَفَکُّرٌ سے، جس کے معنے سوچنے اور غور کرنے کے ہیں، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ فکر اور تفکر میں فرق یہ ہے کہ فکر تو اس قوت کا نام ہے جو علم کو معلوم کی طرف لاتی ہے اور تفکر کے معنی اس قوت سے اقتضاء عقل کے مطابق کام لینے کے ہیں، انسان کی صفت ہے حیوان کی نہیں، اور اسی لئے تفکر کا استعمال اس شئے کے متعلق ہوتا ہے جس کی صورت کا انسان کے دل و دماغ میں حاصل ہونا ممکن ہو، چنانچہ مروی ہے کہ تفکروا فی آلاء اللہ ولا تفکروا فی اللہ (اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے متعلق تفکر کرو اور ذات الٰہی میں تفکر نہ کرو) کیونکہ ذات الٰہی اس امر سے منزہ ہے کہ اس کو کسی صورت سے متصف کیا جا سکے۔ پ۲۲ ۱۲

تَتَفَکَّرُوْنَ ۔ تم فکر کرو، تم غور کرو، تم سوچو، تَفَکُّرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۱

تَتَقَلَّبُ وہ پھر جاتی ہے، وہ پھر جائے گی، وہ پلٹتی ہے، وہ پلٹ جائیگی، تَقَلُّبٌ سے جس کے معنی الٹ پلٹ ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ۱۸ ۱۱

تَتَّقُوْا تم بچتے رہے، تم ڈرتے رہے، تم پرہیزگار رہے، اِتِّقَاءٌ سے، جس کے معنی پرہیز کرنے، بچنے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے آنے سے محذوف ہوگیا ہے۔ پ۲ ۱۲ پ۳ ۱۱ پ۳ ۱۳ و ۱۰۹ پ۴ ۱۶ پ۵ ۱۵ پ۹ ۱۸ پ۱۳ ۸

تَتَّقُوْنَ ۔ تم ڈرتے ہو، تم ڈرتے رہو، تم بچتے رہو تم بچو گے، اِتِّقَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱ ۳ پ۲ ۶ پ۲ ۶ پ۸ ۱۶ و ۶ پ۹ ۱۱ پ۱۱ ۹ پ۱۳ ۱۲ پ۱۸ ۵ و ۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب ۱۹ ع ۲۲ ص ۲۹
(۱۰ تا ۱۲ و ۱۳ تا ۱۶)

تَتَکَبَّرُ تو تکبر کرے، تَکَبُّرٌ سے جس کے معنی بڑائی مارنے اور گھمنڈ کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو مُتَکَبِّرٌ ۲۳

تَتَلَقّٰهُمُ وہ ان سے ملاقات کرے گی، وہ (فرشتوں کی جماعت) ان کو لینے آئیگی تَتَلَقّٰی تَلَقِّیٌ سے جس کے معنی ملاقات اور استقبال کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ۲۷

تَتْلُوْا وہ (جماعتِ شیاطین) پڑھتی ہے، (نَصَرَ) تِلَاوَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو تِلَاوَۃٌ) ۱۲

تَتْلُوْا تو پڑھتا، تو پڑھتا ہے، تو پڑھے، تِلَاوَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو تِلَاوَۃٌ)

۱۲ ب ۱۳ ع ۲۰ ص ۲۱

تَتْلُوْنَ تم پڑھتے ہو، تم تلاوت کرتے ہو، تِلَاوَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۰

تُتْلٰی وہ پڑھی جاتی ہے، اس کی تلاوت کی جاتی ہے۔ تِلَاوَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب

۴ ع ۹ ۱۸ ۷ ع ۱۱ ۲۷ ۱۶ ع ۱۵ ۱۹ ۱۸ ع ۱۲ ۲۲

ب ۲۵ ع ۱۴ و ۲۰ ص ۳۰ ع ۲۹ ۳۰

تَتَمَارٰی تو جھگڑا کرتا ہے، تو جھٹلائے گا، تو شک کریگا۔ تِمَارٌ سے جس کے معنی شک کرنے اور جھگڑنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ۲۴

تَتَمَنَّوْا تم آرزو کرو، تم ہوس کرو، تَمَنِّیٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ لَا تَتَمَنَّوْا تم آرزو مت کرو تم ہوس نہ کرو، یہ فعل نہی ہے، تَمَنِّیٌ کے معنی ہیں کسی بات کا اپنے جی میں ٹھیرانا اور اس کا تصور کرنا جو کبھی تو محض اٹکل اور گمان پر ہوتا ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں ہوتی اور کبھی سوچ بچار کے بعد کسی بنیاد پر قائم ہوتا ہے، یاد رہے کہ آرزوؤں کی بنیاد چونکہ اکثر اٹکل اور اندازہ ہی پر چلتی ہے اس لئے تمنّی کا استعمال بھی بیشتر کسی بے حقیقت چیز کے تصور کرنے کے لئے ہوتا ہے (ملاحظہ ہو اُمْنِیَّتِہٖ) ۳

تَتَنَاجَوْا تم سرگوشی کرو، تم کانا پھوسی کرو۔ تَنَاجِیٌ سے جس کے معنی سرگوشی کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَتَنَاجَوْا، تم سرگوشی نہ کرو، تم کانا پھوسی مت کرو، یہ فعل نہی ہے ۲۸

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَتَنَزَّلُ وہ (فرشتوں کی جماعت) اترتی ہے تَنَزُّلٌ سے، جس کے معنی اترنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۴۱/۳۰

تَتُوبَا تم دونوں توبہ کرتی ہو تم دونوں باز آجاؤ، تَوْبَةٌ سے۔ مضارع کا صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر۔ (ملاحظہ ہو تَابَ اور تَوْبَة) ۶۶/۴

تَتَوَفَّاهُمُ وہ (فرشتوں کی جماعت) ان کو قبض کرتی ہے، وہ ان کی جان لیتی ہے، وہ ان کو پورا کرتی ہے، تَتَوَفّٰی۔ تَوَفّٰی سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ھُمُ ضمیر جمع مذکر غائب۔ تَوَفّٰی کے معنی اصل میں کسی چیز کو پورا لینے اور اس پر بتمامہ قبضہ کرنے کے ہیں، تَوَفّٰی باب تَفَعُّلٌ سے ہے اور تَفَعُّلٌ کی خاصیت باب تَفْعِیْلٌ کی اثر پذیری ہے۔ ارباب لغت نے تصریح کی ہے کہ یہاں جو ثلاثی مجرد یعنی وَفٰی یَفِیْ وَفَاءً کو باب تَفَعُّل یعنی تَوَفّٰی یَتَوَفّٰی تَوَفِّیًا کی طرف نقل کیا گیا ہے وہ اسی غرض کے لئے ہے، اب یہ دیکھنا چاہئے کہ مجرد میں اس کے حقیقی معنی کیا ہیں کیونکہ علم صرف کا یہ مسلمہ مسئلہ ہے کہ مجرد کو مزید کے کسی وزن پر بھی نقل کیا جائے اس میں مجرد کے اصلی معنی بہر نوع ضرور ملحوظ ہوں گے واضح رہے کہ مجرد ہو یا مزید سب کا مادہ اشتقاق وَفَاءٌ ہے جس کے معنی ہیں پورا ہونا اور پورا کرنا مجرد میں یہ اسی معنی میں باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے آتا ہے اور مصدر وَفَاءٌ اور وَفِیٌّ مستعمل ہے وعدہ کے متعلق وَفَا اور غَدْر ہماری زبان میں بھی بولے جاتے ہیں، یہ دونوں الفاظ باب دوسرے کی ضد واقع ہوئے ہیں غدر یعنی چھوڑ دینا اور پورا نہ کرنا، وفا کے مفہوم اور معنی پر صاف روشنی ڈال رہا ہے کہ پورا ہونا اور پورا کرنا اس کی اصلی اور حقیقی معنی ہیں۔ اب جتنے بھی اوزان مزید ہیں تَوْفِیَةٌ (باب تَفْعِلَةٌ) اِیْفَاءٌ (باب اِفْعَالٌ) مُوَافَاةٌ (باب مُفَاعَلَةٌ) تَوَافِیٌ (باب تَفَاعُلٌ) تَوَفِّیٌ (باب تَفَعُّلٌ) اِسْتِیْفَاءٌ (باب اِسْتِفْعَالٌ) سب میں یہ معنی ملحوظ رہیں گے۔ چنانچہ امام راغب اصفہانی تَوْفِیَةٌ کے متعلق لکھتے ہیں وتوفیۃ الشیٔ بذلہ وافیا (یعنی توفیۃ کے معنی ہیں کسی چیز کو پورے طور پر صرف کرنا) حضرت ابراہیم صلوات اللہ وسلامہ علیہ کے اوصاف کمال کے سلسلہ میں قرآن مجید کی تصریح ہے وَاِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰی (اور ابراہیم کو جس نے (اللہ تعالیٰ کے حقوق کو) پورا کر دیا) سورۂ آل عمران میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہ زجر کا بیان ہو رہا ہے فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۖ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (پھر کیسا ہوگا جب ہم ان کو جمع کریں گے ایک دن جس میں شبہ نہیں اور پورا پائے گا ہر کوئی اپنا کیا اور ان کا حق نہ رہیگا) سورہ بقرہ میں ارشاد ہے وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (اور ڈرتے رہو اس دن سے جس میں اللہ کے پاس لوٹائے جاؤ گے۔ پھر پورا ملیگا ہر شخص کو جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہ ہوگا) غرض قرآن مجید میں جہاں بھی توفیۃ کا استعمال ہوا ہے پورا دینے اور پورا کرنے کے لئے ہوا ہے اب غور کیجئے باب تفعّل کی خاصیت باب تفعیل کی مطاوعت اور اثر پذیری ہے اور جمیع ائمہ لغت و عربیت کی تصریح کے مطابق یہاں مجرد کو باب تفعل میں اسی غرض کے لئے استعمال کیا گیا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ جس طرح تَعْلِيمٌ کے معنی ہیں سکھلانا اور تَعَلُّمٌ کے معنی ہیں اس کا اثر قبول کرنا یعنی سیکھنا۔ اسی طرح تَوْفِيَةٌ کے معنی پورا دینے اور پورا کرنے اور تَوَفِّيٌ کے معنی اس کی اثر پذیری کے اعتبار سے پورا لینے اور پورا ہونے کے ہیں، قاضی ناصر الدین ابو سعید عبد اللہ بن عمر بن محمد البیضاوی اپنی مشہور اور مستند تفسیر انوار التنزیل واسرار التاویل میں رقمطراز ہیں والتوفی اخذ الشی وافیا (توفی کے معنی کسی چیز کو پورے طور پر لینا) اور آیت هُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ فان اصلہ قبض الشی بتمامہ[1] (پس جب یہ ثابت ہوا کہ "توفی" کے معنی کسی چیز کے پورے طور پر لینے اور قبض کرنے کے ہیں تو موت اور نیند کے لئے جو توفی کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے وہ اسی اعتبار سے ہے کہ ان دونوں حالتوں میں اس کی روح کھینچی اور قبض کی جاتی ہے ورنہ توفی کے معنی حقیقتاً موت کے نہیں ہیں، سورہ الزمر میں ارشاد ہے اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ فِي مَنَامِهَا ۖ فَيُمْسِكُ الَّتِي قَضَىٰ عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْأُخْرَىٰ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى (قبض کرتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت اور جو نہیں مریں ان کو سوتے میں پس جن کے لئے موت

[1] ملاحظہ ہو تفسیر مذکور سورہ مائدہ اور سورہ انعام۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقرر کردی ان کو تو روک رکھتا ہے اور اوروں کو ایک مقررہ مدت کے لئے بھیج دیتا ہے) اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ موت کی طرح نیند میں بھی جان کھینچی ہے مگر یہ جان وہ ہے جو مرنے سے پہلے نہیں کھینچی جاتی۔ آیت مذکورہ میں توفی کے معنی موت کے نہیں بلکہ قبض کرنے (یعنی لینے اور اٹھانے) کے ہیں۔ اسی طرح سورہ نسآ کی آیت فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّىٰ يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ (تو ان کو گھروں میں بند رکھو یہانتک کہ موت ان کو اٹھالے) میں توفی کے معنی کسی طرح موت کے نہیں بن سکتے بلکہ وہی قبض کرنے اور اٹھانے کے ہیں ورنہ اسناد الشیٔ الی نفسہ لازم آئیگا جو اصول عربیت پر کسی طرح درست نہیں ہوسکتی، اس لئے منکرین نزول مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ دعوی کسی طرح صحیح نہیں کہ توفی کے معنی ہیں کسی چیز کو پورا لینا اور اس کو قبض کرنا چونکہ مرنے پر انسان کی روح قبض کرلی جاتی ہے اور وہ اپنی زندگی پوری کرچکتا ہے اس لئے روح قبض کرنے اور جان لینے کے لئے بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ امام ابو جعفر احمد بن علی البیہقی جو لغت و عربیت کے امام ہیں تاج المصادر میں رقمطراز ہیں۔

یقال تُوُفِّیَ فلان و	جب کوئی مرجائے تُوُفِّیَ فلانٌ
تَوَفّٰی اذا مات فمن	اور تَوَفّٰی فلان کہا جاتا ہے پس
قال تُوُفِّیَ فمعناہ	جس نے تُوُفِّیَ (بصیغہ مجہول) کہا
قبض واخذ ومن	تو اس کے معنی ہوئے وہ قبض کیا گیا
قال تَوَفّٰی فمعناہ	اور اٹھایا گیا اور جس نے تَوَفّٰی
توفی اجلہ و	(بصیغہ معروف) کہا تو اس کے
استوفی اکلہ وعمرہ	معنی ہوئے اس نے اپنی مدت پوری
وعلی ھذا یتوجہ	کی اور روزی اور عمر کو پورا کیا جس نے
قراءۃ من قرأ یَتَوَفَّوْنَ	(قرآن میں) یَتَوَفَّوْنَ یا کے زبر
بفتح الیاء۔ [1]	سے پڑھا ہے وہ اسی معنی کے اعتبار
	سے ہے۔

تَتَوَلَّوْا۔ تم پھروگے۔ تَوَلِّیٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں تَتَوَلَّوْنَ تھا، ان شرطیہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا۔ تَوَلِّیٌ کا تعدیہ جب بنفسہ ہوتا ہے تو اس کے معنی دوستی رکھنے، مدد کرنے اور دوسرے کا کام سرانجام دینے کے ہوتے ہیں اور جب اس کا تعدیہ بواسطہ عن ہوتا ہے خواہ لفظاً ہو یا تقدیراً تو روگردانی کرنے، منہ پھیرنے اور دور ہونے

[1] تاج المصادر باب التفعل من اللفیف المقرون۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنی آتے ہیں، آیت کریمہ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ (اے ایمان والو دوستی نہ کرو اس قوم سے جن پر اللہ تعالیٰ غصہ ہوا) میں تعدیہ بنفسہ ہے اس لئے یہاں دوستی اور مدد کرنے کے معنی ہوں گے اور باقی تین مقامات پر جہاں یہ صیغہ آیا ہے تعدیہ بذریعہ عن ہے جو لفظوں میں مذکور نہیں بلکہ مقدر اور پوشیدہ ہے، لَا تَتَوَلَّوْا نہ پھرو، دوستی نہ کرو۔ تَوَلِّیٌ سے، نہی کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے ۱۲/ب

۲۶/ب ۲۸/۸ ۱۰۸

فصل الثاء المثلثة

تَثْبِیْتًا۔ ثابت کرنا، ثابت رکھنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، ۳/پ۵

تَثْرِیْبَ۔ سرزنش، الزام، گناہ پر ڈانٹنا، جھڑکنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے۔ ۱۳/۳

تَثْقَفُوْهُمْ۔ تو ان کو کبھی پائے (سمع) ثَقْفٌ سے۔ جس کے معنی پانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب اصل میں تو ثَقْفٌ کے معنی کسی چیز کے ادراک کرنے اور اس کے سرانجام دینے میں حذاقت مہارت کے ہیں لیکن بعد میں صرف ادراک کرنے اور پانے کے معنی میں استعمال ہونے لگا اگرچہ حذاقت نہ ہو۔ ۲/پ۲

تُثِیْرُ۔ وہ جوتتی ہے، وہ ابھارتی ہے، وہ اٹھاتی ہے، اِثَارَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اِثَارَۃٌ کے معنی اصل میں برانگیختہ کرنے اور ابھارنے کے ہیں، زمین کے جوتنے اور ہواؤں کے بادلوں کو لانے میں چونکہ یہ معنی موجود ہیں اس لئے ان دونوں کے لئے بھی اس کا استعمال ہوتا ہے ۱/۸ ۲۱/۸ ۲۲/۱۴

فصل الجیم المعجمة

تُجَادِلُ۔ وہ (جان) جھگڑتی ہے، وہ جھگڑا کریگی مُجَادَلَۃٌ سے جس کے معنی باہم جھگڑنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۱۴/۲۱

تُجَادِلُ۔ تو جھگڑتا ہے، تو جھگڑا کریگا۔ مُجَادَلَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر کا تُجَادِلُ تو مت جھگڑ۔ ۵/۱۲

تُجَادِلُكَ۔ وہ تجھ سے جھگڑتی ہے۔ تُجَادِلُ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب کَ ضمیر واحد مذکر حاضر۔ ۲۸/پ

تُجَادِلُوْا تم جھگڑو، مُجَادَلَۃٌ سے مضارع کا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صیغہ جمع مذکر حاضر یہاں کا نہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے۔ پ۱۱

تُجَادِلُونَنِیْ۔ تم مجھ سے جھگڑا کرتے ہو **تُجَادِلُوْنَ** مُجَادَلَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم۔ پ۸

تِجَارَۃٌ۔ سوداگری، بیوپار، باب ضَرَبَ یَضْرِبُ کا مصدر ہے پ۱ پ۲ پ۱۱ پ۲۲ پ۲۸

تِجَارَتُھُمْ۔ ان کی سوداگری **تِجَارَۃٌ** مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ پ۱

تُجَاھِدُوْنَ۔ تم جہاد کرتے ہو، مُجَاھَدَۃٌ سے جس کے معنی دشمن کی مدافعت میں مقدور بھر کوشش وطاقت صرف کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، جہاد کی تین قسمیں ہیں (۱) ظاہری دشمن سے جہاد (۲) شیطان سے جہاد۔ (۳) اپنے نفس سے جہاد، یہاں تینوں قسم کا جہاد داخل ہے۔ پ۲۸

تَجْتَنِبُوْا۔ تم بچو گے، تم بچتے رہو گے۔ اِجْتِنَابٌ سے، جس کے معنی پہلوتہی کرنے، کنارہ رہنے اور بچنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں تَجْتَنِبُوْنَ تھا، عامل کے آنے کے سبب سے نون اعرابی ساقط ہوگیا۔ پ۵

تَجِدُ۔ وہ (جان) پائیگی (ضَرَبَ) وُجُوْدٌ سے جس کے معنی پانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، واضح رہے کہ وجود کی کئی قسمیں ہیں (۱) کسی چیز کو بذریعہ حواس خمسہ کے پانا جیسے بولتے ہیں وَجَدْتُ زَیْدًا (میں نے زید کو پایا) وجدتُ طعمہ (میں نے اس کا مزہ پایا) وجدت صَوْتَہٗ میں نے اس کی آواز پائی۔ وجدت خشونتہٗ میں نے اس کی سختی پائی) (۲) بقوت شہویہ کسی چیز کو پانا جیسے وَجَدْتُ الشِّبَعَ (میں نے شکم سیری کو پایا) (۳) قوت غضبیہ کے ذریعہ کسی چیز کو پانا جیسے غم وغصہ کا وجود (۴) عقل سے کسی چیز کا پانا جیسے معرفت الٰہی اور معرفت نبوت۔ پ۳

تَجِدُ۔ تو پاتا ہے، تو پائیگا، وُجُوْدٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ۵ پ۸ پ۱۵ پ۵ پ۱۱ پ۲۲ پ۲۶ پ۲۸

تَجِدَنَّ۔ تو ضرور پاتا ہے، تو ضرور پائیگا، وُجُوْدٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ۱۵

تَجِدَھُمْ۔ تو ان کو ضرور پاتا ہے، تو ان کو ضرور پائیگا۔ اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ۱۱

تَجِدُنِیْ۔ تو مجھے پائیگا۔ تَجِدُ مضارع کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مذکر حاضر نون وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ۱۵ پ ۲۱

پ ۲ ع ۲۳

تَجِدُوْا تم پاتے ہو، تم پاؤ گے، وُجُوْدٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً (پس تم پانی نہ پاؤ) میں عدم وجود سے عدم قدرت مراد ہے یعنی پانی کے استعمال پر قدرت حاصل نہ ہو کیونکہ وجود کا اطلاق مجازی طور پر کسی چیز پر قابو پانے کے لئے بھی آتا ہے۔ ۳ پ ۵ پ ۶ ع ۱۵

پ ۱۸ ع ۱۰ پ ۲۸ ع ۲

تَجِدُوْنَ تم پاتے ہو، تم پاؤ گے، وُجُوْدٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۵ پ ۹

تَجِدُوْهُ تم اس کو پاؤ گے، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے۔ ۱ پ ۲۹ ع ۱۳

تُجْرِمُوْنَ تم جرم کرتے ہو، تم جرم کرو گے اِجْرَامٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اجرامی)

پ ۱۳ ع ۳۔

تَجْرَؤُوْا تم زاری کرو، تم فریاد کرو، تم چلاؤ (فتح) جَأْرٌ اور جُؤَارٌ سے جس کے معنی فریاد وزاری کرنے اور زور سے گڑگڑانے اور چلانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں فعل نہی ہے اور کا نہی کے آنے کے سبب نون اعرابی گر گیا ہے

اصل میں جُؤَار جانورانِ وحشی ہرن وغیرہ کے رم کرنے اور گھبرانے کے وقت چلانے کو کہتے ہیں پھر بطور استعارہ فریاد وزاری کے معنی میں اس کا استعمال ہونے لگا۔ پ ۱۸ ع ۴ (رم کرنا۔ ڈرنا۔ بھاگنا)

تَجْأَرُوْنَ تم فریاد کرتے ہو، تم زاری کرتے ہو، تم چلاتے ہو، جَأْرٌ اور جُؤَارٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۴ ع ۱۳

تَجْرِیْ وہ بہتی ہے، وہ چلتی ہے وہ جاری ہے، (ضَرَبَ) جَرْیٌ اور جَرَیَانٌ سے جس کے معنی تیز گزرنے اور پانی کی طرح بہنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۱۱ ع ۴ پ ۲ ع ۴ پ ۳ ع ۱۰

پ ۴ ع ۵ و ۱۱ و ۱۳ پ ۵ ع ۱۵ و ۵ پ ۷ ع ۶ و ۱۰ پ ۸ ع ۱۲ پ ۱۰ ع ۱۵ و ۱۶ پ ۱۱ ع ۲ و ۶

پ ۱۲ ع ۴ پ ۱۳ ع ۱۱ و ۱۶ و ۱۷ پ ۱۴ ع ۱۰ پ ۱۵ ع ۱۶ پ ۱۶ ع ۱۲ پ ۱۷ ع ۶ و ۹ و ۱۰ و ۱۶

پ ۱۷ ع ۱۶ پ ۲۱ ع ۲ و ۸ و ۱۳ پ ۲۲ ع ۲ و ۱۲ و ۱۶ پ ۲۵ ع ۱۱ و ۱۸ پ ۲۶ ع ۶ و ۹ و ۱۰

پ ۲۷ ع ۸ و ۱۸ پ ۲۸ ع ۳ و ۱۵ و ۱۸ و ۲۰ پ ۳۰ ع ۱۰ و ۱۳

تَجْرِیَانِ وہ دونوں بہتی ہیں، جَرْیٌ سے مضارع کا صیغہ تثنیہ مؤنث غائب ۲۴ ع ۱۳

تُجْزَوْنَ تم بدلہ دیئے جاؤ گے، تم جزا دیئے جاؤ گے، (ضَرَبَ) جَزَاءٌ سے جس کے معنی بدلہ دینے کے اور کافی ہونے کے ہیں مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱۴ ع ۱۰ پ ۲۰ ع ۳ پ ۲۳ ع ۳ و ۶

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پ۲۹ پ۳۰ پ۳۱ پ۳۲

تَجْزِیْ - وہ کفایت کرے گی، وہ بدلہ ہوگی، وہ کام آئیگی، جَزَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ۱ ع۱۵

تُجْزٰی - وہ بدلہ دی جائیگی، اس کو جزا دی جائیگی جَزَاءٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔

پ۱۲ پ۲۳ پ۲۵ پ۳۰

تَجَسَّسُوْا - تم جاسوسی کرو، تَجَسُّسٌ سے جس کے معنی جاسوسی کرنے اور کھوج لگانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں فعل نہی ہے تجسس جَسٌّ سے ماخوذ ہے جس کے اصل معنی صحت یا مرض کو معلوم کرنے کے لئے نبض پہچاننے کے ہیں۔ جَسٌّ بہ نسبت حَسٌّ کے خاص ہے کیونکہ حَسٌّ کے معنی ہیں ہر اس چیز کا پہچاننا جو بذریعہ حس معلوم ہو سکے اور جَسٌّ کے معنی ہیں، ایک خاص حالت کا پتہ چلانا۔ پ۲۶

تَجْعَلُ - تو بنائیگا، تو کریگا، جَعْلٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ۱ ع۱۶

لَا تَجْعَلْ تو مت کر، تو مت بنا، یہ فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اَجْعَلَ اور جَعَلَ پ۱۵ ع۱۳ پ۲۸

تَجْعَلْنَا - تو ہم کو کر، تو ہم کو بنا، اس میں نَا ضمیر جمع متکلم ہے پ۹ ع۱۱ پ۱۳

تَجْعَلَنِیْ - تو مجھ کو کر، تو مجھ کو بنا اس میں نِ وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے پ۹ ع۱۳

تَجْعَلُوْا - تم بناؤ، تم بنانے لگو، تم کرو، تم کرنے لگو، جَعْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے آنے سے گر پڑا، پ۱ ع۱۲

پ۵ ع۱۸ پ۱۵ ع۲ پ۲۴

تَجْعَلُوْنَ - تم مقرر کرتے ہو، تم بناتے ہو جَعْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۲۲ ع۲ پ۲۷

تَجْعَلُوْنَهٗ تم اس کو بناتے ہو، تم اس کو کرتے ہو اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے پ۷ ع۱۷

تَجَلّٰی - اس نے تجلی کی، وہ روشن ہوا، وہ ظاہر ہوا، تَجَلِّیٌ سے جس کے معنی ظاہر و ہویدا ہونے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۹ ع۳

تَجْمَعُوْا - تم جمع کرنے لگو، تم اکٹھا کرو، (فتح) جَمْعٌ سے، جس کے معنی اکٹھا کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۲۰ ع۱۵

تَجُوْعَ - تو بھوکا رہے، تجھے بھوک لگے، تو بھوکا ہوویگا۔ (نصر) جَوْعٌ سے جس کے معنی بھوک لگنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ۱۶ ع۱۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَجْهَرُ تو آواز بلند کرے، تو آواز بلند کرتا ہے، تو آواز بلند کرے گا۔ (فتح) جَهْرٌ سے، جس کے معنی اچھی طرح دیکھنے اور خوب سننے کے ذریعہ کسی چیز کے ظاہر ہونے کے ہیں مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر۔ چنانچہ جہر کا استعمال کبھی تو کھلم کھلا دیکھنے کے لئے ہوتا ہے اور کبھی بلند آواز سے بولنے کے لئے کیونکہ اول صورت میں حاسۂ بصر کی افراط کے ذریعہ ایک شئے کا ظہور ہوتا ہے اور دوسری صورت میں حاسۂ سمع کی۔

تَجْهَرُوا تم آواز بلند کرتے ہو، تم آواز بلند کروگے، جَهْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر

تَجْهَلُونَ۔ تم نادانی کرتے ہو، تم جہالت کرتے ہو (سمع) جَهْلٌ سے، جس کے معنی نادان ہونے، نہ جاننے اور جہالت کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر جَهْلٌ کی تین قسمیں ہیں (۱) نفسِ انسانی کا علم سے خالی ہونا یہ اس کے اصل معنی ہیں، چنانچہ بعض متکلمین نے اس کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے "جہل" اس معنی کا نام ہے جو بے ڈھنگے کاموں کا سبب ہو (۲) کسی چیز کے متعلق اس بات کا اعتقاد رکھنا جو اس میں نہ ہو (۳) کسی چیز کا اس طرح پر کرنا جس طرح کرنے کا حق نہ ہو خواہ اس چیز کے متعلق صحیح اعتقاد رکھے یا غلط جیسے قصداً نماز چھوڑ دینا چنانچہ بنی اسرائیل کو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبانی ذبح بقر کا حکم دیا جاتا ہے تو قرآن مجید حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کا مکالمہ نقل کرتے ہوئے فرماتا ہے قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (وہ بولے کیا تم ہم سے ٹھٹھا کرتے ہو، حضرت موسیٰ نے فرمایا، پناہ اللہ کی اس سے کہ میں نادانوں میں ہوں) کہ یہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ٹھٹھا کرنے کو جہالت فرمایا، جاہل کا اکثر تو ذکر بر سبیل مذمت ہی ہوتا ہے لیکن کبھی کبھی بغیر مذمت کے بھی ہو جاتا ہے جیسے يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاۗءَ مِنَ التَّعَفُّفِ (ان کو بے خبر نہ مانگنے کی وجہ سے غنی خیال کرتا ہے)

فصل الحاء المهملة

تُحَاجُّوْنَ۔ تم جھگڑا کرتے ہو، تم مکابرہ کرتے ہو مُحَاجَّةٌ سے جس کے معنی دوسرے سے حجت کرنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۳ ع ۱۵

تُحَاجُّوْنَنَا ۔ تم ہم سے جھگڑتے ہو، تم ہم سے حجت کرتے ہو، اس میں نا ضمیر جمع متکلم ہے پ ۱ ع ۱۶

تُحَاجُّوْنِّیْ ۔ تم مجھ سے جھگڑتے ہو، تم مجھ سے حجت کرتے ہو، اس میں ی ضمیر واحد متکلم ہے پ ۵ ع ۱۵

تُحَاضُّوْنَ ۔ تم رغبت دلاتے ہو، تم آپس میں تاکید رکھتے ہو، مُحَاضَّۃٌ سے جس کے معنی باہم رغبت دلانے اور آپس میں تاکید رکھنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ ۳۰ ع ۱۴

تُحَاوِرُکُمَا ۔ تم دونوں کا سوال جواب، تم دونوں کی گفتگو، تَحَاوُر وزن تَفَاعُلٌ بمعنی باہم سوال وجواب کرنا مصدر ہے اور مضاف ہے کُمَا ضمیر تثنیہ مذکر حاضر مضاف الیہ پ ۲۸

تُحْبَرُوْنَ ۔ تمہاری عزت کرائی جائے گی، تم خوش حال کر دیئے جاؤ گے، تمہارا بناؤ سنگار کرایا جائے گا۔ (نَصَرَ) حَبْرٌ سے جس کے معنی زینت کرنے اور خوشی و مسرت کے آثار ظاہر ہونے کے ہیں، مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۲۵ ع ۱۲

تَحْبِسُوْنَهُمَا ان دونوں کو تم روک رکھو۔ (ضَرَبَ) تَحْبِسُوْنَ حَبْسٌ سے جس کے معنی روکے رکھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب۔ پ ۷ ع ۱۴

تَحْبَطَ وہ اکارت ہو جائے، وہ حبط ہو جائے وہ مٹ جائے (سَمِعَ) حَبْطٌ سے جس کے معنی مٹنے اور اکارت ہو جانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَحْبَطَ) پ ۲۶ ع ۱۲

تُحِبُّوْا ۔ تم دوست رکھو، تم پسند کرو، اِحْبَابٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ نون اعرابی عامل کی وجہ سے حذف ہو گیا (ملاحظہ ہو اُحِبُّ) پ ۲

تُحِبُّوْنَ ۔ تم محبت کرتے ہو، تم محبت کرو گے تم دوست رکھتے ہو، تم دوست رکھو گے اِحْبَابٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ ۳ ع ۱۲ و پ ۴ ع ۸ پ ۷ ع ۱۴ پ ۱۰ ع ۱۶ پ ۳۰ ع ۱۴

تُحِبُّوْنَهَا ۔ تم اس کو دوست رکھتے ہو، تم اس کو چاہتے ہو، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ ۲۸

تُحِبُّوْنَهُمْ تم ان کو دوست رکھتے ہو، تم ان کو چاہتے ہو، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ ۴

تَحْتَ نیچے، فَوْقَ کی ضد ہے۔ اسم ظرف ہے "تحت" اور "اسفل" میں یہ فرق ہے کہ تحت کا استعمال منفصل میں ہوتا ہے اور اسفل کا استعمال متصل میں چنانچہ بولتے ہیں المال تحتہ (مال اس کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحت یعنی نیچے ہے) اور اسفلہ اغلظ من اعلاہ (اس کا اسفل اس کے اعلیٰ سے سخت ہے) ۶/۱۲

۲/۴ ۱۶/۱۰ ۲۱/۲ ۲۴/۱۸ ۲۶/۱۱ ۲۸/۲۲

تَحْتَكِ تیرے نیچے، تحت مضاف لِ ضمیر واحد مؤنث حاضر مضاف الیہ۔ ۱۶/۲

تَحْتَهُ اس کے نیچے، تحت مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۱۶/۱

تَحْتَهَا اس کے نیچے، تحت مضاف ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ۱/۲ ۴/۳۱

۴/۵ و ۱۱ و ۱۳ ۵/۵ و ۱۵ ۶/۴ و ۱۶/۱۵ و ۱۸ ۱۰/۴ و ۱۶/۱۵ و ۱۸ ۱۱/۲

۱۲/۱۱ و ۱۶/۱۹ ۱۴/۱۰ ۱۶/۵ و ۱۲ ۱۷/۴ و ۱۰/۲۰ ۱۸/۱۴ ۲۱/۲ ۲۳/۱۶

۲۶/۹ و ۱۰/۱۰ ۲۷/۱۸ ۲۸/۳ و ۱۱ و ۱۵ و ۱۸ و ۲۰ ۳۰/۱۰ و ۲۳/۲۰

تَحْتَهُمْ ان کے نیچے، تحت مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۷/۲ ۸/۱۳ ۱۱/۶

۱۵/۱۲ ۲۳/۱۶

تَحْتِي میرے نیچے، تحت مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ ۲۵/۱۱

تُحَدِّثُونَهُمْ تم ان سے کہدیتے ہو تُحَدِّثُونَ تحدیث سے جس کے معنی باتیں کرنے بیان کرنے اور کہنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، اَتُحَدِّثُونَهُمْ میں ہمزہ استفہام تہدید کے لئے ہے۔ ۷/۲

تَحْذَرُونَ تم ڈرتے ہو تم بچتے ہو حَذَرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَتُحَدِّثُونَهُمْ) ۷۶/۱۱

تَحْرُثُونَ تم بوتے ہو (نصر) حَرْثٌ سے جس کے معنی بونے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۳۴/۱۵

تَحْرِصُ تو حرص کرے، تو للچاوے، تو کوشش کرے (ضرب) حِرْصٌ سے جس کے معنی طمع اور خواہش کی زیادتی کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر اصل میں دھوبی دھوتے وقت جو کپڑا کوٹ کر پھاڑ ڈالتا ہے اس کو حَرْصٌ (با نفتح) کہتے ہیں یہ دھونے میں زیادتی ہوئی حِرْصٌ (با لکسر) اسی سے ماخوذ ہے جو لالچ اور اراده کی زیادتی کیلئے مستعمل ہے ۱۳/۱۲

تُحَرِّكْ تو ہلا، تو چلا، تو حرکت دے، تحریک سے جس کے معنی حرکت دینے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر کا تُحَرِّكْ، تو مت ہلا تو نہ چلا، تو حرکت نہ دے، صیغہ نہی ہے۔ ۲۹/۱۲

تُحَرِّمُ تو حرام کرتا ہے، تحریم سے جس کے معنی کسی چیز کے حرام کر دینے اور اس پر حرمت کا حکم دینے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو حَرَّمْنَا ۲۸/۱۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُحَرِّمُوْا۔ تم حرام کرلو، تم حرام ٹھیراؤ، تَحْرِیْمٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ لَا تُحَرِّمُوْا تم حرام نہ ٹھیراؤ، تم حرام نہ کرلو) فعل نہی ہے جو چیز شرع میں صاف طور پر حلال ہو اس سے پرہیز کرنا برا ہے تحریم کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ زہد کے سبب سے اپنے اوپر تنگی اختیار کرے اور قصداً حلال اور پاک چیزوں کا استعمال ترک کردے مثلاً گوشت نہ کھائے نکاح نہ کرے، مقدور ہوتے ہوئے خوشبو نہ لگائے اچھے کپڑے نہ پہنے تو اس قسم کا زہد حقیقتاً زہد نہیں بلکہ رہبانیت ہے جو ہمارے دین میں پسند نہیں، انسان کو چاہئے تقویٰ اختیار کرے یعنی جو چیزیں منع ہیں ان سے بازرہے اور ان کے نزدیک نہ جائے دوسرے یہ کہ کسی جائز کام کے انجام نہ دینے یا تھری چیز کے استعمال نہ کرنے پر قسم کھا بیٹھے یہ بھی بہتر نہیں جو کام موافق شرع ہو اس سے قسم نہ کھائے اور اگر کھالی ہے تو توڑ ڈالے اور کفارہ دے، یہاں دونوں طرح کی تحریم سے ممانعت ہے شریعت اسرائیلیہ میں اگر اس طرح کی قسم کھالی جاتی تو لازم ہو جاتی تھی اور اس شے کا استعمال قسم کھانے والے کے لئے حرام ہو جاتا تھا۔ چنانچہ حضرت یعقوب علیہ السلام کو ایک مرض ہو گیا تھا انھوں نے نذر مانی کہ اگر صحت پاؤں تو جو میری بہت رغبت کی چیز ہو وہ چھوڑ دوں، ان کو اونٹ کا گوشت بہت بھاتا تھا سو نذر کے سبب چھوڑ دیا۔ سورۂ آل عمران کی آیت كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ إِسْرَآءِيلُ عَلَىٰ نَفْسِهِۦ مِن قَبْلِ أَن تُنَزَّلَ التَّوْرَىٰةُ (سب کھانے کی چیزیں بنی اسرائیل کے لئے حلال تھیں مگر جو خود حرام کرلی تھی اسرائیل نے توریت نازل ہونے سے پہلے اپنے نفس پر) میں اسی تحریم کا ذکر ہے، ہماری شریعت میں اس طرح کی تحریم منسوخ ہے چنانچہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیبیوں کی خاطر سے اپنی ایک حرم موقوف کردی یا ایک بی بی کے یہاں شہد پینا موقوف کردیا تو یہ آیت نازل ہوئی يَٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ (اے نبی تم کیوں حرام کرو اس کو جسے اللہ نے تمہارے لئے حلال کیا) ان دونوں آیتوں میں دوسری طرح کی تحریم مذکور ہے۔

تَحَرَّوْا۔ انھوں نے قصد کیا۔ تَحَرِّیٌ سے جس کے معنی عمدہ اور مناسب ترین رائے ڈھونڈھنے اور اچھی چیز کا قصد کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب۔ ۲۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحریر۔ آزاد کرنا، بروزن تفعیل مصدر ہے، تحریر ولدان کا مطلب یہ ہے کہ بچوں کو خدا کی عبادت اور مسجد کی خدمت کے لئے وقف کر دیا جائے۔ شریعت اسرائیلیہ میں اس طرح کا وقف روا تھا۔ پ ۳ ع ۵

تحزن۔ تو غم کھاتا ہے (سمع، نصر) حزن سے جس کے معنی اندوہگیں اور غمگین ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لا تحزن (تو غم نکھا) فعل نہی ہے پ ۱۰ ع ۱۲ پ ۱۲ ع ۲۲ پ ۲۰ ع ۱۶

تحزن۔ وہ (عورت) غمگین ہووے، حزن سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۱۶ ع ۱۱

تحزنوا۔ تم غمگین ہونے لگو، حزن سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ لا تحزنوا تم غم نہ کھاؤ فعل نہی ہے۔ پ ۴ ع ۱۸ پ ۴ ع ۳۳

تحزنون۔ تم غم کھاؤ گے۔ تم غمگین ہو گے، حزن سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱۳ ع ۵ پ ۱۳ ع ۲۵

تحزنی۔ تو غمگین ہووے، حزن سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث حاضر لا تحزنی۔ تو اندوہگیں نہ ہو فعل نہی ہے۔ پ ۱۶ ع ۱۰ پ ۲۰ ع ۴

تحس۔ تو دیکھتا ہے، تو آہٹ پاتا ہے، احساس سے، جس کے معنی محسوس کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ ۱۶ ع ۹

تحسب۔ تو گمان کرتا ہے، تو خیال کرتا ہے (ضرب سمع) حسبان سے جس کے معنی گمان کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ ۱۱ ع ۴

تحسبن۔ تو گمان کرے، تو خیال کرے حسبان سے، مضارع با نون تاکید کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ لا تحسبن تو گمان نہ کر، تو خیال نہ کر۔ پ ۴ ع ۸ پ ۷ ع ۱۰

تحسبنهم۔ تو ان کو گمان کرے، تو ان کو خیال کرے، اس میں هم ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ پ ۴ ع ۱۳ پ ۱۹ ع ۱۳

تحسبونه۔ تم اس کو گمان کرتے ہو، تم اس کو خیال کرتے ہو، تحسبون حسبان سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہ ضمیر واحد مذکر غائب پ ۱۸ ع ۵

تحسبوه۔ تم اس کے متعلق خیال کرو، تم اس کے بارے میں گمان کرو، تحسبوا مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ضمیر واحد مذکر غائب نون اعرابی عامل کے سبب ساقط ہو گیا۔ پ ۱۸ ع ۱

تحسبها۔ تو اس کو گمان کرے گا، تو اس کو سمجھیگا تحسب فعل مضارع ھا ضمیر واحد مؤنث غائب۔ پ ۳۰ ع ۲

تحسبهم۔ تو ان کو سمجھتا ہے، تو ان کو خیال کرتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توان کو گمان کرتا ہے، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ پ۱۵ ع۲۵

تَحْسُدُوْنَنَا۔ تم ہم سے حسد کرتے ہو، تم ہمارے بھلے سے جلتے ہو (نصر، ضرب) حَسَدٌ سے جس کے معنی ہونے یعنی مستحق نعمت کے بھلے پر جلنے اور اس نعمت کے اس سے چھن جانے کی آرزو کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ نا ضمیر جمع متکلم کبھی کبھی حسد میں زوالِ نعمت کی آرزو کے ساتھ ساتھ اس کے لئے کوشش بھی ہوتی ہے۔ پ۱

تَحَسَّسُوْا۔ تم تلاش کرو، تم جستجو کرو، تم خبر لو، تَحَسُّسٌ سے جس کے معنی خبر لینے اور تلاش کرنے کے ہیں۔ امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۳

تُحْسِنُوْا تم احسان کرو، تم نیکی کرو، تم بھلائی کرو اِحْسَانٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِحْسَانٌ) پ۵

تَحُسُّوْنَھُمْ۔ تم ان کو کاٹنے لگے، تم ان کو قتل کرنے لگے (نصر) تَحُسُّوْنَ حَسٌّ سے جس کے معنی قتل کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۴

تُحْشَرُوْنَ۔ تم جمع کئے جاؤ گے، تم اکٹھے کئے جاؤ گے، حَشْرٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُحْشُرُوْا) پ۷ ع۲ پ۷ ع۸ پ۱۰ ع۱۳ پ۹ ع۷ پ۱۸ ع۵ پ۲۵ ع۲ پ۲۹

تَحَصُّنًا۔ پرہیزگاری، بچے رہنا، قید میں رہنا، بروزن تَفَعُّلٌ مصدر ہے، اصل میں تو اس کے معنی قلعہ بند ہونے کے ہیں، پھر اس کا استعمال ہر طرح کی حفاظت کے متعلق ہونے لگا، یہاں پاکدامنی اور عفت مآبی کے معنی ہیں۔ پ۱۷

تُحْصِنَكُمْ۔ وہ تم کو بچائے، وہ تمہارا بچاؤ کرے، تَحْصِیْنٌ اِحْصَانٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، اِحْصَانٌ مختلف معانی کے لئے آتا ہے مگر سب کا مرجع ایک ہی معنی کی طرف ہے یعنی کسی چیز کو روکے رکھنا اور اس کا بچاؤ کرنا، (ملاحظہ ہو اُحْصِنَتْ) پ۱۷

تُحْصِنُوْنَ۔ تم روکے رکھو، تم بچائے رکھو، تم حفاظت رکھو، اِحْصَانٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱۷

تُحْصُوْهُ تم اس کا احاطہ کرو گے، تم اس کا شمار کرو گے۔ تُحْصُوْا اِحْصَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ضمیر واحد مذکر غائب اِحْصَاءٌ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے معنی شمار کرنے کے ہیں یہاں اوقات کا شمار اور گھڑیوں کا گننا مراد ہے ۱۲ پ ۱۴ ع ۸ ۲۹/۱۴

لَنْ تُحْصُوْهُ (تم ہرگز اس کا شمار نہ رکھ سکو گے) یعنی اٹھنے کو نباہ نہ سکو گے، پورا نہ کر سکو گے (ملاحظہ ہو اَحْصٰی) ۲۹/۱۲

تُحْصُوْهَا۔ تم اس کا شمار کر سکو گے۔ اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے ۱۳ پ

تُحِطْ۔ تو احاطہ کرے گا، تو گھیر لیگا، تو قابو میں کرے گا، اِحَاطَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَحَاطَ) ۱۵ پ ۱۹/۱۷

تَحْكُمُ۔ تو حکم کرے، تو حکم کرے گا۔ حُكْمٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُحْكِمَتْ) ۵ پ ۲۴

تَحْكُمُوْا۔ تم حکم کرو، تم فیصلہ کرو، حُكْمٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی اَنْ ناصبہ کے آنے سے گر گیا، ۵ پ

تَحْكُمُوْنَ۔ تم حکم کرتے ہو۔ حُكْمٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۱ پ ۳۳ ع ۹ ۲۹/۳۲ ۔

تَحِلُّ۔ وہ (عورت) حلال ہوتی ہے (ضَرَبَ) حِلٌّ سے، جس کے معنی حلال ہونے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، حَلٌّ کے معنی گرہ کھولنے کے ہیں، حِلٌّ اسی سے ماخوذ ہے کیونکہ کسی شے کے حلال ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے استعمال میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ باقی نہیں ہے۔ ۲ پ

تَحُلُّ۔ وہ اترتی ہے (نَصَرَ) حُلُوْلٌ اور حَلٌّ سے بمعنی فرو کش ہونے اور اترنے کے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں اترتے وقت جس رسی میں اسباب بندھا ہوتا ہے اس کی گرہ کھولنے کو حَلٌّ کہتے ہیں، پھر محض اترنے کے لئے بھی اس کا استعمال ہونے لگا۔ ۱۳ پ

تَحِلَّۃٌ۔ کھولنا، کھولڈالنا، حلال کرنا۔ حَلَّلَ کا مصدر ہے، بروزن تَفْعِلَۃٌ ۲۸ پ

تَحْلِقُوْا۔ تم حجامت کرو، تم منڈاؤ (ضرب) حَلْقٌ سے جس کے معنی بالوں کے منڈانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۲۶ پ

تَحْمِلْ۔ تو لادے، تو بوجھ ڈالے (ضَرَبَ) حَمْلٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، حَمْلٌ کے معنی ایک ہی ہیں بوجھ لادنا، بوجھ اٹھانا مگر چونکہ اس کا استعمال بہت سی اشیاء کے متعلق ہوتا ہے اس لئے گو صیغہ فعل یکساں رہتا ہے مگر مصادر میں فرق ہو جاتا ہے۔ چنانچہ جو بوجھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ ظاہر میں اٹھائے جاتے ہیں جیسے وہ چیزیں کہ جو پیٹھ پر لادی جاتی ہیں ان کے لئے حِمْلٌ (بالکسر) آتا ہے اور جو بوجھ کہ باطن میں اٹھائے جاتے ہیں جیسے بچہ پیٹ میں اور پانی ابر میں اور پھل درخت میں ان کے لئے حَمْلٌ (بالفتح) کا استعمال ہوتا ہے (ملاحظہ ہو اِحْمِلْ) ۳/۸ ب ۹/۱۲

تَحْمِلُ۔ وہ حاملہ ہوتی ہے، وہ اٹھاتی ہے حَمْلٌ اور حِمْلٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۳/۸ ب ۱۴/۲ ب ۲۱/۱۴ ب ۲۵/۱

تُحَمِّلْنَا۔ تو ہم پر بار ڈال۔ تو ہم پر بوجھ ڈال، تو ہم سے اٹھوا، تَحْمِیْلٌ تَحْمِلٌ سے جس کے معنی بوجھ اٹھوانے اور بار ڈالنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نا ضمیر جمع متکلم، ب ۳/۸

تُحْمَلُوْنَ۔ تم سوار کئے جاتے ہو۔ تم لدے پھرتے ہو، حَمْلٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر ب ۱۸/۱۰ ب ۲۲/۱۲

تَحْمِلُهٗ۔ اس کو اٹھائے ہوئے۔ وہ اس کو اٹھاتی ہے۔ تَفْعِیْلٌ حَمْلٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ب ۲/۱۲ ب ۶/۱۲

تَحْمِلُهُمْ۔ تو ان کو سواری دے، تو ان کو سوار کردے۔ تَفْعِیْلٌ حَمْلٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب۔ ب ۱۱/۱۰

تَحْنَثْ۔ تو قسم توڑے، (بَابِ) حِنْثٌ سے۔ جس کے معنی قسم کے ٹوٹنے اور جھوٹا ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ ب ۲۳/۱۳

تَحْوِیْلًا۔ تبدیلی، تغیر، تفاوت، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے۔ ب ۵/۸ ب ۳۳/۱۷

تَحِیَّةٌ۔ سلام، دعائے خیر، دعائے زندگی۔ حَیَاةٌ سے ماخوذ ہے، حَیَّاكَ اللّٰهُ (اللہ نے تجھے زندگی دی) کا مصدر ہے، جو خبر کا لفظ ہے مگر دعا، زندگی کے لئے استعمال کیا گیا (یعنی اللہ تجھے جیتا رکھے) اور پھر ہر دعا کے لئے آنے لگا اور سلام کے معنی دینے لگا۔ ب ۸/۴ ب ۱۲/۱۴ ب ۱۹/۱۴

تَحِیَّتُهُمْ۔ ان کی دعائے ملاقات، ان کی دعائے خیر، تَحِیَّةٌ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ۔ ب ۱۱/۱۰ ب ۱۳/۱۶ ب ۲۳/۳

تَحِیْدُ۔ تو کنارہ کرتا ہے، تو مڑتا ہے، تو مٹتا ہے (ضَرَبَ) حَیْدٌ سے۔ جس کے معنی عدول کرنے کنارہ کرنے اور مٹنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ ب ۳۶/۱۶

تُحِیْطُوْا۔ تم گھیرتے ہو، تم احاطہ کرتے ہو۔ اَحَاطَتْ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ب ۲۰/۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَحْيَوْنَ۔ تم جیوگے، تم زندگی گزاروگے (سمع) حَيٌّ سے جس کے معنی زندہ رہنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۹

فصل الخاء المعجمة

تَخَاصُمٌ۔ جھگڑنا، خصومت، بروزن تَفَاعُلٌ مصدر ہے۔ ۱۳/۳۳

تُخَاطِبْنِي۔ تو مجھ سے گفتگو کر، تو مجھ سے بول تُخَاطِبْ مُخَاطَبَةٌ سے جس کے معنی آپس میں بات چیت کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں لا نہی داخل ہے اسلئے فعل نہی ہے اور ای کی رعایت سے معنی بھی ہوں گے، ان وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ۱۲/۴ ۱۸/۲

تَخَفْ۔ تو ڈریگا، خوفٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اخاف) ۱۶/۱۳

تَخَافَا۔ تم دونوں ڈرتے رہو۔ تم دونوں ڈروگے خَوْفٌ سے مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر۔ لَا تَخَافَا (تم دونوں نہ ڈرو) فعل نہی ہے۔ ۱۶/۱۱

تُخَافِتْ۔ تو آہستہ کر، تو آہستہ پڑھ مُخَافَتَةٌ سے جس کے معنی آہستہ گفتگو کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، لَا تُخَافِتْ (تو بہت آہستہ نہ کر، تو چپکے نہ پڑھ) فعل نہی ہے۔ ۱۵/۱۱۰

تَخَافَنَّ۔ تو ڈرے، تجھ کو ڈر ہو، خَوْفٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ۲۰/۷۷

تَخَافُوا۔ تم ڈرتے رہو، تم ڈروگے۔ خَوْفٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَخَافُوا۔ (تم نہ ڈرو) فعل نہی ہے۔ ۲۲/۱۸

تَخَافُونَ۔ تم ڈرتے ہو، تم ڈروگے۔ خَوْفٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ ۵/۲ ۱۵/۲ ۹/۷ ۳۱/۱۲

تَخَافُوهُمْ۔ تم ان سے ڈرتے رہو۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ ۲۱/۷

تَخَافُوهُمْ۔ تم ان سے ڈرو، تَخَافُوا۔ صیغہ مضارع، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، ۴/۷

تَخَافِي۔ تو نہ ڈر، تو خوف نہ کر، خَوْفٌ سے۔ نہی کا صیغہ، واحد مؤنث حاضر۔ ۲۰/۷۷

تُخَالِطُوهُمْ۔ تم ان کو ملالو، تم ان کا خرچ ملاجلا رکھو۔ تم ان سے مشارکت رکھو، تُخَالِطُوا مُخَالَطَةٌ سے جس کے معنی دو چیزوں کے آپس میں ملجانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، ۲/۱۱

تُخْبِتُ۔ وہ عاجزی کرے، وہ دبے، وہ جھکے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِخْبَاتٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب
اصل میں خَبْتٌ نرم زمین کو کہتے ہیں اور اَخْبَتَ
کے معنی نرم زمین کا قصد کرنے اور وہاں اترنے
کے ہیں، پھر اسی نرمی کا لحاظ کرتے ہوئے
اِخْبَاتٌ کا استعمال تواضع، نرمی اور انکساری
کے لئے ہونے لگا۔ ۱۲/۱۱

تَخْتَانُوْنَ۔ تم خیانت کرنا چاہتے ہو اِخْتِیَانٌ
سے۔ جس کے معنی جھگڑا کرنے کے ہیں مضارع
کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۲/۱۰

تَخْتَصِمُوْا۔ تم جھگڑا کرو، اِخْتِصَامٌ سے
جس کے معنی جھگڑا کرنے کے ہیں، مضارع
کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَخْتَصِمُوْا (تم جھگڑا
نہ کرو) فعل نہی ہے۔ ۲۶/۳۶

تَخْتَصِمُوْنَ۔ تم جھگڑا کرو گے، اِخْتِصَامٌ سے
مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۲۳/۳۲

تَخْتَلِفُوْنَ۔ تم اختلاف کرتے ہو، اِخْتِلَافٌ
سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو
اِخْتِلَافٌ) ۱۲/۳۱ ۱۲/۶ ۱۲/۸ ۱۲/۱۱ ۱۲/۱۴ ۱۲/۱۵

تَخِرُّ وہ (پہاڑوں کی جماعت) گر پڑے، (ضَرَبَ)
خَرٌّ سے۔ جس کے معنی کسی چیز کے اوپر سے اس طرح
گرنے کے ہیں کہ اس کے گرنے سے خریر (پانی کی
روانی، ہوا کا سناٹا) کی آواز پیدا ہو، مضارع کا صیغہ
واحد مؤنث غائب ۱۶/۲۶

تَخْرُجُ۔ تو نکلتا ہے، تو نکلیگا۔ خُرُوْجٌ سے
مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ (ملاحظہ ہو
اُخْرُجْ اور خُرُوْجٌ)

تَخْرُجُ۔ وہ نکلتی ہے، وہ نکلیگی، خُرُوْجٌ سے
مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۵/۱۶

۱۸/۲ ۱۸/۱۴ ۲۰/۲ ۲۰/۲۲ ۲۰/۵

تُخْرِجُ۔ تو نکالتا ہے، تو نکالیگا، اِخْرَاجٌ سے
مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو
اِخْرَاجٌ) ۱۱/۴ ۱۱/۵ ۱۳/۱۳

تُخْرِجَنَا۔ تو ہم کو نکالیگا۔ اس میں نا ضمیر
جمع متکلم ہے۔ ۱۲/۱۶

تَخْرُجُوْا۔ تم نکلو گے۔ خُرُوْجٌ سے۔ مضارع
کا صیغہ جمع مذکر حاضر، عامل کے آنے سے
نون اعرابی حذف ہوگیا ۱۲/۱۰

تُخْرِجُوْا۔ تم نکالو گے، اِخْرَاجٌ سے مضارع کا صیغہ
جمع مذکر حاضر، عامل کے آنے سے نون اعرابی
ساقط ہوگیا۔ (ملاحظہ ہو اِخْرَاجٌ) ۶۰/۹

تَخْرُجُوْنَ۔ تم نکلو گے، تم نکل کھڑے ہوگے
تم نکل آؤ گے، خُرُوْجٌ سے۔ مضارع کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَخْرَاجٌ) پ ۲۱ ع ۶

تُخْرِجُوْنَ ۔ تم نکالتے ہو، تم نکال دیتے ہو، تم نکال دو گے، اِخْرَاجٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَخْرَاجٌ) پ ۲

تُخْرَجُوْنَ تم نکالے جاؤ گے، اِخْرَاجٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۲۸ ع ۲۱

پ ۲۵ ع ۴

تُخْرِجُوْهُ تم اس کو نکالو گے، تُخْرِجُوْا اِخْرَاجٌ سے صیغہ مضارع، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، پ ۲۸

تُخْرِجُوْهُنَّ تم ان (عورتوں) کو نکالو گے، اس میں ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب ہے۔ پ ۲۸ ع ۲

تَخْرُصُوْنَ ۔ تم اٹکلیں چلاتے ہو، تم تجویزیں کرتے ہو، تم جھوٹ بولتے ہو (نصر) خَرْصٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں خَرْصٌ پھلوں کا اندازہ لگانے کو کہتے ہیں اور اسی لئے ہر وہ بات جو ظن و تخمین کی بنا پر کہی جائے خَرْص کہلاتی ہے خواہ وہ حقیقت کے مطابق ہو یا نہ ہو، کیونکہ اس بات کا بیان کرنے والا اس کو معلوم کرکے یا اس کو سن کر یا اس کے متعلق ظن غالب حاصل کرکے نہیں کہتا بلکہ جس طرح پھلوں کا اندازہ کرنے والا ایک اندازہ اور اٹکل کر لیتا ہے۔ اسی طرح وہ بھی اندازہ اور اٹکل پر ایک بات زبان سے نکال دیتا ہے اور تجویز کر دیتا ہے اور ظاہر ہے کہ اس طرح جو شخص بھی کوئی بات بیان کریگا اسے جھوٹا ہی کہا جائے گا اگرچہ حقیقت میں وہ بات واقع کے مطابق ہی ہو۔ چنانچہ منافقین کے متعلق قرآن مجید میں مذکور ہے اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۔ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۔ (جس وقت تیرے پاس منافق آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک تو خدا کا پیغمبر ہے اور اللہ جانتا ہے کہ تو بلاشبہ اس کا بھیجا ہوا ہے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق یقیناً جھوٹے ہیں) کہ یہاں منافقوں کی گواہی اگرچہ واقع کے مطابق تھی مگر چونکہ ان کے علم و یقین کے مطابق نہ تھی بلکہ غرض کو کہتے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی گواہی رد کر دی اور انہیں جھوٹا قرار دیا، اسی طرح جو شخص بھی علم و یقین کی بنا پر کوئی بات نہ کہے تو وہ بات اگرچہ درحقیقت صحیح اور درست ہو مگر کہنے والے کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جھوٹا ہی سمجھا جائے گا۔ اسی لئے خرص کا استعمال جھوٹ کے متعلق بھی ہوتا ہے ۱۵ تَخْرِقَ۔ تو پھاڑے گا، تو چلنے میں زمین کو قطع کرے گا (ضرب) خَرْقٌ سے۔ جس کے معنی بغیر سوچے سمجھے پھاڑنے کے لئے کسی چیز کی قطع و برید کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، چنانچہ ارشاد ہے۔ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا (کیا تو نے کشتی کو بے سوچے سمجھے پھاڑ ڈالا کہ اس کے لوگوں کو غرق کر دے) خَرْقٌ خَلْقٌ کی ضد ہے۔ خلق کے معنی ہیں کسی چیز کا اندازہ کے مطابق بہ نرمی و سہولت انجام دینا اور خرق کے معنی ہیں بغیر اندازہ کے کر ڈالنا اور اسی لئے اس کا استعمال جھوٹ بولنے اور اپنی طرف سے کسی بات کے تراش لینے کے لئے بھی ہوتا ہے جیسے وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنَاتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ (اور انھوں نے تراش لئے اس کے واسطے بیٹے اور بیٹیاں بے سمجھے) اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ (یقیناً تو زمین پھاڑ نہ ڈالیگا) میں تَخْرِقَ کے دونوں معنی ہو سکتے ہیں، زمین کو پھاڑ ڈالنے کے بھی اور ایک سرے سے دوسرے سرے تک اس کی مسافت قطع کرنے کے بھی۔ ۱۵

تُخْزِنَا۔ تو ہم کو رسوا کر۔ تُخْزِ اَلْخِزْيُ سے جس کے معنی دور کرنے، خوار کرنے، رسوا کرنے اور ہلاک کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، نَا ضمیر جمع متکلم۔ لَا تُخْزِنَا (تو ہم کو رسوا نہ کر) فعل نہی ہے۔ ۱۴

تُخْزِنِيْ۔ تو مجھے رسوا کر، اس میں ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے، لَا تُخْزِنِيْ (تو مجھے رسوا نہ کر) فعل نہی ہے۔ ۱۹

تُخْزُوْنِ۔ تم مجھے رسوا نہ کرو، تُخْزُوْنَ اَلْخِزْيُ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم تحریر میں محذوف ہے۔ ۱۱ ۱۴

تُخْسِرُوْا۔ تم گھٹاؤ، اَلْخُسْرُ سے جس کے معنی گھٹانے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۲

تَخْسِيْرٍ۔ زیاں کاری، ٹوٹا دینا، ہلاک کرنا، گھاٹے اور ٹوٹے کی طرف منسوب کرنا، بروزن تَفْعِيْلٌ مصدر ہے۔ ۱۲

تَخْشَعَ۔ وہ گڑگڑائے، وہ عاجزی کرے (فتح) خُشُوْعٌ سے جس کے معنی عاجزی و فروتنی کرنے اور گڑگڑانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب یاد رہے کہ خُشُوْعٌ اور خَضَاعَةٌ ہم معنی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں مگر خُشُوعٌ کا استعمال زیادہ تر جوارح کے اور خَشْیَۃٌ کا قلب کے متعلق ہوتا ہے۔ پ۲۷ ع۱۸

تَخْشَوْا تم ڈرو، خَشْیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَخْشَوْا (تم نہ ڈرو) نہی کا صیغہ ہے (ملاحظہ ہو اِخْشَوْا) پ۲ ع۱۶ ۱۱ و ۱۵

تَخْشَوْنَ تم ڈرتے ہو، خَشْیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱۰ ع۹

تَخْشَوْنَهُمْ تم ان سے ڈرتے ہو، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ پ۱۰ ع۹

تَخْشَوْهُمْ تم ان سے ڈرو اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ (ملاحظہ ہو تَخْشَوْنَهُمْ) پ۱۰ ع۹

تَخْشٰى تو ڈرے، تو ڈرتا ہے، تو ڈریگا خَشْیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ۱۶ ع۳

تَخْشَهُ تو اس سے ڈرے، اس میں هٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے۔ پ۱۶ ع۳

تَخْضَعْنَ تم نرمی کرو، تم ملائمت کرو، (فتح) خُضُوعٌ سے جس کے معنی پست ہونے، نرمی کرنے اور تواضع اختیار کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مؤنث حاضر۔ یہاں بات چیت میں جھکنا اور تواضع کرنا مراد ہے۔ پ۲۲ ع۳

تَخْطَفُهُ وہ (پرندوں کی جماعت) اس کو اچک لیجاتی ہے، (سمع) تَخْطَفُ خَطْفٌ سے۔ جس کے معنی کسی چیز کے اچک لینے اور جلدی سے جھپٹ لینے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، هٗ ضمیر واحد مذکر غائب پ۱۷ ع۱۱

تَخُطُّهٗ تو اس کو لکھتا ہے، تَخُطُّ خَطٌّ ہے جس کے معنی لکھنے اور خط کھینچنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ هٗ ضمیر واحد مذکر غائب۔ پ۲۱ ع۱

تَخَفْ تو ڈر، یہاں لَا تَخَفْ (تو نہ ڈر) خَوْفٌ سے۔ نہی کا صیغہ واحد مذکر حاضر ہے پ۱۶ ع۱۲ پ۱۷ ع۱۱ و ۱۲ پ۱۸ ع۱۱ پ۲۰ ع۱۲ پ۲۱ ع۱۱ پ۲۳ ع۱۱ پ۲۶ ع۱۹

تُخْفُوْا تم چھپاؤ، تم چھپانے لگو، اِخْفَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اِنْ شرطیہ کے آنے سے یہاں نون اعرابی ساقط ہوگیا ہے (ملاحظہ ہو اُخْفِیْ) پ۳ ع۱۱

تُخْفُوْنَ تم چھپاتے ہو، تم چھپاؤ گے، اِخْفَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۶ ع۱۴

تُخْفُوْهُ تم اس کو چھپاؤ، تم اس کو چھپاتے ہو تم اس کو چھپاؤ گے۔ اس میں هٗ ضمیر واحد مذکر غائب پ۳ ع۱۴

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ پ۳ ع۲۲

تُخْفُوهَا ۔ تم اس کو چھپاؤ، تم اس کو چھپاتے ہو، تم اس کو چھپاؤ گے، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ۳

تُخْفِي ۔ تو چھپاتا ہے، تو چھپائیگا۔ اِخْفَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ۲۲

تُخْفِي ۔ وہ چھپاتی ہے، وہ چھپائیگی۔ اِخْفَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۲۲ ع۲۲

تَخْفَى ۔ وہ چھپی رہے گی۔ خَفَاءٌ سے جس کے معنی پوشیدہ ہونے اور چھپنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ۲۹

تَخْفِيفٌ ۔ ہلکا کرنا، تخفیف کرنا، آسانی کرنا بروزن تَفْعِيلٌ مصدر ہے (ملاحظہ ہو خَفِيفٌ) پ۲

تَخَلَّتْ ۔ وہ خالی ہوگئی۔ تَخَلِّيٌ سے جس کے معنی خالی ہونے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ زمین کے خالی ہونے سے مراد اس کا مُردوں کا اپنے اندر سے نکال پھینکنا ہے۔ پ۳۰

تَخْلُدُونَ ۔ تم ہمیشہ رہو گے (نصر) خُلُودٌ سے جس کے معنی ہمیشہ رہنے اور ہمیشہ رکھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱۷

تُخْلِفُ ۔ تو خلاف کرتا ہے، تو خلاف کریگا اِخْلَافٌ سے جس کے معنی وعدہ کے خلاف کرنے یا وعدہ کے خلاف پانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ اِخْلَافٌ کا استعمال اور دیگر معانی میں بھی ہوتا ہے، مگر قرآن مجید میں ان ہی دونوں معنی میں آیا ہے، یہاں پہلے معنی مراد ہیں۔ پ۱۳

تُخْلِفَهُ ۔ تو اس کے خلاف پائیگا۔ اس میں کا ضمیر واحد مذکر غائب ہے، یہاں اِخْلَافٌ کا استعمال دوسرے معنی یعنی وعدہ کے خلاف پانے میں ہوا ہے۔ پ۱۶

تَخْلُقُ ۔ تو بناتا ہے۔ تو بنائے گا۔ خَلْقٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَخْلُقُ اور خَلْقٌ) پ۷

تَخْلُقُونَ ۔ تم بنا لیتے ہو، تم گڑھ لیتے ہو[1] خَلْقٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ خَلْقٌ کے معنی جھوٹ گڑھ لینے کے بھی آتے ہیں۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو خَلْقٌ) پ۲۱

تَخْلُقُونَهُ ۔ تم اس کو پیدا کرتے ہو، تم اس کو بناتے ہو، تَخْلُقُونَ خَلْقٌ سے بمعنی پیدا کرنے کے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو خَلْقٌ) پ۲۷

[1] گھڑ۔ گھڑ لینا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَخَوُّفٍ ڈرانا، خوف دلانا، ڈرنا، خوف کا ظاہر ہونا، بروزن تَفَعُّل مصدر ہے، اس کا تعدیہ بذریعہ عَلٰی ہوتا ہے۔ پ۱۴ ع۱۲

تَخُوْنُوْا تم خیانت کرنے لگو، تم چوری کرنے لگو (نَصَرَ) خِیَانَۃٌ سے۔ جس کے معنی خیانت کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، خیانت اور نفاق دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے فرق اتنا ہے کہ خیانت امانت اور عہد میں ہوتی ہے اور نفاق دین میں ہوتا ہے خیانت کے معنی ہیں پوشیدہ طور پر عہد شکنی کر کے حق کے خلاف کرنا۔ "امانت اور خیانت" دونوں باہم نقیضین ہیں۔ پ۹ ع۱۲

تَخْوِیْفًا ڈرانا، خوف دلانا۔ بروزن تَفْعِیْل مصدر ہے۔ پ۱۵ ع۶

تَخَیَّرُوْنَ تم پسند کرتے ہو، تم پسند کرو گے تم اختیار کرتے ہو، تم اختیار کرو گے۔ تَخَیُّرٌ سے۔ جس کے معنی پسند کرنے اور اختیار کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۲۹

فصل الدال المهملة

تَدَارَکَہٗ اس کو پایا۔ اس کو سنبھالا۔ تَدَارُکٌ سے جس کے معنی پانے اور ایک دوسرے تک پہنچنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب تَدَارُکٌ کا استعمال زیادہ تر فریاد رسی اور نعمت کے پہنچنے کے متعلق ہوتا ہے۔ پ۲۹

تَدَایَنْتُمْ تم نے ایک دوسرے کو قرض دیا تم نے ایک دوسرے کو ادھار دیا۔ تَدَایُنٌ سے جس کے معنی آپس میں قرض کا لین دین کرنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۳

تَدَّخِرُوْنَ تم ذخیرہ کرتے ہو، تم رکھ چھوڑتے ہو اِدِّخَارٌ سے جس کے معنی ذخیرہ کرنے اور رکھ چھوڑنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۳ ع۱۳۔

تُدْخِلِ تو داخل کرے، تو داخل کرتا ہے۔ تو داخل کرے گا، اِدْخَالٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُدْخِلَ) پ۴

تَدْخُلُنَّ تم ضرور داخل ہو گے، دُخُوْلٌ سے، مضارع بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُدْخُلُ) پ۲۶ ع۱۲

تَدْخُلُوْا تم داخل ہو گے، تم داخل ہونے لگو دُخُوْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا تَدْخُلُوا (تم داخل نہ ہو) فعل نہی ہے۔
پ ۲ ع ۳ ص ۱۴ ع ۲۲

تَدْخُلُوهَا۔ تم اس میں داخل ہونے لگو۔
اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ ۲۲

تَدْرُسُونَ۔ تم پڑھتے ہو (نصر) دَرْسٌ سے جس کے معنی علم پڑھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ ۳۰ ع ۲۹

تُدْرِكُ۔ وہ پالے، وہ پکڑلے، اِدْرَاكٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَدْرَكَهُ) پ ۲۳

تُدْرِكُهُ۔ وہ اس کو پاتی ہے، وہ اس کو پالیگی اس میں هُ ضمیر واحد مذکر غائب ہے، آیت کریمہ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ (نہیں پاتیں اس کو نظریں اور وہ پالیتا ہے سب نظروں کو) میں "ابصار" سے ظاہری آنکھیں بھی مراد لی جاسکتی ہیں اور علمی بصیرتیں بھی چنانچہ بعض نے اول معنی مراد لئے ہیں اور بعض نے دوسرے معنی، سدی کہتے ہیں "بصر کی دو قسمیں ہیں ایک "بصر معائنہ" (دیکھنے کی آنکھ) دوسری "بصر علم" (علم کی بینائی) پس لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ کے معنی یہ ہیں کہ علماء کا علم اس کو نہیں پاسکتا۔ اسی کی نظیر ہے۔ سورۂ طٰہٰ کی آیت يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا (وہ جانتا ہے جو اُن کے آگے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اور آدمی علم سے اس کا احاطہ نہیں کرسکتے) علامہ خازن بغدادی سدی کے اس قول کو نقل کرکے فرماتے ہیں وهذا احسن ایضاً (یہ توجیہ بھی عمدہ ہے[۱]) سعید بن المسیب اور عطاء بن ابی رباح نے "ابصار" سے ظاہری آنکھیں مراد لی ہیں۔ ابن المسیب فرماتے ہیں کہ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ کے معنی ہیں آنکھیں اس کو گھیر نہیں سکتیں، عطاء اس کی تفسیر یوں کرتے ہیں کہ مخلوقات کی نظریں اس کا احاطہ کرنے سے عاجز ہیں۔[۲]

واضح رہے کہ اقوام مبتدعہ خوارج، روافض معتزلہ اور بعض مرجیہ نے اس آیت سے یہ سمجھا ہے کہ دنیا و آخرت میں کہیں بھی خدا کا دیدار نہ ہوگا

[۱] لباب التاویل فی معانی التنزیل ج ۲ ص ۱۳۹۔ طبع مصر ۱۳۳۱ھ
[۲] ملاحظہ ہو معالم التنزیل ج ۲ ص ۱۳۰ طبع مصر ۱۳۳۱ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کوئی اس کو نہ یہاں دیکھے گا نہ وہاں، وہ "ادراک" کے معنی "رویت" یعنی ان ظاہری آنکھوں سے دیکھنے کے سمجھ بیٹھے اس لئے ان کے غلط خیال پر آیت کا ترجمہ یوں ہوگا کہ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ (اللہ کو آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں) حالانکہ یہی ان کی اصل غلطی ہے "ادراک" اور "رویت" دو جداگانہ چیزیں ہیں آیت میں "ادراک" کی نفی ہے "رویت" کی نہیں "ادراک" کہتے ہیں کسی چیز کی کنہ اور حقیقت پر واقف ہونے اور اس کا احاطہ کرنے کو اور رویت کے معنی ہیں فقط دیکھنا، خواہ احاطہ ہو سکے یا نہ ہو سکے اور خواہ حقیقت تک رسائی ہو یا نہ ہو پس "اثباتِ رویت" اور "نفی ادراک" میں کچھ منافات نہیں ہے۔ اس لئے کہ "ادراک" اخص ہے رویت سے اور نفیِ اخص سے انتفاءِ اعم لازم نہیں آتا کسی چیز کی رویت اس کا احاطہ کئے بغیر اور اس کی حقیقت تک پہنچے بغیر ممکن بلکہ واقع ہے ملاحظہ ہو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو لیکر بحر قلزم کے کنارے پہنچتے ہیں اور فرعون کا لشکر تعاقب کرتا ہوا آموجود ہوتا ہے اس واقعہ کے ذکر میں قرآن مجید میں ارشاد ہے

فَلَمَّا تَرَاءَى الْجَمْعَانِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ قَالَ كَلَّا (جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰ کے ساتھی بولے ہم پالئے گئے آپ نے فرمایا ہرگز نہیں) دیکھئے یہاں بے اختیار بنی اسرائیل کی زبان سے اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ کے الفاظ نکل جاتے ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہرگز ایسا نہیں ہو سکتا اور واقعی ہوا بھی نہیں۔ اب یہاں غور فرمائیے کہ تَرَاءَى سے دونوں جماعتوں کی رویت ایک دوسرے کے متعلق ثابت ہے اور كَلَّا سے ادراک کی صاف نفی ہے۔ پس باوجود عدم ادراک کے رویت کا ثبوت موجود ہے۔

اسی طرح آیت کریمہ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ میں "ابصار" کے ادراک کی نفی ہے۔ "ابصار" کی رویت کی نفی نہیں، اہل سنت وجماعت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ اہلِ ایمان آخرت میں دیدارِ الٰہی سے شرف اندوز ہوں گے۔ کتاب و سنت کی تصریحات اس پر شاہد ہیں جن کی تفصیل کا یہ محل نہیں ہے۔ حافظ ابن القیمؒ نے کتاب حادی الارواح میں منکرینِ رویت پر خوب ہی رد کیا ہے، اور علامہ محمد بن ابراہیم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وزیر یمانی نے العواصم والقواصم میں اور قاضی شوکانی نے کتاب یغنیہ میں اس مسئلہ پر بڑی سیر حاصل بحثیں کی ہیں، محدث سیوطی نے بھی البدور السافرہ میں رویت باری کے متعلق آحادیث وآثار کا بڑا حصہ ذکر کیا ہے۔ یہاں صرف اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ "ابصار" سے اگر ظاہری آنکھیں ہی مراد لی جائیں تب بھی آیت میں جس ادراک کی نفی ہے وہ معرفت حقیقت ہے۔ کیونکہ خدا کی حقیقی معرفت سوائے خدا کے کسی کو حاصل نہیں۔ پس اہل ایمان اگرچہ آخرت میں خدا کو بچشم سر دیکھیں گے مگر اس کا ادراک یعنی اس کی کنہ و حقیقت کی معرفت اور اس کا احاطہ نہیں ہو سکتا جس طرح چاند کا دیکھنے والا آنکھوں سے چاند کو دیکھنے کے باوجود نہ اس کی حقیقت کو دریافت کر سکتا ہے اور نہ اس کی کنہ و ماہیت کو جان سکتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ کی ذات تو اور بھی وراء الوراء ہے وہ نرالا ہے اور بڑی شان والا ہے ولہ المثل الاعلیٰ۔ حدیث صحیح میں بھی رویت باری کو اسی مثال سے سمجھایا گیا ہے ارشاد ہو

انکم سترون ربکم کما ترون ھذا القمر لا تضامون فی رویتہ (تم اپنے رب کو اسی طرح دیکھو گے جس طرح تم اس چاند کو دیکھتے ہو کہ اس کے دیدار میں کسی طرح کی مزاحمت نہیں ہوگی) [1] پ

تَدْرُوْنَ۔ تم جانتے ہو تم کو معلوم ہے دِرَایَۃٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَدْرٰی پ ۳۰)

تَدْرِیْ۔ تو جانتا ہے، تو جانیگا، دِرَایَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ ۲۵ ع ۱۲

تَدْرِیْ۔ وہ جانتی ہے، وہ جانیگی، دِرَایَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، آیت کریمہ لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللّٰہَ یُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِکَ اَمْرًا میں تَدْرِیْ واحد مؤنث غائب کا صیغہ بھی ہو سکتا ہے۔ اور واحد مذکر حاضر کا بھی پہلی صورت میں اس کا فاعل نفس (جان) ہوگا اور دوسری صورت میں ضمیر اَنْتَ (تو) ہوگی۔ جس سے خطاب یا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی طرف ہوگا یا ہر مخاطب کی طرف۔ پ ۲۱ ع ۱۲

[1] مشکوٰۃ باب رؤیۃ اللہ تعالیٰ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَدْعُ۔ تو پکارے، دُعَاءٌ اور دَعْوَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں لا موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے اور آخر سے واو حرف علت محذوف ہے (ملاحظہ ہو اُدْعُ اور دُعَاءٌ) ۱۱/۱۲ ۱۹/۱۵ ۲۰/۱۲

تَدْعُ۔ وہ پکارے، دُعَاءٌ اور دَعْوَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اِنْ شرطیہ کے سبب آخر سے واو حذف ہو گیا ہے ۳۲/۱۵

تَدْعُوْا۔ وہ پکارتی ہے، وہ بلاتی ہے، وہ پکاریگی، وہ بلائیگی۔ دُعَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۲۹/۷

تَدْعُوْا۔ تم پکارو، تم پکارتے ہو، تم پکاروگے دُعَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ ن اعرابی عامل کے آنے سے گر پڑا۔ ۹/۱۴ ۱۵/۱۲ ۲۳/۱۴ ۳۶/۸ ۳۹/۱۱

تَدْعُوْنَ۔ تم پکارتے ہو، تم پکاروگے، دُعَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ ۷/۱۰ و ۱۳/۱۰ ۸/۱۱ ۹/۱۴ ۱۵/۷ ۱۶/۷ ۱۷/۱۷ ۱۹/۹ ۲۲/۱۴ و ۱۷/۱۲ ۲۳/۸ ۲۴/۱۲ و ۱۳/۱۲ ۲۶/۷

تُدْعَوْنَ۔ تم پکارے جاتے ہو، تم بلائے جاتے ہو، تم بلائے جاوگے، دُعَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲۴/۷ ۲۶/۱۰ و ۳۸

تَدْعُوْنَ۔ تم آرزو کرتے ہو، تم آرزو کروگے تم مانگتے ہو، تم مانگوگے، تم چاہتے ہو، تم چاہوگے اِدَّعَاءٌ سے جس کے معنی دعویٰ کرنے، آرزو کرنے اور خود کو کسی چیز کی طرف نسبت کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲۹/۳

تَدْعُوْنَا۔ تو ہم کو بلاتا ہے، تو ہم کو پکارتا ہے تو ہم کو بلائیگا، تو ہم کو پکاریگا۔ تَدْعُوْا دُعَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ نَا ضمیر جمع متکلم۔ ۱۲/۷ ۲۲/۱۵

تَدْعُوْنَنَا۔ تم ہم کو بلاتے ہو، تم ہم کو پکارتے ہو تَدْعُوْنَ صیغہ مضارع۔ جمع مذکر حاضر۔ نَا ضمیر جمع متکلم، ۱۳/۱۴

تَدْعُوْنَنِیْ۔ تم مجھ کو بلاتے، تم مجھ کو پکارتے ہو اس میں ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے ۳۴/۱۰

تَدْعُوْنَہٗ۔ تم اس کو پکارتے ہو، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے۔ ۷/۱۴

تَدْعُوْھُمْ۔ تو اُن کو بلاتا ہے، تو ان کو پکارتا ہے۔ تَدْعُوْا صیغہ مضارع واحد مذکر حاضر، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب۔ ۲۵/۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَدْعُوْهُمْ تم ان کو بلاتے ہو، تم ان کو پکارتے ہو، تم ان کو بلاؤ گے، تم ان کو پکارو گے تَدْعُوْا صیغہ مضارع جمع مذکر حاضر۔ اصل میں تَدْعُوْنَ تھا۔ اِنْ شرطیہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا۔ هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ پ۹

تَدْعُهُمْ تو ان کو بلائے، تو ان کو بلائے گا تَدْعُ صیغہ مضارع واحد مذکر حاضر، اِنْ شرطیہ کے اول میں آنے سے واو جو حرف علت تھا اخیر سے گر پڑا، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۱۵

تُدْعٰى وہ بلائی جائے گی، وہ پکاری جائیگی دُعَاءٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ۲۵

تُدْلُوْا تم پھینک لیجاؤ، تم پہنچاؤ، اِدْلَاءٌ سے جس کے معنی ڈول نکالنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ابو منصور نے الشامل میں اور ابو جعفر بیہقی نے تاج المصادر میں اس کے معنی ڈول چھوڑنے کے بیان کئے ہیں، اسی اعتبار سے بطور استعارہ اِدْلَاءٌ کا استعمال کسی چیز تک پہنچنے اور کسی شے کے ڈالنے کے لئے ہوتا ہے۔ پ۱

تَدَلّٰى وہ اتر آیا، وہ لٹک آیا، تَدَلِّیٌ سے جس کے معنی قریب ہونے اور لٹکنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب۔ پ۲۷

تُدَمِّرُ وہ ہلاک کرتی ہے، وہ تباہ کرتی ہے وہ اکھاڑتی ہے، تَدْمِیْرٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ۲۶

تَدْمِیْرًا ہلاک کرنا، اکھاڑ مارنا، تباہی لاڈالنا بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے۔ پ۱۵

تَدُوْرُ وہ پھرتی ہے، وہ گردش کرتی ہے دَوْرٌ سے جس کے معنی گردش کرنے، پھرنے اور گھومنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۲۱

تُدْهِنُ تو نرمی کرے، تو ملائمت کرے، تو سستی کرے، تو ڈھیلا ہو، اِدْهَانٌ سے جس کے معنی اصل میں تو تَدْهِیْن یعنی چکنا کرنے اور تیل ڈالنے کے ہیں مگر اس سے مراد مدارات، ملائمت اور سستی لی جاتی ہے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ۲۹

تُدِیْرُوْنَهَا تم اس کو پھیرتے ہو، تم اس کا پھیر بدل کرتے ہو، تُدِیْرُوْنَ اِدَارَةٌ سے جس کے معنی پھرنے پھیرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع مذکر حاضر، ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب یہاں ہاتھوں ہاتھ لین دین مراد ہے۔ ۳/۲

فصل الذال المعجمة

تَذْبَحُوْا۔ تم ذبح کرو، (فتح) ذَبْحٌ سے جس کے معنی گلا کاٹنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر۔ ۲/۸

تَذَرُ۔ تو چھوڑتا ہے، تو چھوڑ دیگا۔ وَذْرٌ سے جس کے معنی کسی چیز کو اس کی پروانہ ہونے کے سبب پھینک دینے اور چھوڑ دینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اس فعل کی ماضی مستعمل نہیں ہوتی۔ لَا تَذَرْ (تو نہ چھوڑ) فعل نہی ہے ۵/۱۰۹ ۲۹/۱۰

تَذَرُ۔ وہ چھوڑتی ہے، وہ چھوڑ دیگی، وَذْرٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۳۴/۱۵ ۳۱/۱۵

تَذَرُنَّ۔ تم ضرور چھوڑتے ہو، تم ضرور چھوڑ دو گے وَذْرٌ سے۔ مضارع بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تَذَرُنَّ (تم ہرگز نہ چھوڑو)۔ فعل نہی ہے۔ ۲۹/۱۰

تَذَرْنِیْ۔ تو مجھے چھوڑتا ہے، تو مجھے چھوڑ دیگا تَذَرْ صیغہ واحد مذکر حاضر ن وقایہ ی ضمیر جمع متکلم ہے۔ لَا تَذَرْنِیْ (تو مجھے نہ چھوڑ) (ملاحظہ ہو تَذَرُ) ۲۳/۱۰

تَذَرُوْنَ۔ تم چھوڑتے ہو، تم چھوڑ دو گے، وَذْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ ۱۹/۱۳ ۲۳/۸ ۲۹/۱۲

تَذْرُوْهُ، وہ اس کو اڑاتی ہے۔ تَذْرُوْا، ذَرْوٌ سے، جس کے معنی بلند کرنے اڑانے اور اڑنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث حاضر، ھَا ضمیر واحد مذکر غائب، ۱۵/۱۸

تَذَرُوْهَا۔ تم اس کو چھوڑ دو، تم چھوڑنے لگو، تَذَرُوْا وَذْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب۔ ۵/۱۹

تَذَرُوْهُمْ۔ تو ان کو چھوڑتا ہے، تو ان کو چھوڑ دیگا تَذَرُوْ وَذْرٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب۔ ۲۹/۱۰

تَذْكُرُ۔ تو یاد کرتا ہے۔ تو یاد کرے گا۔ (نصر) ذِکْرٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (تفصیل کے لئے ملاحظہ ذِکْرٌ اور اُذْکُرْ) ۱۳/۴

تَذَكَّرَ۔ اس نے نصیحت پکڑی۔ اس نے سوچا۔ اس نے یاد کیا۔ تَذَکُّرٌ سے۔ جس کے معنی یاد کرنے اور نصیحت پکڑنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب۔ ۳۲/۱۴

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُذَكِّرَ۔ وہ یاد دلائے، **تَذْكِيرٌ** سے جس کے معنی یاد دلانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۳

تَذَكَّرُوا۔ وہ چونک گئے، انھوں نے یاد کیا **تَذَكُّرٌ** سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب۔ پ۹

تَذَكَّرُوا۔ تم یاد کرو، تم یاد کرنے لگو، **ذِكْرٌ** سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے آنے سے حذف ہو گیا (ملاحظہ ہو **ذِكْرٌ** اور **اُذْكُرُ**) پ۲۵

تَذْكُرُونَ۔ تم یاد کرو گے، **ذِكْرٌ** سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱۳

تَذَكَّرُونَ۔ تم نصیحت پکڑو، تم دھیان رکھو **تَذَكُّرٌ** سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۸ و ۱۴ و ۱۸ و ۲۰ و ۲۱ و ۲۲ و ۲۴ و ۲۷ و ۲۹

تَذْكُرُونَهُنَّ۔ تم ان (عورتوں) کو یاد کرو گے تم ان کا دھیان کرو گے، تم ان کا ذکر کرو گے **تَذْكُرُونَ** صیغہ مضارع، **هُنَّ** ضمیر جمع مؤنث غائب۔ پ۲

تَذْكِرَةً۔ یاددہانی، نصیحت، یاد کرنے کی چیز بروزن **تَفْعِلَةٌ**، باب **تَفْعِيلٌ** کا مصدر ہے۔ پ۱۶ و ۲۵ و ۲۹ و ۳۰

تَذْكِيرِي۔ میرا نصیحت کرنا، میرا سمجھانا، میرا یاد دلانا، **تَذْكِيرٌ** بروزن **تَفْعِيلٌ** مصدر مضاف ہے ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ پ۱۱

تُذِلُّ۔ تو ذلیل کرے، تو ذلت دیتا ہے **اِذْلَالٌ** سے جس کے معنی ذلیل و خوار کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ۳

تَذْلِيلًا۔ جھکانا، ذلیل کرنا۔ بروزن **تَفْعِيلٌ** مصدر ہے۔ پ۱۹

تَذُودَانِ۔ وہ دونوں ہانکتی ہیں، وہ دونوں روکتی ہیں، وہ دونوں ہٹاتی ہیں (نصر) **ذَوْدٌ** سے جس کے معنی ہانکنے، ہٹانے اور روکنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔ پ۲۰

تَذُوقُوا۔ تم چکھتے ہو، تم چکھو گے۔ (نصر) **ذَوْقٌ** سے جس کے معنی چکھنے کے ہیں مضارع کا صیغہ۔ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی بوجہ عامل گر گیا پ۱۴

تَذْهَبُ۔ وہ جاتی ہے، وہ جائے گی، وہ جاتی رہے، **ذَهَابٌ** سے مضارع کا صیغہ۔ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو **اِذْهَبْ**) پ۱۶ و ۲۲

تَذْهَبُوا۔ تم جاتے ہو، تم جاؤ گے، **ذَهَابٌ** سے مضارع کا صیغہ۔ جمع مذکر حاضر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ن اعرابی عامل کے سبب گر گیا ہے۔ پ ۱۲

تَذْهَبُوْنَ۔ تم جاتے ہو، تم جاؤ گے، ذَهَابٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱۳

تَذْهَلُ۔ وہ بھول جائیگی، ذُهُوْلٌ سے جس کے معنی کسی شے میں اس طرح مشغول ہونے کے ہیں کہ غم اور بھول پیدا ہو جائے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ ۱۷

فصل الراء المهملة

تَرَ۔ تو نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں تَرْیٰ تھا، لَمْ کے اول میں آنے سے آخر سے ی جو حرف علت ہے ساقط ہو گئی اور مضارع ماضی منفی کے معنی دینے لگا۔ (ملاحظہ ہو اَرٰی) پ ۲ ع ۱۹ پ ۳ ع ۱۱ پ ۵ ع ۸ و ۹ پ ۱۲ ع ۱۵ و ۱۶ و ۱۷ پ ۱۶ ع ۹ و ۱۵ و ۱۶ پ ۱۸ ع ۱۲ پ ۲۹ ع ۳ و ۱۵ پ ۲۱ ع ۱۲ و ۱۳ پ ۲۲ ع ۱۹ پ ۲۳ ع ۱۳ پ ۲۸ ع ۳ و ۱۳ و ۱۵ پ ۳۰ ع ۳ و ۱۰

تَرَآءَا۔ وہ دونوں مقابل ہوئے، وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ تَرَاءِیٌ سے۔ جس کے معنی ایک دوسرے کے باہم اس طرح مقابل اور قریب ہونے کے ہیں کہ یہ اس کو دیکھ سکے اور وہ اس کو، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ پ ۱۹

تَرَآئِبِ۔ چھاتیاں تَرِیْبَةٌ کی جمع، جس کے معنی چھاتی کی ہڈی اور سینہ کی پسلی کے ہیں۔ پ ۳۰

تَرَآءَتْ۔ وہ نمودار ہوئی، وہ سامنے ہوئی، وہ روبرو ہوئی، وہ دیکھنے لگی، تَرَاءِیٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ ۱۹

تُرَابٌ۔ خاک، مٹی، اصل میں تراب خود زمین کا نام ہے پ ۳ ع ۱۳ پ ۱۴ ع ۱۵ پ ۱۵ ع ۸ پ ۲۲ ع ۱۲۔

تَرَابًا پ ۱۳ ع ۵ پ ۱۸ ع ۲ پ ۲۰ ع ۵ پ ۲۳ ع ۱۵ پ ۲۶ ع ۱۵

تُرَاثَ میراث، مُردے کا مال، اصل میں وِرَاثٌ تھا، واو کو تا سے بدل لیا گیا ہے۔ پ ۳۰

تَرَاضٍ۔ باہمی رضامندی، آپس کی خوشی۔ ایک کا دوسرے سے راضی ہونا تَرَاضِیٌ، بروزن تَفَاعُلٌ مصدر ہے۔ ی جو حرفِ علت ہے بوجہ ثقالت ساقط ہو گئی، پ ۲ ع ۵

تَرَاضَوْا وہ آپس میں راضی ہوئے، تَرَاضِیٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب۔ پ ۲ ع ۱۴

تَرَاضَيْتُمْ۔ تم آپس میں راضی ہوئے، تَرَاضِیٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۵

تَرَاقِيَ۔ ہنسلی، تَرْقُوَةٌ کی جمع ہے۔ پ ۲۹

تُرَاوِدُ۔ وہ بہلاتی ہے، وہ خواہش کرتی ہے وہ اکساتی ہے، وہ پھسلاتی ہے مُرَاوَدَةٌ سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس کے معنی دوسرے سے کسی کام کے چاہنے اور اس کو کسی کام پر ڈالنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ۱۲ ع۱۴

تَرَبُّصٌ۔ انتظار کرنا، خواہ کسی معاملہ کے ختم ہونے یا پورا ہونے کا انتظار ہو، یا کسی سامان کی گرانی یا ارزانی کا، بروزن تَفَعُّلٌ مصدر ہے، پ۲ ع۱۲

تَرَبَّصْتُمْ۔ تم نے انتظار کیا، تم نے راہ دیکھی تَرَبُّصٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۲۷ ع۱۸

تَرَبَّصُوْا تم انتظار کرو، تم منتظر رہو، تم راہ دیکھو تَرَبُّصٌ سے امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱۰ ع۱۳ پ۱۱ ع۱۶ پ۱۸

تَرَبَّصُوْنَ۔ تم انتظار کرتے رہو، تم راہ دیکھتے رہو تَرَبُّصٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱۰ ع۱۳

تَرْتَابُوْا۔ تم شک کرو، تم شبہ میں پڑو، اِرْتِیَابٌ سے جس کے معنی شک کرنے اور دوسرے کو تہمت سمجھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۳۰

تَرْتَدُّوْا۔ تم پھر جاؤ، تم لوٹ جاؤ، اِرْتِدَادٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر یہاں لا نہی داخل ہے، اس لئے فعل نہی ہے۔ پ۲۸

تَرْتِیْلًا۔ الفاظ کا منہ سے درستی کے ساتھ بسہولت ادا کرنا، آہستہ آہستہ واضح اور صاف طور پر پڑھنا بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، پ۲۹ ع۱۹

تَرِثُوْا۔ تم وارث ہو جاؤ۔ تم میراث میں لے لو۔ (ضَرَبَ) وِرَاثَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر نون اعرابی اَنْ ناصبہ کے آنے سے ساقط ہو گیا (ملاحظہ ہو اُوْرِثْتُمُوْهَا) پ۴ ع۱۴

تُرْجَعُ۔ وہ پھیری جاتی ہے، وہ لوٹائی جاتی ہے۔ (ضَرَبَ) یہ فعل لازم اور متعدی دونوں طرح پر آتا ہے، لازم کا مصدر رُجُوْعٌ (لوٹنا) ہے اور متعدی کا رَجْعٌ (لوٹانا) یہاں رَجْعٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب ہے۔ پ۳ ع۴ پ۱۰ ع۱۲ پ۱۱ ع۱۳ پ۱۳ ع۱۴

تُرْجَعُوْنَ۔ تم لوٹائے جاؤ گے۔ تم پھیرے جاؤ گے، رَجْعٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱ ع۲ پ۲ ع۱۶ پ۳ ع۱ پ۱۱ ع۳ پ۱۲ ع۱۵ پ۱۵ ع۱۰ و ۱۱ و ۱۴ پ۱۰ ع۱۲ و ۱۴ پ۲۱ ع۱ و ۱۴ پ۲۳ ع۲ و ۱۷ پ۲۵ ع۱۳ و ۱۸

تَرْجِعُوْنَهَا۔ تم اس کو پھیر لاتے ہو، تم اس کو پھیر لیتے ہو، تَرْجِعُوْنَ۔ رَجْعٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب پ۲۷ ع۱۶

تَرْجِعُوْهُنَّ۔ تم ان کو پھیرو، تم ان کو واپس کرو۔ اس میں هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہاں کا نہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے ۲۵/۸

تَرْجُفُ۔ وہ لرزیگی، وہ کانپے گی (نَصَرَ) رَجْفٌ سے جس کے معنی لرزنے اور کانپنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۹/۱۳ ۳۰/۳

تَرْجُمُوْنِ۔ تم مجھے سنگسار کرو، رَجْمٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر نون وقایہ۔ ی ضمیر واحد متکلم تحریر میں محذوف ہے (ملاحظہ ہو اَرْجُمَنَّكَ) ۲۵/۱۴

تَرْجُوْا۔ تو امید رکھتا ہے، تو امید رکھیگا۔ رَجَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ اُرْجُوْا) ۱۰/۱۲

تَرْجُوْنَ۔ تم امید رکھتے ہو تم امید رکھو گے رَجَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۵/۱۲ ۲۹/۴

تَرْجُوْهَا۔ تو اس کی توقع رکھتا ہے، تو اس کی امید رکھتا ہے، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے (ملاحظہ ہو تَرْجُوْا) ۱۵/۹

تُرْجِیْ۔ تو دیر دیوے، تو پیچھے رکھے، اِرْجَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ (ملاحظہ ہو اَرْجِہْ) ۳۷/۳۳

تَرْحَمْنَا۔ تو ہم پر رحم کرے۔ تو ہم پر رحم کرے گا تَرْحَمْ رَحْمَةٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، نا ضمیر جمع متکلم، ۴/۵

تَرْحَمْنِیْ۔ تو مجھ پر رحم کرے۔ تو مجھ پر رحم کریگا۔ اس میں نون وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم ہے، ۱۳/۳

تُرْحَمُوْنَ۔ تم پر رحم کیا جائے۔ رَحْمَةٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۷/۸ ۱۵/۸ ۹/۱۴ ۱۸/۱۴ ۱۴/۲۷ ۳۱/۳۰

تُرَدُّ۔ وہ رد کردی جائے، وہ پھیر دی جائے (نَصَرَ) رَدٌّ سے۔ جس کے معنی لوٹانے کے ہیں مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۴/۲

تَرَدّٰی۔ وہ نیچے گرا، وہ گڑھے میں گرا، تَرَدِّیٌ سے۔ جس کے معنی گڑھے میں گرنے اور اپنے آپ کو ہلاکت کے لئے پیش کرنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۳۴/۱۷

تَرْدٰی۔ تو ہلاک ہووے، تو پٹکا جائے (سَمِعَ) رَدًی سے۔ جس کے معنی ہلاک ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ ۳۶/۱۰

تُرِدْنَ۔ تم چاہتی ہو، تم ارادہ کرتی ہو، اَرَادَةٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مؤنث حاضر (ملاحظہ ہو اَرَادَ) ۲۱/۲

تُرَدُّوْنَ۔ تم پھیرے جاؤ گے، تم لوٹائے جاؤ گے رَدٌّ سے۔ مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ملاحظہ ہو تُرَدِّ) پ ۱۱ ع ۱۲ ۲۵

تُرْدِيْنِ۔ تو مجھے ہلاک کرے گا۔ تو مجھے گڑھے میں ڈالیگا، تُرْدِیْ اِرْدَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ون وقایہ ی ضمیر واحد متکلم محذوف ہے۔ (ملاحظہ ہو اَرْدٰى لکم) پ ۲۴

تَرْزُقُ۔ تو رزق دیتا ہے۔ تو روزی دیتا ہے رِزْقٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُرْزُقُ اور یرزق) پ ۳

تُرْزَقٰنِهٖ۔ تم دونوں کو وہ دیا جاتا ہے۔ تم دونوں کو وہ دیا جائیگا، تُرْزَقَانِ رِزْقٌ سے۔ مضارع مجہول کا صیغہ، تثنیہ مذکر حاضر ہ ضمیر واحد مذکر غائب طعام کی طرف راجع ہے۔ پ ۱۲ ع ۱۵

تَرْضٰى۔ تو راضی ہو جائے۔ تو راضی ہوتا ہے۔ تو راضی ہوگا (مصدر) رِضًی سے جس کے معنی خوش ہونے راضی ہونے اور پسند کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ ۱۲ ع ۱۲ و ۱۹ پ ۱۸ ع ۳۰

تَرْضَهُ۔ تو اس کو پسند کرے۔ تو اس سے راضی ہوئے اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے پ ۱۹ ع ۲۶

تَرْضَهَا۔ تو اس کو پسند کریگا۔ تو اس سے راضی ہوگا اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے۔ پ ۲ ع ۱

تُرْضِعُ۔ وہ دودھ پلا دیگی۔ اِرْضَاعٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَرْضَعَتْ) پ ۲۸ ع ۲

تَرْضَوْا۔ تم راضی ہو، تم راضی ہوگے، رِضًی سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب حذف ہوگیا ہے۔ پ ۱۱

تَرْضَوْنَ۔ تم پسند کرتے ہو، تم راضی ہو، رِضًی سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ ۱۰

تَرْضَوْنَهَا۔ تم اس کو پسند کرتے ہو۔ اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے۔ پ ۱۰

تَرْغَبُوْنَ۔ تم چاہتے ہو، تم رغبت کرتے ہو رَغْبَةٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَرْغَبُ) پ ۵

تُرْفَعَ۔ وہ بلند کی جائے، رَفْعٌ سے جس کے معنی اٹھانے بلند کرنے اور قریب کرنے کے ہیں مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب، رَفْعٌ کا استعمال کبھی تو رکھی ہوئی چیزوں کے اپنی جگہ سے اٹھانے اور اپنے مقام سے بلند کرنے کے لئے ہوتا ہے جیسے وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ (اور ہم نے تمہارے اوپر طور پہاڑ کو اٹھایا) اور کبھی عمارت کے بلند کرنے کے لئے جیسے وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ (اور جب ابراہیم و

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسمٰعیلؑ اس گھر کی بنیادیں اٹھانے لگے) اور کبھی بلندی ذکر اور آوازہ کی شہرت کے لئے جیسے وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (اور ہم نے تیرے ذکر کو بلند کیا) اور کبھی رفعت منزلت اور مرتبہ کی بلندی کے لئے جیسے نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَآءُ (ہم جس کے چاہیں درجے بلند کرتے ہیں) آیت شریفہ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ (ان گھروں میں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بلند کرنے کا حکم دیا) میں "رفع" سے "رفع حقیقی" بھی مراد لیا جاسکتا ہے یعنی ان گھروں کی عمارتوں کا بلند کرنا، اور رفع معنوی بھی یعنی ان گھروں کی تعظیم کرنا اور وہاں کسی ایسے فعل کا انجام نہ دینا جو ادب کے خلاف ہو۔ ۱۸/۱۱

تَرْفَعُوْا تم بلند کرو، تم اونچی کرو، رَفْعٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَرْفَعُوْا (تم بلند نہ کرو، تم اونچی نہ کرو) صیغہ نہی ہے۔ ۲/۴۹

تَرْقُبْ تو نے انتظار کیا، تو نے نگاہ رکھی (نَصَرَ) رُقُوْبٌ سے جس کے معنی نگاہ رکھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَمْ کے آنے سے مضارع ماضی منفی کے معنی میں استعمال ہوا۔ ۱۶/۱۴

تَرْقٰى تو چڑھ جائے (سَمِعَ) رُقِيٌّ سے جس کے معنی اوپر چڑھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ ۱۵/۱۷

تَرَكَ اس نے چھوڑا، تَرْكٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، تَرْكٌ کے معنی چھوڑنے کے ہیں خواہ اپنے ارادہ اور اختیار سے چھوڑا جائے، یا بمجبوری ولاچاری (ملاحظہ ہو اُتْرُكْ) ۲/۱۶ ۲/۱۲ ۵/۲ ۶/۴ ۱۲/۱۴ ۲۲/۱۷

تَرْكَبُنَّ تم ضرور سوار ہوگے، رُكُوْبٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ۔ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِرْكَبْ) ۳۰/۹

تَرْكَبُوْا تم سوار ہو، تم سواری کرو، رُكُوْبٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب حذف ہوگیا ہے۔ ۱۲/۷ ۲۲/۱۴

تَرْكَبُوْنَ تم سوار ہوتے ہو، تم سواری کرتے ہو۔ رُكُوْبٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۲۵/۷

تَرْكَبُوْهَا تم اس پر سوار ہو، تم اس پر سواری کرو تَرْكَبُوْ صیغہ مضارع، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب

تَرَكْتُ میں نے چھوڑ دیا۔ تَرْكٌ سے مضارع کا صیغہ واحد متکلم (ملاحظہ ہو اُتْرُكْ) ۱۸/۴

تَرَكْتُمْ تم نے چھوڑا۔ تم نے چھوڑ دیا۔ تَرْكٌ سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱۳ ع ۲

تَرَكْتُمُوهَا ۔ تم نے اس کو چھوڑا۔ اس میں واو اشباع کا ہے اور ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ ۲۵

تَرْكُضُوا ۔ تم ایڑ لگاؤ، تم دوڑو، رَکْضٌ کے معنی اصل میں پیر ہلانے کے ہیں۔ جب سوار کی طرف اس لفظ کی نسبت ہو تو سواری کو ایڑ لگانے کے معنی آتے ہیں اور جب پیادہ کی طرف ہو تو زمین کو روندنے اور لات مارنے کے ہوتے ہیں لَا تَرْكُضُوا (تم ایڑ نہ لگاؤ، تم دوڑو نہیں) فعل نہی ہے اور کافروں کو تنبیہ ہے کہ عذاب آنے پر بھاگتے کیوں ہو۔

تَرَكْنَ ۔ ان (عورتوں) نے چھوڑا۔ تَرَكَ سے ماضی کا صیغہ جمع مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اُتْرُكْ) پ ۱۳

تَرْكَنُ ۔ تو جھک جائے۔ تو مائل ہو جائے (سَمِعَ) رُكُوْنٌ سے جس کے معنی جھکنے اور مائل ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ ۱۵ ع ۱۸

تَرَكْنَا ۔ ہم نے چھوڑ دیا، تَرَكَ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم۔ پ ۱۲ ع ۱۹ پ ۲۳ ع ۸ پ ۲۷ ع ۱

تَرَكْنَاهَا ۔ ہم نے اس کو چھوڑ دیا۔ اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ ۲۷ ع ۸

تَرْكَنُوْا ۔ تم جھکو، تم مائل ہو، رُكُوْنٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ لَا تَرْكَنُوْا (تم مت جھکو تم مائل نہ ہو) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو تَرْكَنُ) پ ۱۲

تَرَكُوْا ۔ انھوں نے چھوڑا، تَرَكَ سے ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب۔ پ ۱۳ ع ۲۵

تَرَكُوْكَ ۔ انھوں نے تجھ کو چھوڑ دیا، اس میں كَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے۔ پ ۱۳ ع ۲۵

تَرَكَهُ ۔ اس کو چھوڑ دیا۔ تَرَكَ فعل ماضی، هُ ضمیر واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَرَكَ) پ ۳

تَرَكَهُمْ ۔ ان کو چھوڑ دیا۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ پ ۱

تَرْمِيْ ۔ وہ پھینکتی ہے۔ وہ پھینکیگی۔ (ضَرَبَ) رَمْيٌ سے جس کے معنی پھینکنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ رَمْيٌ کا استعمال اجسام کے متعلق بھی ہوتا ہے جیسے تیر پھینکنا اور تیر پھینکنا وغیرہ اور اقوال کے متعلق بھی اس صورت میں اس کے معنی دشنام دہی اور تہمت طرازی کے ہوتے ہیں پ ۲۹ ع ۱۱

تَرْمِيْهِمْ ۔ وہ ان پر پھینکتی ہے۔ اس میں هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ ۳۰

تَرَنِ ۔ تو مجھے دیکھتا ہے۔ تَرَوْنَ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اِنْ کے آنے سے ی جو حرفِ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علت ہے آخر سے ساقط ہوگئی ہے، ن وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم محذوف ہے، ۱۵/۱۲

تَرَوْا۔ تم دیکھتے ہو، تم نے دیکھا، رُؤْیَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَمْ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا ہے (ملاحظہ ہو اَرٰی) ۲۱/۱۲ ب ۲۹/۹

تَرَوْنَ۔ تم دیکھتے ہو، رُؤْیَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۳/۲ ب

تَرَوْنَهَا۔ تم اس کو دیکھتے ہو، تم اس کو دیکھو گے اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے۔ ۱۳/۴ ب ۱۷/۸

تَرَوُنَّهَا۔ تم اس کو ضرور دیکھو گے تَرَوْنَّ رُؤْیَۃٌ سے۔ مضارع بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ۳۰/۲۷

تَرَوْنَهُمْ۔ تم ان کو دیکھتے ہو۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، ۵/۱۰ ب

تَرَوْهَا۔ تم نے اس کو دیکھا، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے (ملاحظہ ہو تَرَوْا)۔ ۱۰/۱۲ ب ۲۱/۱۸

تُرْهِبُوْنَ۔ تم ڈراتے ہو۔ تم ڈراؤ گے اِرْهَابٌ سے۔ جس کے معنی خوفزدہ کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۱/۲ ب

تَرْهَقَنِیْ۔ تو مجھ پر زبردستی چھا جا۔ تُرْهِقُ، اِرْهَاقٌ سے، جس کے معنی زبردستی چھانے اور دشواری میں ڈالنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر، ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم۔

تَرْهَقُهَا۔ اس پر چھا رہی ہے، اس پر چڑھی آتی ہے (سَیَغْ) رَهَقٌ سے جس کے معنی کسی چیز کے دوسری چیز پر زبردستی چھا جانے کے اور اس کو پالینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب هَا ضمیر واحد مؤنث غائب، ۳۰/۵

تَرْهَقُهُمْ۔ ان پر چھا رہی ہے، ان پر چڑھی آتی ہے۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ ۱۱/۸ ب ۲۹/۸۰

تَرٰی۔ تو دیکھتا ہے، تو دیکھیگا، رُؤْیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَرٰی) ۶/۱۲ ب ۷/۱۵ اور ۹/۱۳ و ۱۷ ب ۱۰/۳ ۱۳/۱۴ ۱۴/۸ ۱۵/۱۴ و ۱۸ ۱۶/۱۵ ۱۷/۸ ۱۸/۱۴ ۲۰/۳ ۲۱/۱۵ و ۸ ۲۲/۱۰ و ۱۲ و ۱۴ ۲۳/۳ و ۵ و ۱۹ ۲۴/۳ و ۷ و ۲۰ ۲۵/۳ ۲۶/۱۸

تُرِیْحُوْنَ۔ تم شام کو چرا کر واپس لاتے ہو۔ اِرَاحَۃٌ سے جس کے معنی شام پڑے چارپایوں کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے اپنے ٹھکانے لیجانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ۔ جمع مذکر حاضر، ۱۴/۴۳

تُرِیْدُ۔ تو چاہتا ہے، تو چاہیگا، تو ارادہ کرتا ہے تو ارادہ کریگا، اِرَادَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَرَادَ) ۱۵/۴ ۵/۵

تُرِیْدُوْنَ۔ تم چاہتے ہو، تم چاہو گے، تم ارادہ کرتے ہو تم ارادہ کروگے۔ اِرَادَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۳/۱۵۲ ۵/۱۰۱ ۸/۶۷ ۱۲/۱۰۳ ۱۳/۲۱ ۱۴/۲۲

تَرَیْنَ۔ تو دیکھے، رُؤْیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث حاضر، اس میں نون مشدد تاکید کے لئے ہے (ملاحظہ ہو اَرٰی) ۱۹/۲۶

تُرِیَنِّیْ۔ تو مجھے دکھلائے تُرِیَنَّ اِرَاءَۃٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ی ضمیر واحد متکلم، ۷/۱۴۳

تَرَانِیْ، تو مجھے دیکھیگا، اس میں نون وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم ہے (ملاحظہ ہو تَرٰی) ۷/۱۴۳

تَرٰہُ۔ تو اس کو دیکھتا ہے، تو اس کو دیکھیگا، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے (ملاحظہ ہو تَرٰی) ۲۰/۴۶ ۲۷/۱۹

تَرٰھُمْ۔ تو ان کو دیکھتا ہے، تو ان کو دیکھے گا۔ اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۹/۱۱

۱۵/۶ ۲۶/۱۲

فصل الزاء المعجمة

تَزَالُ۔ تو الگ ہوگا، تو علیحدہ ہوگا، (سَمِعَ) زَیْلٌ سے، جس کے معنی الگ ہونے اور علیحدہ ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَا تَزَالُ تو ہمیشہ رہیگا، افعال ناقصہ میں سے ہے۔ فاعل کے ساتھ استمرار فعل کے معنی دیتا ہے۔ ۱۲/۹۲

تَزَاوَرُ۔ وہ بچ کے جاتی ہے۔ وہ کتراجاتی ہے تَزَاوُرٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب "تزاور" کے معنی اصل میں تو باہم ایک دوسرے کی زیارت کرنے اور سینہ بسینہ مقابل ہونے کے ہیں لیکن جب اس کے صلہ میں عن واقع ہوتا ہے تو رخ بچانے، سینہ موڑ لینے، بچ کر نکلنے اور کترانے کے معنی ہوتے ہیں اور یہاں آیت میں عن کے آنے سے یہی معنی مراد ہیں۔ ۱۸/۱۷

تَزِدْ۔ تو زیادہ کر، زِیَادَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَا تَزِدْ (تو زیادہ نہ کر، تو مت بڑھا) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اَزِیْدُ) ۳۹/۷۰

تَزْدَادُ۔ وہ بڑھتی ہے، وہ بڑھاتی ہے اِزْدِیَادٌ سے، جس کے معنی بڑھنے اور بڑھانے کے ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۳۰/۷۴

تَزْدَرِیْ۔ وہ حقیر دیکھتی ہے، اِزْدِرَاءٌ سے جس کے معنی حقیر سمجھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۲/۱۰۳

تَزِرُّ۔ وہ بوجھ اٹھاتی ہے، وہ بوجھ اٹھاوے گی (ضَرَبَ) وِزْرٌ سے جس کے معنی بوجھ اٹھانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب

۳۰/۷۴ ۱۲/۱۵ ۱۲/۱۵ ۲۳/۱۵ ۲۶/۱۵

تَزْرَعُوْنَ۔ تم بوؤ گے، تم کاشت کرو گے، تم کھیتی کرو گے، (فَتَحَ) زَرْعٌ سے جس کے معنی کھیتی کرنے اور اگانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۲/۱۶

تَزْرَعُوْنَهٗ۔ تم اس کو اگاتے ہو، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے۔ ۲۶/۱۵

تَزْعُمُوْنَ۔ تم دعوٰی کرتے ہو، (نَصَرَ) زَعْمٌ سے جس کے معنی کسی بات کا دعوٰی کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ زعم کا استعمال زیادہ تر دعوی باطل اور ایسے قول کے بیان کرنے کے متعلق ہوتا ہے جو مظنہ کذب ہو اور متحقق نہ ہو بلکہ مشکوک ہو، اسی لئے قرآن مجید میں جہاں بھی زعم کا استعمال ہوا ہے مذمت کے لئے ہوا ہے

۲۲/۵۳

تُزَعْ۔ تو ٹیڑھا کر دے، تو پھیر دے، اِزَاغَةٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ لَا تُزِغْ (تو کج نہ کر تو مت پھیر) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اَزَاغَ) ۳۰/۵۳

تُزَكُّوْا۔ تم پاکیزہ کہو، تم ستھرائی بیان کرو، تم خودستائی کرو۔ تَزْكِيَةٌ سے، جس کے معنی مال کی زکوٰۃ دینے اور زکوٰۃ لینے، اور خودستائی کرنے اور پاک کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تُزَكُّوْا (تم خودستائی نہ کرو) فعل نہی ہے، نفس انسانی کے تزکیہ کی دو صورتیں ہیں ایک بذریعہ فعل یعنی اچھے اعمال کے ذریعہ اپنے آپ کو درست کر لینا یہ پسندیدہ اور محمود طریقہ ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى (وہ بامراد ہوا جس نے اپنے آپ کو سنوار لیا) میں اسی تزکیہ عملی کا بیان ہے، دوسرے بذریعہ قول جیسے ایک عادل اور متقی شخص کا دوسرے شخص کا تزکیہ کرنا اور اس کی خوبی کی شہادت دینا، لیکن یہ طریقہ اگر انسان خود اپنے حق میں برتے تو برا ہے۔ آیت شریفہ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ (سو مت بولو اپنی ستھرائیاں) میں اللہ جل شانہ نے اسی تزکیہ سے ممانعت فرمائی ہے کیونکہ اپنے منہ آپ میاں مٹھو بننا عقلاً و شرعاً کسی طرح

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زیبا نہیں، کسی عقلمند سے دریافت کیا گیا تھا کہ وہ کونسی چیز ہے کہ باوجود حق ہونے کے اس کا زبان پر لانا مناسب نہیں، جواب دیا انسان کا اپنی تعریف آپ کرنا، پ۲۷

تَزَکّٰی۔ وہ پاک ہوا، وہ سنور گیا۔ تَزَکِّیٌ سے جس کے معنی زکوٰۃ دینے اور پاک ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۱۲ پ۱۵ پ۱۲

تَزَکّٰی۔ تو سنور جائے، تو پاک ہو جائے، تَزَکِّیٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں تَتَزَکّٰی تھا، ایک تاء حذف ہو گئی۔ پ۳۰

تُزَکِّیْھِمْ۔ تو ان کو پاکیزہ کرے، تُزَکِّیْ، تَزْکِیَۃٌ سے، مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر، ھِمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۱

تَزِلَّ۔ وہ ڈگمگائے (ضَرَبَ) زَلٌّ سے جس کے معنی قدم کے ڈگمگانے اور لغزش کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۱۴

تَزَوَّدُوْا۔ تم توشہ ہمراہ لو، تم خرچ راہ لے لو، تَزَوُّدٌ سے جس کے معنی زاد راہ اور سفر خرچ ہمراہ لے لینے کے ہیں، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲

تَزُوْلَ۔ وہ اپنی جگہ سے ٹل جائے، وہ اپنے مقام سے ہل جائے، (نَصَرَ) زَوَالٌ سے جس کے معنی اپنے طریقے سے منہ موڑ کر جدا ہونے اور پھرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۱۳

تَزُوْلَا۔ وہ دونوں اپنے مقام سے ہٹ جائیں زَوَالٌ سے مضارع کا صیغہ تثنیہ مؤنث غائب پ۲۷

تَزْھَقَ۔ وہ نکلے، وہ نکلے گی (فَتَحَ) زُھُوْقٌ سے جس کے معنی غم سے جان نکلنے اور کسی شے کے مٹ جانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ۔ واحد مؤنث غائب۔ پ۱۰ ع۱۲ و ۱۷

تُزَیِّدُوْنَنِیْ۔ تم میرا بڑھاتے ہو، تم مجھ کو زیادہ کرو گے (ضَرَبَ) تَزْیِیْدٌ، زِیَادَۃٌ سے جس کے معنی زیادہ ہونے اور زیادہ کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے۔ پ۱۵

تَزَیَّلُوْا۔ وہ ایک طرف ہوتے، وہ جدا ہوتے تَزَیُّلٌ سے جس کے معنی پراگندہ اور متفرق ہونے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب پ۱۱

فصل السین المھملۃ

تُسْئَلُ۔ تو پوچھا جائیگا، تجھ سے سوال کیا جائیگا سُؤَالٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ملاحظہ ہو اسئل) پ ۱

تُسْئَلُنَّ تم سے پوچھا جائیگا، تم سے سوال کیا جائیگا، تم سے پوچھ ہوگی ہے۔ سُؤَالٌ سے مضارع مجہول بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۳ ع ۱۲ پ ۲۷

تَسْئَلِیْنِیْ تو مجھ سے پوچھے، تو مجھ سے سوال کرے تَسْئَلْ، سُؤَالٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نَ وقایہ ی ضمیر واحد متکلم، لَا تَسْئَلْنِیْ (تو مجھ سے نہ پوچھ، تو مجھ سے سوال نہ کر) فعل نہی ہے۔ پ ۱ ع ۱۵

تَسْئَلُوْا تم سوال کرتے ہو، تم سوال کروگے تم پوچھتے ہو، تم پوچھوگے، سُؤَالٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب ساقط ہوگیا ہے۔ پ ۱ ع ۳

تُسْئَلُوْنَ تم سے پوچھا جائیگا، تم سے پوچھ ہوگی، تم سے سوال کیا جاتا ہے، تم سے سوال کیا جائیگا۔ سُؤَالٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱ ع ۱۵ پ ۲ ع ۲۲ پ ۲۵

تَسْئَلُهُمْ تو اُن سے سوال کرتا ہے، تو ان سے سوال کرے گا، تو ان سے مانگتا ہے تو ان سے مانگے گا۔ تَسْئَلْ سُؤَالٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب۔ پ ۳ ع ۱۳

تَسْئَمُوْا تم کاہلی کرنے لگو، تم ملول ہو، سَأْمَةٌ سے جس کے معنی ملول ہونے اور اکتانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تَسْئَمُوْا تم کاہلی نہ کرو، تم مت اکتاؤ فعل نہی ہے پ ۳ ع ۱۳

تَسَآءَلُوْنَ تم باہم سوال کرتے ہو، تم آپس میں مانگتے ہو، تَسَائُلٌ سے جس کے معنی باہم سوال کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں تَتَسَآءَلُوْنَ تھا۔ تاء ثانیہ کو حذف کردیا گیا۔ پ ۴ ع ۱۲

تُسْقِطَ وہ گرائیگی، وہ ڈالیگی، مُسَاقَطَةٌ سے جس کے معنی گرانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ پ ۱۶ ع ۵

تُسَبِّحُ وہ تسبیح کرتی ہے، وہ پاکی بیان کرتی ہے تَسْبِیْحٌ سے جس کے معنی اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو تَسْبِیْحَہُنَّ) پ ۱۵ ع ۵

تُسَبِّحُوْنَ تم تسبیح کرتے ہو، تم پاکی بیان کرتے ہو تَسْبِیْحٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، قرآن مجید میں اصحٰب الجنۃ (باغ والوں) کے قصہ میں جو اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(کیا میں نے تم کو نہ کہا تھا کہ اللہ کی تسبیح کیوں نہیں کرتے) وارد ہے یہاں "تسبیح" سے کیا مراد ہے، بعض نے عبادت اور شکر کے معنی لئے ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ کھیتی کاٹ ڈالنے کی جو انھوں نے قسم کھائی تھی یہاں اس قسم سے استثنا یعنی قسم کھاتے وقت انشاء اللہ کہنا مراد ہے ۲۹ پ ۳

تُسَبِّحُوْهُ تم اس کی تسبیح کرو، تم اس کی پاکی بیان کرو، **تُسَبِّحُوْا** **تَسْبِیْحٌ** سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، **ہٗ** ضمیر واحد مذکر غائب ۲۷ پ ۱

تَسْبِقُ وہ آگے نکلتی ہے، وہ سبقت کرتی ہے وہ آگے نکلیگی، وہ سبقت کریگی، (ضَرَبَ) **سَبْقٌ** سے۔ جس کے معنی اصل میں تو چلنے میں مقدم ہونے کے ہیں، مگر اس کا استعمال بطور مجاز و استعارہ مطلق بڑھنے اور سبقت کرنے کے لئے بھی ہوتا ہے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۲ پ ۱۲

تَسُبُّوْا تم برا کہو، تم گالیاں دو (نَصَرَ) **سَبٌّ** سے۔ جس کے معنی سخت گالیاں دینے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، **لَا تَسُبُّوْا** تم گالیاں نہ دو، تم برا نہ کہو) فعل نہی ہے۔ ۸ پ ۷

تَسْبِیْحَهٗ۔ اس کی تسبیح، اس کی یاد، **تَسْبِیْحٌ** مضاف **ہٗ** ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ

تَسْبِیْحٌ بروزن **تَفْعِیْلٌ** مصدر ہے۔ "تسبیح" کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ اور اس کی پاکی بیان کرنا **سَبْحٌ** سے ماخوذ ہے جس کے معنی پانی یا ہوا میں تیز گزرنے کے ہیں۔ اس لحاظ سے تسبیح کے اصلی معنی ہوئے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں تیز روی کرنا اور بسرعت مصروف ہو جانا، عربی میں جس طرح "البعاد" کا لفظ شر کے لئے استعمال ہوتا ہے، تسبیح۔ خیر کے لئے مستعمل ہے اور قول ہو یا فعل، یا نیت، تسبیح کا لفظ سب عبادات کے لئے عام ہے۔ ۱۵ پ ۱۲

تَسْبِیْحَهُمْ ان کا تسبیح کرنا، ان کا پڑھنا **تَسْبِیْحٌ** مضاف **هُمْ** جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۱۵ پ ۱۲

تَسْتَأْخِرُوْنَ۔ تم دیر کرتے ہو، تم دیر کرو گے تم پیچھے رہتے ہو، تم پیچھے رہو گے۔ **اِسْتِیْخَارٌ** سے۔ جس کے معنی پیچھے ہونے اور دیر کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ ۲۲ پ ۱۴

تَسْتَأْنِسُوْا تم بول چال کرو، تم اذن لے لو، تم انس پیدا کر لو، **اِسْتِیْنَاسٌ** سے جس کے معنی انس پکڑنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر ۱۸ پ

تَسْتَبْدِلُوْنَ۔ تم بدلتے ہو، تم بدلو گے،

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِسْتِبْدَالٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْتِبْدَالٌ) پ۲

تَسْتَبِیْنَ۔ وہ ظاہر ہو جائے، وہ کھل جائے اِسْتِبَانَۃٌ سے۔ جس کے معنی ظاہر و ہویدا ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مونث غائب، پ۱۲

تَسْتَتِرُوْنَ تم چھپتے ہو، تم پردہ کرتے ہو، اِسْتِتَارٌ سے جس کے معنی چھپنے اور پردہ کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۴

تَسْتَجِیْبُوْنَ تم قبول کرو گے۔ تم جواب دو گے اِسْتِجَابَۃٌ سے۔ جس کے اصل معنی جواب کے لئے تیار ہونے کے ہیں اور جواب کی تیاری کا نتیجہ ہے جواب دینا، کیونکہ ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ جواب کی تیاری تو ہو مگر جواب نہ دیا جائے، اس لئے اِسْتِجَابَۃٌ کا استعمال جواب دینے کے لئے بھی ہونے لگا، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۵

تَسْتَخِرُّوْا۔ تم نکالو، اِسْتِخْرَاجٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب حذف ہو گیا ہے (ملاحظہ ہو اِسْتِخْرَاجٌ) پ۱۲

تَسْتَخِرُّوْنَ۔ تم نکالتے ہو، اِسْتِخْرَاجٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۲۲

تَسْتَخِفُّوْنَهَا۔ تم اس کو ہلکا جانتے ہو، وہ تم کو ہلکا لگتا ہے، تَسْتَخِفُّوْنَ اِسْتِخْفَافٌ سے۔ جس کے معنی ہلکا سمجھنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ۔ جمع مذکر حاضر۔ ھَا ضمیر واحد مونث غائب، پ۱۳

تَسْتَرْضِعُوْا۔ تم دودھ پلواؤ، اِسْتِرْضَاعٌ سے جس کے معنی دودھ پلوانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲

تَسْتَطِعْ۔ تو کر سکے، اِسْتِطَاعَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَمْ تَسْتَطِعْ (تو نہ کر سکا) اصل میں تَسْتَطِیْعْ تھا، لَمْ کے آنے سے مضارع ماضی منفی کے معنی میں ہو گیا، اور ی جو حرف علت ہے بسبب اجتماع ساکنین کے حذف ہو گئی (ملاحظہ ہو اِسْتَطَاعَ) پ۱۶

تَسْتَطِیْعَ۔ تو کر سکیگا۔ اِسْتِطَاعَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ۔ واحد مذکر حاضر۔ پ۱۵ ع ۱۷ و پ۱۶ ع ۲۲

تَسْتَطِیْعُوْا۔ تم کر سکو گے، تم کر سکتے ہو۔ اِسْتِطَاعَۃٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، لَنْ کے آنے سے آخر سے نون اعرابی حذف ہو گیا۔ پ۵

تَسْتَطِیْعُوْنَ۔ تم کر سکتے ہو، تم کر سکو گے اِسْتِطَاعَۃٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَسْتَعْجِلْ۔ تو جلدی کر، تو عجلت کر، اِسْتِعْجَالٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَا تَسْتَعْجِلْ (تو جلدی نہ کر، تو عجلت نہ کر) فعل نہی ہے۔ (ملاحظہ ہو اِسْتِعْجَالُهُمْ) ۳۶/۴

تَسْتَعْجِلُوْنَ۔ تم جلدی کرتے ہو، تم عجلت کرتے ہو، اِسْتِعْجَالٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۶/۱۳ ۱۰/۵۰ ۱۹/۱۰ ۲۰/۲ ۲۷/۱۸

تَسْتَعْجِلُوْهُ۔ تم اس کی جلدی کرو، تم اس کی عجلت کرو، تَسْتَعْجِلُوْا، اِسْتِعْجَالٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب لَا تَسْتَعْجِلُوْهُ (تم اس کی عجلت نہ کرو۔ تم اس کی جلدی نہ کرو) فعل نہی ہے، ۴۶/۲۴

تَسْتَغْفِرُ، تو مغفرت طلب کرے، تو بخشش مانگے، اِسْتِغْفَارٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْتِغْفَارٌ) ۴/۱۰۶ ۲۵/۱۳

تَسْتَغْفِرُوْنَ۔ تم بخشش مانگتے ہو، تم گناہ بخشواتے ہو، اِسْتِغْفَارٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۶۳/۱۹

تَسْتَغِيْثُوْنَ، تم فریاد کرتے ہو، تم فریاد چاہتے ہو، اِسْتِغَاثَةٌ سے جس کے معنی فریاد چاہنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۹/۱۵

تَسْتَفْتِ۔ تو سوال کرے، تو تحقیق کرے۔ اِسْتِفْتَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، لَا تَسْتَفْتِ (تو سوال نہ کر، تو تحقیق نہ کر) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اِسْتَفْتِهِمْ) ۳۷/۱۱

تَسْتَفْتِحُوْا تم فتح چاہتے ہو۔ تم فیصلہ چاہتے ہو اِسْتِفْتَاحٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اِنْ شرطیہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہو گیا ہے ۱۴/۱۹

تَسْتَفْتِيٰنِ تم دونوں تحقیق چاہتے ہو، تم دونوں سوال کرتے ہو، اِسْتِفْتَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، تثنیہ مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْتَفْتِهِمْ) ۱۲/۱۵

تَسْتَقْدِمُوْنَ۔ تم آگے بڑھتے ہو، تم آگے بڑھو گے، اِسْتِقْدَامٌ سے جس کے معنی آگے ہونے اور آگے بڑھنے کی خواہش کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، ۳۴/۶۱

تَسْتَقْسِمُوْا۔ تم قسمت معلوم کرو، تم بانٹا کرو تم تقسیم چاہو، اِسْتِقْسَامٌ سے جس کے معنی قسم کا خواستگار ہونے اور جوئے کے تیروں سے حصہ کی تقسیم چاہنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر نون اعرابی ان ناصبہ کی وجہ سے حذف ہو گیا ہے امام لغت علامہ ازہری نے اِستقسام کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنی خوب کھول کر بیان کئے ہیں۔ فرماتے ہیں۔
ھو طلب ما قسم اللہ اللہ نے جو کچھ ہم کو تقسیم کر دیا اور
لنا وھو مغیب عنا وہ ہمیں معلوم نہیں زندگی ہو یا موت
من حیوۃ او موت نیک بختی ہو یا بدبختی اس کے
او شقاوۃ او سعادۃ مانگنے کو استقسام کہتے ہیں اور
وھو قسمۃ ای یہی اس کی قسمت ہے یعنی
نصیب الذی لہ اس کا وہ نصیب جو اس کے لئے
نصار لکل واحد مقرر ہے، پس ہر ایک کو وہی ملا
قسمہ۔ سلہ جو اس کے نصیب میں تھا۔

یعنی جوئے کے تیروں سے تقسیم چاہتے ہیں۔ ہر ایک کے حصہ میں وہی آتا ہے، جو اس کی قسمت میں ہوتا ہے اور قسمت میں جو ہو اس کے مانگنے کا نام استقسام ہے اس لئے اس طرح سے قسمت آزمائی کرنے کو استقسام کہتے ہیں ۵

تَسْتَكْبِرُوْنَ تم گھمنڈ کرتے ہو، تم تکبر کرتے ہو، اِسْتِكْبَارٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْتِكْبَارٌ) پ ۱۵ ع ۱۲

تَسْتَكْثِرُ۔ تو زیادہ چاہے، اِسْتِكْثَارٌ سے۔ جس کے معنی زیادہ چاہنے اور کسی چیز کے بہت آنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْتَكْثَرَتْ) پ ۲۹ ع ۱۵

تَسْتَمِعُوْنَ۔ تم سنتے ہو، تم سن رہے ہو، اِسْتِمَاعٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو اِسْتَمَعَ) پ ۱۹ ع ۱

تَسْتَوٗا۔ تم چڑھ بیٹھو، تم اچھی طرح سے سوار ہو اِسْتِوَاءٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو اِسْتَوٰی) پ ۲۵ ع ۱

تَسْتَوِیْ۔ وہ برابر ہوتی ہے، وہ برابر ہو گی، اِسْتِوَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مونث غائب (ملاحظہ ہو اِسْتَوٰی) پ ۱۳ ع ۱۹ پ ۲۳

تَسْتَهْزِءُوْنَ تم ٹھٹھا کرتے ہو اِسْتِهْزَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْتَهْزَءُوْا) پ ۱۰ ع ۱۳

تَسْجُدَ۔ تو سجدہ کرے، سُجُوْدٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُسْجُدْ) پ ۹ ع ۱۳ پ ۲۳

تَسْجُدُوْا۔ تم سجدہ کرو، سُجُوْدٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر کا تَسْجُدُوْا (تم سجدہ نہ کرو) فعل نہی ہے، پ ۲۴ ع ۱۹

تُسْحَرُوْنَا۔ تو ہم پر جادو کرے (فتح) تَسْحَرَ سِحْرٌ سے، جس کے معنی جادو کرنے کے ہیں۔

سلہ ملاحظہ ہو تاج المصادر للبیہقی۔

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نا ضمیر جمع متکلم (تفعیل کے لئے ملاحظہ ہو مسخرًا) پ۲۵

تُسْخَرُوْنَ۔ تم مسخر ہو جاتے ہو، تم فریب کھا جاتے ہو، مسخرٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۲

تَسْخَرُوْا۔ تم ہنستے ہو، تم ٹھٹھا کرتے ہو، تم ہنسو گے تم ٹھٹھا کرو گے (سمعَ) سُخْرٌ سے، جس کے معنی ٹھٹھا کرنے اور مذاق اڑانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، ان شرطیہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہو گیا ہے، پ۱۲

تَسْخَرُوْنَ۔ تم ہنستے ہو، تم ہنسو گے، تم ٹھٹھا کرتے ہو، تم ٹھٹھا کرو گے، سُخْرٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، پ۱۲

تُسَرُّ، وہ بھاتی ہے، وہ خوش آتی ہے (نصرَ) سُرُوْرٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو سُرُوْرًا) پ۱

تَسْرَحُوْنَ۔ تم صبح جنگل چرانے جاتے ہو (فتحَ) سَرْحٌ سے، جس کے معنی علی الصباح چرانے کے لئے لیجانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۴

تُسْرِفُوْا۔ تم اسراف کرو، تم حد سے بڑھ جاؤ، تم بیجا اڑاؤ، اِسْرَافٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر لَا تُسْرِفُوْا (تم حد سے نہ بڑھو، تم بیجا نہ اڑاؤ) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اِسْرَافًا) پ۷ پ۸

تُسِرُّوْنَ۔ تم چھپاتے ہو، تم پوشیدہ رکھتے ہو، اِسْرَارٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْرَارًا) پ۱ پ۱۵ پ۲۸

تَسْرِيْحٌ نکال دینا، رخصت کرنا، چھوڑ دینا، روانہ کرنا بروزن تَفْعِيْلٌ مصدر ہے۔ سَرْحٌ سے ماخوذ ہے، جس کے معنی اصل میں تو مویشی کو درخت سرح[1] کے چرانے کے ہیں پھر معنی میں تعمیم کی گئی اور چرائی پر بھیجنے کے لئے سرح کا استعمال ہونے لگا، اور چرواہے کو "سارح" کہنے لگے، چنانچہ آیت کریمہ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ (اور تم کو ان سے رونق ہے جب شام کو چرا کر لاتے ہو اور جب چرائی پر چھوڑتے ہو) میں "سرح" کا استعمال اسی معنی میں ہوا ہے، پھر مویشی کی "تسریح" سے بطور استعارہ مطلق چھوڑنے اور بھیجنے کے معنی آنے لگے، پ۱۲

تِسْعٌ نو، مؤنث کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ پ۱۳

[1] "سرح" ٹہنی درخت کو کہتے ہیں۔ اس کا واحد سَرْحَةٌ ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تِسْعًا ۱۹/۲۴

تِسْعَةٌ نو، مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے ۱۹/۱۹

تِسْعَةَ عَشَرَ، انیس، مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۲۹/۱۵

تِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ۔ ننانوے، مؤنث کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۲۳/۱۱

تَسْعٰی۔ وہ کوشش کرتی ہے، وہ دوڑتی ہے سَعْیٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اِسْعَوْا) ۱۶/۱۰ و ۱۲/۱۲

تَسْفِكُوْنَ۔ تم بہاتے ہو، تم بہاؤ گے (ضَرَبَ) سَفْكٌ سے جس کے معنی خون بہانے اور آنسو بہانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۲/۲

تَسْقُطُ۔ وہ گرتی ہے، وہ جھڑتی ہے۔ (نَصَرَ) سُقُوْطٌ سے، جس کے معنی گرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۷/۱۲

تُسْقِطْ تو گرائے، تو ڈال دے، اِسْقَاطٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَسْقِطْ) ۱۵/۲

تَسْقِیْ۔ وہ پلاتی ہے، وہ سیراب کرتی ہے۔ (ضَرَبَ) سَقْیٌ سے، جس کے معنی پینے کے لئے پانی دینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب

راغب کہتے ہیں کہ سَقْیٌ اور اِسْقَاءٌ میں فرق ہے سَقْیٌ کے معنی ہیں پینے کے لئے کسی چیز کا دینا اور اِسْقَاءٌ کے معنی ہیں پینے کی چیز کا اس طرح دینا کہ پینے والا اس کو اپنی حسب مرضی استعمال کر سکے۔ اور جس طرح چاہے پی سکے۔ اس لئے "اسقاء" بہ نسبت "سقی" کے زیادہ بلیغ ہے ۱/۸

تُسْقٰی۔ وہ پلائی جائیگی۔ اسے پلایا جائیگا۔ سَقْیٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۳۱/۱۲

تُسْكَنُ۔ وہ بسائی جاتی ہے، اس میں سکونت کی جائیگی، سُكُوْنٌ سے، مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اُسْكُنْ) ۲۰/۹

تَسْكُنُوْا۔ تم چین پاؤ، تم سکون حاصل کرو، سُكُوْنٌ سے بمعنی چین پکڑنے اور آرام لینے کے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ل کے آنے سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے ۱۱/۱۲ ۲۰/۱۴ ۲۴/۱۶

تَسْكُنُوْنَ۔ تم چین پاتے ہو، تم چین پاؤ گے، سُكُوْنٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۲۰/۱۴

تَسْلُكُوْا۔ تم چلو پھرو، تم چلنے پھرنے لگو، سُلُوْكٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُسْلُكْ) ۲۹/۴

تَسْلِيْمًا۔ تم سلام کرو، تَسْلِيْمٌ سے جس کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنی سلام کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تَسْلِیْمًا) پ۲۲

تُسْلِمُوْنَ. تم اطاعت کرتے رہو، تم حکم مانتے رہو اِسْلَامٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْلَامٌ) پ۱۲

تَسْلِیْمًا. سلام بھیجنا، سونپنا، سر اطاعت خم کرنا چڑانا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، یوں تو یہ سب معانی میں مستعمل ہے مگر خصوصیت سے جب اس کا تعدیہ بذریعہ علی ہو تو سلام کرنے اور سلام بھیجنے کے معنی ہوتے ہیں اور جب مفعول ثانی کی طرف بذریعہ الی ہو تو سونپنے اور سپرد کرنے کے معنی ہوں گے اور جب لام کے ذریعہ ہو گا تو گردن رکھنے کے معنی آئیں گے، اور جب مفعول ثانی کی طرف مِن کے ساتھ ہو گا تو چڑانے کے معنی ہوں گے، پ۵ پ۱۹ پ۲۲

تُسْمِعُ. تو سنائے، تو سنائیگا، اِسْمَاعٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَسْمَعَهُمْ) پ۱۱ پ۲۰ پ۲۱

تَسْمَعُ. تو سنتا ہے، تو سنیگا، سَمْعٌ اور سَمَاعٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِسْمَعْ) پ۱۶ پ۲۵ پ۳۰

تَسْمَعُنَّ. تم ضرور سنو گے، سَمْعٌ اور سَمَاعٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۳۰

تَسْمَعُوْا تم سنو، تم کان دھرو، سَمْعٌ اور سَمَاعٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تَسْمَعُوْا، (تم مت سنو، تم کان نہ دھرو) فعل نہی ہے۔ پ۲۲

تَسْمَعُوْنَ. تم سنتے ہو، تم سنو گے، سَمْعٌ اور سَمَاعٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، پ۹ پ۱۷ پ۲۰

تُسَمّٰی۔ اس کا نام رکھا جاتا ہے، وہ موسوم ہو تَسْمِیَۃٌ سے، مضارع مجہول کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، پ۲۹

تَسْمِیَۃٌ. نام رکھنا، بروزن تَفْعِلَۃٌ، باب تَفْعِیْلٌ کا مصدر ہے، پ۳۰

تَسْنِیْم، تسنیم، جنت کے ایک چشمہ کا نام ہے "تسنیم" لغت میں اس چیز کو کہتے ہیں جو خوشبو یا ذائقہ کے لئے شربت یا پانی میں ملاتے ہیں جیسے گلاب یا کیوڑا یا بید مشک وغیرہ، سَنَامٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی کوہان شتر کے ہیں، چونکہ پینے کی چیزوں میں اشیاء مذکورہ کے ڈالنے سے برتن میں جو بلبلے اٹھتے ہیں وہ اونٹ کے کوہان کے مانند معلوم ہوتے ہیں، اس لئے اس کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"تسنیم" کہتے ہیں، یہاں "تسنیم" سے مراد بہشت کا ایک چشمہ ہے جو تمام اشیاء خوردنی میں بہتر اور لذیذ ہے، مقربین اور سابقین کو اس چشمے سے بہتر اور خالص پلائیں گے اور "اصحاب الیمین" کو بطور گلاب اور بید مشک کے ملا کر دینگے۔ پ۳۰

تَسُؤْكُمْ وہ تم کو بری لگے، وہ تم کو غمگین کرے (نَصَرَ) تَسُوْءٌ سَوْءٌ سے۔ جس کے معنی غمگین کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر پ۷

تَسُؤْهُمْ وہ ان کو بری لگتی ہے، وہ ان کو ناخوش کرتی ہے، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، پ۱۰ پ۱۱

تَسْوَدُّ وہ کالی ہوگی، وہ سیاہ ہوگی، وہ کالے ہوں گے، وہ سیاہ ہوں گے۔ اِسْوِدَادٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اِسْوَدَّتْ) پ۳

تَسَوَّرُوا انھوں نے دیوار کو پھاندا، تَسَوُّرٌ سے۔ جس کے معنی دیوار پر چڑھنے اور بلندی سے کودنے کے ہیں ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب پ۲۳

تُسَوّٰى وہ برابر کر دی جائے۔ وہ ملا دی جائے تَسْوِيَةٌ سے۔ جس کے معنی برابر کرنے اور درست کرنے کے ہیں، مضارع مجہول کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، پ۵

تَسِيْرُ وہ چلتی ہے۔ وہ چلیگی۔ (ضَرَبَ) سَيْرٌ سے جس کے معنی چلنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۳۰

تُسِيْمُوْنَ تم چراتے ہو، تم چگاتے ہو اِسَامَةٌ سے، جس کے معنی چرانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ پ۱۴

فصل الشین المعجمة

تَشَآءُ تو چاہے، مَشِيْئَةٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَشَآءُ) پ۳ پ۴ پ۱۲

تَشَآءُوْنَ تم چاہتے ہو، تم چاہو گے۔ مَشِيْئَةٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۲۹ پ۳۰

تَشَابَهَ وہ مشتبہ ہوا، وہ مشابہ ہوا، وہ مل گیا۔ تَشَابُهٌ سے، جس کے معنی اہم مماثل و مشابہ ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۳ پ۳ پ۱۳

تَشَابَهَتْ وہ مشابہ ہوگئی، وہ یکساں ہوئے وہ ایک سے ہوگئے۔ تَشَابُهٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو بُسِّتَتْ) پ۱۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُشَاقُّوْنَ۔ تم ضد کرتے ہو، تم جھگڑتے ہو۔ مُشَاقَّۃٌ اور شِقَاقٌ سے جس کے معنی مخالفت کرنے، عداوت کرنے، جھگڑنے اور ضد کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر مُشَاقَّۃٌ شَقٌّ سے ماخوذ ہے، جس کے معنی پھٹنے کے ہیں ۱۳/۱۰

تَشَاوُرٍ۔ آپس میں مشورہ کرنا، بروزن تَفَاعُلٌ مصدر ہے۔ ۲/۱۲

تَشْتَرُوْا۔ تم خریدو، تم مول لو۔ اِشْتِرَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر کَا تَشْتَرُوْا (تم مول نہ لو، تم نہ خریدو) صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اشْتَرَوْا) ۱/۱۱ ۱/۱۱ ۱/۱۱

تَشْتَكِيْ۔ وہ شکایت کرتی ہے، وہ جھینکتی ہے اِشْتِکَاءٌ سے، جس کے معنی گلہ شکوہ کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۲۵/۱۲

تَشْتَهِيْ۔ وہ چاہتی ہے، وہ چاہیگی، اِشْتِهَاءٌ سے جس کے معنی آرزو کرنے، چاہنے اور خواہش کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۲۳/۱۶

تَشْتَهِيْهِ۔ وہ اس کو چاہتی ہے، وہ اس کو چاہے گی۔ اس میں ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب ہے ۲۵/۱۲

تَشْخَصُ، وہ ٹکٹکی باندھ کر دیکھے گی، وہ کھلی رہے گی، وہ چڑھے گی (فَتْحٌ) شُخُوْصٌ سے جس کے معنی آنکھوں کے کھلے رہنے، بغیر پلک جھپکے ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے اور بلند ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۱۴/۱۳

تَشْرَبُوْنَ۔ تم پیتے ہو، شُرْبٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِشْرَبُوْا) ۱۸/۳ ۲۷/۱۵

تُشْرِكَ۔ تو شرک کرے، تو شریک کرے اِشْرَاكٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو اَشْرَكَ اور شَرِيْكٌ) ۱۴/۱۱ ۲۰/۱۱ ۱۰۱/۱۱

تُشْرِكُوْا۔ تم شرک کرو، تم شریک ٹھیراؤ۔ اِشْرَاكٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب حذف ہو گیا ۵/۳ ۸/۶ ۱۱/۵

تُشْرِكُوْنَ۔ تم شرک کرتے ہو، تم شریک ٹھیراتے ہو اِشْرَاكٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر ۳۸/۶ ۱۰۰/۶ ۱۴۸/۶ ۱۵۱/۶ ۲۲/۱۰ ۷۱/۱۰ ۲۳/۱۲

تُشْطِطْ۔ تو زیادتی کرے، تو بات کو دور ڈال دے، اِشْطَاطٌ سے، جس کے معنی ظلم کرنے حد سے بڑھنے اور بہت دور کر دینے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَا تُشْطِطْ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(تو زیادتی نہ کر، تو بات کو دور نہ ڈال) فعل نہی ہے۔ ۲۷/۱۱

تَشْعُرُوْنَ۔ تم سمجھتے ہو، تم جانتے ہو، تم خبر رکھتے ہو (نصر) شُعُوْرٌ سے، جس کے معنی بذریعہ حس جاننے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲/۱۳ ۲/۱۴ ۲/۱۵ ۲/۱۳

تَشْقٰى۔ تو تکلیف میں پڑیگا تو محنت میں جا پڑیگا (سمع) شَقَاوَةٌ سے جس کے معنی بدبختی کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر "شقاوت" جملہ اعتبارات وحیثیات سے "سعادت" کی ضد ہے، پس جس طرح سعادت کی دو قسمیں ہیں ایک سعادت اخروی دوسرے سعادتِ دنیوی، اور پھر سعادت دنیوی کی بھی تین قسمیں ہیں ایک سعادتِ نفسی دوسرے سعادتِ بدنی تیسرے سعادتِ خارجی، اسی طرح شقاوت کے بھی اقسام ہیں چنانچہ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى (نہ وہ بہکیگا اور نہ وہ تکلیف میں پڑیگا) اور رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا (اے رب ہمارے زور کیا ہم پر ہماری کمبختی نے) میں شقاوت سے شقاوتِ اخروی مراد ہے اور فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى (سو وہ نکلوا نہ دے تم کو بہشت سے پھر تو محنت میں جا پڑے) شقاوتِ دنیوی کے متعلق ہے، بعض اربابِ لغت نے تصریح کی ہے کہ کبھی شَقَاءٌ کا استعمال تعب و رنج کشی، محنت میں پڑنا، تکلیف اٹھانا) کی جگہ ہوتا ہے جیسے شَقِيْتُ فِي كَذَا (مجھے اس میں بڑی محنت اٹھانی پڑی) ظاہر ہے کہ ہر شقاوت میں تعب ضرور ہے مگر یہ ضروری نہیں کہ ہر تعب میں شقاوت بھی موجود ہو۔ ۱۶/۱۹ ب

تَشَقَّقُ۔ وہ پھٹ جائیگی، تَشَقُّقٌ سے جس کے معنی شگافتہ ہونے اور پھٹ جانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں تَتَشَقَّقُ تھا۔ ایک تا حذف ہوگئی ہے ۲۵/۱۴

تَشْكُرُوْا۔ تم حق مانو، تم شکر کرو، شُكْرٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ ان شرطیہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا ہے (تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو اَشْكُرُ)

تَشْكُرُوْنَ۔ تم شکر کرتے ہو، تم احسان مانتے ہو تم حق مانو، تم شکر کرو، شُكْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۲/۱ ۲/۴ ۲/۵ ۲/۶ ۲/۷ ۲/۸ ۲/۹ ۲/۱۲ ۲/۱۷ ۲/۱۸ ۲/۲۰ ۲/۲۱ ۲/۲۲ ۲/۲۵ ۲/۲۷ ۲/۲۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَشْمِتْ تو ہنسائے، تو خوش کرے۔ اِشْمَاتٌ سے جس کے معنی دشمن کو ہنسانے اور خوش کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ۹/۸

تَشْهَدُ۔ وہ (عورت) شہادت دے، وہ گواہی دے، وہ شہادت دیگی، وہ گواہی دیگی شَهَادَةٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ (ملاحظہ ہو اَشْهَدُ) ۱۸/۱۹ ۲۳/۳

تَشْهَدْ۔ تو شہادت دے، تو گواہی دے، شَهَادَةٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ۵/۸

تَشْهَدُوْنَ۔ تم شاہد ہو، تم حاضر ہو، تم گواہی دیتے ہو، شُهُوْدٌ سے، جس کے معنی حاضر ہونے اور موجود ہونے کے ہیں اور شَهَادَةٌ سے جس کے معنی گواہی دینے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو شَهَادَةٌ) ۱۰/۳ ۱۵/۳ ۸/۵

تَشِيْعَ۔ وہ فاش ہو، اس کا چرچا ہو، وہ پھیلے (ضَرَبَ) شُيُوْعٌ سے، جس کے معنی آشکار ہونے، پھیلنے اور قوت پانے کے ہیں مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب ۱۹/۸

فصل الصاد المهملة

تُصْحِبْنِيْ۔ تو مجھے صحبت میں رکھ، تو مجھے ساتھ رکھ، تُصَاحِبْ مُصَاحَبَةٌ سے جس کے معنی کسی کی صحبت میں رہنے اور کسی کو ساتھ رکھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے، ۱۶/۱۸

تُصْبِحُ وہ ہو جاتی ہے، وہ ہو جائے گی، اِصْبَاحٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اِصْبَاحٌ اور اَصْبَحَتْ) ۱۵/۱۵ ۱۷/۱۵

تُصْبِحُوْا۔ تم لگو، تم ہو جاؤ، اِصْبَاحٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، عامل کے آنے سے نون اعرابی حذف ہو گیا ہے۔ ۲۶/۱۳

تُصْبِحُوْنَ۔ تم صبح کرتے ہو، تم صبح کرو گے، اِصْبَاحٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو اِصْبَاحٌ) ۳۱/۵

تَصْبِرْ۔ تو صبر کریگا، صَبْرٌ سے، مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِصْبِرْ) ۱۵/۲۱

تَصْبِرُوْا تم صبر کرو، تم ٹھیرے رہو، صَبْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب محذوف ہے ۲۷/۳ ۲۰۰/۳ ۵/۱ ۲۷/۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَصْبِرُوْنَ۔ تم صبر کرتے ہو، تم ثابت رہتے ہو، صَبْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۷/۱۸

تُصِیْبَكَ۔ تجھکو پہنچے، تُصِیْبُ اِصَابَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، كَ ضمیر واحد مذکر حاضر، تُصِیْبُ اصل میں تُصِیْبُ تھا ان شرطیہ کے آنے سے ی جو حرفِ علت ہے حذف ہوگئی (ملاحظہ ہو اُصِیْبُ) ۱۲/۱۳

تُصِیْبُكُمْ۔ تم کو پہنچے، اس میں كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے، ۴/۴

تُصِیْبَهُمْ۔ ان کو پہنچے، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، ۹/۲۱ ۲۵/۲۵

تَصَدَّقَ، اس نے خیرات کی، اس نے بخشدیا تَصَدُّقٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، (ملاحظہ ہو اَصَدَّقَ) ۶/۱۱

تَصَدَّقُوْا، تو صدقہ دے، تو خیرات کر، تو بخشش کر، تَصَدُّقٌ سے، امر کا صیغہ، واحد مذکر حاضر، تَصَدَّقَ اصل میں تَتَصَدَّقَ تھا، ایک تا حذف ہوگئی ہے، یہاں "تصدق" سے کیا مراد ہے، عام مفسرین کی رائے ہے کہ زیادہ دینے میں چشم پوشی مراد ہے، بات یہ تھی کہ برادرانِ یوسف علیہ السلام زر اسامال لیکر آئے تھے اور چاہتے یہ تھے کہ اس کے عوض اتنا ہی غلہ مل جائے جتنا پہلے ملا تھا، اس لئے "تصدق" کا مطلب یہ ہے کہ ناقص پونجی لیکر درگزر کرو اور پورا ناپ دو ابن جریج اور ضحاک کا قول یہ ہے کہ "تصدق" سے مراد یہ ہے کہ ہمارا بھائی ہم کو واپس کردو، غرض اکثر مفسرین کے نزدیک "تصدق" سے یہاں اصطلاحی صدقہ اور خیرات مراد نہیں ہے علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے دیگر انبیاء علیہم السلام کے لئے بھی صدقہ حلال تھا یا نہیں، سفیان بن عیینہ کا جواب اثبات میں ہے، ان کا استدلال اسی آیت سے ہے، لیکن جمہور علماء نے انکار کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ صدقہ کے بارے میں تمام انبیاء کا حال یکساں ہے، ان کو مخلوق کے سامنے جھکنے اور اس سے لینے کی ممانعت ہے، صدقہ لوگوں کا میل کچیل ہے، وہ ان کے لئے کیونکر حلال ہوسکتا ہے، انبیاء ماسوی اللہ سے مستغنی ہوتے ہیں اس لئے یہاں "تصدق" سے صدقہ نہیں بلکہ حسن ضیافت مراد ہے۔[1] ۱۳/۱۳

تَصَدَّقُوْا۔ تم خیرات کرو، تم صدقہ کرو۔ تَصَدُّقٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر،

[1] ملاحظہ ہو لباب التاویل علامہ خازن بغدادی ج ۳ ص ۲۵۴ طبع مصر ۱۳۳۱ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنْ ناصبہ کے سبب نون اعرابی ساقط ہوگیا۔ پ۳

تُصَدِّقُوْنَ۔ تم سچ مانتے ہو، تم تصدیق کرتے ہو تَصْدِیْقٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو تَصْدِیْقٌ) ۲۷/۱۵

تَصُدُّوْنَ۔ تم روکتے ہو، تم بند کرتے ہو، (نَصَرَ) صَدٌّ سے جس کے معنی روکنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۴/۱۸

تُصُدُّوْنَا، تم ہم کو بند کرو، تم ہم کو روک دو، اس میں نا ضمیر جمع متکلم ہے اور نون اعرابی اَنْ ناصبہ کے آنے سے حذف ہوگیا۔ ۱۳/۱۵

تَصَدّٰی۔ تو فکر میں ہے، تو درپے ہے تَصَدِّیٌ سے جس کے معنی کسی چیز کے درپے ہونے اور آگے سامنے ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، تَصَدِّیٌ صَدًی سے ماخوذ ہے صدی آواز بازگشت کو کہتے ہیں، اس اعتبار سے تصدی کے معنی ہوئے کسی چیز کے اس طرح مقابل ہونے کے جس طرح صدائے بازگشت مقابل ہوتی ہے، تَصَدّٰی اصل میں تَتَصَدّٰی تھا ایک تا، حذف ہوگئی، ۳۰/۱۰

تَصْدِیَۃً۔ تالیاں بجانا، بروزن تَفْعِلَۃٌ باب تفعیل کا مصدر ہے، ۹/۱۸

تَصْدِیْق۔ سچ ماننا، سچا کرنا، تصدیق کرنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، ۱۱/۳۴

تَصْرِفْ، تو پھیریگا، تو دفع کریگا، صَرْفٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَصْرِفْ) ۱۱/۱۲

تُصْرَفُوْنَ۔ تم پھیرے جاتے ہو، تمہیں پھیر دیا جاتا ہے، صَرْفٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۱/۴ ۲۳/۱۵

تَصْرِیْفِ۔ پھیرنا، بدلنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، ۲۵/۴

تَصْطَلُوْنَ، تم تاپو، اِصْطِلَاءٌ سے جس کے معنی تاپنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، ۱۱/۲۰

تُصْعِدُوْنَ۔ تم چڑھے جاتے تھے، تم چڑھ رہے تھے، تم دور جا رہے تھے، اِصْعَادٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اِصْعَادٌ کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ زمین میں دور ہونے کو کہتے ہیں خواہ زمین کے بالائی حصہ میں ہو یا نشیبی حصہ میں صُعُوْدٌ سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی بالائی مقامات پر جانے کے ہیں جیسے بصرہ سے نجد و حجاز کی طرف جانا، پھر اس کا استعمال بالائی مقامات سے قطع نظر کر کے دور جانے کے لئے ہونے لگا۔ جس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح سے کہ لفظ تعالٰ اصل میں اوپر کی طرف بلانے کے لئے تھا، پھر ہر آمد کے لئے استعمال ہونے لگا، خواہ اوپر سے آیا جائے یا نیچے سے، ۱۰

تُصَعِّرْ تو پسلا، تو موڑ، تَصْعِیْرٌ سے، جس کے معنی تکبر سے منہ موڑنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر کا تُصَعِّرْ (تو مت پسلا، تو نہ موڑ) فعل نہی ہے، ۳۱/۱۱

تَصْغٰی۔ وہ جھکتی ہے، وہ جھکتے ہیں (سَمِعَ، نَصَرَ) صَغْوٌ اور صَغًی سے، جس کے معنی جھکنے اور مائل ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۶۳

تَصِفُ، وہ بیان کرتی ہے، (ضَرَبَ) وَصْفٌ سے، جس کے معنی کسی چیز کو اس کے حلیہ اور صفت کے ساتھ بیان کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، وصف کبھی حق ہوتا ہے اور کبھی باطل، یہاں وصف باطل ہی مراد ہے، ۱۱۶/۱۶

تَصْفَحُوْا۔ درگزر کرو، صَفْحٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِصْفَحْ) ۲۸/۱۹

تَصِفُوْنَ تم بتاتے ہو، تم بیان کرتے ہو، وَصْفٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر۔ یہاں بھی وصف باطل ہی مراد ہے ۱۲/۱۲ ۱۳/۲ ۱۵/۱۶

تَصِلُ۔ وہ پہنچتی ہے، وہ پہنچتے ہیں (ضَرَبَ) وُصُوْلٌ سے، جس کے معنی پہنچنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو بُسْتٌ) ۱۲/۴

تُصَلِّ۔ تو نماز پڑھ، تَصْلِیَۃٌ سے، جس کے معنی نماز پڑھنے اور دعا کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر کا تُصَلِّ (تو نماز نہ پڑھ) صیغہ نہی ہے، یہاں نماز سے نماز جنازہ اور میت کے لئے دعا استغفار مراد ہے، ۸۴/۹

تُصْلِحُوْا۔ تم صلح کراتے ہو، تم اصلاح کرتے ہو، تم سنوارتے، اِصْلَاحٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِصْلَاحٌ) ۱۲/۲ ۵/۱۹

تَصْلٰی۔ وہ داخل ہوگی، وہ داخل ہوں گے، صَلْیٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اِصْلَوْھَا) ۳۰/۱۳

تَصْلِیَۃٌ۔ نماز پڑھنا، درود پڑھنا، ایندھن کا آگ میں جلانا، عصا یا لکڑی کا آگ میں تپا کر سیدھا کرنا، گھوڑ دوڑ میں گھوڑے کا دوسرے نمبر پر آنا بروزن تَفْعِلَۃٌ باب تَفْعِیْلٌ کا مصدر ہے، یہاں دوزخ کی آگ میں جلنا مراد ہے۔ ۲۷/۱۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُصْنَعَ - تو تیار ہو، تو پرورش کیا جائے۔ صَنْعٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِصْنَعْ) ۱۶

تَصْنَعُوْنَ، تم بناتے ہو، تم کرتے ہو، صَنْعٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۶

تَصُوْمُوْا - تم روزہ رکھو، (نَصَرَ) صَوْمٌ سے جس کے معنی روزہ رکھنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر اَنْ ناصبہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا، (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو صَوْمٌ) ۲

تُصِيْبَكُمْ تم کو پہنچ جاتی، تم پر پڑتی، تُصِيْبَ اِصَابَةٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُصِيْبُ) ۱۱

تُصِيْبَانِ - وہ پہنچے، وہ آپڑے، اِصَابَةٌ سے مضارع با نون تاکید کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۱

تُصِيْبَنَا - ہم کو پہنچ جائے، ہم پر آپڑے تُصِيْبُ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، نَا ضمیر جمع متکلم ۱۱

تُصِيْبُوْا تم جاؤ، تم پہنچاؤ، اِصَابَةٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۱۱

تُصِيْبُهُمْ ان کو پہنچتی رہے گی، ان پر پڑتی رہے گی، ان پر پڑے، ان کو پہنچ جائے، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ ۱۱ ۱۵ ۸

تَصِيْرُ وہ پھرتی ہے، وہ لوٹتی ہے، وہ پھرتے ہیں وہ پہنچتے ہیں (ضَرَبَ) صَيْرٌ سے جس کے معنی ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پلٹنے اور پھرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب جب اس کے صلہ میں اِلٰی آتا ہے، تو معنی وہاں تک پہنچنے اور منتہی ہونے کے ہوتے ہیں، افعالِ ناقصہ میں سے ہے (ملاحظہ ہو لَيْسَ) ۲۵

فصل الضاد المعجمة

تُضَارَّ اسے رنج پہنچایا جائے، اسے تنگ کیا جائے، مُضَارَّةٌ سے، جس کے معنی تنگ کرنے اور رنج پہنچانے کے ہیں، مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۳۳

تُضَارِّزْنَنَّ - ان عورتوں کو ایذا دو، تَضَارُّ مُضَارَّةٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب کا لَتُضَارِّزْنَنَّ (نفس ایذا مراد ہے) فعل نہی ہے ۳۳

تَضْحَكُوْنَ تم ہنستے ہو تم ہنسی کرتے ہو، ضَحِكٌ سے جس کے معنی ہنسنے کے ہیں:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ضحک کا استعمال بطور استعارہ تمسخر اور ہنسی کے لئے بھی ہوتا ہے۔ اور یہاں یہی تمسخر کی ہنسی مراد ہے ۱۲ پ ۱۰ ع

تَضْحٰی۔ تو دھوپ کھائے، تجھے دھوپ کی تپش ستائے، (ضَحٰی) ضُحًی سے جس کے معنی دھوپ اور آفتاب کی تمازت میں نکلنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ۱۶ پ ۱۶

تَضْرِبُوْا۔ تم بیان کرو، ضَرْبٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر (لَا تَضْرِبُوْا (تم نہ بیان کرو) صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اِضْرِبْ) ۱۳ پ ۱۴

تَضَرُّعًا۔ عاجزی کرنا، گڑگڑانا، بروزن تَفَعُّلٌ مصدر ہے۔ ۸ پ ۱۳ ۹ پ ۱۳

تَضَرَّعُوْا۔ وہ گڑگڑائے، انھوں نے عاجزی کی، تَضَرُّعٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۷ پ ۱۱

تَضُرُّوْنَهٗ۔ تم اس کو ضرر پہنچاؤ گے۔ تم اس کا بگاڑ سکو گے، تَضُرُّوْنَ ضَرٌّ سے جس کے معنی نقصان دینے اور ضرر پہنچانے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب۔ ۱۰ پ ۱۱

تَضُرُّوْهُ تم اس کا بگاڑ دو گے، تم اس کا ضرر کر دو گے اس میں نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے۔ ۱۰ پ ۱۲

تَضَعُ۔ وہ رکھدے، وہ ڈال دے، وہ جنتی ہے وہ ڈال دیگی (فَتَحَ) وَضْعٌ سے۔ جس کے معنی رکھنے اور ڈالنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۲۸ پ ۲۲

تَضَعُوْا۔ تم رکھدو، تم اتار رکھو، وَضْعٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اَنْ ناصبہ کے سبب نون اعرابی حذف ہو گیا ہے، ۱۵ پ ۱۵

تَضَعُوْنَ۔ تم اتار رکھتے ہو، وَضْعٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۵ پ ۱۴

تُضِلُّ۔ تو گمراہ کرتا ہے، اِضْلَالٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو اَضَلَّ) ۹ پ ۹

تَضِلَّ۔ وہ عورت بھول جائے، وہ بہک جائے ضَلَالٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَضَلَّ اور ضَلَالٍ) ۳ پ ۳

تَضِلُّوْا۔ تم بہکو، تم بہک جاؤ، تم گمراہ ہو جاؤ۔ ضَلَالٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر اَنْ ناصبہ کے سبب نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے ۵ پ ۱۴ ع ۶

تَضْلِیْلٍ بے راہ کرنا، غلط کرنا بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، ۱۳ پ ۳

تُضَیِّقُوْا۔ تم تنگی کرو، تم تنگ پکڑو، تَضْیِیْقٌ سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس کے معنی کام میں تنگی کرنے اور تنگ پکڑنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے آنے کی وجہ سے ساقط ہوگیا ۲۸/۱۴

فصل الطاء المهملة

تَطَاوَلَ۔ وہ دراز ہوا، وہ لمبا گزرا، تَطَاوُلٌ سے جس کے معنی درازی اور طول کے ظاہر کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، اس کا استعمال جب عمر کے لئے ہوگا تو درازی عمر کے معنی ہوں گے۔ ۲۰/۴

تَطْرُدْ۔ تو ہانکے، (نَصَرَ) طَرْدٌ سے، جس کے معنی ذلیل سمجھ کر ہانکنے اور دور کر دینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَا تَطْرُدْ (تو نہ ہانک) فعل نہی ہے۔ ۶/۱۲

تَطْرُدَهُمْ۔ تو ان کو ہانک دے، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۵۲/۶

تُطِعْ۔ تو حکم مانے، تو حکم مانیگا، اِطَاعَةٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، تُطِعْ اصل میں تُطِيْعُ تھا، اِنْ شرطیہ کے آنے سے ی جو حرف علت ہے حذف ہوگئی، ۲۴/۷

لَا تُطِعْ (تو کہنا نہ مان، تو اطاعت نہ کر) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اَطَاعَ) ۱۵/۱۱ ۱۰/۱۲ ۲۱/۱۴ ۲۲/۳ ۲۹/۳۰

تُطْعِمُوْنَ۔ تم کھلاتے ہو، تم کھانا دیتے ہو، اِطْعَامٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَطْعَامٌ) ۳/۷۴

تُطِعْهُ۔ تو اس کا کہا مان، تو اس کی فرمانبرداری کر اس میں هُ ضمیر واحد مذکر غائب ہے ۳۶/۲۱

تُطِعْهُمَا تو ان دونوں کی اطاعت کر، تو ان دونوں کا کہا مان، اس میں هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب ہے ۳۶/۲۱ ۲۱/۱۱

تَطْغَوْا۔ تم زیادتی کرو، تم حد سے بڑھو، تم سرکشی کرو (سَمِعَ، نَصَرَ) طُغْيَانٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تَطْغَوْا (تم زیادتی نہ کرو، تم سرکشی نہ کرو) صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اَطْغٰى) ۱۲/۲۰ ۱۶/۱۳ ۲۴/۱۱

تَطَّلِعُ۔ تو خبردار ہوتا ہے، تو خبردار ہوگا اِطِّلَاعٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِطَّلَعَ) ۶/۱۸

تَطَّلِعَ۔ وہ خبردار ہوتی ہے، وہ جھانک لیتی ہے اِطِّلَاعٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۳۰/۱۸

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَطَّلِعُ۔ وہ نکلتی ہے، وہ طلوع ہوتی ہے (نصر) طُلُوْعٌ سے جس کے معنی طلوع ہونے اور نکلنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب شمس (آفتاب) عربی میں مؤنث استعمال ہوتا ہے۔ ۱۶/۲

تَطْمَئِنُّ۔ وہ آرام پاتی ہے، وہ چین پائے۔ وہ مطمئن ہو جائے، وہ سکون پائے، اِطْمِئْنَانٌ سے مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب۔ (ملاحظہ ہو اِطْمَأَنَّ) ۴/۱۰۳ ۹/۱۵ ۱۳/۳۰

تَطْمَعُوْنَ۔ تم توقع رکھتے ہو، تم طمع رکھتے ہو، طَمَعٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَطْمَعَ) ۹/۱

تَطَوَّعَ۔ اس نے خوشی سے نیکی کی، اس نے شوق سے نیکی کی، اس نے زیادہ نیکی کی، تَطَوُّعٌ سے جس کے معنی اصل میں تو نیکی میں تکلف کرنے کے ہیں مگر عرف میں جو چیزیں کہ لازم اور فرض نہ ہوں جیسے نوافل وغیرہ ان کے بجالانے اور انجام دینے کو کہتے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ ۲/۱۵۸

تَطَؤُهَا۔ تم نے اس پر پاؤں رکھا، تم نے اس کو پامال کیا (سَمِعَ) تَطَؤُوْا وَطْأٌ سے جس کے معنی پامال کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب لَمْ کے آنے سے یہاں مضارع ماضی منفی کے معنی میں ہو گیا ہے۔ ۹/۱۲۰

تَطَؤُهُمْ۔ تم ان کو پامال کرو گے، تم ان کو روند ڈالو گے، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ ۹/۱۱۱

تَطَهَّرْنَ۔ وہ پاک ہوں، وہ پاک ہوتی ہیں، تَطَهُّرٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مؤنث غائب، (ملاحظہ ہو اِطَّهَّرُوْا) ۲۷/۵۶

تُفِیْضُوْنَ ۔ تم گھستے ہو، تم لگتے ہو، اِفَاضَۃٌ سے، جس کا استعمال جب باتوں کے متعلق ہوتا ہے تو باتوں میں خوض کرنے اور مشغول ہونے کے معنی ہوتے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر یہاں اِفَاضَۃٌ کا استعمال اسی معنی میں ہوا ہے، پ۱۸ ع۱۱ پ۲۶

فصل القاف المعجمہ

تَقِیّ ۔ تو بچائے، تو بچاتا ہے، تو بچائے گا، (ضَرَبَ) وَقْیٌ سے جس کے معنی نگاہ رکھنے حفاظت کرنے اور بچانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، تَقِیْ اصل میں تَقِیْ تھا، ی جو صرفِ علت تھی عامل کے آنے سے آخر سے ساقط ہوگئی، پ۲۴

تُقَاتِلُ ۔ وہ لڑتی ہے، وہ لڑیگی، وہ قتال کرتی ہے، وہ قتال کریگی، مُقَاتَلَۃٌ سے جس کے معنی باہم جنگ و پیکار اور قتل و قتال کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۳

تُقَاتِلُوْا تم قتال کرو، تم جنگ کرو، تم قتال کروگے، تم جنگ کروگے۔ مُقَاتَلَۃٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب حذف ہوگیا ہے، پ۲ ع۱۲

تُقَاتِلُوْنَ ۔ تم لڑتے ہو، تم جنگ کرتے ہو، تم لڑوگے، تم جنگ کروگے، مُقَاتَلَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۵ ع۱۰

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُقَاتِلُوْنَهُمْ۔ تم ان سے لڑوگے، تم ان سے جنگ کروگے، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، پ۲

تُقَاتِلُوْهُمْ۔ تم ان سے لڑو، اصل میں لَا تُقَاتِلُوْهُمْ ہے لَا تُقَاتِلُوْا صیغہ نہی ہے جمع مذکر حاضر هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب پ۲

تُقٰتِهٖ۔ اس سے ڈرنا، تُقَاةٍ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ (ملاحظہ ہو تُقٰىةً) پ۳

تَقَاسَمُوْا۔ تم آپس میں قسم کھاؤ، تَقَاسُمٌ سے جس کے معنی باہم قسم کھانے کے ہیں امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۹

تَقَبَّلْ۔ تو قبول کر، تَقَبُّلٌ سے جس کے معنی کسی چیز کو اس طرح پر قبول کرنے کے ہیں کہ وہ ثواب کی مستحق ٹھیرے، امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر پ۳ پ۱۲ پ۱۸

تُقُبِّلَ۔ وہ قبول کی گئی۔ تَقَبُّلٌ سے، ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۶

تُقْبَلَ۔ وہ قبول کی جائے، وہ قبول کی جاتی ہے وہ قبول کی جائے گی۔ قَبُوْلٌ سے، جس کے معنی قبول کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۱

تَقْبَلُوْا۔ تم قبول کرو، تم مانو، قَبُوْلٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں لَا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، پ۱

تَقَبَّلَهَا۔ اس (رب) نے اس (مریم) کو قبول فرمایا، تَقَبُّلٌ تَقَبَّلَ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب هَا ضمیر واحد مؤنث غائب پ۳

تَقْتُلُنِيْ، تو میرا خون کرے، تو مجھے مار ڈالے تَقْتُلٌ قَتْلٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے (ملاحظہ ہو اَقْتُلُ پ۶ پ۸

تَقْتُلُوْا، تم قتل کرو، قَتْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں لَا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، آیت شریفہ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِنْ اِمْلَاقٍ (اور اپنی اولاد کو افلاس کے ڈر سے مار نہ ڈالو) کے متعلق علامہ راغب اصفہانی تحریر فرماتے ہیں۔

"کہا گیا ہے کہ یہ لڑکیوں کے زندہ گاڑنے سے نہی ہے اور بعض کا قول ہے کہ نہیں بلکہ عزلت گزینی کے ذریعہ نطفہ کو ضائع کرنے اور اس کے بے جا موقع استعمال سے ممانعت ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ اولاد کو ان چیزوں میں مشغول رکھنے سے نہی ہے جو اس کو علم کے حصول اور اس کوشش سے باز رکھے جو ابدی زندگی کی مقتضی ہے کیونکہ آخرت سے غافل و جاہل کا شمار مردوں کے حکم میں ہے دیکھتے نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فرمان اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَاءٍ (مردے ہیں جن میں زندگی نہیں ہیں) اسی صفت کے ساتھ موصوف کیا ہے اور اسی طرح آیت وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ ہے۔

واضح رہے کہ یہ تینوں اقوال قتل کی مختلف صورتوں کا تعین کر رہے ہیں، آیت میں لفظ قتل عام ہے وہ ان سب صورتوں کو شامل ہے اسی لئے لَا تَقْتُلُوْا کی نہی میں یہ تینوں داخل ہیں، آیت شریفہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ (اے ایمان والو شکار نہ مارو جس وقت کہ تم احرام میں ہو اور جو کوئی تم میں سے اس کو جان بوجھ کر مار ڈالے تو بدلا دینا پڑے گا اس مارے کے برابر مویشی میں سے) میں قتل کا لفظ لایا گیا، ذبح یا نحر کے الفاظ کا استعمال نہیں کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ قتل کا لفظ ان تمام الفاظ سے زیادہ عام ہے گویا اس بات کو بتانا مقصود ہے کہ اس کی جان لینا بہر وجوہ ممنوع ہے

ب ۲ ع ۵ ب ۲ ع ۱۲ ب ۲ ع ۱۵

تَقْتُلُوْنَ - تم قتل کرتے ہو، تم قتل کرو گے قَتْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر،

ب ۱ ع ۱۱ ب ۲ ع ۱۱ ب ۲ ع ۳۴

تَقْتُلُوْهُ - تم اس کو قتل کرو، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے ب ۲ ع ۴

تَقْتُلُوْهُمْ - تم نے ان کو قتل کیا۔ اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، یہاں لَمْ کے آنے سے مضارع ماضی منفی کے معنی دینے لگا ب ۹ ع ۱۱

تَقْتِيْلًا - خوب قتل کرنا، خوب ذلیل کرنا، اچھی طرح سے تابع کرنا، بروزن تَفْعِيْلٌ مصدر ہے، ب ۲ ع ۳۲

تَقْدِرُوْا - تم قادر ہوئے، تمہارا بس پڑا تم قدرت پاؤ، تمہارا ہاتھ پڑے (ضَرَبَ) قُدْرَةٌ سے، جس کے معنی قابو پانے اور قدرت پانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر

ب ۶ ع ۱۱ ب ۲۶

تَقَدَّمَ - پہلے ہوا، آگے گزرا، سابق میں ہو چکا تَقَدُّمٌ سے، جس کے معنی اصل میں تو قدم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بڑھانے کے ہیں اور اسی اعتبار سے آگے بڑھنے اور پہلے ہونے اور سابق میں گزرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۲۶/۹

تُقَدِّمُوْا تم آگے بھیجو، تم آگے بھیجو گے، تم آگے بڑھو، تم آگے بڑھو گے، تَقْدِیْمٌ سے جس کے معنی آگے بڑھنے، آگے کرنے اور پیش کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب سے ساقط ہو گیا ہے،

۱/۱۳ ۲۶/۱۳ ۲۸/۲ ۲۹/۱۴

تَقْدِیْرًا تقدیر، اندازہ کرنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، قَدْرٌ اور تَقْدِیْرٌ دونوں کے معنی ہیں کسی چیز کی کمیت اور مقدار کا بیان کرنا، تقدیر کا استعمال قدرت عطا کرنے کے معنی میں بھی ہوتا ہے چنانچہ کہا جاتا ہے قَدَّرَنِیَ اللّٰہُ عَلٰی کَذَا (یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قدرت عطا فرمائی) پس اشیاء کے متعلق تقدیر الٰہی کی دو صورتیں ٹھیریں ایک اللہ تعالیٰ کا اشیاء کو قدرت عطا فرمانا، دوسرے حسب اقتضاء حکمت الٰہی اشیاء کا مقدار مخصوص اور وجہ مخصوص پر قرار پانا، اس کی تفصیل یہ ہے کہ فعل الٰہی کی دو قسمیں ہیں اول ایجاد بالفعل جس کا مطلب یہ ہے کہ کسی شئے کا پہلی ہی دفعہ اس طرح ابداع کامل فرمایا جائے کہ جب تک مشیت الٰہی اس کے فنا یا تبدیل کی نہ ہو اس میں کمی بیشی نہ ہو سکے جیسے کہ آسمان اور آسمان کا کارخانہ ہے کہ پہلے دن جس طرح خلق فرمایا تھا آج تک اسی طرح قائم ہے اور تا قیام قیامت اسی طرح رہیگا، دوم یہ کہ اصول اشیاء کو تو بالفعل وجود عطا فرمایا اور ان کے اجزاء کو بالقوہ اور ان کے اندازہ اور مقدار کو اس طرح متعین فرما دیا کہ اس کے خلاف ظہور پذیر نہ ہو سکے، چنانچہ خرما کی گٹھلی کے متعلق تقدیر الٰہی یہی ہے کہ اس سے درخت خرما ہی اگیگا، سیب یا زیتون کے درخت نہیں اگیں گے، اور انسان کی منی سے انسان ہی پیدا ہوگا اور جانوروں کی پیدائش نہیں ہوگی، پس اللہ کی تقدیر کے دو معنی ہوئے ایک کسی چیز کے متعلق اللہ کا حکم کہ ایسا ہوگا یا ایسا نہ ہوگا، خواہ یہ حکم بر سبیل وجوب ہو یا بر سبیل امکان چنانچہ ارشاد باری ہے وَقَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا (اللہ نے رکھا ہے ہر چیز

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا ایک اندازہ) کہ یہاں "قدر" سے مراد یہی حکم الٰہی ہے، دوم کسی چیز پر قدرت عطا فرمانا۔

جب "تقدیر" کا فاعل انسان وغیرہ ہوتا ہے تو اس صورت میں اس کے معنی حسب اقتضاء عقل معاملہ کے مناسب، یا اپنی تمنا اور خواہش کے مطابق کسی امر میں غور و فکر کرنے اور اس کا اندازہ لگانے کے آتے ہیں، پہلی صورت قابلِ تعریف ہے اور دوسری لائقِ مذمت اول صورت کی مثال آیت شریفہ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَّأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا قَوَارِيرَا مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا (اور ان پر دور چلایا جائیگا چاندی کے برتنوں اور آبخوروں کا جو شیشے کے ہوں گے، شیشے بھی چاندی کے کہ ان کو ناپ رکھا ہے ایک خاص انداز پر) یعنی چاندی کے آبخوروں کو جو شیشے کے مانند صاف و شفاف ہیں، ساقیان شراب نے اس خاص انداز پر ناپ رکھا ہے کہ ہر شخص کو اس کی پیاس کے مطابق نپا نپایا دیں گے تاکہ نہ تو سیر ہو کر بچا ہوا واپس کرنا پڑے نہ کمی کے سبب دوبارہ مانگنے کی زحمت ہو، اور دوسری صورت یعنی اپنی آرزو اور خواہش کے مطابق تجویز کرنے اور اندازہ لگانے کی مثال آیت شریفہ إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (بے شک اس نے سوچا اور اندازہ کیا سو لعنت ہو کیا سوچا) ہے جو ولید کے متعلق وارد ہے، کیونکہ اس نے قرآن مجید کے متعلق محض اپنی خواہش اور اٹکل سے کہدیا تھا کہ یہ تو جادو ہے جو جادوگروں سے نقل ہوتا چلا آتا ہے۔ حضرت شاہ عبد القادر صاحبؒ موضح القرآن میں رقمطراز ہیں۔

"دنیا میں ہر چیز اسباب سے ہے بعضے اسباب ظاہر ہیں، بعضے چھپے ہیں، اسباب کی تاثیر کا ایک اندازہ ہے، جب اللہ چاہے اس کی تاثیر اندازے سے کم زیادہ کردے جب چاہے ویسی ہی رکھے آدمی کبھی کنکر سے مرتا ہے اور گولی سے بچتا ہے اور ایک اندازہ ہر چیز کا اللہ کے علم میں ہے، وہ ہرگز نہیں بدلتا۔ اندازے کو "تقدیر" کہتے ہیں یہ دو تقدیریں ہوئیں ایک بدلتی ہے اور ایک نہیں بدلتی، [1]

اور سورۂ کہف میں زیر آیت وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ أَحَدًا (تیرا رب کسی پر ظلم نہیں فرماتا) منکرین تقدیر کے شبہ کا جواب ارقام فرماتے ہیں۔

[1] ملاحظہ ہو سورۂ رعد فائدہ آیت لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ، يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِندَهُ أُمُّ الْكِتَابِ ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رب جو کرے سو ظلم نہیں سب اسی کا مال ہے پر ظاہر میں جو ظلم نظر آوے وہ بھی نہیں کرتا بے گناہ دوزخ میں نہیں ڈالتا اور نیکی ضائع نہیں کرتا، اور جو کوئی کہے گناہ میں ہمارا کیا اختیار سو بات نہیں، اپنے دل سے پوچھ لے، جب گناہ پر دوڑتا ہے اپنے قصد سے دوڑتا ہے اور جو کوئی کہے قصد بھی اسی نے دیا، سو قصد دونوں طرف لگ سکتا ہے اور جب کہے اسی نے ایک طرف لگا دیا، سو بندے کی دریافت سے باہر ہے۔ بندے سے معاملت ہے اس کی سمجھ پر، بندہ بھی پکڑے گا اسی کو جو اس سے بدی کرے، نہ کہیگا کہ اس کا کیا قصور، اللہ نے کروایا۔"

اور سورۂ یٰسین میں لکھتے ہیں:-

"یہ گمراہی ہے نیک کام میں "تقدیر" کا حوالہ اور اپنے مزے میں لالچ پر دوڑنا۔" [1]

بجائے قَرَأَۃٌ کے قَرَارٌ سے جس کے معنی سکون پانے اور قرار پکڑنے کے ہیں مشتق بتلاتے ہیں ۱۶/۱۱ ۲۲/۳

تَقَرَّ اَعْیُنُھُنَّ - تو اس کو پڑھے، تَقَرُّ اَ قِرَاءَۃٌ سے جس کے معنی حروف اور کلمات کو ترتیل میں ایک دوسرے کے ساتھ ملانے اور ضم کرنے کے ہیں، یا بالفاظِ دیگر حرفوں اور کلموں کو ملا کر پڑھنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ضمیر واحد مذکر غائب، یاد رہے کہ ہر طرح کے جمع کرنے اور ملانے کے لئے قِرَاءَۃٌ کا لفظ استعمال نہیں کیا جاتا چنانچہ لوگوں کو جمع کرنے کے لئے قراءت القوم نہیں کہیں گے اس پر یہ چیز بھی دلالت کرتی ہے کہ صرف ایک حرف کے زبان سے ادا کرنے کو "قراءت" نہیں کہتے۔ ۱۵/۱۲

تَقْرَبَا - تم دونوں نزدیک ہو، تم دونوں قریب ہو جاؤ، تم دونوں پاس پھٹکو، (سَمِعَ وَکَرُمَ) قُرْبٌ اور قُرْبَانٌ سے، جس کے معنی قریب اور نزدیک ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر، چونکہ یہاں لاء نہی

[1] ملاحظہ ہو فائدہ آیت وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَکُمُ اللّٰہُ الخ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے، یہاں قرب سے قربِ مکانی مراد ہے (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو اَقْرَبَ) پ ۸

تُقَرِّبُكُمْ - وہ تم کو نزدیک کرے، وہ تم کو نزدیک کرتی ہے، وہ تم کو نزدیک کردے گی تَقْرِبٌ تَقْرِيبٌ سے جس کے معنی نزدیک کرنے اور قریب کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، یہاں قرب سے قرب منزلت مراد ہے، پ ۲۲

تَقْرَبُوْا - تم قریب ہو، تم نزدیک ہو، تم پاس پھٹکو قُرْبٌ اور قُرْبَانٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، چونکہ یہاں لَا نہی موجود ہے، اس لئے فعل نہی ہے، قرآن مجید میں جہاں کہیں لَا تَقْرَبُوْا کے الفاظ آئے ہیں وہاں قرب سے قربِ مکانی مراد ہے آیت کریمہ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (اور پاس نہ جاؤ یتیم کے مال کے مگر جس طرح بہتر ہو) یہاں یتیم کے مال کے پاس پھٹکنے سے جو ممانعت کی گئی ہے اس میں جو بلاغت ہے وہ مال لینے کی ممانعت میں نہیں ہو سکتی تھی، کیونکہ مال لینا تو بڑی چیز ہے یہاں پاس جانے ہی کو روک دیا، اسی طرح آیت شریفہ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ اور دیگر آیات کو سمجھنا چاہئے پ ۵ پ ۸ پ ۱۵

تَقْرَبُوْنِ - تم میرے پاس آؤ، تم میرے نزدیک ہو، اس میں نون وقایہ یٰ ضمیر واحد متکلم محذوف ہے پ ۵ پ ۸ پ ۱۵

تَقْرَبُوْهَا - تم اس کے قریب ہو، تم اس کے پاس پھٹکو، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ ۲

تَقْرَبُوْهُنَّ - تم ان کے قریب ہو، تم ان کے پاس جاؤ، اس میں هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب ہے۔ یہاں عورتوں کے پاس جانے سے جماع کا کنایہ ہے، پ ۲

تُقْرِضُوْا - تم قرض دو، اَقْرَاضٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ان کے آنے سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے۔ پ ۲۹

تَقْرِضُهُمْ - وہ ان سے کترا جاتی ہے تَقْرِضُ قَرْضٌ سے جس کے معنی کترانے اور قطع کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب اصحاب الکہف کے ذکر میں جو آیت شریفہ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَا غَرَبَتْ تَقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِي فَجْوَةٍ مِّنْهُ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ (اور تو دیکھے گا کہ جب دھوپ نکلتی ہے تو ان کی کھوہ سے داہنے کو کترا جاتی ہے اور جب ڈوبتی ہے تو بائیں کو کترا جاتی ہے اور وہ اس کی کھلی جگہ میں ہیں، یہ اللہ کی قدرتوں میں سے ہے) وارد ہے، اس بارے میں مفسرین مختلف الرائے ہیں کہ کیا صورت تھی جو ان پر دھوپ نہیں پڑتی تھی، بعض اس سلسلہ میں "کہف" کی نوعیت اور اس کے جائے وقوع کا تعین کرتے ہیں ان کے خیال میں کہف (غار) ہی کچھ اس طرح واقع ہوا تھا کہ وہاں دھوپ کا دخل ہو ہی نہیں سکتا تھا، چنانچہ ابن قتیبہ کا بیان ہے کہ کہف "بنات النعش" کے مقابل واقع ہے اس لئے اس میں نہ آفتاب کے طلوع کے وقت دھوپ آتی ہے نہ غروب کے وقت، نہ طلوع و غروب کے درمیان[1]۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی رائے اس بارے میں حسب ذیل ہے فرماتے ہیں۔

"بخاطر فاطری رسد کہ دیوار جنوبی آں قدر بلند ست کہ سایہ اصلی او در تمام سال محل خفتن ایشاں را می پوشاند، و دیوار شرقی و غربی آں متصل دیوار جنوبی بلند، درست و پایہ بپایہ مخطط شدہ و ایں جماعہ سر بجانب شمال یا جنوب کردہ خفتہ اند۔ پس وقتیکہ آفتاب طلوع کند ضوء آفتاب بر دیوار غربی و بعضے صحن غار افتد و ہر چند ارتفاع زیادہ گردد بلندی دیوار شرقی از وصول ضوء بایشاں مانع آید و ضوء از جانب راست ایشاں منتقل شود بجانب سر کہ جہت شمال است، در وقت استوار بجز سایہ اصلی دیوار جنوبی نمی ماند و چوں آفتاب مائل بغروب شود ضوء آفتاب بر دیوار شرقی افتد و آہستہ آہستہ بر سر دیوار مرتفع گردد و آں جانب چپ ایشاں ست"[2]

بعض کا خیال ہے کہ اس تعین اور تکلف کی ضرورت نہیں بیان کی کرامت ہے کہ باوجود اس سمت میں ہونے کے کہ جہاں ان پر دھوپ پہنچنی چاہئے تھی نہیں پہنچتی، بہرحال کوئی سی رائے صحیح ہو بقول شاہ عبدالقادر صاحبؒ

[1] معالم التنزیل امام بغوی ج ۴ ص ۱۶۶ طبع مصر [2] فتح الرحمن بترجمۃ القرآن ص ۳۹۵ طبع فاروقی دہلی ۱۹۶۲ء
[3] ملاحظہ ہو تفسیر خازن ج ۴ ص ۱۶۶ طبع مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"حق تعالیٰ کی قدرت سے نہ اس مکان میں لوگ دھوپ آوے نہ مینہ نہ برف اور کھلی جگہ ہے، تنگ خفہ نہیں ہے۔" [1] ۱۵/۱۴

تُقْسِطُوْا ۔ تم انصاف کرو، تم انصاف کروگے، اِقْسَاطٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اَنْ ناصبہ کے سبب نون اعرابی گر گیا ہے (ملاحظہ ہو اَقْسِطُوْا) ۴/۱۲۹

تُقْسِمُوْا ۔ تم قسم کھاؤ، اِقْسَامٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُقْسِمُ) ۱۵/۱۲

تَقْشَعِرُّ ۔ وہ لرزنے لگتی ہے، اس کا رواں کھڑا ہو جاتا ہے، اِقْشِعْرَارٌ سے جس کے معنی کانپنے، لرزنے اور رواں کھڑا ہو جانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اس کی ترکیب حروف قَشْعٌ اور حرف "ر" سے مل کر ہوئی ہے۔ قَشْعٌ عربی میں خشک چمڑے کو کہتے ہیں "ر" کا اضافہ اس لئے کیا گیا ہے کہ فعل رباعی ہو جائے، جس طرح اِقْمَطْرَارٌ کو قُمْطُرٌ سے بنایا ہے جس کے معنی مضبوطی سے باندھنے کے ہیں [2]۔ خشک چمڑا چونکہ سکڑا ہوا اور سمٹا ہوا ہوتا ہے اس لئے اِقْشِعْرَارٌ کے معنی سکڑنے اور سمٹنے کے ہوئے، لرزہ اور کپکپی میں بدن کی کھال سکڑتی اور سمٹتی ہے اور بدن کے بال اور رواں رواں کھڑا ہو جاتا ہے، اس لئے اِقْشِعْرَارٌ کا استعمال ان معانی میں بھی ہونے لگا، ۲۳/۱۷

تَقْصُرُوْا ۔ تم کوتاہ کرو، تم کم کرو، تم گھٹاؤ، (نَصَرَ) قَصْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ان ناصبہ کے سبب نون اعرابی گر گیا ہے، علامہ علی بن محمد خازن بغدادی آیت شریفہ لَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ (کہ کچھ کم کرو نماز میں سے) یعنی چار کی دو کردو اور یہ ظہر عصر اور عشا کی نمازیں ہوگا اور لغت میں "قصر" کے معنی اصل میں "تضییق" یعنی تنگی کرنے کے ہیں، بعض کا قول ہے کہ ھو ضم الشی الی اصلہ (یعنی قصر کے معنی ہیں کسی چیز کا اس کی اصل سے ملا دینا) ابن الجوزی نے "قصر" کی تفسیر نقص یعنی کمی کے ساتھ کی ہے اور میں نے اہل تفسیر و لغت میں سے کسی کو ان کا ہمنوا نہیں پایا۔ اور بعض نے

[1] موضح القرآن مائدہ آیت مذکور [2] انوار التنزیل قاضی بیضاوی ج ۲ ص ۲۱۵

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہا ہے کہ "قصر الصلاۃ" کے معنی یہ ہیں کہ بموجب رخصت نماز کی بعض رکعتوں یا بعض ارکان کو ترک کرکے نماز کو قصیر (کوتاہ) کرلیا جائے، اسی وجہ سے آیت میں جو نماز کا قصر مذکور ہے اس کی تفسیر میں دو قول ذکر کئے ہیں ایک یہ کہ تعداد رکعات میں قصر ہے یعنی چار رکعت کی نماز کو دو رکعت کی کرلینا، دوسرے یہ کہ قصر سے مراد نماز کی ادائیگی میں تخفیف کرنا ہے، بایں طور کہ رکوع و سجود کی بجائے ایماء و اشارہ پر اکتفا کی جائے۔[۱]

خازن پہلے قول کو اصح بتاتے ہیں اور شاہ ولی اللہ صاحب دوسرے قول کو اختیار کرتے ہیں۔ چنانچہ فتح الرحمٰن میں رقمطراز ہیں "مشہور آں ست کہ ایں آیت در صلوٰۃ مسافر نازل شدہ ست و خوف قید اتفاقی ست و انچہ نزد ایں بندہ رجحان یافتہ ست آں ست کہ ایں آیت در صلاۃ خوف نازل شدہ ست و سفر قید اتفاقی ست، و مراد از قصر قصر در کیفیت رکوع و سجود ست کہ بایمائے ادا می تواں کرد نہ در کمیت رکعات واللہ اعلم"۔[۲]

ع ۱۲ ۵

تَقْصُصْ، تو بیان کر، قَصَصٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں لا نہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اُقْصُصْ) ۱۲ ۱۱

تَقْضِیْ، تو حکم کرے گا، قَضَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِقْضِ) ۱۶ ۱۲

تُقَطِّعُ، قطع کیا جائے، کاٹا جائے، تَقْطِیْعٌ سے، مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اُقَطِّعَنَّ) ۶ ۹

تَقَطَّعَ، کٹ گیا۔ ٹوٹ گیا، جدا ہوگیا، پارہ پارہ ہوگیا، ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔ تَقَطُّعٌ سے جس کے معنی ٹکڑے ٹکڑے ہوجانے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۷ ۱۲

تَقَطَّعَ، پارہ پارہ ہوجائے، ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے، تَقَطُّعٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں تَتَقَطَّعُ تھا، ایک تا حذف ہوگئی، ۱۰ ۱۲

تَقَطَّعَتْ۔ کٹ گئی، ٹوٹ گئی، پارہ پارہ ہوگئی۔ تَقَطُّعٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۳ ۲

تَقَطَّعُوْا۔ انھوں نے کاٹ دیا۔ انھوں نے

[۱] لباب التاویل فی معانی التنزیل ج ۱ ص ۴۸۶ طبع مصر [۲] فتح الرحمٰن طبع فاروقی دہلی ص ۱۲۶

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توڑ دیا، انھوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا تَقَطَّعُ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب پ ۱۷ ع ۱۸ تُقَطِّعُوْا۔ تم کاٹو گے، تم توڑو گے، تم پارہ پارہ کرو گے، تَقْطِیْعٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اَنْ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہو گیا، پ ۲۶ تَقْطَعُوْنَ۔ تم کاٹتے ہو، تم قطع کرتے ہو (فتح) قَطْعٌ سے، جس کے معنی کاٹنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، قطع سبیل کے دو معنی ہیں، ایک چل کر راہ طے کرنا، دوسرے راہ گیروں کو لوٹنا اور رہزنی کرنا آیت شریفہ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ (تم راہ قطع کرتے ہو) میں قطع راہ سے یا تو یہ مراد ہے کہ قزاقی اور رہزنی ان کا دستور تھا یا بدکاری اور لواطت کے ذریعہ لوگوں کی راہ مارتے تھے کہ اس طرف سے ہو کر نہ نکلیں، پ ۲۰ ع ۱۵

تَقَعَ۔ وہ گر پڑے (فتح) وُقُوْعٌ سے، جس کے معنی کسی چیز کے گرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۱۲ ع ۱۲

تَقْعُدُ۔ تو بیٹھ رہے، تو بیٹھ رہیگا (نصر) قُعُوْدٌ سے، جس کے معنی بیٹھے رہنے اور کھڑے سے بیٹھنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ ۱۵ ع ۳ لَا تَقْعُدْ (تو نہ بیٹھ تجھے بیٹھنا نہ چاہیے) فعل نہی ہے، پ ۱۲

تَقْعُدُوْا۔ تم بیٹھو، تم بیٹھا کرو، قُعُوْدٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر چونکہ یہاں لا نہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے، پ ۵ ع ۱۲

تَقْفُ، تو پیچھے چل، تو پیچھے پڑ (نصر) تَقْوٌ سے جس کے معنی اصل میں تو کسی کے پیچھے چلنے اور درپے ہونے کے ہیں اور اسی لئے اتباع اور پیروی کرنے کے معنی میں آتا ہے، مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر، یہاں چونکہ لا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، پ ۱۵ ع ۳

تَقُلْ، تو کہہ، قَوْلٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں لَا تَقُلْ (تو نہ کہہ) ہے جو فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اَقُلْ) پ ۱۵ ع ۳

تَقَلُّبٌ۔ پھرنا، پھر پھر جانا، آنا جانا، الٹنا پلٹنا بروزن تَفَعُّلٌ مصدر ہے۔ پ ۲ ع ۱۱

تُقَلَّبُ۔ اوندھا ڈالا جائے گا، پھیرا جائیگا، تَقْلِیْبٌ سے، جس کے معنی کسی چیز کے ایک حال سے دوسرے حال پر متغیر کرنے اور پلٹنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۲۲/۵
تَقَلُّبَكَ۔ تیرا پھرنا، تیرا آنا جانا، تَقَلُّبٌ مضاف
کَ ضمیر واحد مذکر حاضر، مضاف الیہ، ۱۹/۱۵
تُقْلَبُونَ، تم پھیرے جاؤ گے (ضَرَبَ) قَلْبٌ
سے، جس کے معنی پھیرنے اور ایک رخ سے
دوسرے رخ کرنے کے ہیں، مضارع مجہول
کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲۰/۱۴
تَقَلُّبُهُمْ۔ ان کی آمد و شد، ان کا چلنا پھرنا
تَقَلُّبٌ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب
مضاف الیہ، ۱۴/۱۲ ۲۴/۶
تَقُمْ۔ وہ کھڑی ہووے (نَصَرَ) قِيَامٌ سے
جس کے معنی کھڑے ہونے کے ہیں، مضارع کا
صیغہ، واحد مؤنث غائب، یہاں فَلْتَقُمْ
(پس چاہئے کہ وہ کھڑی ہووے) ہے۔ جو
امر کا صیغہ واحد مؤنث غائب ہے، ۵/۱۲
تَقُمْ، تو کھڑا ہو، قِيَامٌ سے، مضارع کا صیغہ
واحد مذکر حاضر، یہاں لا ناہی موجود ہے اس لئے
فعل نہی ہے ۱۰/۱۲
تَقْنَطُوا۔ تم آس توڑو، تم ناامید ہو، قُنُوطٌ
سے، جس کے معنی خیر سے مایوس ہونے اور
ناامید ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ،
جمع مذکر حاضر، یہاں لا ناہی موجود ہے اس لئے
فعل نہی ہے، علامہ ابو جعفر احمد بن علی البیہقی نے
تاج المصادر میں تصریح کی ہے کہ بجز فَعَلَ
یَفْعُلُ (کَرُمَ یَکْرُمُ) کے، کہ جس میں دونوں
جگہ عین کو پیش ہے، جملہ ابواب اس سے مستعمل
ہیں، اور فَعِلَ یَفْعَلُ (سَمِعَ یَسْمَعُ) کا مصدر
قَنَطٌ اور قُنُوطَةٌ ہے اور فَعَلَ یُفْعَلُ (فَتَحَ
یَفْتَحُ) کہ دونوں میں عین کلمہ کو زبر ہے اور فَعِلَ
یَفْعِلُ (حَسِبَ یَحْسِبُ) کہ دونوں میں عین کلمہ کو
زیر ہے مرکب ہیں اور دو بابوں (یعنی ایک کی
ماضی اور دوسرے کے مضارع سے) مل کر بنے ہیں
تاہم ان لغات میں اعلیٰ یہی ہے کہ اس کو باب
فَعَلَ عین کلمہ کے زبر سے اور یَفْعِلُ عین کلمے
کے زیر (یعنی ضَرَبَ یَضْرِبُ) سے قرار دیا جائے
کیونکہ قاریوں کا اتفاق ہے کہ آیت شریفہ
مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوا زبر سے ہے اور مَنْ
یَقْنَطُ یا زیر سے ہے یا زبر سے ہے، ۲۴/۳
تَقُولُ۔ تو کہے، تو کہتا ہے، تو کہیگا، قَوْلٌ سے
مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَقُلْ)
۴/۴ ۵/۸ ۱۲/۱۴ ۱۶/۲ ۳۳/۲
تَقُولُ۔ وہ کہے، وہ کہتی ہے، وہ کہے گی،

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَوْلٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب
ب۱۱ ع۱۶ ب۲۳ ع۳ ب۲۶ ع۱۷ ب۲۹ ع۱۱

تَقَوَّلَ - اس نے بنالیا، اس نے گڑھ لیا۔ اس نے باندھ لیا۔ تَقَوُّلٌ سے جس کے معنی دل سے گڑھ[1] کر دوسرے کی طرف سے کہدینے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ب۲۹ ع۶

تَقُوْلَنَّ - تو ضرور کہیگا، قَوْلٌ سے، مضارع بانون تاکید کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَا تَقُوْلَنَّ (تو ہرگز نہ کہیو) فعل نہی بانون ثقیلہ ہے ب۱۵ ع۱۶

تَقُوْلُوْا - تم کہو، تم کہنے لگو۔ تم کہتے ہو، تم کہو گے قَوْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے آنے سے حذف ہو گیا، ب۲ ع۱۴ ب۶ ع۱۱ ب۹ ع۱۲ ب۱۰ ع۴ لَا تَقُوْلُوْا (تم نہ کہو) فعل نہی ہے۔ ب۱ ع۱۳ ب۲ ع۳ ب۵ ع۱۶ ب۲۴ ع۱۱

تَقُوْلُوْنَ - تم کہتے ہو، تم کہو گے، قَوْلٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ب۱ ع۱۶ ب۳ ع۴ ب۴ ع۱۲ ب۸ ع۱۳ ب۱۱ ع۱۵ ب۱۸ ع۷ ب۲۹ ع۴

تَقَوَّلَهٗ - اس نے اس کو بنالیا ہے، اس نے اسے گڑھ لیا ہے، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے، ب۲۷ ع۶

تَقُوْمَ - تو کھڑا ہووے، تو اٹھے، تو کھڑا ہوتا ہے تو کھڑا ہوگا، تو اٹھتا ہے، تو اٹھیگا۔ قِیَامٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ب۱۱ ع۲

ب۱۹ ع۱۵ و ۱۸ ب۲۷ ع۴ ب۲۹ ع۱۴

تَقُوْمُ - وہ کھڑی ہوتی ہے، وہ کھڑی ہوگی، وہ قائم ہے، وہ قائم ہوگی، قِیَامٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو قِیَام) ب۲۱ ع۵ و ۹ و ۱۲ ب۲۳ ع۳ ب۲۵ ع۴

تَقُوْمُوْا - تم کھڑے ہو، تم قیام کرو، تم قائم رہو قِیَامٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اَنْ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہو گیا ہے ب۵ ع۱۶ ب۲۲ ع۱۲

تَقْوٰی - پرہیزگاری، بچنا، تقویٰ اِتَّقٰی سے اسم ہے، لغت میں تو تقویٰ کے معنی ہیں نفس کا اس چیز سے بچانا اور حفاظت میں رکھنا کہ جس کا خوف ہو، لیکن کبھی کبھی خوف کو تقویٰ سے اور تقویٰ کو خوف سے بھی موسوم کرتے ہیں، جس طرح سے کہ سبب بول کر مسبب اور مسبب بول کر سبب مراد لے لیتے ہیں۔ عرف شرع میں تقویٰ نفس کو ہر اس چیز سے بچانے کا نام ہے جو گناہ کی طرف لے جائے

[1] گھڑ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ بات ممنوعات کے اجتناب سے حاصل ہوتی ہے مگر اس کی تکمیل اس وقت ہوتی ہے کہ بعض مباحات کو بھی ترک کیا جائے۔ چنانچہ مروی ہے الحلال بین والحرام بین ومن رتع حول الحمی فحقیق ان یقع فیہ (حلال کھلا ہوا ہے اور حرام کھلا ہوا ہے اور جو چراگاہ کے گرد چرائیگا تو (اس کے حال کو دیکھتے ہوئے یہ خطرہ ہے) درست معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس میں داخل ہوجائے)

علماء نے "تقوی" کے تین درجہ بتائے ہیں، ادنیٰ، اوسط اور اعلیٰ۔ ادنیٰ درجہ تقوی کا ایمان ہے کہ جس کے ذریعہ دوزخ کے دائمی عذاب سے رہائی حاصل ہوتی ہے اور اوسط درجہ ہر اس چیز کا چھوڑ دینا ہے کہ جس کا کرنا یا نہ کرنا آدمی کو گنہگار بنادے پس صغائر پر اصرار نہ ہو اور کبائر سے بالکلیہ اجتناب ہو، اور اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ باطن کو ہر اس چیز سے محفوظ رکھا جائے کہ جو ماسوی اللہ میں مشغول کرے یہ تقوی کا حقیقی درجہ ہے۔

یک چشم زدن غافل ازاں شاہ نباشی
شاید کہ نگاہے کند آں گاہ نباشی

ب ۲ / ۱۵ و ۹ | ب ۶ / ۵ و ۶ | ب ۱۰ / ۵ | ب ۱۱ / ۲ | ب ۱۶ / ۱۷ | ب ۱۷ / ۱۲ و ۱۱ | ب ۳۶ / ۱۳ و ۱۱

ب ۲۸ / ۲ | ب ۲۹ / ۱۴ | ب ۳۰ / ۲۱

تَقْوِیْم درست کرنا، ٹھیک کرنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے، ب ۳۰

تَقْوٰھَا اس کی پرہیزگاری، تَقْوٰی مضاف ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ب ۳۰

تَقْوٰھُمْ ان کی پرہیزگاری، ان کا تقوی، تَقْوٰی مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ب ۲۶

تَقْھَرْ تو دبائے، تو ظلم کرے (فَتَحَ) قَھْرٌ سے جس کے معنی دوسرے پر غلبہ کرنے، اس کو دبانے اور ذلیل کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، واضح رہے کہ قَھْرٌ کے معنی میں غلبہ اور تذلیل دونوں ایک ساتھ ملحوظ ہیں، اور ان دونوں میں سے ہر ایک معنی میں بھی علیحدہ علیحدہ استعمال ہوتا ہے چنانچہ ھُوَ الْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ (وہی غالب ہے اپنے بندوں پر) اور اِنَّا فَوْقَھُمْ قَاھِرُوْنَ (بلاشبہ ہم ان پر غالب ہیں) میں محض غلبہ ہی کے معنی میں آیا ہے، اور فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ (سو جو یتیم ہو اس کو مت دبا) میں محض تذلیل کے معنی میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استعمال ہوا ہے کہ یتیم کو ذلیل نہ کرو، پ ۳۰ ع ۱۸

تَقِیًّا ۔ پرہیزگار، متقی، وِقَایَۃٌ سے جس کے معنی ہر اس چیز سے حفاظت کرنے کے ہیں جو ایذا دے یا ضرر پہنچائے، صفت مشبہ کا صیغہ پ ۱۶ ع ۴ و ۵

تُقَۃً ۔ بچنا، حفاظت کرنا، پرہیز کرنا، وَقٰی یَقِیْ کا مصدر ہے، دراصل وَقَاۃ تھا، واو کو تا سے بدل لیا، پ ۳ ع ۱۱

تَقِیَّکُمْ ۔ وہ تمہیں بچاتی ہے، تَقِیٌّ وِقَایَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۔ کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، پ ۱۴ ع ۱۷

تُقِیْمُوْا ۔ تم قائم کرو، اِقَامَۃٌ سے، بمعنی بجا آوری حقوق کے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، حَتّٰی کے آنے سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے، (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو اَقَامَ ۔) پ ۶ ع ۱۲

فصل الکاف

تَکُ، وہ ہووے، وہ ہوتی ہے، وہ ہوگی، کَوْنٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب تَکُ اصل میں تَکُوْنُ تھا، اِنْ شرطیہ کے آنے سے واو جو حرف علت تھا حذف ہو گیا اور نون کو بھی خلاف قیاس حرف علت کے مشابہ مان کر کثرت استعمال کے سبب تخفیف کے لئے حذف کر دیا گیا، (ملاحظہ ہو اَکُوْنُ) پ ۵ ع ۲

تَکُ ۔ تو ہووے، تو ہوتا ہے، تو ہووے گا، کَوْنٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، لَا تَکُ (تو نہ ہو، تو مت ہو) صیغہ نہی ہے، لَمْ تَکُ (تو نہ تھا) مضارع نفی جحد بلم ہے، لَمْ کے آنے سے مضارع ماضی منفی کے معنی میں ہو گیا پ ۱۲ ع ۲ و ۹ پ ۱۴ ع ۲۲ پ ۱۶ ع ۴ پ ۲۱ ع ۱۱ پ ۲۴ ع ۱۰

تَکَاثُرٌ ۔ بہتایت، زیادہ طلبی، دولت و جاہ عزت و مرتبہ مال اور اولاد کی کثرت کے لئے باہم جھگڑنا، بروزن تَفَاعُلٌ مصدر ہے پ ۳۰ ع ۱۹ پ ۳۰ ع ۲۷

تَکَادُ ۔ قریب ہے، نزدیک ہے کَوْدٌ سے جس کے معنی چاہنے اور کسی فعل سے نزدیک ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو اَکَادُ) پ ۱۶ ع ۲۵ پ ۲۹ ع ۱

تُکَبِّرُوْا ۔ تم بڑائی کرو، تم بزرگی سے یاد کرو۔ تَکْبِیْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے پ ۱۷ ع ۱۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَکْبِیْرًا۔ بڑائی کرنا، تعظیم کرنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے "تکبیر" کا استعمال دو معنی میں ہوتا ہے، ایک بڑا سمجھنا، دوسرے اللہ اکبر کہکر اللہ تعالیٰ کی تعظیم کا اظہار کرنا، پ ۱۵

تُکْتَبْ۔ لکھی جائے گی، کِتَابَۃٌ سے۔ مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اُکْتُبْ) پ ۲۵

تَکْتُبُوْہُ۔ تم اس کو لکھو، تَکْتُبُوْا، کِتَابَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر نون اعرابی اَنْ ناصبہ کے آنے سے حذف ہوگیا ہے، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب پ ۳

تَکْتُبُوْھَا۔ تم اس کو لکھو، اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ ۳

تَکْتُمُوْا۔ تم چھپاؤ (نَصَرَ کَتْمٌ اور کِتْمَانٌ سے جس کے معنی کسی بات کے چھپانے اور اور پوشیدہ رکھنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَکْتُمُوْا (تم نہ چھپاؤ) فعل نہی ہے پ ۳

تَکْتُمُوْنَ۔ تم چھپاتے ہو، تم چھپاؤ گے کَتْمٌ اور کِتْمَانٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱ ۳ ۷ ۱۷

تَکْتُمُوْنَہٗ۔ تم اس کو چھپاؤ گے، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے، پ ۴

تُکَذِّبٰنِ۔ تم دونوں (جن وانس) جھٹلاتے ہو، تم دونوں جھٹلاؤ گے، تَکْذِیْبٌ سے مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر پ ۲۷ ۱۱ و ۱۲ و ۱۳

تُکَذِّبُوْا۔ تم جھٹلاؤ، تم جھٹلاؤ گے، تَکْذِیْبٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر اِنْ شرطیہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا پ ۱۲

تُکَذِّبُوْنَ۔ تم جھٹلاتے ہو، تم تکذیب کرتے ہو، تَکْذِیْبٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱۸ ۱۵ ۲۱ ۲۲ ۱۹ و ۱۱ ۲۳ ۵ ۲۷ ۱۹ و ۳ ۲۹ ۱۹ ۳۰ ۵ و ۸

تُکَذِّبُوْنَ۔ تم جھوٹ بولتے ہو (ضَرَبَ) کِذْبٌ سے جس کے معنی جھوٹ بولنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر

تُکَذِّبِیْ۔ جھٹلانا، جھوٹ کی طرف منسوب کرنا بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے پ ۳۰

تُکْرِمُوْنَ۔ تم عزت کرتے ہو، تم حرمت کرتے ہو، اِکْرَامٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَکْرَامٌ) پ ۳۰ ۱۴

تُکْرِہُ۔ تو زبردستی کرتا ہے، تو زور کریگا تو جبر کریگا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِکْرَاہٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِکْرَاہٌ) ۱۱/۱۵

تَکْرَھُوْا۔ تم ناپسند کرو، تم مکروہ سمجھو، تم کو نہ بھائے، تم ناخوش ہو، تم کو بری لگے، کَرَاہَۃٌ سے جس کے معنی گراں گزرنے، دشوار لگنے اور ناپسند ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۲/۲۱۶ ۱۴

تُکْرِھُوْا۔ تم زبردستی کرو، تم مجبور کرو، تم جبر کرو اِکْرَاہٌ سے جس کے معنی انسان کو کسی ایسے کام کے کرنے پر مجبور کرنے کے ہیں جو اس کو ناپسند ہو، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تُکْرِھُوْا (تم زور نہ کرو، تم جبر نہ کرو) صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اِکْرَاہٌ) ۲۴/۳۳

تَکْسِبُ۔ وہ کماتی ہے، وہ کمائیگی، کَسْبٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب "کسب" اور "خلق" میں جو فرق ہے اس کے متعلق علامہ مسعود بن عمر تفتازانی رقمطراز ہیں۔

ان صرف العبد	بندہ کا فعل کی طرف اپنی
قدرتہ وارادتہ الی	قدرت وارادہ کا صرف کرنا
الفعل کسب وایجاد	"کسب" ہے اور اس کے بعد
اللہ تعالیٰ الفعل عقیب	اللہ تعالیٰ کا فعل کو ایجاد کرنا
ذالک خلق والمقدور	"خلق" ہے اور ایک ہی مقدور
الواحد داخل تحت	دو قدرتوں کے تحت داخل
قدرتین لکن بجھتین	ہے لیکن دو مختلف حیثیتوں
مختلفتین فالفعل	سے، پس فعل اللہ تعالیٰ کا
مقدور اللہ تعالیٰ	مقدور ہے باعتبار ایجاد کے
بجھۃ الایجاد ومقدور	اور بندہ کا مقدور ہے
العبد بجھۃ الکسب[1]	باعتبار کسب کے۔

(ملاحظہ ہو اَلْکَسْبُ) ۲/۲۸۶ ۱۳/۱۲ ۲۱/۱۳

تَکْسِبُوْنَ، تم کماتے ہو، تم کماؤ گے کَسْبٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۵/۱۱ ۱۱/۵

تَکْفُرُ۔ تم کافر ہو، کُفْرٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر لَا تَکْفُرْ (تو کافر نہ ہو) صیغہ نہی ہے۔ یہاں سحر کے لئے کفر کا لفظ استعمال ہوا ہے اس کے بارے میں علامہ راغب فرماتے ہیں "جس طرح ہر فعل محمود کو ایمان سے قرار دیا گیا ہے اسی طرح ہر فعل مذموم کو کفر سے قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ سحر کے متعلق ارشاد ہے۔ وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ (اور کفر نہیں کیا سلیمانؑ نے

[1] شرح عقائد نسفی ص ۶۵ و ۶۶ طبع علوی لکھنؤ ۱۲۹۴ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیکن شیطانوں نے کفر کیا تھا، لوگوں کو جادو سکھاتے تھے) سود خواروں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا گیا وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ (اور اللہ دوست نہیں رکھتا ہر کفر کرنے والے گنہگار کو)۔ حج کے بیان میں وارد ہے وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ (اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر حج کرنا اس گھر کا جو کوئی پائے اس تک راہ، اور جو کوئی منکر ہوا تو اللہ کو پرواہ نہیں جہان کے لوگوں کی)۔

(ملاحظہ ہو اَكْفُرُ) سپ ۱۲

تَكْفُرُوْا۔ تم کفر کرو، تم منکر ہو، تم کفر کرتے ہو تم منکر ہوتے ہو، تم کفر کروگے، تم منکر ہوگے اِنْ شرطیہ کے آنے سے نون اعرابی حذف ہوگیا

علامہ احمد بن علی آفندی رومی مجالس الابرار میں فرماتے ہیں۔

"کفر تین قسم کا ہوتا ہے پہلی قسم "کفر جحودی" ہے جس کا سبب آیات و دلائل کی طرف کان نہ لگانا، ان کی طرف التفات نہ کرنا اور ان میں غور و فکر سے کام نہ لینا جیسے عام لوگوں کا کفر ہے کیونکہ اکثر عوام یہی نہیں جانتے کہ ان پر کون کونسے عقائد ایمانی کا سمجھنا واجب ہے بلکہ بعض لوگ تو شہادت کے دونوں کلمے پڑھتے ہیں لیکن ان کے معنی سے یکسر ناواقف ہیں اور اللہ اور اس کے رسول میں تمیز نہیں کرتے ہیں۔

دوسری قسم "کفر جحودی" ہے اور اس کا سبب یا تو خود بینی اور تکبر ہوتا ہے جیسے کہ فرعون اور اس کے سرداروں کا کفر تھا، یا ریاست کے جاتے رہنے کا خوف اور سرداری کے میسر نہ ہونے کا ڈر جیسے ہرقل کا کفر تھا یا شرم اور بدنامی کا ڈر جیسے کہ ابوطالب کا کفر تھا۔

تیسری قسم "کفر حکمی" ہے یہ وہ کفر ہے جس کو شریعت نے تکذیب کی نشانی مقرر کی ہے جیسے زنار کا باندھنا اور بت کو سجدہ کرنا، یا ان چیزوں کی حقارت کرنی کہ شرع میں جن کی تعظیم واجب ہے جیسے نعوذ باللہ مصحف کو کوڑی میں ڈال دینا اور علم و علماء اور امور دینی کا مذاق اڑانا یا حرام لعینہ کو جس کی حرمت دلیل قطعی سے ثابت ہو چکی ہو جیسے کہ زنا یا شراب خواری کو حلال سمجھنا اور جو کوئی امور مذکورہ میں سے کسی شئے کا بھی مرتکب ہوا اس کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمام اعمال سوخت ہوگئے اسے نئے سرے سے نکاح کا کرنا اور اگر توبہ کے بعد مقدور رکھتا ہو تو دوبارہ حج کرنا لازم ہے۔" [1]

(ملاحظہ ہو اَکْفُرُ) ۵/۱۹ ۶/۳ ۱۳/۱۴ ۲۳/۱۵

تَکْفُرُوْنَ۔ تم کفر کرتے ہو، تم کفر کروگے، کُفْرٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱/۳ ۲/۱۰ ۳/۱۵ ۴/۱۲ ۵/۹ ۹/۱۸ ۲۳/۳ ۲۴/۱۹ ۲۶/۴

تُکَلَّفُ۔ اسے تکلیف دی جاتی ہے، اسے تکلیف دی جائیگی۔ تَکْلِیْفٌ سے جس کے معنی کسی شخص سے ایسی چیز کی خواہش کرنے کے ہیں کہ جس میں رنج و محنت ہو، مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب ۱۴/۳

تُکَلَّفُ۔ تجھ کو تکلیف دی جاتی ہے۔ تجھ کو تکلیف دی جائیگی، تَکْلِیْفٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ۵/۸

تُکَلِّمُ تو باتیں کرتا ہے، تو باتیں کریگا، تو بولتا ہے، تو بولیگا، تَکْلِیْمٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُکَلِّمُ) ۳/۱۲ ۵/۱۶

تُکَلِّمُ۔ وہ بولتی ہے، وہ بولیگی، وہ بات کرتی ہے، وہ بات کریگی، تَکْلِیْمٌ سے جس کے معنی بولنے اور بات کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں تَتَکَلَّمُ تھا ایک تا رحذف ہوگئی، ۱۲/۹

تُکَلِّمُنَا۔ ہم سے باتیں کریں گے، ہم سے بولیں گے تُکَلِّمُ، تَکْلِیْمٌ سے مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، نا ضمیر جمع متکلم، عربی کا قاعدہ ہے کہ جب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل کو واحد لاتے ہیں اور جمع مکسر (یعنی جس میں واحد کا وزن سلامت نہ رہے) کا حکم مؤنث غیر حقیقی کا حکم ہے کہ اس کے لئے مذکر اور مؤنث دونوں کا صیغہ استعمال کیا جاسکتا ہے، اگرچہ مؤنث کے صیغہ کا استعمال زیادہ فصیح ہے، یہاں چونکہ تُکَلِّمُ کا فاعل ایدی ہے یَدٌ کی جمع اس لئے فعل کو مؤنث لایا گیا۔ ۲۳/۳

تُکَلِّمُوْنِ۔ مجھ سے کلام کرو، مجھ سے بولو، تُکَلِّمُوْا تَکْلِیْمٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم محذوف ہے۔ یہاں لَا تُکَلِّمُوْنِ ہے۔ جو فعل نہی ہے، ۱۴/۴

[1] مجالس الابرار ص ۸، و ۹، طبع مصطفائی ۱۲۸۳ھ

www.KitaboSunnat.com

تُكَلِّمُهُمْ۔ وہ ان سے باتیں کرے گی، وہ ان سے بولیگی۔ تَكْلِيمٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب

ب ۲

تَكْلِيمًا۔ گفتگو کرنا، کلام کرنا، بروزن تَفْعِيلٌ مصدر ہے (ملاحظہ ہو اُكْلُمُ) ب ۶ ع ۳

تُكْمِلُوا۔ تم پورا کرو، تم تمام کرو۔ اِكْمَالٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی لام کے آنے سے حذف ہو گیا (ملاحظہ ہو اَكْمَلْتَ) ب ۲

تَكُنْ۔ وہ ہووے، وہ ہوتی ہے، وہ ہوگی كَوْنٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں تَكُوْنُ تھا (ملاحظہ ہو اَكُنْ)

ب ۲ ب ۵ ب ۷ ب ۹ ب ۱۰ ب ۱۵ ب ۱۶ ب ۲۱ ب ۲۵

تَكُنْ تو ہو، تو ہو جائے۔ كَوْنٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، لَا تَكُنْ (تو نہ ہو) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اَكُنْ)

ب ۲ ب ۳ ب ۹ ب ۱۲ ب ۱۳ ب ۱۴ ب ۱۵ ب ۲۵

تُكِنُّ۔ وہ چھپاتی ہے وہ چھپائیگی وہ پوشیدہ رکھتے ہیں، وہ پوشیدہ رکھیں گے اِكْنَانٌ سے، جس کے معنی دل میں کسی بات کے پوشیدہ رکھنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ یہاں چونکہ تُكِنُّ کا فاعل اسم ظاہر صُدُوْرُ ہے جو جمع مکسر ہے اس لئے فعل کو مؤنث لایا گیا (ملاحظہ ہو تُكَلِّمُنَا) ب ۲۰ ع ۱۱

تَكْنِزُوْنَ۔ تم جمع کرتے ہو، تم ذخیرہ کرتے ہو۔ تم گاڑتے ہو (ضَرَبَ) كَنْزٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ارباب لغت "کنز" کے معنی ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔

جعل المال بعضہ علی بعض وحفظہ[1] مال کو تلے اوپر رکھنا اور اس کو محفوظ کرنا۔

"مال مکنوز" جمع کردہ مال کو کہتے ہیں۔ یہ كَنَزْتُ التَّمْرَ فِي الْوِعَاءِ سے ماخوذ ہے جو بارداں میں کھجوریں رکھنے کے لئے آتا ہے کِنَازٌ اس وقت کو کہتے ہیں جب کھجوریں جمع کی جاتی ہیں۔ پُر گوشت ناقہ کو نَاقَةٌ كِنَازٌ بولتے ہیں۔

شریعت کی اصطلاح میں "کنز" اس مال کو کہتے ہیں جس کی زکوٰۃ نہ دی جائے امام بیہقی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے راوی ہیں۔

کل ما ادیت زکاتہ ہر وہ مال کہ جس کی زکوٰۃ

[1] مفردات راغب، و تفسیر خازن۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وان کان قحت ادا کر دی جائے اگرچہ وہ
سبع ارضین فلیس ساتوں زمینوں کے نیچے ہو
بکنز وکل مالا تودی کنز نہیں ہے اور ہر وہ مال
زکاتہ فھو جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے
کنز۔ [1] وہ کنز ہے۔

جمہور صحابہ و تابعین و ائمہ مجتہدین کا
یہی مذہب ہے، اگرچہ بعض اربابِ زہد
جیسے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ
کنز کے لغوی معنی ہی مراد لیتے ہیں اور ان
کے نزدیک زندگی کی گزران اور ایک دن
کی قوت سے زائد جو مال بھی ہو اس کا جمع کرنا
"کنز" میں داخل ہے جو قابلِ مذمت اور
آیت کی وعید میں شامل ہے، لیکن ظاہر ہے
کہ یہ حکم زکوٰۃ کی فرضیت سے پہلے کا ہے۔
ورنہ جب مال جمع ہی نہیں کیا جا سکتا تو زکوٰۃ
کس مال کی لازم ہوگی۔ ب ۱۱

تَکُوْنُ۔ وہ ہووے، وہ ہوتی ہے، وہ ہوگی
کَوْنٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب
(ملاحظہ ہو اَکُوْنَ) ب ۸ ب ۳ ب ۵ ب ۶
ب ۵ ب ۱۵ و ۱۶ ب ۹ ب ۱۱ و ۱۳ ب ۱۴ ب ۱۵ ب ۱۶
ب ۱۸ ب ۲۰ ب ۲۲ ب ۲۶ ب ۲۹ ب ۳۰

تَکُوْنُ۔ تو ہووے، تو ہوتا ہے، تو ہوگا،
کَوْنٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر،
ب ۶ ب ۵ و ۷ ب ۱۱ و ۱۲ و ۱۵ ب ۱۳ ب ۱۴ ب ۱۶
ب ۱۹ و ۲۰ ب ۵۔

تَکُوْنَا۔ تم دونوں ہوگے، تم دونوں ہو جاؤ گے
کَوْنٌ سے، مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
ب ۱۴ ب ۹

تَکُوْنَنَّ۔ تو ضرور ہو جاتا ہے، تو ضرور ہو جائیگا
کَوْنٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ
واحد مذکر حاضر، لَا تَکُوْنَنَّ (تو ہرگز نہ ہو)
فعل نہی فعل ہے، ب ۲ ب ۷ و ۱۰ ب ۸ ب ۱۱
ب ۱۵ و ۱۶ ب ۱۹ و ۲۰ ب ۱۲ ب ۲۳

تَکُوْنُوْا۔ تم ہو، تم ہوتے ہو، تم ہوگے کَوْنٌ
سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی
عامل کے سبب حذف ہو گیا ہے ب ۱ ب ۲ و ۳ ب ۲
ب ۳ ب ۸ و ۹ ب ۵ ب ۱۲ ب ۹ ب ۱۰ ب ۱۲ ب ۱۳ ب ۱۴
ب ۱۵ ب ۱۷ ب ۱۴ ب ۱۵ ب ۲۱ ب ۱۷ ب ۲۲ ب ۲۳ ب ۲۴ ب ۲۸

تَکُوْنُوْنَ۔ تم ہو جاؤ، کَوْنٌ سے مضارع کا صیغہ
جمع مذکر حاضر، ب ۵

[1] فتح الباری ج ۳ ص ۲۱۵ طبع امیریہ مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُکْوٰی ۔ داغ دیا جائیگا، (ضَرَبَ) کَیٌّ سے جس کے معنی داغ دینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۱۱/۹

فصل اللام

تَلَاقِ ۔ ایک دوسرے سے ملاقات کرنا۔ باہم جمع ہونا، اصل میں تَلَاقِیٌ تھا جو باب تَفَاعُلٌ کا مصدر ہے، ی جو حرفِ علت ہے آخر سے حذف ہوگئی، ۴۰/۱۵

تِلَاوَتِہٖ ۔ اس کی تلاوت، اس کا پڑھنا "تلاوت" کا لفظ آسمانی کتابوں کی اتباع اور پیروی کے لئے مخصوص ہے جو کبھی ان کے پڑھنے اور کبھی ان کے مضامین امر و نہی اور ترغیب و ترہیب کے ذہن نشین کرنے سے حاصل ہوتی ہے "تلاوت" "قرارت" سے اخص ہے اسی لئے ہر تلاوت قرارت ہے لیکن ہر قرارت تلاوت نہیں چنانچہ تلوت رقعتک (میں نے تیرے رقعہ کی تلاوت کی) نہیں کہا جائیگا، بلکہ قرآن مجید کے لئے تلاوت کا استعمال ہوگا کیونکہ جب اس کو پڑھا جاتا ہے تو اس کی اتباع واجب ہو جاتی ہے آیت شریفہ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ (اور پیچھے پڑے اس کے جو پڑھتے تھے شیاطین) میں جو شیطانوں کے پڑھنے کو تلاوت کہا گیا ہے وہ اس وجہ سے کہ ان کو یہ زعم تھا کہ وہ کتبِ الٰہیہ کی تلاوت کرتے ہیں "تلاوت" کا فعل جب اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال کیا جائے تو اس کے معنی نازل کرنے کے ہوں گے جیسے ذٰلِکَ نَتْلُوْہُ عَلَیْکَ مِنَ الْاٰیٰتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ (اے محمد ہم تم پر آیتیں اور حکمت والی نصیحت اتارتے ہیں) آیت شریفہ یَتْلُوْنَہٗ حَقَّ تِلَاوَتِہٖ میں علم و عمل دونوں میں اتباع کامل مراد ہے، ۲/۱۲۱

تَلَبَّثُوْا ۔ انھوں نے توقف کیا، وہ ٹھیرے انھوں نے درنگ کی، تَلَبُّثٌ سے جس کے معنی ڈھیل کرنے توقف کرنے اور درنگ کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۲۳/۱۱۲

تَلْبِسُوْا ۔ تم ملاؤ، تم خلط ملط کرو، تم چھپا دو (ضَرَبَ) لَبْسٌ سے جس کے معنی اصل میں کسی شئے کے چھپا دینے کے ہیں اور اسی مناسبت سے خلط ملط اور مشتبہ کر دینے کے معنی بھی آتے ہیں، مضارع کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع مذکر حاضر، یاد رہے کہ لَبْسٌ کا استعمال صرف معانی کے لئے ہوتا ہے ذوات و اعیان کے لئے نہیں، یہاں لَا تَلْبِسُوْا (تم نہ ملاؤ تم نہ چھپاؤ) صیغہ نہی ہے پ ۱

تَلْبِسُوْنَ۔ تم ملاتے ہو، تم خلط ملط کرتے ہو تم چھپاتے ہو، لَبْسٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۳

تَلْبَسُوْنَهَا۔ تم اس کو پہنتے ہو تَلْبَسُوْنَ لُبْسٌ سے، جس کے معنی پہننے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب پ ۸ ع ۱۲ پ ۱۴ ع ۱۲

تَلَذُّ۔ وہ لذت پکڑے، وہ لذت پکڑتی ہے وہ لذت پکڑیگی، (سَمِعَ) لَذَّةٌ سے جس کے معنی لذت پانے اور مزہ لینے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۲۵ ع ۱۳

تَلَظّٰى۔ وہ بھڑکتی ہے، وہ شعلہ مارتی ہے، تَلَظِّیٌ سے جس کے معنی آگ کے لپٹیں مارنے شعلے بلند کرنے اور بھڑکنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب اصل میں تَتَلَظّٰى تھا۔ ایک تا حذف ہوگئی، پ ۳۰ ع ۱۷

تَلْفِتْنَا۔ تو ہم کو پھیر دے، تو ہم کو پھیرتا ہے تو ہم کو پھیرے گا (ضَرَبَ) تَلْفِتُ لَفْتٌ سے، جس کے معنی پھیرنے اور موڑنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ، واحد مذکر حاضر، نَا ضمیر جمع متکلم پ ۱۱ ع ۱۳

تَلْفَحُ۔ وہ جھلس دیتی ہے، وہ جھلس دے گی وہ جلا دیتی ہے، وہ جلا دیگی، (فَتَحَ) لَفْحٌ سے جس کے معنی جلا دینے اور جھلس دینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۱۸ ع ۶

تِلْقَاءَ طرف، لِقَاءٌ سے، جس کے معنی ملاقات کرنے کے ہیں، اسم ہے، ملاقات کرنے اور آمنے سامنے ہونے کی جگہ کو تِلْقَاءَ کہتے ہیں اور اسی اعتبار سے طرف اور جہت کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے، پ ۵ ع ۱۱ پ ۱۱ ع ۲

تَلْقَفُ۔ وہ نگل جاتی ہے، وہ نگل جائیگی (سَمِعَ) لَقْفٌ سے، جس کے معنی کسی چیز کو پھرتی سے لے لینے اور جھٹ اتار لینے کے ہیں خواہ منہ سے نگلنے کی صورت میں ہو یا ہاتھ سے لے لینے کی شکل میں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ ۹ ع ۱۲ پ ۱۶ ع ۱۲

تُلْقُوْا۔ تم ڈالو، اِلْقَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تُلْقُوْا (تم مت ڈالو تم نہ ڈالو)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اَلْقٰی) ۲/۲

تُلْقُوْنَ۔ تم ڈالتے ہو، اِلْقَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲۸/۲

تَلَقَّوْنَهٗ تم اس کو لینے لگے، تَلَقُّوْنَ، تُلَقِّیٌ سے، جس کے معنی کسی چیز کے لینے اخذ کرنے، تلقین پانے اور سامنے ہونے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، اصل تَتَلَقَّوْنَ تھا۔ ایک تا، حذف ہوگئی، ۱۵/۸

تَلْقَوْهُ۔ تم اس سے ملاقات کرو (سَمِعَ) تَلْقَوْ، لِقَاءٌ سے جس کے معنی ملاقات کرنے کسی کے مقابل ہونے اور کسی کو پانے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، واضح رہے کہ لِقَاءٌ سے کبھی تو مقابل ہونا اور پانا دونوں معنی ایک ساتھ مراد ہوتے ہیں اور کبھی دونوں میں سے صرف ایک ہی معنی میں استعمال ہوتا ہے ۲/۲

تُلْقِیَ۔ توڈالتا ہے، توڈالیگا، اِلْقَاءٌ سے مضارع معلوم کا صیغہ واحد مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو اَلْقٰی) ۹/۲ ۱۶/۱۲

تُلْقٰی۔ توڈالا جائے گا، اِلْقَاءٌ سے، مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ۱۵/۳

تَلَقّٰی۔ اس نے سیکھ لیا، اس نے پالیا، اس نے تلقین پائی، تَلَقِّیٌ سے، ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَلَقَّوْنَهٗ) ۱۷/۲

تُلَقّٰی۔ تجھے تلقین کیا جاتا ہے، تجھے ملتا ہے، تجھے سکھلایا جاتا ہے، تَلَقِّیٌ سے۔ مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں تُتَلَقّٰی تھا، ایک تا، حذف ہوگئی، ۶/۲۷

تِلْكَ۔ یہ اسم اشارہ بعید ہے، مفرد مؤنث کے لئے استعمال ہوتا ہے، اصل میں اسم اشارہ ذٰی ہے ل اس پر زیادہ کیا گیا ہے اور کاف حرف خطاب ہے، جس کی حسب احوال مخاطب تذکیر و تانیث اور جمع و تثنیہ میں گردان ہوتی رہتی ہے۔ ۱/۲ ۱۹/۱۳ ۲/۲ ۱۰۹/۳ ۲/۳ ۲۵/۱۲ ۲/۱۲ ۴/۴ ۱۱/۵ ۱۲/۴ ۱۱/۵ ۱۳/۴ ۲۰/۱۱ ۱۶/۴ ۱۰/۶ ۱۵/۵ ۱۶/۱۲ ۱۹/۵ ۱۷/۱۲ ۲۰/۵ ۱۲/۱۷ ۲۱/۵ ۱۶/۱۳ ۲۵/۵ ۱۶/۱۳ ۲۶/۵ ۱۷/۱۲ ۲۸/۵ ۱۷/۱۲ ۳/۶۔

تِلْكُمَا۔ یہ دونوں، اسم اشارہ ہے، تثنیہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۴/۱۲

تِلْكُمْ۔ یہ سب، اسم اشارہ ہے، جمع مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۵/۱۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَلْمِزُوْا تم عیب دو، تم عیب لگاؤ (ضَرَبَ) لَمْزٌ سے، جس کے معنی عیب چینی کرنے اور عیب لگانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں لَا تَلْمِزُوْا (عیب لگاؤ) فعل نہی ہے، پ ۲۶

تَلْوٗا۔ تم پیچ دو (ضَرَبَ) لَیٌّ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں لَا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو لَیًّا) پ ۵

تَلْوٗتَهٗ میں اس کو پڑھتا۔ تَلَاوَتٌ، تِلَاوَةٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد متکلم، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو تِلَاوَتِہٖ) پ ۱

تَلُوْمُوْنِیْ تم مجھے ملامت کرو، تم الزام دو (نَصَرَ) تَلُوْمٌ سے ہے، جس کے معنی ملامت کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ن وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم۔ یہاں لَا نہی موجود ہے اسلئے فعل نہی ہے پ ۱۳

تَلُوْنَ، تم مڑتے ہو، لَیٌّ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، جب اس کے صلہ میں عَلٰی آتا ہے تو اس کے معنی دوسرے کی طرف مڑنے متوجہ ہونے اور انتظار کرنے کے آتے ہیں فلاں لا یلوی علی احد (فلاں کسی کی طرف مڑ کر بھی نہیں دیکھتا) سخت ہزیمت کے موقع پر استعمال ہوتا ہے قرآن مجید میں جو اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓی اَحَدٍ (کہ جب تم بھاگ بھاگ چلے جا رہے تھے اور کسی کی طرف مڑ کر بھی نہ دیکھتے تھے۔) وارد ہے وہ اسی موقع کے لئے استعمال ہوا ہے، پ ۴

تَلَّهٗ۔ اس کو پچھاڑا، (نَصَرَ) تَلٌّ سے جس کے معنی زمین پر پچھاڑنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، پ ۲۳

تُلْهِكُمْ وہ تم کو غافل کر دے، تُلْہِ اِلْھَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، لَا تُلْهِكُمْ (وہ تم کو غافل نہ کر دے) صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اَلْهٰكُمُ) پ ۲۸

تَلَهّٰی۔ تو غافل کرتا ہے، تَلَہِّیٌ سے جس کے معنی کھیلنے اور کسی چیز میں وقت گزارنے اور مشغول ہونے کے ہیں اور جب اس کے صلہ میں عَنْ آتا ہے تو اس کے معنی تغافل کرنے کے ہوتے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں تَتَلَهّٰی تھا۔ ایک تا گر گئی۔ پ ۳۰

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُلْهِهِمْ۔ وہ ان کو غافل کرتی ہے **تُلْهِي** (اِلْهَاءٌ) سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب **هُمْ** ضمیر جمع مذکر غائب، ۱۸/۱۱

تُلِيَتْ، وہ پڑھی گئی، اس کی تلاوت کی گئی **تِلَاوَةٌ** سے ماضی مجہول کا صیغہ، واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو تِلَاوَةٌ) ۹/۱۵

تَلِينُ۔ وہ نرم ہو جاتی ہے، وہ نرم ہو جائیگی (ضَرَبَ) **لِيْنٌ** سے جس کے معنی نرم ہونے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب **لِيْنٌ خُشُوْنَةٌ** کی ضد ہے جس کا استعمال اجسام کے لئے ہوتا ہے اور بطور استعارہ معانی میں سے نرم خوئی وغیرہ اخلاق کے لئے بھی مستعمل ہے، لین اور خشونت حسب مواقع استعمال کبھی مدح کے لئے اور کبھی مذمت کے لئے لائے جاتے ہیں، ۲۳/۱۲

تَلَاهَا۔ وہ اس کے پیچھے ہوا، **تَلِيْ تُلُوٌّ** سے جس کے معنی پیچھے پیچھے چلنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب، **هَا** ضمیر واحد مؤنث غائب۔ اصل میں **تَلِيْ** کا استعمال کسی چیز کی متابعت اور پیروی کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ پیروی کبھی جسم کے ذریعہ پیچھے پیچھے چل کر ہوتی ہے اور کبھی حکم کی اقتدا کرنے سے اس صورت میں اس کے مصدر **تُلُوٌّ** اور **تُلُوٌّ** آتے ہیں اور کبھی پیروی پڑھنے اور معنی میں غور کرنے سے حاصل ہوتی ہے اس کے لئے **تِلَاوَةٌ** کا مصدر استعمال ہوتا ہے، آیت شریفہ **وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا** (اور قسم ہے چاند کی جب آفتاب کے پیچھے آئے) میں اتباع بر سبیل اقتدا اور مرتبہ میں پیچھے ہونا مراد ہے کیونکہ چاند کی روشنی آفتاب سے لی ہوئی ہے اور وہ آفتاب کا بمنزلہ خلیفہ ہے ۹۱/۲

فصل المیم

تَمَّ۔ کامل ہوا، پورا ہوا (ضَرَبَ) **تَمَامٌ** سے جس کے معنی کامل ہونے تمام ہونے اور پورا ہونے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۶/۱۱۵

تَمَاثِيْلَ۔ صورتیں، مورتیں، تصویریں، **تِمْثَالٌ** کی جمع، شریعت سلیمانی میں مجسمہ تراشی اور مصوری حرام نہیں تھیں، ۳۴/۱۳

تُمَارِ۔ تو گفتگو کرے، تو جھگڑے، **مُمَارَاةٌ** سے جس کے معنی کسی ایسی بات میں جھگڑنے اور گفتگو کرنے کے ہیں کہ جس میں شبہ اور تردد ہو، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر **لَا تُمَارِ** (تو جھگڑا نہ کر،

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو گفتگو نہ کر) فعل نہی ہے، پ ۱۵ ع ۱۵

تَمَارَوْا۔ انھوں نے جھگڑا کیا، انھوں نے مکرایا، انھوں نے شک کیا، تَمَارِیٌ سے، جس کے معنی شک کرنے اور باہم جھگڑنے کے ہیں ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، پ ۱۵ ع ۲۷

تُمَارُوْنَہٗ۔ تم اس سے جھگڑتے ہو، تم اس سے گفتگو کرتے ہو، تم اس کے متعلق شک کرتے ہو تَمَارُوْنَ مُمَارَاۃٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب پ ۲۷ ع ۵

تَمَامًا۔ پورا کرنا، پورا ہونا، تمام کرنا، تمام ہونا، کسی شئے کے تمام کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس حد تک پہنچ چکی کہ اب کسی خارجی شئے کی اس کو احتیاج نہیں رہی اور ناقص وہ ہے جو کسی خارجی شئے کی محتاج ہو، پ ۸

تَمَّتْ۔ پوری ہوئی، پوری ہے، تَمَامٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۸ ع ۹ پ ۱۲

تَمُوْتُ۔ وہ مرتی ہے، وہ مرگی، مَوْتٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں تَمُوْتُ تھا۔ مگر لَمْ کے آنے سے وجہ حرف علت ہے ساقط ہو گیا اور مضارع ماضی منفی کے معنی دینے لگا۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو اَمُوْتُ) پ ۱۳

تَمْتَرُنَّ۔ تم شک و شبہ کرو، تم جھگڑا کرو، اِمْتِرَاءٌ سے، جس کے معنی کسی ایسی چیز کی بابت حجت کرنے اور جھگڑنے کے ہیں کہ جس میں شک و شبہ اور تردد ہو، مضارع بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَمْتَرُنَّ (تم شک شبہ نہ کرو، تم حجت نہ کرو) صیغہ نہی ہے، پ ۱۳ ع ۲۵

تَمْتَرُوْنَ۔ تم شک کرتے ہو، تم تردد کرتے ہو، اِمْتِرَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱۵ ع ۱۹

تَمَتَّعَ۔ اس نے فائدہ اٹھایا، اس نے فائدہ لیا، تَمَتُّعٌ سے جس کے معنی برتنے، فائدہ اٹھانے اور مدتِ منفعت میں امتداد ہونے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، واضح رہے کہ آیت میں "تمتع" سے تمتع عرفی مراد ہے نہ کہ شرعی اس لئے وہ تمتع اور قرآن دونوں کو شامل ہے پ ۲ ع ۲

تَمَتَّعْ، تو فائدہ اٹھا، تو بہت لے، تَمَتُّعٌ سے امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، قرآن مجید میں جہاں کہیں تَمَتَّعْ اور تَمَتَّعُوْا کے صیغے وارد ہوئے ہیں اور دنیا سے تمتع اٹھانے کو کہا گیا ہے وہ بطور تہدید و زجر و توبیخ ہے کہ تمہیں ڈھیل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دی جارہی برت لو جو برتنا ہے، پ۲۳ ع۱۵

تَمَتَّعُوا۔ تم برت لو، تم فائدہ اٹھالو، تَمَتُّعٌ سے امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱۲ ع۱۳ پ۱۴ ع۲ پ۱ ع۲۷ پ۲۹ ع۲۲

تُمَتَّعُوْنَ تم کو فائدہ دیا جائیگا۔ تم سے برتوایا جائے گا، تَمَتُّعٌ سے، مضارع مجہول کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، پ۲۱ ع۱۸

تَمَثَّلَ۔ وہ متمثل ہوا، اس نے صورت پکڑی تَمَثُّلٌ سے، جس کے معنی صورت پکڑنے اور کسی دوسری چیز کی مثال پر ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، اس معنی میں جب تمثل کا استعمال ہوتا ہے تو اس کا تعدیہ بذریعہ لام ہوتا ہے پ۱۶ ع۵

تَمُدَّنَّ۔ تو لمبی کر، تو اٹھا، (نَصَرَ) مَدٌّ سے جس کے معنی کھینچنے کے ہیں، مضارع بانون ثقیلہ کا صیغہ واحد مذکر حاضر آنکھوں کے لئے جب اس کا استعمال ہو تو اس کے معنی نظر اٹھانے کے آتے ہیں، لَا تَمُدَّنَّ (نہ اٹھا، مت پسار) پ۱۴ ع۱۶

تُمِدُّوْنَنِ۔ تم میری مدد کرتے ہو، تم میری رفاقت کرتے ہو، تُمِدُّوْنَ، (اِمْدَادٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم، تحریر میں محذوف ہے (ملاحظہ ہو اَمْدَدْنٰكُمْ) پ۱۹ ع۱۸

تَمُرُّ۔ وہ چلتی ہے (نَصَرَ) مُرُوْرٌ سے جس کے معنی چلنے، رواں ہونے اور گزرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۲۱ ع۱۰

تَمْرَحُوْنَ، تم اتراتے ہو، تم بہت خوش ہوتے ہو مَرَحٌ سے، جس کے معنی اترانے اور بہت زیادہ خوش ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۴ ع۱۴

تَمُرُّوْنَ، تم گزرتے ہو، مُرُوْرٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۳ ع۲

تَمَسَّكُمْ۔ وہ تم کو چھوئے، وہ تم کو پہنچے، (نَصَرَ، ضَرَبَ) تَمَسُّسٌ مَسٌّ سے جس کے معنی چھونے، ہاتھ لگانے اور پہنچنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، پ۴ ع۲

تَمَسَّسْهُ۔ وہ اس کو چھوئے، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے پ۱۹ ع۱۸

تَمَسَّكُمْ وہ تم کو چھوئے، وہ تم کو چھوئے گی، تَمَسَّ مَسٌّ سے، مضارع کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مؤنث غائب، یہاں سین کا سین میں ادغام ہوگیا ہے، کُنَّ ضمیر جمع مذکر حاضر، ۱۲ پ

تُمْسِكُوْا۔ تم پکڑ رکھو، تم روک رکھو، اِمْسَاكٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر لَا تُمْسِكُوْا (تم نہ روک رکھو) صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اِمْسَاكٌ) ۲۸ پ

تُمْسِكُوْهُنَّ۔ ان عورتوں کو روک رکھو، اس میں هُنَّ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۲ پ

تَمَسَّنَا۔ وہ ہم کو چھوتی ہے، وہ ہم کو چھوئے گی تَمَسَّ مَسٌّ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، نَا ضمیر جمع متکلم (ملاحظہ ہو تَمَسَّكُمْ) ۳ پ

تُمْسُوْنَ۔ تم شام کرتے ہو، اِمْسَاءٌ سے جس کے معنی شام کرنے یا شام کے وقت کسی فعل کے ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، جب اس کا استعمال فعل ناقص کی حیثیت سے ہوتا ہے تو بمعنی کان آتا ہے یعنی ہوجانے کے معنی دیتا ہے، ۲۱ پ

تَمَسُّوْهَا۔ تم اس کو ہاتھ لگاؤ، تم اس کو چھوؤ تَمَسُّوْا مَسٌّ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب

لَا تَمَسُّوْهُ (تم اس کو ہاتھ نہ لگاؤ) فعل نہی ہے ۲۵ پ ۱۲ پ ۱۹ پ

تَمَسُّوْهُنَّ۔ تم ان (عورتوں) کو ہاتھ لگاؤ، یہاں هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب ہے، شاہ عبدالقادر صاحبؒ فرماتے ہیں، جب خلوت ہوچکی تو گویا ہاتھ لگایا، ۲ پ ۲۲ پ

تَمْشِيْ۔ تو چلے، تو چلتا ہے، تو چلیگا، مَشْيٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، لَا تَمْشِ (تو مت چل) صیغہ نہی ہے (ملاحظہ ہو اِمْشُوْا) ۱۵ پ ۱۱ پ

تَمْشُوْنَ۔ تم چلتے ہو، تم چلوگے، مَشْيٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲۴ پ

تَمْشِيْ۔ وہ چلتی ہے، وہ چلنے لگی، وہ چلے گی مَشْيٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۱۶ پ ۲۰ پ

تَمْكُرُوْنَ۔ تم مکر کرتے ہو، تم حیلے بناتے ہو، تم بداندیشی کرتے ہو، (نَصَرَ) مَكْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو مَكْرٌ) ۱۱ پ

تَمْلِكُ۔ وہ مالک ہوتی ہے، وہ مالک ہوگی وہ اختیار رکھتی ہے، وہ اختیار رکھے گی، (ضَرَبَ) مُلْكٌ سے۔ مضارع کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مؤنث غائب، مِلْكٌ کا استعمال دو معنوں میں ہوتا ہے، ایک مالک اور والی ہونا، دوسرے اختیار پانا، خواہ مالک اور والی ہو یا نہ ہو، یہاں دوسرے معنی مراد ہیں ۳۰

تَمْلِكُ، تو اختیار رکھتا ہے تو اختیار رکھیگا مِلْكٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ۶

تَمْلِكُونَ تمہارے ہاتھ میں ہو، تم مالک بنو تم اختیار رکھتے ہو، تم اختیار رکھو گے، مِلْكٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر قرآن مجید میں یہ صیغہ دو جگہ آیا ہے، اول جگہ بمعنی مالک اور والی ہونے کے اور دوسری جگہ بمعنی اختیار پانے کے ہے ۱۵ ۳۶

تَمْلِكُهُمْ وہ ان پر بادشاہی کرتی ہے، وہ ان پر راج کرتی ہے، وہ ان کی مالک ہے تَمْلِكُ صیغہ واحد مؤنث غائب، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَمْلِكُ) ۱۴

تُمْلٰى۔ وہ لکھوائی جاتی ہے، وہ پڑھی جاتی ہے إِمْلَاءٌ سے بمعنی املا کرانے کے، مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب، املا کی صورت یہ ہے کہ استاد بولتا اور پڑھتا جائے اور شاگرد لکھتے اور پڑھتے رہیں، ۱۴

تَمْنَعُهُمْ وہ ان کو منع کرتی ہے، وہ ان کو بچاتی ہے، وہ ان کو روکتے ہیں، وہ ان کی حفاظت کرتے ہیں، تَمْنَعُ، مَنْعٌ سے جس کے معنی نہ دینے، روکنے اور حمایت کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو بُسَّتْ) ۱۴

تَمْنُنْ، تو احسان کرے (نَصَرَ) مَنٌّ سے جس کے معنی احسان کرنے اور احسان رکھنے کے آتے ہیں۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر آیت شریفہ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ (اور ایسا نہ کر کہ احسان کرے اور بدلہ بہت چاہے) میں مَنٌّ سے بعض منت بالقول (زبان سے احسان جتلانا) مراد لیتے ہیں، ان کی رائے میں اس سے ممانعت ہے کہ احسان جتلا کر زیادہ طلب کیا جائے، اور بعض کے نزدیک اس کے معنی یہ ہیں کہ اس غرض سے نہ دو کہ زیادہ لو، لَا تَمْنُنْ فعل نہی ہے، ۲۹ ۱۵

تَمَنَّوْا۔ تم احسان رکھو، تم منت رکھو، مَنٌّ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، آیت شریفہ قُلْ لَا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُمْ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(آپ کہئے تم اپنے مسلمان ہونے کا مجھ پر احسان نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تم کو ایمان کی طرف ہدایت کی) یہاں ان لوگوں کی طرف سے جو منت ہے وہ قولی ہے جو مذموم ہے اور اللہ کی طرف سے جو منت ہے وہ فعلی ہے جو محمود ہے، ۲۶/۱۴

تَمَنَّوْا۔ انھوں نے آرزو کی۔ انھوں نے تمنا کی، تَمَنِّیٌ سے، ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب، تَمَنِّیٌ کے معنی ہیں دل میں کسی چیز کا ٹھیرانا اور اس کا تصور باندھنا اور یہ کبھی تو محض ظن و تخمین اور اٹکل پر چلتا ہے اور کبھی غور و فکر کا نتیجہ اور کسی اصل کی بنا پر ہوتا ہے مگر چونکہ تمناؤں اور آرزوؤں کی بنیاد زیادہ تر اٹکل اور تخمینہ پر ہی رکھی جاتی ہے اس لئے جھوٹ کا اس میں بڑا دخل ہوتا ہے اور اسی سبب سے اکثر اوقات تَمَنِّیٌ میں بے حقیقت اور ان ہوئی چیزوں کا تصور ہوتا ہے، ۲/۹۴

تَمَنَّوُا۔ تم آرزو کرو، تم تمنا کرو، تَمَنِّیٌ سے، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲/۱۱۱

تَمَنَّوْنَ۔ تم تمنا کرتے ہو، تم آرزو کرتے ہو، تَمَنِّیٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۳/۱۵۴

تُمْنُوْنَ تم منی ٹپکاتے ہو، اِمْنَاءٌ سے جس کے معنی منی ٹپکانے اور منی ڈالنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۵۶/۵۸

تَمُنُّوْهَا۔ تو اس کا احسان رکھتا ہے تَمُنُّ مَنٌّ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب، مَنٌّ کی دو صورتیں ہیں، ایک منت بالفعل یعنی نعمت و احسان سے گرانبار کر دینا یہ درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی کی صفت ہے۔ کیونکہ جتنی نعمتیں ہیں اسی کی پیدا کی ہوئی ہیں، دوسرے منت بالقول یعنی زبان سے احسان جتلانا جو انسان کے لئے معیوب ہے، یہاں اس کا استعمال اسی دوسرے معنی میں ہوا ہے، ۲۶/۹۴

تُمْنٰی۔ وہ ٹپکائی جاتی ہے، وہ ڈالی جاتی ہے وہ پیدا کی جاتی ہے، وہ مقدر کی جاتی ہے (ضَرَبَ) مَنْیٌ سے جس کے معنی مقدر کرنے آزمانے اور منی کے باہر آنے کے ہیں مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۵۳/۴۶

تَمَنّٰی۔ اس نے خیال باندھا۔ اس نے آرزو کی، اس نے تمنا کی۔ اس نے پڑھا تَمَنِّیٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، آیت شریفہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَمْ لِلْإِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى فَلِلّٰهِ الْآخِرَةُ وَ الْأُولٰى (کہیں انسان کو ملتا ہے جو چاہے، بس اللہ ہی کے ہاتھ ہے پچھلا گھر اور پہلا گھر) میں تَمَنّٰى کا استعمال وہی بے حقیقت خیالات باندھنے کے لئے ہوا ہے کہ انسان سوچتا ہے بت کی پوجا سے یہ ملیگا اور وہ ملیگا حالانکہ بت پوجے سے کیا ملتا ہے ملے وہی جو اللہ دے، سورۂ حج کی آیت وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنّٰى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ آيَاتِهِ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (اور جو رسول بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے یا نبی سو جب لگا خیال باندھنے شیطان نے ملا دیا اس کے خیال میں، پھر اللہ مٹاتا ہے شیطان کا ملایا، پھر پکی کرتا ہے اپنی باتیں اور اللہ سب خبر رکھتا ہے حکمت والا ہے) میں تَمَنّٰى کے مفسرین نے دو معنی بیان کئے ہیں (۱) اس نے خیال باندھا، اس نے آرزو کی (۲) اس نے پڑھا، اس نے تلاوت کی، وجہ یہ ہے کہ تَمَنّٰى کا استعمال دونوں معنی میں ہوتا ہے۔ امام راغبؒ فرماتے ہیں۔

التَّمَنِّي تَقْدِيرُ شَيْءٍ فِي النَّفْسِ وَتَصَوُّرُهُ فِيهَا۔

تمنی کے معنی ہیں دل میں کسی چیز کا ٹھیرنا اور اس کا خیال باندھنا۔

اب آرزو کرنے اور خیال باندھنے میں تو یہ معنی صاف ظاہر ہیں اور قرارت کے لئے تمنی کا استعمال اس بنا پر ہوتا ہے کہ پڑھنے والا بھی الفاظ کا اندازہ رکھتا اور ان کا خیال کرتا ہے اسی لئے اندازے اور اٹکل سے پڑھنے کو تمنی کہتے ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت کو "تمنی" سے کیوں تعبیر کیا گیا اس کی وجہ خود امام راغبؒ کے الفاظ میں یہ ہے۔

ولما كان النبي صلى الله عليه وسلم كثيرا ما كان يبادر الى ما نزل به الروح الامين على قلبه حتى قيل له لا تعجل بالقرآن الآية ولا تحرك به لسانك لتعجل به معمى تلاوته على ذلك تمنيا ونهان للشيطان

اور چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب پر روح الامین جو کچھ لیکر اترتے آپ اس کے متعلق اکثر جلدی فرماتے تھے، یہاں تک کہ آپ کو حکم دیا گیا کہ قرآن کے پڑھنے میں عجلت سے کام نہ لو اور زبان کو اس کی قرارت میں جلدی کرنے کے لئے حرکت نہ دو اس لئے آپ کی اس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تسلطا علی مثله فی امنیته وذلك من حیث بین ان العجلة من الشیطن۔

طرح کی تلاوت کو تمنیٰ (اندازے سے پڑھنا) سے موسوم کیا اور متنبہ کیا کہ اس طرح کے پڑھنے میں شیطان کا دخل ہوتا ہے کیونکہ بیان کر دیا گیا ہے کہ جلدی شیطان کی طرف سے ہے۔

امام موصوف کی رائے میں یہاں تمنی کا استعمال تلاوت کے لئے ہوا ہے اور اس کی جو توجیہ تفسیر القرآن بالقرآن کے اصول پر انھوں نے بیان فرمائی ہے وہ ان کی امامتِ فن کے شایانِ شان ہے، افسوس ہے کہ بعض مفسرین نے بھی یہاں یہی معنی بیان کئے لیکن ان کی نظر آیت کی تفسیر کرتے وقت امام موصوف کی توجیہ پر نہیں بلکہ ایک موضوع اور جعلی روایت پر تھی جس کو انھوں نے غلطی سے تفسیر کی کتابوں میں داخل کر دیا ہے کہ سورۂ النجم کی تلاوت کے وقت جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیتیں تلاوت فرمائیں اَفَرَءَیْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰی وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰی تو سہواً آپ کی زبانِ مبارک سے بتوں کی تعریف میں یہ الفاظ ادا ہو گئے تلك الغرانیق العلی وان شفاعتهن لترتجی (یعنی یہ بت طائران قدس ہیں اور ان کی شفاعت کی امید کی جا سکتی ہے) یا شیطان نے آپ کی آواز میں آواز ملا کر پڑھ دیئے چنانچہ جبرئیل علیہ السلام آئے اور انھوں نے خبر دی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھر اطلاع پانے کے سخت ملال ہوا، اس پر آپ کی تسلی کے لئے آیت مذکورہ نازل ہوئی اور آیت میں جو دخلِ شیطانی کا تذکرہ ہے اس سے مراد یہی القائے شیطانی ہے لیکن اس روایت کا جو حال ہے اس کے متعلق شیخ عبدالحق صاحب محدث دہلویؒ نے بالکل صحیح تحریر فرمایا ہے کہ:-

"ایں قصہ عقلاً و نقلاً باطل و موضوع ست"[۲]

[۱] غرانیق جانورانِ آبی کو کہتے ہیں، عُلیٰ کے معنی بلند مرتبت کے ہیں چونکہ بتوں کے متعلق ان کے پجاریوں کا یہ عقیدہ تھا کہ وہ ان کو اللہ سے قریب کرنے والے اور اس کے درباران کی شفاعت کرتے ہیں، اس لئے طائرانِ بلند پرواز سے ان بتوں کو تشبیہ دی گئی، [۲] مدارج النبوت ج ۱ ص ۲۴۷ طبع نولکشور۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاہ ولی اللہ صاحبؒ اور ان کے دونوں بیٹوں شاہ رفیع الدین صاحبؒ اور شاہ عبدالقادر صاحبؒ نے "تمنی" کے وہی متبادر معنی "آرزو کرنے اور خیال باندھنے" کے لئے ہیں، شاہ ولی اللہ صاحب نے فتح الرحمن میں اس آرزو کی مثالیں دی ہیں چنانچہ تحریر فرماتے ہیں۔

مترجم گوید مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بخواب دیدند کہ ہجرت کردند بزمینے کہ نخل بسیار دارد پس وہم بجانب یمامہ و ہجر رفت و در نفس الامر مدینہ بود، و مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بخواب دیدند کہ بمکہ درآمدہ اند و حلق و قصری کنند پس وہم آمد کہ درہماں سال ایں واقع شود و در نفس الامر بعد از سالہا ی چند تحقق شد و در امثال ایں صورت امتحان مخلصان و منافقان درمیان می آید واللہ اعلم" (ص ۴۵۳)

اور شاہ عبدالقادر صاحب موضح القرآن میں رقمطراز ہیں۔

"نبی کو ایک حکم اللہ سے آتا ہے اس میں ہرگز تفاوت نہیں اور ایک اپنے دل کا خیال، اس میں جیسے اور آدمی کبھی خیال ٹھیک نہ پڑا، جیسے حضرت نے خواب میں دیکھا کہ مدینے سے مکے گئے، عمرہ کیا، خیال میں آیا کہ شاید اب کی برس وہ ٹھیک پڑا اگلے برس، یا وعدہ ہوا کافروں پر غلبہ ہوگا، خیال آیا کہ اب کی لڑائی میں، اس میں نہ ہوا، پھر اللہ جتا دیتا ہے کہ جتنا حکم تھا اس میں تفاوت نہیں" پ ۱۴ ع ۱۲ پ ۲۶

تَمُوْتُ - وہ مرجائے، اسے موت آئے، وہ مرتی ہے، وہ مرگی، مَوْتٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَمُوْتُ) پ ۱۳ ع ۱۲ پ ۲۱

تَمُوْتُنَّ - تم مرو، مَوْتٌ سے مضارع بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر لا تَمُوْتُنَّ (تم نہ مرو تم نہ مرلو) فعل نہی ہے، پ ۱۹ ع ۲

تَمُوْتُوْنَ - تم مرتے ہو، تم مروگے، مَوْتٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۲ ع ۴

تَمُوْرُ - وہ پھٹتی ہے، وہ پھٹ جائے گی، وہ لرزتی ہے، وہ لرزگی، وہ جنبش کرتی ہے، وہ جنبش کرگی، وہ پھرتی ہے، وہ پھرگی (نَصَرَ) مَوْرٌ سے جس کے معنی پھرنے اور تیز چلنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ ۲۷ ع ۲ پ ۲۹

تَمْهِيْدًا - ہموار کرنا، تیار کرنا، بروزن تَفْعِيْلٌ مصدر ہے، پ ۲۹ ع ۱۵

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَمِیْدَ۔ وہ ہلے، وہ جھکے، وہ ہلتی ہے، وہ جھکتی ہے، وہ ہلیگی، وہ جھکیگی (ضَرَبَ) مَیْدٌ سے جس کے معنی کسی بڑی چیز کے ہلنے اور حرکت کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مونث غائب پ۱۷ ع۱۵ س۲۱

تَمَیَّزُ۔ وہ پھٹ جائے، وہ پھٹ پڑے، تَمَیُّزٌ سے، جس کے معنی ایک دوسرے سے جدا ہونے اور پھٹ جانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں تَتَمَیَّزُ تھا۔ ایک تاء حذف ہوگئی، پ۲۹

تَمِیْلُوْا۔ تم جھک پڑو، تم کج روی کرو، تم مڑجاؤ (ضَرَبَ) مَیْلٌ سے، جس کے معنی درمیان سے کسی ایک طرف ہٹ جانے کے ہیں اور اسی مناسبت سے اس کا استعمال ظلم وجور کے لئے ہوتا ہے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۵ ع۱۶

فصل النون المعجمة

تَنَابَزُوْا۔ تم چڑ مقرر کرو، تم برے نام نکالو، تم بُرے نام سے پکارو، تَنَابُزٌ سے جس کے معنی باہم چڑ مقرر کرنے، آپس میں برا نام نکالنے اور ایک دوسرے کو چڑانے اور برے نام سے پکارنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، یہاں چونکہ لا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، پ۲۶

تَنَاجَوْا تم سرگوشی کرو، تم رازداری کرو، تَنَاجِیٌ سے، جس کے معنی باہم رازداری اور سرگوشی کرنے کے ہیں، امر کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، پ۲۸

تَنَاجَیْتُمْ۔ تم نے سرگوشی، تم نے رازداری کی، تَنَاجِیٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۲۸

تَنَادِ۔ فریاد کرنا، پکارنا، اصل میں تَنَادِیٌ تھا بر تفاعُلٌ، قرآن مجید میں یَوْمَ التَّنَادِ ہے یوم کا مضاف الیہ ہونے کے سبب آخر سے ی جو حرف علت ہے حذف ہوگئی، پ۲۴

تَنَادَوْا۔ انھوں نے باہم ایک دوسرے کو پکارا، انھوں نے آپس میں ایک دوسرے کو آواز دی، تَنَادِیٌ سے، ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب، پ۲۹

تَنَازَعْتُمْ۔ تم نے جھگڑا کیا، تم نے نزاع کی، تَنَازُعٌ سے جس کے معنی باہم کشاکشی اور جھگڑا کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر،

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پ ۹ ع ۱۰

تَنَازَعُوْا انھوں نے جھگڑا کیا، انھوں نے نزاع کی، تَنَازُعٌ سے ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب، پ ۹

تَنَازَعُوْا تم جھگڑا کرو، تم نزاع کرو، تَنَازُعٌ سے، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۹

تَنَاصَرُوْنَ تم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو، تَنَاصُرٌ سے، جس کے معنی آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۲۳

تَنَالُوْا تم پاتے ہو، تم پاؤ گے، تم پہنچتے ہو، تم پہنچو گے (تَجمع) نَیْلٌ سے جس کے معنی پانے اور پہنچنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، پ ۴

تَنَالُهٗ وہ اس کو پاتی ہے، وہ اس کو پائے گی وہ اس تک پہنچتی ہے، وہ اس تک پہنچے گی، تَنَالُ نَیْلٌ سے، مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب هٗ ضمیر واحد مذکر غائب، پ ۳

تَنَاوُشُ لینا، بروزن تَفَاعُلٌ مصدر سے پ ۲۲

تَنْبُتُ وہ اگتی ہے، وہ اگاتی ہے (نَصَرَ) نَبْتٌ سے جس کے معنی اُگنے اور اگانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ (وہ تیل اگاتی ہے) میں باء حال کے لئے ہے تعدیہ کے لئے نہیں، کیونکہ نَبَتَ خود متعدی ہے مطلب یہ ہے کہ وہ اس طرح اگتی ہے کہ تیل اس میں بالقوہ موجود ہوتا ہے پ ۱۸

تُنْبِتُ وہ اگاتی ہے، اِنْبَاتٌ سے مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اَنْبَتَكُمْ) پ ۲۳

تُنَبِّئُهُمْ تو ان کو خبر دیگا، تو ان کو جتا دیگا نَبَّاَ تَنْبِئَةً اور تَنْبِئٌ سے، جس کے معنی آگاہ کرنے، بتلانے اور خبر دینے کے ہیں مضارع بانون تاکید کا صیغہ واحد مذکر حاضر هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ ۱۲

تُنَبِّئُوْنَ تم جتلاتے ہو، تم خبر دیتے ہو تَنْبِئَةً اور تَنْبِئٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱۰

تُنَبَّؤُوْنَ تمہیں خبر دی جائیگی، تمہیں جتایا جائیگا۔ تَنْبِئَةً اور تَنْبِئٌ سے مضارع مجہول بانون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱۵

تُنَبِّئُوْنَهٗ تم اس کو خبردار کرتے ہو، تم اس کو جتلاتے ہو، اس میں هٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے پ ۱۱

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تُنَبِّئُهُمْ۔ وہ ان کو جتادے، وہ ان کو خبردار کردے، تَنْبِئَۃٌ اور تَنْبِیٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۱۰ ع۱۲

تَنْتَشِرُوْنَ تم چلتے پھرتے ہو، تم پھیلتے اور متفرق ہوتے ہو، اِنْتِشَارٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُنْتُشِرُوْا) پ۲۱ ع۱۲

تَنْتَصِرَانِ تم بدلہ لے سکتے ہو، تم بدلہ لیتے ہو تم بدلہ لوگے، تم مدد لے سکتے ہو، تم مدد لیتے ہو تم مدد لوگے، اِنْتِصَارٌ سے مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر (ملاحظہ ہو انْتَصَرَ) پ۲۵ ع۱۲

تَنْتَہِیْ تو باز آتا ہے، تو باز آئیگا، اِنْتِہَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اصل میں تَنْتَھِیُ تھا۔ لَمْ کے آنے سے ی جو حرف علت ہے حذف ہوگئی (ملاحظہ ہو اِنْتَھَوْا) پ۶ پ۹ ع۱۲ و۱۳

تَنْتَھُوْا تم باز آتے ہو، تم باز آؤگے، اِنْتِھَاءٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اِنْ شرطیہ اور لَمْ کے آنے سے نون اعرابی آخر سے ساقط ہوگیا (ملاحظہ ہو اِنْتَھَوْا) پ۹ ع۱۴ پ۲۳

تُنْجِیْکُمْ وہ تم کو نجات دے، وہ تم کو بچائے وہ تم کو نجات دیتی ہے، وہ تم کو بچائے گی۔ تُنْجِیْ اِنْجَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَنْجَیْنَا) پ۲۵

تَنْحِتُوْنَ۔ تم تراشتے ہو (ضَرَبَ) نَحْتٌ سے جس کے معنی تراشنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۵ ع۱۹ پ۱۲ ع۱۳

تُنْذِرْ۔ تو ڈراتا ہے، تو ڈرائیگا اِنْذَارٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُنْذِرَ) پ۱ پ۳ پ۵ پ۱۶ پ۲۰ پ۲۱ پ۲۲ ع۱۵ و۱۸ پ۲۵ ع۲

تَنْزِعُ۔ وہ اکھاڑ پھینکتی ہے (ضَرَبَ) نَزْعٌ سے، جس کے معنی کسی چیز کے اپنی جگہ سے اکھاڑنے اور کھینچ لینے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، مگر اس معنی میں اس کا استعمال صرف اعراض کے لئے ہوتا ہے تَنْزِعُ النَّاسَ (وہ لوگوں کو جگہ سے اکھاڑ پھینکتی ہے)۔ میں بعض نے آندھی کے زور سے ہوا میں اڑجانا مراد لیا ہے اور بعض نے روحوں کا کھینچنا، مگر اول معنی بتبادر ہیں پ۳۰

تَنْزِعُ۔ تو چھین لیتا ہے، تو اکھاڑ پھینکتا ہے۔ نَزْعٌ سے معنی چھین لینے کے، مضارع کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مذکر حاضر، جب نَزَعَ فلان کذا کہتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ فلاں نے فلاں چیز چھین لی۔ ۴۲

تَنَزَّلُ۔ وہ اترتی ہے، وہ اتریگی، تَنَزُّلٌ سے جس کے معنی اترنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، اصل میں تَتَنَزَّلُ تھا ایک تا حذف ہوگئی، ۱۹/۱۵، ۳۰/۲۲

تُنَزِّلَ۔ تو اتار لائے، تو اتارے، تَنْزِیْلٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ۲۶/۱۵

تُنَزَّلُ۔ وہ اتاری جائے، وہ اتاری جاتی ہے وہ اتاری جائیگی، تَنْزِیْلٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۲۵/۱۴

تَنَزَّلَتْ، وہ (جماعت) شیاطین اتری تَنَزُّلٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ (ملاحظہ ہو بُسَّتْ) ۱۹/۱۵

تَنْزِیْلٌ۔ اتارنا، بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے "تنزیل" اور "انزال" میں یہ فرق ہے کہ تنزیل میں ترتیب اور یکے بعد دیگرے تفریق کے ساتھ اتارنا ملحوظ ہوتا ہے اور "انزال" عام ہے ایک دم کسی شئے کے اتارنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اور یکے بعد دیگرے ترتیب سے اتارنے کے لئے بھی آتا ہے ۱۹/۱۵ ۲۱/۱۴ ۳۲/۱۸ ۲۳/۱۵ ۲۳/۱۹ ۲۵/۱۷ ۲۶/۱ ۲۷/۱۹ ۲۹/۱

تَنْزِیْلًا ۲۵/۱۲ ۲۶/۱۹ ۲۹/۱

تَنْسَ۔ تو بھولے، تو فراموش کرے (سَمِعَ) نِسْیَانٌ سے جس کے معنی بھولنے اور فراموش کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نسیان اور فراموشی کے تین سبب ہوتے ہیں (۱) ضعف قلب (۲) غفلت (۳) قصد و ارادہ یعنی خود چاہ کر دل سے بھلا دینا، اللہ تعالیٰ نے جس نسیان کی مذمت فرمائی ہے، وہ یہی نسیان ہے کہ جس میں اپنے قصد و ارادہ کو دخل ہو ارشاد ہے فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِکُمْ هٰذَا اِنَّا نَسِیْنٰکُمْ (اب مزہ چکھو جیسا کہ تم نے اس دن کی ملاقات کو بھلا دیا تھا ہم نے تم کو بھلا دیا) اس میں اسی نسیان کا مذکور ہے جو بطریق اہانت اور بقصد و ارادہ ہو، اور جس نسیان میں کہ انسان کو معذور قرار دیا گیا ہے وہ ہے کہ اس کا سبب خود اس کا ارادہ نہ ہو، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے رفع عن امتی الخطاء والنسیان (میری امت سے بھول چوک مرفوع (معاف) ہے) یہ وہی نسیان ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ جس میں اس کے ذاتی ارادہ کا دخل نہ ہو، اللہ تعالیٰ کی طرف نسیان کی نسبت ہو تو بطور اہانت سزا کے لئے لوگوں کو اپنی رحمت سے محروم کرنے اور ان کو چھوڑ دینے کے معنی ہوں گے، لَا تَنْسَ (تو فراموش نہ کر، تو مت بھول) فعل نہی ہے یہاں بھی نسیان سے نسیانِ ارادی مراد ہے، پ ۱۱

تَنْسَوْا۔ تم بھول جاؤ، تم بھلا دو، تم فراموش کرو، نِسْیَانٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں کا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، پ ۱۲

تَنْسَوْنَ۔ تم بھولتے ہو، تم بھولے جاتے ہو، تم بھلا دیتے ہو، تم بھولو گے، تم بھول جاؤ گے، تم بھلا دو گے۔ نِسْیَانٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۱۵ پ ۷

تَنْسٰی تو بھولتا ہے، تو بھولے گا۔ نِسْیَانٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ ۱۲ پ ۳۰

تُنْسٰی۔ تو بھلا دیا جائیگا، تو فراموش کر دیا جائے گا۔ نِسْیَانٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ پ ۱۶

تَنْشَقُّ۔ وہ پھٹ جائے، وہ شق ہو جائے وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو، وہ پھٹتی ہے، وہ شق ہوتی ہے، وہ پھٹ جائے گی، وہ شق ہو جائے گی، اِنْشِقَاقٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اِنْشَقَّ) پ ۱۶

تَنْصُرُنَّهٗ۔ تم اس کی ضرور مدد کرو گے، تَنْصُرُنَّ نَصْرٌ سے۔ مضارع با نون تاکید کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ضمیر واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو اُنْصُرْنَا) پ ۳

تَنْصُرُوْا۔ تم مدد کرتے ہو، تم مدد کرو گے، نَصْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب محذوف ہے پ ۵

تُنْصَرُوْنَ۔ تمہاری مدد کی جاتی ہے، تمہاری مدد کی جائے گی، تم مدد دیئے جاتے ہو تم مدد دیئے جاؤ گے، نَصْرٌ سے۔ مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱۲ پ ۱۸ پ ۲۴ پ ۳

تَنْصُرُوْهُ۔ تم اس کی مدد کرو گے، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے۔ پ ۱۰

تَنْطِقُوْنَ۔ تم بولتے ہو (نَصَرَ) نُطْقٌ سے جس کے معنی بولنے اور بات کرنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ ۲۳ پ ۲۶

تَنْظُرُ وہ دیکھے، وہ دیکھ لے، وہ دیکھتی ہے،

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ دیکھ لیگی، نَظَرٌ سے، مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اُنْظُرْ) پ۲۵

تَنْظُرُوْنَ۔ تم دیکھتے ہو، تم دیکھو گے نَظَرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۷

تُنْظِرُوْنِ۔ تم مجھے ڈھیل دو، تم مجھے مہلت دو، اِنْظَارٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، ی ضمیر واحد متکلم محذوف ہے (ملاحظہ ہو اَنْظِرْنِیْ) پ۹ ع۱۱ پ۱۳ ع۱۲

تَنْفُخُ۔ تو پھونک مارتا ہے، تو پھونک مارے گا تو پھونکتا ہے، تو پھونکے گا، نَفْخٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَنْفُخُ) پ۸

تَنْفَدَ وہ تمام ہو، وہ نبڑ جائے، وہ تمام ہوتی ہے، وہ تمام ہو جائے گی (سَمِعَ) نَفَادٌ سے جس کے معنی نبڑ جانے، ختم ہو جانے اور تمام ہو جانے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، پ۱۵

تَنْفُذُوْا۔ تم کل بھاگو، تم باہر چلے جاؤ نُفُوْذٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ان ناصبہ کے سبب آخر سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے (ملاحظہ ہو اُنْفُذُوْا) پ۲۷ ع۱۲

تَنْفِدُوْنَ۔ تم نکلتے ہو، تم نکلو گے، نُفُوْذٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۷ ع۱۲

تَنْفِرُوْا۔ تم نکلو، تم کوچ کرو، تم نکلتے ہو، تم کوچ کرتے ہو، تم نکلو گے، تم کوچ کرو گے، نَفْرٌ اور نُفُوْرٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، لَا تَنْفِرُوْا (تم مت نکلو، تم کوچ نہ کرو) فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اُنْفِرُوْا) پ۱۰ ع۱۱ پ۱۱ ع۱۲

تَنَفَّسَ۔ اس نے سانس لیا، اس نے دم کھینچا تَنَفُّسٌ سے، جس کے معنی سانس کی آمد و شد کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، صبح کے تنفس کا مطلب پو پھٹنا ہے، پ۳۰

تَنْفَعُ۔ وہ نفع دیتی ہے، وہ نفع دیگی، وہ کام آتی ہے، وہ کام آئے گی، وہ فائدہ دیتی ہے وہ فائدہ دیگی (فَتَحَ) نَفْعٌ سے جس کے معنی فائدہ دینے، سود مند ہونے اور کام آنے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۱۶ ع۱۵ پ۲۲ ع۴ پ۲۷ ع۲

تَنْفَعَكُمْ، وہ تمہارے کام آتی ہے، وہ تمہارے کام آئے گی۔ وہ تم کو نفع دیتی ہے، وہ تم کو نفع دے گی۔ اس میں کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے۔ پ۲۵

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَنْفَعَهٗ۔ وہ اس کو نفع پہنچاتی ہے، وہ اس کو نفع پہنچائے گی، وہ اس کے کام آتی ہے، وہ اس کے کام آئے گی، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے، پ ۳۰

تَنْفَعُهَا۔ وہ اس کو فائدہ دیتی ہے، وہ اس کو فائدہ دیگی، وہ اس کے کام آتی ہے، وہ اس کے کام آئیگی، اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے، پ ۱۰

تَنْفَعُهُمْ۔ وہ ان کو فائدہ دیتی ہے، وہ ان کو فائدہ دیگی، وہ ان کے کام آتی ہے، وہ ان کے کام آئیگی، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، پ ۲۹

تُنْفِقُوْا تم خرچ کرو، تم خرچ کرتے ہو، تم خرچ کروگے، اِنْفَاقٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب سے حذف ہوگیا ہے (ملاحظہ ہو اِنْفَاقٌ) پ ۲ پ ۱۰ پ ۲۶ پ ۲۸

تُنْفِقُوْنَ۔ تم خرچ کرتے ہو، تم خرچ کروگے اِنْفَاقٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۳

تُنْقِذُ۔ تو نجات دلاتا ہے، تو نجات دلائیگا۔ تو چھڑاتا ہے، تو چھڑائیگا، تو رہا کراتا ہے، تو رہا کرائیگا، اِنْقَاذٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو اَنْقَذَكُمْ) پ ۴

تَنْقُصُ، وہ گھٹاتی ہے، وہ کم کرتی ہے، نَقْصٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اُنْقُصُوْا) پ ۱۵

تَنْقُصُوْا تم گھٹاؤ، تم کم کرو، نَقْصٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، یہاں لَا نہی داخل ہے اس لئے فعل نہی ہے، پ ۸

تَنْقُضُوْا تم توڑو (نَصَرَ) نَقْضٌ سے بمعنی توڑنے کے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں چونکہ لَا نہی موجود ہے، اس لئے فعل نہی ہے اصل میں نَقْضٌ کے معنی ہیں عمارت یا رسی یا ہار کی گرہ اور بندش کھولنے اور پراگندہ کرنے کے۔ اِبْرَامٌ کی ضد ہے اور اسی لئے بطور استعارہ نقض کا استعمال عہد شکنی کے لئے بھی ہوتا ہے۔ پ ۱۴

تَنْقَلِبُوْا۔ تم پھر جاتے ہو، تم پھر جاؤ گے، تم پلٹ جاتے ہو، تم پلٹ جاؤ گے اِنْقِلَابٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اِنْقَلَبَ) پ ۴

تَنْقِمُ۔ تو بَیر کرتا ہے، تو انکار کرتا ہے، تو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عیب دیتا ہے، تو بیر کریگا، تو انکار کرے گا، تو عیب دیگا، (ضَرَبَ و سَمِعَ) نَقْمٌ سے جس کے معنی غصہ ہونے ناپسند کرنے اور انکار کرنے کے ہیں خواہ اس کا اظہار زبان سے ہو یا سزا دیکر، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ۹

تَنْقِمُوْنَ۔ تم انکار کرتے ہو، تم بیر رکھتے ہو، تم عیب دیتے ہو، تم انکار کروگے، تم بیر کروگے، تم عیب دوگے، نَقْمٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۶ ع۱۳

تَنْكِحَ۔ وہ نکاح کرے، وہ وطی کرے، نِكَاحٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب یہاں نکاح کا استعمال وطی اور دخول کے معنی میں ہوا ہے (ملاحظہ ہو اَنْكِحُوْ) پ۲ ع۱۳

تَنْكِحُوْا۔ تم نکاح کرو، تم عقد کرو نِكَاحٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں لا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے پ۲ ع۱۱

پ۴ ع۱۲ پ۵ ع۱۶ پ۳۳ ع۴

تُنْكِحُوْا۔ تم نکاح کردو، تم عقد کرادو، اِنْكَاحٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَنْكِحُكَ) پ۲ ع۱۱

تُنْكِحُوْهُنَّ۔ تم ان سے نکاح کرو، تم ان سے عقد کرو، اس میں هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب ہے، پ۲۸ ع۸

تُنْكِرُوْنَ۔ تم انکار کرتے ہو، تم انکار کروگے اِنْكَارٌ سے، جس کے معنی انکار کرنے اور نہ پہچاننے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، "انکار" "عرفان" کی ضد ہے، اصل میں اس کے معنی نہ پہچاننے یعنی قلب پر کسی ایسی چیز کے وارد ہونے کے ہیں کہ جو اس تصور میں نہ ہو یہ جہالت کی ایک قسم ہے جیسے فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ (جب وہ اس کے پاس آئے تو اس نے ان کو پہچان لیا اور وہ اس کو نہیں پہچانتے تھے) اور کبھی زبان سے انکار کرنے کے لئے بھی اس کا استعمال ہوتا ہے زبان سے انکار کا سبب وہی دل کا انکار ہے، لیکن بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ دل میں اس کی صورت موجود ہوتی ہے اور زبان سے انکار ہوتا رہتا ہے، اس صورت میں خلافِ واقع انسان جھوٹ بولتا ہے کہ دل میں اقرار اور زبان پر انکار ہوتا ہے چنانچہ یہاں بھی زبان کی جھٹلانا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور نہ ماننا مراد ہے، پ۲۴

تَنْكِصُوْنَ۔ تم بھاگتے ہو، تم پھرے جاتے ہو، (ضَرَبَ) نُكُوْصٌ سے، جس کے معنی کسی چیز سے پھرے جانے اور باز رہنے کے ہیں۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۱۸

تَنْكِيْلًا۔ رسوا کرنا، عذاب دینا، سزا دینا، ضعیف اور عاجز بنا دینا، قید کر دینا، بروزن تَفْعِيْلٌ مصدر ہے، پ۲۹

تَنُوْءُ۔ وہ بھاری ہوتی ہے، وہ تھکتی ہے (نَصَرَ) نَوْءٌ سے، جس کے معنی بھاری ہونے اور بوجھ کے مارے گرے جانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۲۰

تَنُّوْرٌ۔ تنور، جس میں روٹی پکائی جاتی ہے علامہ خازن بغدادی تفسیر لباب التاویل میں رقمطراز ہیں۔

تنور فارسی زبان کا لفظ ہے، معرب ہے، چونکہ اہل عرب اس کے دوسرے نام سے واقف نہیں اس لئے قرآن مجید میں یہی لفظ استعمال ہوا اور جس لفظ کو وہ جانتے تھے وہی بتایا اور بعض کا قول ہے کہ تنور فارسی اور عربی دونوں میں اسی طرح ہے (اس لئے یہ عربی بھی ہے اور فارسی بھی)

اور یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اصل میں تو تنور عجمی لفظ ہے پھر عربوں نے اس کو بولنا شروع کیا تو عربی ہو گیا جیسے دیباج وغیرہ الفاظ ہیں

یہاں "تنور" سے کیا مراد ہے اس بارے میں اختلاف ہے، عکرمہ اور زہری کا بیان ہے کہ سطح زمین مراد ہے کیونکہ نوح علیہ السلام سے کہا گیا تھا کہ جب تم پانی کو سطح زمین پر ابلتا ہوا دیکھو تو کشتی پر سوار ہو جانا پس اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ تنور کے جوش مارنے (یعنی سطح زمین کے ابلنے) کو نوح علیہ السلام کے لئے اس حادثہ عظیم کی علامت قرار دی گئی تھی، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فار التنور کے معنی ہیں طلع الفجر و نور الصبح (یعنی پو پھٹ گئی اور صبح روشن ہو گئی) صبح کی روشنی کو تنور میں سے آگ نکلنے کے ساتھ تشبیہ دی گئی حسن بصری، مجاہد اور شعبی کہتے ہیں کہ تنور وہی ہے جس میں روٹی پکائی جاتی ہے یہی اکثر مفسرین کا قول ہے اور یہی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی ایک روایت میں منقول ہے۔ اور یہی قول زیادہ صحیح ہے کیونکہ لفظ جب حقیقت اور مجاز میں دائر ہو تو اس کا حقیقت ہی پر حمل کرنا اولیٰ ہوتا ہے اور لفظ تنور اس جگہ کے نام کے لئے کہ جہاں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روٹی پکائی جاتی ہے حقیقت ہے۔

اور اگر یہ کہا جائے کہ الف لام "التنور" میں ہے وہ عہد کا ہے اور یہاں پہلے سے سامع کے نزدیک کوئی چیز متعین نہیں، لہذا تنور کا کسی اور معنی پر محمول کرنا ضروری ہے اور وہ معاملہ کے شدت اختیار کر جانے کے معنی ہیں پس معنی یہ ہوں گے کہ جب پانی شدت سے ابلنے لگے اور زور کرے تو اپنے آپ کو اور اپنے ساتھیوں کو بچاؤ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بعید نہیں کہ نوح علیہ السلام کو وہ تنور معلوم ہو، حسن بصری کا بیان ہے کہ وہ تنور پتھر کا تھا اور حضرت حوا اس میں روٹیاں پکاتی تھیں، پھر وہ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آگیا تھا اور ان سے کہہ دیا گیا تھا کہ جب تم دیکھو کہ پانی تنور سے ابل رہا ہے تو اپنے ساتھیوں کو لیکر کشتی میں سوار ہو جانا[1] ۱۲/۴ ۱۸/۲

تَنْهَرْهُمَا۔ تو ان دونوں کو جھڑکے، تو ان دونوں کو ڈانٹے، اس میں هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب ہے، ۱۵/۳

تَنْهَوْنَ۔ تم منع کرتے ہو، تم روکتے ہو نَهْيٌ سے، مضارع معروف کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَنْهٰكُمْ) ۴/۳

تُنْهَوْنَ۔ تم کو منع کیا جاتا ہے، تم کو روکا جاتا ہے، نَهْيٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۵/۳

تَنْهٰى۔ وہ روکتی ہے، وہ منع کرتی ہے نَهْيٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ۴۵/۲۹

تَنْهَانَا۔ تو ہم کو منع کرتا ہے، تو ہم کو روکتا ہے نَهْيٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نا ضمیر جمع متکلم، ۱۲/۷

تَنِيَا۔ تم دونوں سستی کرو، تم دونوں سست ہو، (ضَرَبَ) وَنْيٌ سے جس کے معنی سست ہونے اور سستی کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر حاضر، یہاں لا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، ۴۲/۲۰

[1] لباب التاویل ج ۳ ص ۱۸۹ طبع مصر ۱۳۳۱ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل الواو

تَوَّابٌ۔ پھرنے والا، توبہ کرنے والا، معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، بروزن فَعَّالٌ مبالغہ کا صیغہ ہے، تَوْبَۃٌ سے مشتق ہے لغت میں توبہ کرنے والے اور توبہ قبول کرنے والے دونوں کو "تواب" کہا جاتا ہے، بندہ توبہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے اس لئے اس کا استعمال اللہ اور بندہ دونوں کے لئے ہوتا ہے، جب بندہ کی صفت میں آئے تو اس کے معنی کثرت سے توبہ کرنے والے بندہ کے ہوں گے چنانچہ جب وہ یکے بعد دیگرے گناہوں کو مسلسل ہر وقت چھوڑتے چھوڑتے بالکل تارک الذنوب ہو جاتا ہے تو "تواب" کہلاتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کی صفت میں استعمال ہوتا ہے تو اس کے معنی کثرت سے مسلسل بار بار بندوں کی توبہ قبول فرمانیوالے کے ہیں، امام ابو سلیمان خطابی فرماتے ہیں۔

التواب ھو الذی یتوب علی عبادہ توّاب وہ ہے کہ جو اپنے بندوں پر مہربانی فرما کر ان کی فیقبل توبتہم کلما توبہ کو قبولیت بخشے کہ جتنی تکررت التوبۃ تکرر دفعہ توبہ دہرائی جائے اتنی القبول [1] ہی بار قبولیت کی تکرار ہو۔

قرآن مجید میں تواب کا لفظ جتنی جگہ آیا ہے، اللہ تعالیٰ کی صفت کے لئے آیا ہے، پ ۱ ع ۱۵ و ۱۶

پ ۲ ع ۱۱ پ ۱۸ ع ۲۶

تَوَّابًا۔ پ ۴ ع ۴ پ ۵ ع ۲۰ ع ۳۵

تَوَّابِیْنَ، توبہ کرنے والے، تَوَّابٌ کی جمع، بحالت نصب وجر، پ ۲ ع ۱۲

تُؤَاخِذْنَا۔ تو ہم کو پکڑے، تُؤَاخِذُ مُؤَاخَذَۃٌ سے، جس کے معنی گناہ پر پکڑنے اور گرفت کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر نا ضمیر جمع متکلم، یہاں چونکہ لاء نہی ہے اس لئے فعل نہی ہے، پ ۳ ع ۸

تُؤَاخِذْنِیْ۔ تو مجھے پکڑے، اس میں ن وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم ہے، یہ بھی صیغہ نہی ہے، پ ۱۵ ع ۲۲

تَوَارَتْ۔ وہ چھپ گیا، وہ پوشیدہ ہو گیا وہ چھپ گئی، وہ پوشیدہ ہو گئی، تَوَارِیٌ سے، جس کے معنی پوشیدہ ہونے اور چھپ

[1] کتاب الاسماء والصفات امام بیہقی طبع انوار احمدی الہ آباد ۱۳۱۳ھ ص ۵۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جانے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، واضح رہے کہ توارت کا فاعل شمس ہے جو یہاں مضمر ہے اور شمس یعنی آفتاب عربی میں مؤنث مستعمل ہوتا ہے پ ۲۳ ع ۱۲

تَوَاصَوْا۔ انھوں نے وصیت کی، وہ کہہ مرے، انھوں نے تاکید کی، تَوَاصِیٌ سے جس کے معنی ایک دوسرے کو باہم نصیحت کرنے اور کہہ مرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۲۷ ع ۲ پ ۳۰ ع ۱۵ و ۲۸

تَوَاعَدْتُمْ۔ تم نے وعدہ مقرر کیا، تَوَاعُدٌ سے، جس کے معنی آپس میں ایک دوسرے سے وعدہ کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱۰

تُوَاعِدُوهُنَّ۔ تم ان سے وعدہ کرو تُوَاعِدُوا مُوَاعَدَةٌ سے جس کے معنی کسی سے وعدہ کرنے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب یہاں لاء نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے۔ پ ۲ ع ۱۴

تَوْبٌ۔ توبہ کرنا، تَابَ یَتُوْبُ کا مصدر ہے پ ۲۴

تَوْبَةٌ۔ توبہ کرنا، گناہ سے باز آنا، توبہ کی توفیق دینا، توبہ قبول فرمانا، یہ بھی تَابَ یَتُوْبُ کا مصدر ہے، لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے، تَابَ اللّٰهُ عَلَى الْعَبْدِ جب بولا جاتا ہے تو اس کے معنی آتے ہیں اللہ نے بندہ کو توبہ کی توفیق دی اور تاب العبد کے معنی ہیں بندہ نے توبہ کی، ارشاد ہے ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا (پھر ان کو توبہ کی توفیق دی تاکہ وہ توبہ کریں، یا پھر ان پر مہربان ہوا تاکہ وہ باز آجائیں) غرض جب عَلٰی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے تو متعدی ہوتا ہے، اور مہربان ہونے اور توبہ کی توفیق دینے کے معنی ہوتے ہیں اور بغیر علے کے آتا ہے تو لازم ہوتا ہے اور توبہ کرنے کے معنی ہوتے ہیں، امام خطابی فرماتے ہیں معنی التوبۃ عود العبد الی الطاعۃ بعد المعصیۃ[1]۔ (توبہ کے معنی گناہ کے بعد بندہ کا نیکی کی طرف پلٹنا)۔

علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں۔

"گناہ کے باحسن وجوہ چھوڑ دینے کا نام توبہ ہے یہ معذرت کی سب سے اچھی شکل ہے کیونکہ معذرت

[1] الاسماء والصفات امام بیہقی ص ۵۹۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی تین ہی صورتیں ہیں، یا تو عذر بیان کرنیوالا یوں کہیگا کہ میں نے کیا ہی نہیں یا یہ بیان کریگا کہ میں نے اس وجہ سے کیا، یا میں نے کیا تو ہی لیکن برا کیا۔ اور میں باز آیا، اس کے سوا چوتھی صورت نہیں، بس یہ اخیر صورت توبہ ہے، شریعت میں توبہ کا مطلب ہے (۱) گناہ کو بُرا سمجھکر چھوڑ دینا (۲) جو کچھ غلطی ہوگئی اس پر نادم ہونا۔ (۳) دوبارہ نہ کرنے کا پختہ ارادہ کرنا (۴) جن اعمال کا اعادہ کے ذریعہ تدارک ہوسکتا ہے ان کا بہاں تک ممکن ہو تدارک کرنا[1] جب یہ چاروں باتیں جمع ہوں گی تب توبہ کی شرطیں پوری ہوں گی۔

پ ۱۰ ب ۱۱ ر ۲۵ ع ۲۸

تَوْبَتُهُمْ، ان کی توبہ، تَوْبَةٌ، مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ آیت شریف اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ (بیشک جو لوگ اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہوگئے اور پھر کفر میں بڑھتے رہے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی) میں جو عدم قبولیت کے لئے فرمایا گیا ہے اس کی صورت یہ ہے کہ ان کو توبہ کرنا ہی نصیب نہ ہوگا کہ قبول ہو، پ ۳ ع ۱۴

تُوْبُوْا۔ تم توبہ کرو، تم باز آجاؤ، تم رجوع کرو تَوْبَةٌ سے، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۴ ع ۱۱ ب ۱۲ ر ۵ ر ۶ ر ۸ ب ۱۸ ع ۲۵

تُؤْتُوْا۔ تم دو، اِيْتَاءٌ سے، جس کے معنی دینے اور لانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر چونکہ یہاں لَا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے پ ۴ ع ۱۴

تُؤْتُوْنِ۔ تم مجھ کو دو، اس میں نون وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم محذوف ہے، پ ۱۳ ع ۳

تُؤْتُوْهُنَّ۔ تم ان کو دیتے ہو، تُؤْتُوْنَ اِيْتَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب، پ ۵ ع ۱۹

تُؤْتَوْهُ۔ تم کو وہ دیا جائے تُؤْتُوْا اِيْتَاءٌ سے، مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر هُ ضمیر واحد مذکر غائب، پ ۶ ع ۱

تُؤْتُوْهَا۔ تم اس کو دو، اس میں هَا ضمیر

[1] اگر حق العبد ہے تو اس کا تدارک ادا کرنے سے ہوگا اور اگر حق اللہ ہے اور قضا مشروع ہے تو قضا کرنے سے ورنہ محض توبہ ہے۔ ۱۲ منہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مؤنث غائب ہے۔ پ۵

تُؤْتِیْ۔ تو دیتا ہے، تو دیگا۔ اِیْتَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ۳

تُؤْتِیْ۔ وہ دیتی ہے، وہ لاتی ہے، اِیْتَاءٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۱۳

تُؤْثِرُوْنَ۔ تم اختیار کرتے ہو، تم پسند کرتے ہو، تم ترجیح دیتے ہو، اِیْثَارٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اثر) پ۲۰

تَوْجَلْ۔ تو ڈر (سَمِعَ) وَجَلٌ سے، جس کے معنی ڈر محسوس کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں لا نہی موجود ہے، اس لئے فعل نہی ہے، پ۱۶

تَوَجَّهَ۔ وہ متوجہ ہوا، اس نے رخ کیا۔ تَوَجُّہٌ سے جس کے معنی متوجہ ہونے، کسی طرف رخ کرنے اور باہر نکلنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، پ۲

تَوَدُّ۔ وہ چاہیگی، وہ آرزو کریگی، وہ دوست رکھے گی (سَمِعَ) وُدٌّ سے، جس کے معنی دوست رکھنے اور آرزو کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۳

تُؤَدُّوْا۔ تم ادا کرو، تم پہنچا دو، تَأْدِیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ناصبہ کے آنے سے آخر سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے (ملاحظہ ہو اَدُّوْ) پ۵

تَوَدُّوْنَ۔ تم چاہتے ہو، تم دوست رکھتے ہو تم آرزو کرتے ہو وُدٌّ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۹

تُؤْذُوْا۔ تم ایذا دو، تم تکلیف پہنچاؤ، اِیْذَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اُذْوُ) پ۲۲

تُؤْذُوْنَنِیْ۔ تم مجھے ستاتے ہو، تم مجھے ایذا دیتے ہو تُؤْذُوْنَ۔ اِیْذَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، نون وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم ہے، پ۲۸

تُوْرُوْنَ۔ تم سلگاتے ہو، تم روشن کرتے ہو، اِیْرَاءٌ سے، جس کے معنی چقماق سے آگ نکالنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۷

تَوْرٰىۃٌ۔ توریت، اس آسمانی کتاب کا نام ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی، علامہ زمخشری کی رائے میں توراۃ اور انجیل دونوں عجمی لفظ ہیں چنانچہ سابق میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ "انجیل" کے تحت ان کی تصریح مرقوم ہو چکی ہے، قاضی بیضاوی نے بھی انہی کی تحقیق کو مسلم رکھا ہے اور علامہ شیخ زادہ حواشی تفسیر بیضاوی میں رقمطراز ہیں۔

علوگوں کا ان دونوں لفظوں کے متعلق اختلاف ہے کہ آیا یہ اشتقاق اور تصریف کے تحت آسکتے ہیں یا نہیں کیونکہ یہ دو مقدس کتابوں کے دو عجمی عبرانی نام ہیں، مصنف (قاضی بیضاوی) نے اسی دوسرے خیال کو اختیار کیا ہے، اور جو لوگ ان کے اشتقاق کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ تورات وری الزند سے مشتق ہے جس کا استعمال چقماق کی لکڑی کے سلگ کر آگ دینے کے لئے ہوتا ہے، چنانچہ وری الزند (چقماق کی لکڑی سلگ اٹھی) اور اوریتہ انارا (میں نے اس کو سلگا کر آگ جلا دی) دونوں طرح مستعمل ہے، ارشاد الٰہی ہے أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ (بھلا دیکھو تو آگ جو تم سلگاتے ہو، اس کا تلاثی (وری) لازم ہے اور رباعی (اوری) متعدی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا (پھر قسم ہے آگ نکالنے والوں کی پتھر جھاڑ کر) پس چونکہ تورات میں وہ ضیاء و نور تھا، جس کے ذریعہ انسان ضلالت سے نکل کر ہدایت پر آجاتا ہے جس طرح کہ اندھیرے سے اجالے میں نکل آتا ہے اس لئے یہ کتاب تورات سے موسوم ہوئی اور اس کی تائید ارشاد خداوندی وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى وَهَارُونَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاءً (اور ہم نے دی تھی موسیٰ اور ہارون کو فیصلہ کرنے والی اور روشنی) سے ہوتی ہے۔ یہی فراء اور جمہور کا قول ہے، فراء کا بیان ہے کہ اس کا وزن تَفْعِلَةٌ عین کے زیر سے ہے۔ پھر زیر کو زبر سے تبدیل کر لیا گیا۔ یہ طائی تلفظ یعنی بنی طے کی زبان ہے چنانچہ وہ ناصیۃ کو ناصاۃ اور جاریۃ کو جاراۃ اور ناحیۃ کو ناحاۃ بولتے ہیں اور بعض نے اس کا وزن تَفْعَلَةٌ عین کے زبر سے بتایا ہے۔" [1]

راغب اصفہانی کہتے ہیں کہ اس کا وزن فَوْعَلَةٌ بتایا گیا ہے اور تَفْعَلَةٌ اس لئے قرار نہیں دیا گیا کہ اس کا وجود کم ہے اور تاء واؤ کا بدل ہے جس طرح کہ تَيْقُورٌ ہے کیونکہ اس کی اصل دَيْقُورٌ تھی۔ تا کو واو سے بدل لیا گیا۔

[1] حواشی شیخ زادہ ج ۱ ص ۶۰۱ طبع قسطنطنیہ ۱۲۸۲ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واضح رہے کہ تورات وہ کتاب ہے جو خاص حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی پس موجودہ کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد تصنیف ہوئی اور جس میں کچھ مضامین اصلی تورات کے بھی بطور یادداشت درج کرکے اس کا نام "تورات" رکھ دیا گیا ہے، قطعی وہ تورات نہیں جس کا ذکر قرآن مجید میں کیا گیا پ ۲ ع ۹ و ۱۳ پ ۴ ع ۱ پ ۱۰ ع ۱۱ و ۱۳ و ۱۴ پ ۶ ع ۱۴ پ ۱۱ ع ۱۳ پ ۲۶ ع ۱۱

تَؤُزُّهُمْ وہ (شیطانوں کی ٹولی) ان کو ابھارتی ہے، وہ ان کو اچھالتی ہے، وہ ان کو بدکاتی ہے (نَصَرَ) تَؤُزُّ، اَزٌّ سے، جس کے اصل معنی تو دیگ کے جوش مارنے کے ہیں اور پھر اسی مناسبت سے دو رغلانے، ابھارنے، آپس میں گتھ جانے، اوپر اچھال دینے کے بھی آتے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ ۱۶ ع ۹

تُوَسْوِسُ - وہ وسوسہ ڈالتی ہے، وہ خیال ڈالتی ہے، وَسْوَسَةٌ سے جس کے معنی بری بات کے جی میں ڈالنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ ۲۶ ع ۱۹

تُوصُوْنَ - تم وصیت کرتے ہو، تم وصیت کروگے، اِیْصَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَوْصٰنِیْ) پ ۱۶ ع ۱۳

تَوْصِیَةٌ - وصیت کرنا، کہہ مرنا، بروزن تَفْعِلَةٌ باب تَفْعِیْل کا مصدر ہے پ ۲ ع ۱۳

تُوْعِدُوْنَ - تم ڈراتے ہو، اِیْعَادٌ سے جس کے معنی ڈرانے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱۸ ع ۵

تُوْعَدُوْنَ - تم سے وعدہ کیا جاتا ہے، وَعْدٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو تَعِدَانِنِیْ) پ ۵ ع ۱۷ پ ۱۷ ع ۳ و ۱۳ پ ۱۳ ع ۱۴ پ ۱۷ ع ۱۴ و ۱۸ پ ۲۶ ع ۱۲ پ ۲۹ ع ۱۲ و ۲۱

تُوْعَظُوْنَ - تمہیں نصیحت کی جاتی ہے، وَعْظٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ، جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَعِظُكَ اور تَعِظُوْنَ) پ ۲۸

تَوَفَّتْهُ - اس (فرشتوں کی جماعت) نے اس کو قبض کیا، اس کو اٹھالیا، تَوَفَّتْ، تَوَفِّیٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب هُ ضمیر واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَتَوَفّٰهُمُ) پ ۱۴

تَوَفَّتْهُمْ - اس (فرشتوں کی جماعت) نے ان کو قبض کیا، اس نے ان کو اٹھالیا، اس میں هُمْ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضمیر جمع مذکر غائب ہے۔ پ۷

تُؤْفَكُونَ۔ تم پلٹائے جاتے ہو، تم پھیرے جاتے ہو، اَفْكٌ سے، جس کے معنی کسی شئے کے اپنے اصلی رخ سے پھرنے کے ہیں، مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں اعتقاد میں حق سے باطل کی طرف اور قول میں راستی سے دروغ بیانی کی طرف اور فعل میں نکوکاری سے بدکاری کی طرف پھیرا جانا مراد ہے، پ۱۸

پ۴ ع۱۳ پ۲۲ ع۱۲

تَوَفَّنَا۔ تو ہم کو اٹھالے، تو ہم کو قبض کرلے، تَوَفَّ تَوَفِّیٌ سے، امر کا صیغہ، واحد مذکر حاضر کا ضمیر جمع متکلم (ملاحظہ ہو تَوَفَّهُمْ) پ۹

تَوَفَّنِیْ۔ تو مجھے اٹھالے، تو مجھے قبض کرلے اس میں نون وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے پ۱۳

تُوَفَّوْنَ۔ تم کو پورا دیا جائیگا۔ تَوْفِیَۃٌ سے جس کے معنی پورا پورا دینے کے ہیں، مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲

تُوُفِّیَ۔ پورا دیا جائیگا۔ تَوْفِیَۃٌ سے، مضارع مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۳

پ۶ ع۱۴

تَوَفَّیْتَنِیْ۔ تو نے مجھے اٹھالیا، تو نے مجھے قبض کیا، تَوَفَّیْتَ، تَوَفِّیٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ان وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے یہاں آسمان پر اٹھایا جانا مراد ہے، واضح رہے کہ تَوَفِّیٌ کے اصل معنی لغت میں کسی چیز کو پورا لینے اور اس پر پورے طور پر قبضہ کرنے کے ہیں، نیند کی حالت میں ہوش کو پورے طور پر اٹھالیا جاتا ہے۔ موت کے وقت روح پورے طور پر قبض کرلی جاتی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ان کی زندگی ہی میں حسب تصریح آیت کریمہ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ (انہوں نے نہ اس کو مارا ہے نہ سولی پر چڑھایا لیکن وہی صورت بن گئی ان کے آگے، اور جو لوگ اس کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں وہ اس جگہ شبہ میں ہیں ان کو اس کی کچھ خبر نہیں صرف اٹکل پر چل رہے ہیں، یقیناً اس کو قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے اس کو اپنی طرف اٹھالیا) آسمان پر مع جسم کے پورے طور پر اٹھالیا گیا تھا۔ اس لئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تینوں صورتوں کے لئے قرآن مجید میں تَوَفّیٰ کا استعمال ہوا ہے کیونکہ پورے طور پر لے لینا اور قبض کر لینا تینوں صورتوں میں موجود ہے۔ یعنی "توفی" جنس ہے اور روح کھینچ لینا، ہوش چھین لینا اور جسم سمیت اٹھا لینا، یہ تینوں اس کی انواع ہیں، قاضی بیضاوی فرماتے ہیں۔

والتوفی اخذ الشیٔ وافیا وذالموت نوع منه [1]

توفی کے معنی ہیں کسی چیز کو پورے طور پر لے لینا اور موت اس کی ایک قسم ہے۔

علامہ گازرونی حواشی تفسیر بیضاوی میں لکھتے ہیں۔

انه (ای التوفی) یستعمل مجازا للنوم لانه قبض فی الجملة [2]

توفی کا نیند کے لئے مجازاً استعمال ہوا ہے کیونکہ وہ بھی ایک طرح کا قبض کرنا ہے۔

جن لوگوں کا مذاقِ عربیت پختہ نہیں وہ جب دیکھتے ہیں کہ عام لوگ توفی کا استعمال روح قبض کرنے اور مار ڈالنے کے لئے کرتے ہیں تو وہ روح قبض کرنے ہی کو توفی کے حقیقی معنی سمجھ لیتے ہیں جو سراسر غلط ہے، بلاغت کے نکتہ شناس جانتے ہیں کہ محاورات بلغا میں اس کا استعمال ہمیشہ اس کے حقیقی معنی یعنی پورا لینے اور قبض کرنے کے اعتبار سے ہوتا ہے اور چونکہ موت اور نیند میں بھی یہ بات موجود ہے اس لئے ان دونوں کے لئے بھی اسی اعتبار سے توفی کا لفظ بولا جاتا ہے علامہ ابوالبقاء کفوی حنفی کلیات میں رقمطراز ہیں۔

التوفی الاماتة و قبض الروح وعلیه استعمال العامة او الاستیفاء واخذ الحق وعلیه استعمال البلغاء [3]

"توفی" یعنی موت دینا اور روح قبض کرنا اور یہ عام لوگوں کا محاورہ ہے، یا پورے لینا اور حق وصول کر لینا یہ بلیغوں کا محاورہ ہے۔

جس طرح ہم اپنی زبان میں بھی کسی کی خبر مرگ سناتے وقت کہتے ہیں "فلانا پورا ہو گیا" یا اس کا کام تمام ہوا" جو توفی فلاں اور قضی نحبہ کا ٹھیٹ ترجمہ ہے، اسی طرح

[1] تفسیر انوار التنزیل ج ۱ ص ۲۴۳ طبع میمنیہ مصر۔ [2] حواشی گازرونی بر تفسیر بیضاوی ج ۲ ص ۱۹۶ طبع مصر
[3] کلیات ابوالبقاء طبع ایران ۱۲۸۱ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عربی میں توفی کا استعمال موت کے لئے ہوجاتا ہے جو اس کے حقیقی معنی نہیں ہیں، چنانچہ امام راغب فرماتے ہیں۔

وقد عبر عن الموت والنوم بالتوفی۔ موت اور نیند کی بھی توفی سے تعبیر کی گئی ہے۔

امام موصوف نے وقد عبر کے الفاظ اسی لئے استعمال کئے ہیں کہ موت اور نیند کو کوئی اس کے حقیقی معنی نہ سمجھے بلکہ یہ مرادی اور تعبیری معنی ہیں، اب آپ خود غور فرما سکتے ہیں کہ وہ شخص اردو زبان کا کتنا بڑا ادیب ہو سکتا ہے جو "پورا ہونے" اور "کام تمام ہونے" کا مطلب صرف مرنا اور روح قبض ہونا ہی سمجھے، اور ان کے حقیقی اور مجازی معنی میں فرق نہ کر سکے۔

واضح رہے کہ یہاں توفی سے "توفی رفع" یعنی حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بخیریت تمام مع جسد العنصری کے اٹھایا جانا مراد ہے، علامہ خازن بغدادی لکھتے ہیں۔

فالمراد بہ وفاۃ الرفع لا الموت[1] اس سے مراد پورے طور پر اٹھا لینا ہے موت نہیں ہے۔

اور یہی "توفی" کے حقیقی معنی ہیں چنانچہ علامہ موصوف فرماتے ہیں۔

من قولہم توفیت یہ معنی عرب کے محاورہ الشئی واستوفیتہ توفیت الشئی واستوفیتہ اذا اخذتہ وقبضتہ سے ماخوذ ہیں جو پورے طور پر تاما۔[2] اٹھا لینے اور قبضہ کر لینے کے لئے بولتے ہیں۔

(مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تَتَوَفّٰهُمُ) پ

تَوْفِيقًا۔ ملاپ، موافقت کرنی، توفیق کے معنی ہیں اصل میں دو چیزوں میں مطابقت کرنا، اسی لئے عرف میں تقدیر کے موافق اچھے اعمال سرزد ہونے کا نام "توفیق" ہے یہاں اصلاح باہمی اور ملاپ کے معنی ہیں پ

تَوْفِيقِي۔ مجھ سے بن آنا، میری توفیق، تَوْفِيقُ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، یہاں وہبی اللہ کی دین سے اچھے اعمال بن آنے کے معنی ہیں، ۱۲

تَوَفَّتْهُمُ۔ اس (فرشتوں کی جماعت) نے ان کو قبض کیا، اس نے ان کو اٹھایا، وہ ان کو اٹھاتی ہے۔ وہ ان کو قبض کرتی ہے توفی

[1] باب التاویل ج ۲ ص ۹۴ طبع مصر ۱۳۳۱ھ [2] ایضاً ج ۲ ص ۲۹۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَوَفّٰی سے ماضی کا صیغہ بھی ہو سکتا ہے، اور مضارع کا بھی، مضارع ہونے کی صورت میں اس کی اصل تَتَوَفّٰی تھی ایک تا، حذف ہو گئی، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، ۵ پ ۱۱

تُوْقِدُوْنَ۔ تم آگ سلگاتے ہو، تم آگ روشن کرتے ہو، اِیْقَادٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اَوْقِدْ) ۳۰ پ ۳

تُوَقِّرُوْهُ۔ تم اس کی توقیر کرو، تم اس کا ادب کرو، تُوَقِّرُوْا، تَوْقِیْرٌ سے، جس کے معنی تعظیم کرنے اور ادب رکھنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، هُ ضمیر واحد مذکر غائب، ۲۶ پ ۴

تُوْقِنُوْنَ۔ تم یقین کرو، تم یقین کرنے لگو، تم یقین کرتے ہو، تم یقین کرو گے، اِیْقَانٌ سے، جس کے معنی یقین کرنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۳ پ

تَوَكَّلْ۔ تو بھروسا کر، تو اعتماد کر، تو توکل کر، تَوَكُّلٌ سے۔ جس کے معنی کسی پر بھروسہ کرنے اور اعتماد کرنے کے ہیں، امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، اس کا تعدیہ بذریعہ علی ہوتا ہے

شاہ ولی اللہ صاحبؒ توکل علی اللہ کی تعریف ان الفاظ میں فرماتے ہیں۔

التوکل وھو ان یغلب علیہ الیقین حتی یفتر سعیہ فی جلب المنافع ودفع المضار من قبل الاسباب ولکن یمشی علی ما سنہ اللہ تعالیٰ فی عبادہ من الاکتساب من غیر اعتماد علیھا۔ [1]

"توکل" یہ ہے کہ بندہ پر یقین اتنا غالب ہو کہ جلب منفعت اور دفع مضرت میں اسباب کے متعلق اس کی کوششیں سرد پڑ جائیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے طریقے مقرر فرما دیئے ہیں بغیر اس کے کہ ان پر اعتماد ہو ان طریقوں پر گامزن رہے۔

امام حافظ الدین ابن البزاز کردری حنفی صاحب فتاوی بزازیہ رقمطراز ہیں۔

"توکل کی دو قسمیں ہیں ایک وہ کہ جس کو حضور علیہ السلام نے سابقین کی صفت بتلایا ہے چنانچہ ارشاد ہے ھم الذین لا یرقون ولا یسترقون ولا یکوون ولا یتطیرون وعلی ربھم یتوکلون (یہ وہ لوگ ہیں جو نہ منتر کرتے ہیں نہ منتر کراتے ہیں، نہ داغتے ہیں نہ داغ لگواتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں)

[1] حجۃ اللہ البالغہ ج ۲ ص ۶۹ طبع خیریہ مصر ۱۳۲۳ھ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ توکل جو کچھ قضاءِ الٰہی ہو چکی اس پر دل کا مطمئن ہو جانے کا نام ہے، بغیر اس کے کہ نفع کے فوت ہونے یا مضرت کے پہنچ جانے کی پروا یا اضطراب ہو، بندہ کے نزدیک وصول (ملنا) و حرمان (نہ ملنا) میں برابری نہ ہونا توکل کی اس قسم کے منافی ہے، اسی طرح اسباب پر متوجہ ہونا اور ان میں مشغول ہونا اس توکل کو ختم کر دیتا ہے اور اسی کی طرف حضور علیہ السلام نے حدیث لو توکلتم علی اللہ[1] میں اشارہ فرمایا ہے کیونکہ معلوم ہے کہ پرندے حصولِ منفعت یا دفع مضرت کی طرف ملتفت نہیں ہوتے اور ملنے نہ ملنے کی پروا نہیں کرتے، پس حضور علیہ السلام نے یہ فرمایا کہ اگر تم اس صفت پر ہو کہ ملنے نہ ملنے کی پروا نہ کرو اور جیسا توکل کا حق ہے اسی طرح توکل کرو تو بغیر بوئے جوتے جو کچھ تمہاری قسمت میں آیا ہے تمہیں ضرور مل جائے، یہ وہ توکل ہے جس کی تحریص کی گئی ہے اور دعوت دی گئی ہے۔

توکل کی دوسری قسم وہ ہے جس کی اجازت دی گئی ہے دعوت نہیں دی گئی جو مضرت اور مکروہات کے دفعیہ اور حدود کی نگرانی اور آفات سے بچاؤ کے لئے ہوتا ہے کیونکہ یہ بھی توکل ہے اگرچہ ناقص ہے۔ چنانچہ عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ نے جب حضور علیہ السلام سے عرض کیا کہ ارسل ناقتی واتوکل ام اقیدھا واتوکل (کہ کیا میں ناقہ کو چھوڑ دوں اور توکل کروں یا باندھ دوں اور توکل کروں) تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بل قیدھا وتوکل (بلکہ باندھ اور توکل رکھ) کیونکہ عمرو توکل کے ذریعہ گم شدگی سے حفاظت چاہتے تھے، نہ کہ جو کچھ قضاءِ الٰہی میں ہو چکا ہے اس پر مطمئن ہونا، پس حضور علیہ السلام نے ان کو اسی نوع کا حکم دیا جس کے متعلق مشورہ تھا کیونکہ جس سے مشورہ لیا جاتا ہے وہ امین ہوتا ہے، اسی کے مثل وہ ہے جو حضور علیہ السلام نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا جو کہ غزوۂ تبوک سے رہ جانے والے تین اشخاص میں سے ایک تھے کہ تم اپنا کچھ مال رہنے دو، جبکہ انھوں نے یہ

[1] پوری حدیث یہ ہے لو توکلتم علی اللہ حق توکلہ لرزقتم کما ترزق الطیر تغدو خماصا وتروح بطانا (اگر تم اللہ پر اس طرح توکل کرو جس طرح کہ توکل کا حق ہے تو تمہیں اسی طرح رزق ملے جس طرح کہ پرندوں کو ملتا ہے کہ صبح کو خالی پیٹ اٹھتے ہیں اور شام کو بھرے پیٹ جاتے ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہا تھا کہ میری توبہ یہ ہے کہ میں اپنے مال سے الگ ہو جاؤں اور بلال رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی تھی کہ انفق بلال ولا تخش من ذی العرش اقلالا (بلال خرچ کرو عرش والے سے کم دینے کا خوف نہ کرو) نیز حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے جب حضور علیہ السلام کے لئے کچھ کھجوریں چھپا کر رکھی تھیں تو ارشاد کیا تھا اما تخشی ان یخسف اللہ بہ فی نار جہنم (تو ڈرتا نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے سبب سے جہنم کی آگ میں (پہنچا دے) وجہ یہ تھی کہ حضور علیہ السلام کا توکل کامل تھا جو پروردگار کی طرف سے آپ کے لئے مقدر تھا اس پر مطمئن تھے۔ حظ نفس کی طرف التفات نہ تھا اور دوسروں کا مقصد کم و بات سے احتراز اور دفع مضرت کی تدبیر تھی[1]

ب ۲ ع ۵ ب ۲ ع ۲ ب ۲ ع ۱۲ ب ۳ ع ۱۹ ب ۲ ع ۱۵ ب ۲ ع ۲۱ ب ۳ ع ۲۲

تَوَکَّلْتُ۔ میں نے بھروسہ کیا، میں نے اعتماد کیا، میں نے توکل کیا، تَوَکُّلٌ سے ماضی کا صیغہ، واحد متکلم ب ۱۱ ع ۱۲ ب ۱۳ ع ۵ ب ۱۲ ع ۸ و ۵ ب ۱۳ ع ۲ و ۱ ب ۲۵ ع ۳

تَوَکَّلْنَا۔ ہم نے بھروسہ کیا، ہم نے اعتماد کیا، تَوَکُّلٌ سے، ماضی کا صیغہ، جمع متکلم، ب ۹ ع ۱۱ ب ۲۸ ع ۲۹ ب ۳

تَوَکَّلُوْا۔ تم بھروسہ کرو، تم توکل کرو، تَوَکُّلٌ سے، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ب ۶ ع ۱۱ ب ۱۱ ع ۱۳

تَوْکِیْدِھَا۔ اس کی پختگی، اس کی مضبوطی، تَوْکِیْدٌ بروزن تَفْعِیْلٌ مصدر ہے۔ بمعنی استوار کرنا، پختہ کرنا، مضاف ہے، ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ب ۱۴ ع ۱۴

تَوَلَّ۔ تو پھر آ۔ تو ہٹ جا، تو منہ پھیر لے، تَوَلِّیٌ سے، امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، تَوَلِّیٌ کا تعدیہ جب بلا واسطہ ہوتا ہے تو اس کے معنی کسی سے دوستی رکھنے، کسی کام کو اٹھانے والی و حاکم ہونے کے ہوتے ہیں جیسے وَمَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنْکُمْ فَاِنَّہٗ مِنْھُمْ (جو کوئی تم میں ان سے دوستی کرے وہ ان ہی میں سے ہے) اور وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَہٗ (اور جس نے کہ اٹھایا اس بڑی بات کو) اور فَھَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ تَوَلَّیْتُمْ (پھر تم سے یہ توقع ہے کہ اگر تم والی ہو) اور جب عَنْ کے ساتھ متعدی ہوتا ہے

[1] ملاحظہ ہو مناقب امام اعظم مصنفہ امام کردری ج ۱ ص ۷ طبع دائرۃ المعارف ۱۳۲۱ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خواہ عن لفظوں میں مذکور ہو یا پوشیدہ ہو تو منہ پھیرنے اور نزدیکی چھوڑنے کے معنی آتے ہیں جس طرح کہ یہاں اسی معنی میں استعمال ہوا ہے، پھر منہ پھیرنے کی بھی دو صورتیں ہیں ایک وہاں سے ٹل جانا دوسرے توجہ نہ کرنا، اور حکم نہ ماننا، پ۱۰ ع۱۲ پ۲۸ ع۲

تَوَلَّاهُ۔ وہ اس کا رفیق ہوا، اس نے اس سے دوستی کی، تَوَلَّا تَوَلِّیٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، یہاں تَوَلِّیٌ کا استعمال دوستی کرنے کے معنی میں ہوا ہے، پ۱۸

تُوْلِجُ۔ تو داخل کرتا ہے، تولے آتا ہے اِیْلَاجٌ سے، جس کے معنی داخل کرنے اور لے آنے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ۳

تَوَلَّوْا۔ انھوں نے پشت پھیری، انھوں نے منہ موڑا، تَوَلِّیٌ سے، ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب۔ یہاں چونکہ تعدیہ بذریعہ عن ہے جو مقدر ہے اس لئے پشت پھیرنے اور منہ پھیرنے کے معنی ہوں گے، آیت سورہ مجادلہ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ (کیا تو نے نہ دیکھا ان لوگوں کی طرف کہ دوستی کرتے ہیں اس قوم سے کہ جن پر اللہ غصہ ہوا ہے) تَوَلِّیٌ بمعنی دوستی کے ہیں۔ پ۲۸ ع۳

تَوَلَّوْا۔ تم پھر جاؤ گے۔ تَوَلِّیٌ سے بمعنی منہ پھیرنے کے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، اصل میں تَتَوَلَّوْنَ تھا، ایک تا حذف ہوگئی لَا تَوَلَّوْا (مت پھرو) صیغہ نہی ہے، پ۱۰ ع۱۲ پ۲ ع۱۹ پ۳ ع۱۰ پ۴ ع۱۱ پ۵ ع۱۲ پ۶ ع۱۱ پ۹ ع۱۲ پ۱۰ ع۱۲ پ۱۱ ع۱۲ پ۱۲ ع۱۲ پ۱۴ ع۱۳ پ۱۸ ع۱۲ پ۲۵ ع۱۴ پ۲۸ ع۱۵

تُوَلُّوْا۔ تم رخ کرو، تم پھر جاؤ، تَوْلِیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب حذف ہوگیا ہے، تَوْلِیَۃٌ لغات اضداد میں سے ہے منہ کرنے اور منہ پھیرنے دونوں معنی کے لئے آتا ہے، چنانچہ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ (کہ تم اپنے منہ کرو) میں پہلے معنی کے لئے، اور بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ (جب تم جا چکو گے پیٹھ پھیر کر) میں دوسرے معنی کے لئے استعمال ہوا ہے، پ۱ ع۱۴ پ۲ ع۱۵

تُوَلُّوْنَ تم منہ موڑو گے، تم پھر جاؤ گے، تَوْلِیَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۲

تُوَلُّوْهُمْ۔ تم ان سے منہ موڑو، یہاں لا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، هُمْ ضمیر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع مذکر غائب، پ۹ ع۱۶

تَوَلَّوْهُمْ۔ ان سے دوستی کرنے لگو، تَوَلَّوْا تَوَلِّیٌ سے بمعنی دوستی کرنے کے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۲۸ ع۴

تَوَلّٰی۔ اس نے منہ موڑا، اس نے پیٹھ پھیر دی اس نے اٹھایا، وہ متولی ہوا، وہ پھر گیا، تَوَلِّیٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَوَلِّ) پ۹ ع۱۷ پ۱۰ ع۱۵ پ۱۱ ع۱۲ پ۱۳ ع۹ پ۱۴ ع۱۱ و ۱۲ پ۱۶ ع۱۸ پ۲۰ ع۱ و ۹ پ۲۱ ع۷ پ۲۷ ع۷ پ۲۹ ع۱۸ و ۷ پ۳۰ ع۵ و ۱۳ و ۱۷ و ۲۱

تَوَلَّیْتُمْ۔ تم پھر گئے، تم نے منہ موڑا، تم والی ہوئے، تم حاکم ہوئے، تَوَلِّیٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۱ ع۸ و ۱۳ پ۲ ع۱۰ پ۱۱ ع۱۳ پ۲۶ ع۱۹ پ۲۵ ع۱۹

تُؤْمَرُ۔ تجھکو حکم دیا جاتا ہے، اَمْرٌ سے، مضارع مجہول کا صیغہ واحد مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو اَمَرَ) پ۱۴ ع۴

تُؤْمَرُوْنَ۔ تم کو حکم دیا جاتا ہے، اَمْرٌ سے مضارع مجہول کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۱ ع۸ پ۱۴ ع۵

تُؤْمِنْ۔ تو ایمان لایا۔ تو یقین لایا، اِیْمَانٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر۔ لَمْ کے آنے سے مضارع ماضی منفی کے معنی میں ہو گیا ہے (ملاحظہ ہو اٰمَنَ) پ۳۰

تُؤْمِنَ۔ وہ ایمان لائے۔ وہ ایمان لاتی ہے۔ وہ ایمان لائیگی، اِیْمَانٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ۶ ع۱۱

تُؤْمِنُنَّ۔ تم ضرور ایمان لاؤ گے، اِیْمَانٌ سے مضارع با نون تاکید صیغہ، جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب سے حذف ہو گیا ہے، پ۳ ع۳

تُؤْمِنُوْا۔ تم ایمان لاتے ہو، تم ایمان لاؤ گے اِیْمَانٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر نون اعرابی عامل کے سبب سے حذف ہو گیا ہے۔ پ۳ ع۴ پ۱۵ ع۱۲ پ۲۲ ع۷ پ۲۵ ع۱۲ پ۲۶ ع۲۴ و ۲۸

تُؤْمِنُوْنَ۔ تم ایمان لاتے ہو، تم ایمان لاؤ گے اِیْمَانٌ سے۔ مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر پ۱ ع۴ پ۵ ع۱۸ پ۱۴ ع۲۸ پ۲۹ ع۴

تُؤْوِیْ۔ توجگہ دے، توجگہ دیتا ہے۔ توجگہ دیگا، اِیْوَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو اٰوٰی) پ۳۰ ع۲۲

تُؤْوِیْهِ۔ وہ جگہ دیتی ہے، وہ فروکش کرتی ہے، وہ ٹھکانہ دیتی ہے، تُؤْوِیْ اِیْوَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب پ۱۲ ع۲۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل الھاء

تُھَاجِرُوْا۔ تم وطن چھوڑ جاؤ، مُھَاجَرَۃٌ سے جس کے معنی کسی سے قطع تعلق کرنے، چھوڑنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ ہجرت کر جانے کے ہیں مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۵ ع ۱۱

تَھْتَدُوْا۔ تم راہ پاؤ، تم راہ پاتے ہو، تم راہ پاؤ گے، اِھْتِدَاءٌ سے، مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، نون اعرابی عامل کے سبب سے حذف ہو گیا ہے (ملاحظہ ہو اِھْتَدَوْا) پ ۷ ع ۱۲ پ ۸ ع ۱۵

تَھْتَدُوْنَ۔ تم راہ پاؤ، تم راہ پاتے ہو۔ تم راہ پاؤ گے، اِھْتِدَاءٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱ پ ۲ پ ۹ پ ۱۳ ع ۲۵

تَھْتَدِیْ۔ وہ راہ پاتی ہے، وہ راہ پائے گی، اِھْتِدَاءٌ سے مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، پ ۱۹ ع ۱۸

تَھْتَزُّ۔ وہ ہلتی ہے، وہ پھنپھناتی ہے، وہ بل کھاتی ہے۔ اِھْتِزَازٌ سے مضارع کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، (ملاحظہ ہو اِھْتَزَّتْ) پ ۱۹ ع ۲

تَھَجَّدْ۔ تو جاگ اٹھ، تو بیدار ہو جا، تو تہجد پڑھ تَھَجُّدٌ سے۔ جس کے معنی سونے اور جاگ اٹھنے دونوں کے آتے ہیں۔ امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، یہاں نماز تہجد ادا کرنا مراد ہے شیخ سلام اللہ دہلوی لکھتے ہیں۔

"تہجد کے معنی ہیں نماز کے لئے ہجود یعنی نیند کو چھوڑ دینا جیسے تَأَثُّم کے معنی ہیں اثم یعنی گناہ کو چھوڑ دینا۔ پھر خود اس نماز ہی کے لئے اس کا استعمال ہو گیا۔ اور سونے کو بھی تہجد کہتے ہیں لہذا یہ اضداد میں سے ہے"[1] پ ۱۵ ع ۹

تَھْجُرُوْنَ۔ تم چھوڑتے ہو، تم بیہودہ بکتے ہو، ھَجْرٌ سے۔ مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر ھَجْرٌ کے معنی چھوڑنے اور بیہودہ بکنے دونوں کے آتے ہیں اور یہاں دونوں صحیح ہیں، پ ۱۸ ع ۵

تَھْدُوْا۔ تم راہ پر لاؤ، ھِدَایَۃٌ سے مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہدایت کا استعمال راہ پر لانے اور راہ بتانے دونوں معنی کے لئے ہوتا ہے پہلی صورت میں مطلوب تک پہنچنا ضروری ہے دوسری میں نہیں، یہاں دوسرے معنی مراد ہیں (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ھُدًی) پ ۵ ع ۹

[1] الکمالین علی الجلالین ص ۲۳۵ طبع نول کشور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَھْدِیْ۔ تو راہ دیتا ہے، تو راہ بتاتا ہے، تو راہ پر لائیگا، تو راہ دکھائیگا، ھِدَایَۃٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ ۱۱ پ ۲۰ ع ۹ پ ۲۵ ع ۱۰

تَھْلُکَۃِ۔ ہلاکت میں ڈالنا، ھَلَکَ، یَھْلِکُ کا مصدر ہے، پ ۲ ع ۸

تُھْلِکُنَا۔ تو ہم کو ہلاک کرتا ہے، تو ہم کو ہلاک کرے گا، تُھْلِکُ اِھْلَاکٌ سے مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر، نا ضمیر جمع متکلم، پ ۹ ع ۱۲ و ۹

تَھِنُوْا۔ تم سست ہو جاؤ، تم بودے ہو جاؤ، تم سستی کرو، وَھْنٌ سے مضارع کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، یہاں چونکہ لا نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے (ملاحظہ ہو اَوْھَنُ) پ ۴ ع ۱۲ پ ۵ ع ۲۶

تَھْوِیْ۔ وہ گرتی ہے، وہ گریگی، وہ پھینک دیتی ہے وہ پھینک دیگی (ضَرَبَ) یہ صیغہ قرآن مجید میں دو جگہ استعمال ہوا ہے ایک سورہ حج میں تَھْوِیْ بِہِ الرِّیْحُ (اس کو ہوا پھینک دیتی ہے، اس کو ہوا گرا دیتی ہے) یہ ھَوِیٌّ سے مشتق ہے جس کے معنی اوپر سے نیچے گرنے اور جلد گزر جانے کے ہیں مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب ہے۔ دوسرے سورہ ابراہیم میں فَاجْعَلْ اَفْئِدَۃً مِّنَ النَّاسِ تَھْوِیْ اِلَیْھِمْ (سو رکھ بعض لوگوں کے دل ان کی طرف جھکتے ہوئے) اصمعی کہتے ہیں ھَوَی یَھْوِیْ ھَوِیًّا کا استعمال اوپر سے نیچے کی طرف گرنے کے لئے ہوتا ہے، فراء تَھْوِیْ اِلَیْھِمْ کے معنی تُرِیْدُھُمْ بتاتے ہیں یعنی "وہ ان کا ارادہ کریں" "وہ ان کو چاہیں" چنانچہ بولتے ہیں رَاَیْتُ فُلَانًا یَھْوِی مَخُوْلًا (میں نے فلانے کو تیرا ارادہ کرتے ہوئے دیکھا) کہ یَھْوِی بمعنی یُرِیْدُ (وہ ارادہ کرتا ہے) ہے، نیز فراء نے تَھْوِی کے معنی تَسْرَعُ اِلَیْھِمْ کے بتائے ہیں یعنی ان کی طرف تیزی سے آئیں، ابن الانباری اس کے معنی تَنْحَطُّ اِلَیْھِمْ وَتَنْحَدِرُ وَتَنْزِلُ (وہ ان کی طرف فروکش ہوں، اتریں اور نزول کریں) بیان کرتے ہیں، یہ اربابِ لغت کا بیان ہے مفسرین میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما مشتاق ہونے کے معنی کہتے ہیں، سدی مائل ہونا اور قتادہ تیزی سے روانہ ہونا بتلاتے ہیں[1] پ ۱۳ ع ۱۱

تَھْوَی، وہ خواہش کرتی ہے، وہ خواہش کریگی وہ چاہتی ہے، وہ چاہیگی (سَمِعَ) ھَوًی سے جس کے معنی خواہش کی طرف نفس کے مائل

[1] تفسیر خازن ج ۴ ص ۱۴۱

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو بُسَّتْ) ۱۱ پ ۱۴ ع ۵

فصل الیاء المثناۃ

تَأْسَوْا۔ تم ناامید ہو، (سَمِعَ) یَأْسٌ سے، جس کے معنی ناامید ہونے کے ہیں، مضارع کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں چونکہ لاء نہی موجود ہے اس لئے فعل نہی ہے، ۲۷ ع ۱۳

تَیَسَّرَ۔ وہ آسان ہوا، وہ میسر ہوا، تَیَسُّرٌ سے جس کے معنی آسان ہونے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۲۹ ع ۱۴

تَیَمَّمُوْا۔ تم قصد کرو، تم ارادہ کرو، تم تیمم کرو، تَیَمُّمٌ سے، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، "تیمم" کے معنی لغت میں مطلق قصد کرنے کے ہیں اور شریعت کی اصطلاح میں پاک مٹی یا اس چیز کا جو پاک مٹی کے قائم مقام ہو (جیسے پتھر وغیرہ) قصد کرنا اور طہارت کی نیت سے دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر چہرہ اور دونوں ہاتھوں پر مسح کرنا مراد ہے، ۳ پ ۵ ع ۶

تِیْنِ۔ انجیر، قاضی بیضاوی لکھتے ہیں۔ "انجیر اور زیتون، اللہ تعالیٰ نے پھلوں میں خصوصیت کے ساتھ ان ہی دو کی قسم کھائی ہے، کیونکہ انجیر ایک عمدہ میوہ ہے جس میں فضلہ نہیں ہوتا، اور غذائے لطیف سریع الہضم اور کثیر النفع ہے طبیعت کو نرم کرتا ہے اور ملغم کو تحلیل کرتا ہے گردوں کو صاف کرتا ہے، ریگ مثانہ کو نکالتا ہے، جگر اور تلی کے سدے کھولتا ہے، بدن کو فربہ کرتا ہے اور حدیث میں ہے کہ یہ بواسیر کا قاطع اور نقرس کو نافع ہے۔ اور زیتون پھل کا پھل، سالن کا سالن اور دوا کی دوا ہے اس کا تیل لطیف ہوتا ہے جس کے فائدے بہت ہیں باوجودیکہ پہاڑی قسم کے علاقہ میں ہوتا ہے جہاں دہنیت نہیں ہوتی ہے، بعض کا قول ہے کہ تین اور زیتون سے مراد ارض مقدس کے دو پہاڑ ہیں یا دمشق اور بیت المقدس دو مسجدیں یا دو خاص شہر مراد ہیں"[1] ۳۰ پ

---

[1] انوار التنزیل تفسیر سورہ والتین۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الثاء المثلثة

فصل الالف

ثَابِتٌ۔ ثابت، استوار، محکم، مضبوط، ثَبَاتٌ اور ثُبُوتٌ سے یعنی استوار ہونے اور ثابت رہنے کے، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر ۱۳/۲۷

ثَاقِبٌ۔ چمکنے والا، درخشندہ، جلا دینے والا، ثُقُوبٌ سے، جس کے معنی آگ کے روشن ہونے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، ۳۷/۱۱

ثَالِثٌ تیسرا، اسم عدد ہے۔ مذکر کے لئے آتا ہے ۵/۷۳ ۹/۴۰

ثَالِثَۃٌ تیسری، اسم عدد ہے، مؤنث کے لئے آتا ہے، ۵/۷۳

ثَامِنُهُمْ ان کا آٹھواں، ثَامِنٌ، اسم عدد مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ۹/۴۰

ثَانِيَ دوسرا، اسم عدد ہے، مذکر کے لئے آتا ہے ۹/۴۰

ثَانِي۔ موڑنے والا (ضَرَبَ) ثَنْيٌ سے جس کے معنی موڑنے کے، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، ۴۰/۳

ثَاوِيًا۔ مقیم، باشندہ، رہنے والا، (ضَرَبَ) ثَوَاءٌ سے، جس کے معنی اقامت گزیں ہونے اور رہنے بسنے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، ۲۸/۴۵

فصل الباء الموحدۃ

ثُبَاتٍ۔ متفرق، جدا جدا، گروہ گروہ، ثُبَةٌ کی جمع جس کے معنی جماعت اور گروہ کے ہیں ۷۱/۴

ثَبِّتْ۔ تو ثابت رکھ، تو قائم رکھ، تو ٹھیرا دے تَثْبِيتٌ سے امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، (ملاحظہ ہو تَثْبِيتًا) ۲۵/۳۲

ثَبَّتْنَاكَ۔ ہم نے تجھے ثابت رکھا، ہم نے تجھے ٹھیرا رکھا، ثَبَّتْنَا، تَثْبِيتٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم لَا ضمیر واحد مذکر حاضر، ۱۷/۷۴

ثَبِّتُوا۔ تم ثابت رکھو، تم استوار کرو۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تم قائم رکھو، تَثْبِیْتٌ سے، امر کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، پ۹ ع۱۴

ثَبَّطَهُمْ۔ ان کو باز رکھا، ان کو روک دیا، ثَبَّطَ تَثْبِیْطٌ سے، جس کے معنی روک دینے اور باز رکھنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۱۰ ع۱۲

ثُبُوْتِهَا۔ اس کا جمنا، اس کا استوار ہونا، اس کا ثابت ہونا، ثُبُوْتٌ مضاف، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، ثُبُوْتٌ ثَبَتَ یَثْبُتُ کا مصدر ہے جس کے معنی جمنے، استوار ہونے اور ثابت رہنے کے ہیں، پ۱۰ ع۱۴

ثُبُوْرًا۔ ہلاکت، موت، ہلاک ہونا، مرجانا، ثُبُوْرٌ یَثْبُرُ کا مصدر ہے، پ۱۸ ع۳

فصل الجیم المعجمة

ثَجَّاجًا۔ زور شور کے ساتھ برسنے والا، ثَجٌّ سے جس کے معنی زور شور کے ساتھ پانی کے برسنے اور بہنے کے ہیں بروزن فَعَّالٌ مبالغہ کا صیغہ پ۳۰

فصل الراء المهملة

ثَرٰی۔ خاک نمناک، گیلی مٹی، سیلی زمین، اسم ہے پ۱۶

فصل العین المهملة

ثُعْبَانٌ۔ اژدہا، اسم ہے، مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، پ۹ ع۱۴

فصل القاف

ثِقَالٍ۔ بھاری، گراں بار، بوجھل، ثَقِیْلٌ کی جمع (ملاحظہ ہو اِثَّاقَلْتُمْ) پ۱۰ ع۱۳

ثِقَالًا۔ پ۱۰ ع۱۲ آیت شریفہ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا (نکلو ہلکے اور بوجھل) میں خفاف اور ثقال سے کیا مراد ہے۔ بعض جوان اور بوڑھے مراد لیتے ہیں، بعض مفلس اور تونگر بتلاتے ہیں بعض مسافر اور مقیم کہتے ہیں اور بعض چست اور سست بیان کرتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ یہ سب معانی عموم آیت میں داخل ہیں کیونکہ آیت کا مقصود جہاد فی سبیل اللہ میں نکلنے کی دعوت ہے کہ ہر حال میں اللہ کی راہ میں نکلنا چاہئے خواہ دشواری اٹھانی پڑے یا آسانی ہو، شاہ ولی اللہ صاحب فتح الرحمٰن میں فرماتے ہیں۔

"یعنی در سالیکہ اسباب وحشم بسیار دارید

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا بجز قدر ضروری بدست شما نباشد و بایں توجیہ آیت محکم باشد غیر منسوخ واللہ اعلم۔

ثَقِفْتُمُوْهُمْ تم نے ان کو پایا، (سَمِعَ) ثَقِفُوْا ثَقْفٌ سے جس کے معنی کسی چیز کے پانے اور اس پر کامیاب ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، واو اشباع کا ہے هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، اصل میں تو ثَقْفٌ کے معنی ہیں کسی شے کا ادراک کر لینے کے نیز اس کے کرنے اور انجام دینے میں مہارت اور حذاقت کے پائے جانے کے اور اسی لئے نظر کی مشاقی کی بدولت کسی چیز کو نگاہ سے پا لینے کے لئے اس کا استعمال ہوتا ہے، پھر مجازاً بغیر اس کے کہ حذاقت و مہارت ملحوظ ہو صرف پانے اور ادراک کرنے کے لئے بولنے لگے، چنانچہ قرآن مجید میں اس کا استعمال اسی معنی میں ہوا ہے، ۲/۵

ثُقِفُوْا وہ پائے گئے۔ ثَقْفٌ سے، ماضی مجہول کا صیغہ جمع مذکر غائب ۴/۲۲

ثَقَلَيْنِ دو بھاری چیزیں، دو بوجھل خلقتیں یعنی انسان اور جن، ثَقَلٌ کا تثنیہ، انسان اور جن کا نام ثقلان یا تو اس لئے ہوا کہ یہ زمین پر بھاری ہیں یا اس لئے کہ یہ گرانقدر و منزلت ہیں یا اس لئے کہ یہی تکلیف شرعیہ سے گرانبار ہیں، ۲۷/۱۲

ثَقُلَتْ وہ بھاری ہوئی، (کَرُمَ) ثِقَلٌ سے، جس کے معنی گرانبار ہونے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو اِثَّاقَلْتُمْ) ۹/۸ ۱۸/۱۳ ۳۰/۱۸

ثَقِيْلًا گراں، بھاری، ثَقِيْلٌ بروزن فَعِيْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ ہے قَوْلًا ثَقِيْلًا (بھاری بات) سے مراد دعوت و تبلیغ اسلام ہے، ۲۹/۷۳ ۵/۱۸

فصل اللام

ثَلٰثَةٍ تین، اسم عدد ہے، مؤنث کے لئے آتا ہے، ۶/۴ ۱۸/۱۴ ۲۳/۱۵ ۲۹/۲۱

ثُلُثَ تین تین، اسم ہے، ثَلٰثَةٌ ثَلٰثَةٌ سے معدول ہے، ۴/۱۲ ۲۲/۱۳

ثُلُثِ تہائی، تیسرا حصہ، اسم ہے، ۴/۱۳

ثُلُثَا دو تہائی، ثُلُثٌ کا تثنیہ، بحالت رفع نون تثنیہ اضافت کے سبب سے گر گیا ہے، ۴/۱۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثُلثَانِ۔ دو تہائی، ثُلُثٌ کا تثنیہ بحالتِ رفع، ۶/۴

ثَلٰثَۃٌ تین، اسم عدد ہے، مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے، ۲/۱۲ ۳/۸ ۳/۴ ۶/۱۲ ۶/۴ ۱۲/۴ ۱۵/۴ ۲۷/۱۲ ۲۸/۴

ثَلٰثَ مِائَۃٍ تین سو، ثَلٰثَ مضاف مِائَۃٍ مضاف الیہ، ۱۵/۱۶

ثَلٰثُوْنَ تیس، اسم عدد ہے، بحالت رفع "ثلاثون" آتا ہے، ۲۶/۴

ثُلُثُہٗ اس کا تہائی، ثُلُثَ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۲۹/۱۲

ثُلُثَیْ۔ دو تہائی، ثُلُثٌ کا تثنیہ بحالتِ نصب و جر، نون تثنیہ اضافت کے سبب سے حذف ہو گیا ہے، ۲۹/۱۲

ثَلٰثِیْنَ تیس، اسم عدد ہے، نصب و جر کی حالت میں "ثلاثین" آتا ہے، ۹/۴

ثُلَّۃٌ انبوہِ کثیر، بڑی جماعت، اصل میں ثُلَّۃٌ لغت میں اُون کے گھیّے کو کہتے ہیں اور کثرتِ اجتماع کی مناسبت سے انبوہِ کثیر کے لئے ثُلَّۃٌ کا استعمال ہوتا ہے ۲۷/۱۴ و ۱۵

فصل المیم

ثَمَّ۔ وہاں، وہیں۔ اس جگہ، اسم اشارہ ہے، مکان بعید کے لئے آتا ہے اور باعتبار اصل کے ظرف ہے، ۱/۱۲ ۱۹/۸ ۱۹/۱۴ ۳۰/۶

ثُمَّ۔ پھر، حرف عطف ہے، ماقبل سے مابعد کے متاخر ہونے پر دلالت کرتا ہے، خواہ یہ متاخر ہونا بالذات ہو یا باعتبار مرتبہ کے یا وضع کے لحاظ سے ہو، ۱/۳ و ۹ و ۱۰ و ۱۱

۲/۶ و ۳/۴ و ۶ و ۱۳ و ۱۶ ۳/۷ و ۸ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۷ ۵/۴

۶/۲ و ۹ و ۱۰ و ۱۴ ۷/۲ و ۴ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ و

۷/۱۴ و ۱۷ و ۱۹ ۸/۶ و ۷ و ۹ و ۱۴ ۹/۲ و ۳ و ۴ و ۹ و ۱۳ و ۱۸

۱۰/۳ و ۷ و ۱۰ ۱۱/۱ و ۲ و ۳ و ۵ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۷ و

۱۲/۲ و ۳ و ۵ و ۶ و ۹ و ۱۰ و ۱۶ ۱۳/۳ و ۷ و ۱۱ ۱۴/۱۳ و ۱۵ و ۱۸ و

۱۴/۳ و ۱۲ و ۲۲ ۱۵/۲ و ۷ و ۸ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۷ ۱۶/۲ و ۸ و ۱۱ و ۱۲ و

۱۶/۱۳ و ۱۴ و ۱۶ ۱۷/۵ و ۸ و ۹ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۶

۱۸/۲ و ۳ و ۱۲ ۱۹/۲ و ۹ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۵ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۹

۲۰/۶ و ۱۰ و ۱۴ و ۱۵ ۲۱/۲ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۹ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۴ و

۲۱/۱۵ و ۱۸ ۲۲/۳ و ۵ و ۹ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۶ و ۱۸ ۲۳/۶ و ۷ و ۸ و

۲۳/۱۲ و ۱۵ و ۱۷ ۲۴/۲ و ۳ و ۴ و ۱۳ و ۱۶ و ۱۸ ۲۵/۱ و

۲۵/۷ و ۱۳ و ۱۶ و ۱۸ و ۱۹ ۲۶/۲ و ۸ و ۱۱ و ۱۴

محکمہ کتاب و سنت میں موجود مختلف کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۷ ۲۸ ۲۹
۵ و ۷ و ۱۵ و ۱۷ و ۱۹ و ۲۰ او ۲ و ۵ و ۱۳ او ۵ و

۲۹ ۳۰
۶ و ۷ و ۹ و ۱۵ و ۱۷ و ۱۸ و ۲۱ او ۳ و ۵ و ۷ و ۸ و

۳۰
۸ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۷ و ۲۰ و ۲۷

ثَمَانِیْ ۔ آٹھ۔ اسم عدد ہے، مؤنث کے لئے آتا ہے، پ ۲

ثَمَانِیَۃٌ ۔ آٹھ، اسم عدد ہے مذکر کے لئے آتا ہے، پ ۸ ۱۳ ۲۵

ثَمَانِیْنَ اَتٰی ۔ اسم عدد ہے۔ بحالتِ نصب جر استعمال ہوتا ہے، پ ۱۸

ثَمَرٌ ۔ پھل، میوے، اس کا واحد، ثَمَرَۃٌ اور جمع ثِمَارٌ اور ثَمَرَاتٌ ہے، پ ۱۵

ثَمَرَاتٌ ۔ پھل، میوے، ثَمَرٌ کی جمع پ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۷ ۱۸ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷

ثَمَرَۃٍ ۔ پھل، میوہ، واحد ہے، پ ۱

ثَمَرِہٖ ۔ اس کے پھل، اس کے میوے، ثَمَرٍ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ پ ۸ ۲۳

ثَمَنٍ ۔ مول، قیمت، اسم ہے بیچنے والا جو کچھ فروخت شدہ چیز کے مقابلہ میں لیتا ہے خواہ زر نقد ہو یا سامان اس کا نام "ثمن" ہے اور ہر وہ چیز جو کسی چیز کے عوض میں حاصل ہو وہ اس کا "ثمن" کہلاتا ہے، پ ۱۲

ثَمَنًا پ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴

ثُمُنٌ ۔ آٹھواں حصہ، اسم عدد ہے، پ ۱۲

ثَمُوْدَ ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا نام ہے۔ لفظ "ثمود" کو بعض عجمی بتاتے ہیں اور بعض عربی اور چونکہ یہ قبیلہ کا نام ہے اس لئے غیر منصرف پڑھتے ہیں، عربی ہونے کی صورت میں یہ ثَمَدٌ سے مشتق ہے بروزن فَعُوْلٌ، ثَمَدٌ باش کے اس تھوڑے پانی کو کہتے ہیں جو گڑھے میں جمع ہو جاتا ہے، سردی میں باقی رہتا ہے اور گرمی میں سوکھ جاتا ہے۔ ابو عمرو بن العلاء نے جو لغت و عربیت کے امام ہیں تصریح کی ہے۔

سمیت ثمود	چونکہ اس قوم میں پانی
لقلۃ ما ئھا	کی کمی تھی اس لئے وہ
الثمد الماء القلیل	ثمود کے نام سے موسوم
وکانت مساکنھم	ہوئی، ثَمَدٌ تھوڑے
الحجر بین	پانی کو کہتے ہیں ان کی
الحجاز والشام	آبادیاں حجر میں حجاز و شام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الی وادی القریٰ کے درمیان وادی القریٰ تک واقع تھیں۔ [1]

قاضی بیضاوی ثمود کی وجہ تسمیہ یہ بیان کرتے ہیں۔

سموا باسم ابیہم الاکبر ثمود بن عابر بن ارم بن سام بن نوح [2]

اپنے مورث اعلیٰ ثمود بن عابر بن ارم بن سام بن نوح کے نام پر پوری قوم کا نام پڑ گیا ہے۔

مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کی تحقیق اس بارے میں جداگانہ ہے وہ فرماتے ہیں۔

"ثمود" کی لفظی تحقیق شاید عربی میں صحیح نہ ملے ثمد عربی زبان میں آب قلیل کو کہتے ہیں، لیکن اس سے کوئی خاص مناسبت نہیں معلوم ہوتی، عبری میں ایک لفظ تامید ہے جس کے معنی "دائم" اور "خالد" کے ہیں، عربی کی "ث" اور عبری کی "ت" ایک چیز ہے، عبری میں ث نہیں ہے اس لئے اکثر وہ الفاظ جو عربی میں "ث" سے ہیں، عبری میں "ت" ہیں، اس بنا پر ثمود کے معنی عام سامی زبان میں وہی ہوں گے جو عربی میں خالد کے معنی ہیں اور بہت قبائل عرب کے نام ہیں [3]

قوم ثمود، سامی اقوام ہی کی ایک شاخ ہے سامی اقوام کو عرب مورخین "امم بائدہ" (ہلاک شدہ قومیں) کہتے ہیں، کیونکہ وہ انقلابات وحوادث کی نذر ہو کر فنا ہو گئیں، اور عرب عاربہ بھی کہتے ہیں کیونکہ وہ عرب کے خالص النسل باشندے تھے جن میں غیر قوموں کا پیوند نہیں لگا تھا اور بعض یہود کی غلط اتباع میں ان کو عمالیق بھی کہتے ہیں ان امم بائدہ یا عرب عاربہ کا سلسلۂ نسب تمام مورخین کے بیان کے مطابق ارم بن سام بن نوح پر منتہی ہوتا ہے۔

تحقیقات جدیدہ یعنی اکتشافات عصریہ اور قدیم تاریخ دونوں کا متفقہ فیصلہ ہے کہ عرب کے قدیم باشندے یعنی امم سامیہ بڑی پُرشکوہ اور باعظمت قومیں تھیں، جنھوں نے بابل و اسیریا، مصر و شام اور قرطاجنہ میں بڑی بڑی متمدن سلطنتیں قائم کیں اور

[1] معالم التنزیل امام بغوی ج ۲ ص ۲۰۸ طبع مصر ۱۳۳۱ھ [2] انوار التنزیل بیضاوی ج ۱ ص ۲۵۰ طبع مصر ۱۳۳۰ھ [3] ارض القرآن ج ۱ ص ۱۸۸ طبع معارف اعظم گڈھ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مدت دراز تک ان ممالک کو اپنے زیر نگیں رکھا عرب مورخین ان ہی امم سالفہ کو عرب بائدہ یا عرب عاربہ اور ان کے مختلف قبیلوں کو عاد، ثمود اور طسم و جدیس کہتے ہیں، اندرونِ عرب میں حضرموت سے سواحل خلیج فارس کے طول میں عراق تک عاد، حجاز سے حدودِ سینا تک ثمود یمامہ میں طسم و جدیس اور یمن میں اہلِ معین حکمراں تھے۔

ثمود کا دورِ ترقی ہلاکت عاد اولیٰ کے بعد سے شروع ہوتا ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد سے پہلے پہلے ختم ہو جاتا ہے۔ ثمود شمالی عرب کی ایک زبردست اور پر شوکت قوم تھی، عاد کی طرح فنِ تعمیر میں اسے بھی ید طولیٰ حاصل تھا۔ پہاڑوں کو تراش کر سر بفلک عمارتیں اور بلند و رفیع مقبرے تیار کرنا ان کا بھی دستور تھا۔ ان کی یادگاریں اب تک موجود ہیں۔

بت پرستی ان کا مذہب تھا، اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کی عبادت سے منہ موڑ کر ستاروں کی ہیکلوں کے پرستار بن گئے تھے، چنانچہ سنتِ الٰہیہ کے مطابق حضرت صالح علیہ السلام ان کی طرف مبعوث ہوئے، اور انھوں نے ان کو دینِ حق کی دعوت دی لیکن بدبخت قوم نے قبول نہ کیا اور معجزہ کی طالب ہوئی۔ آخر ناقۃ اللہ معجزہ کی شکل میں ظاہر ہوئی۔ اور حضرت صالح علیہ السلام نے صاف صاف اعلان کر دیا کہ اب تمہارا مطالبہ پورا ہو چکا، یہ اونٹنی اللہ کی ایک آیت اور نشانی ہے، اسے نہ چھیڑو، اور زمین پر چرنے دو چشمہ کا پانی ایک دن تم پینا اور ایک دن یہ پیئے گی، اگر اس اونٹنی کو کسی طرح کا گزند پہنچا تو پھر خیر نہیں۔ عذابِ الٰہی کا آنا حتمی اور یقینی ہے، لیکن بدنصیب قوم نے آپ کے فرمان پر دھیان نہ کیا۔ قوم میں ایک مختصری محدود اور کمزور جماعت آپ پر ایمان لا چکی تھی، اس نے آپ کی دعوت کو لبیک کہا لیکن کافروں میں نو اشخاص نے جو قوم میں سربرآوردہ اور بڑے مفسد تھے یہ سازش کی کہ حضرت صالح علیہ السلام اور ان کے خاندان پر شبخون مارا جائے۔ انھوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ آخر عذاب الٰہی نے ایک ہولناک زلزلہ کی صورت میں ظاہر ہو کر باستثنار صالح اور مومنین صالح تمام قوم کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فنا کے گھاٹ اتار دیا، قرآن مجید میں حضرت صالح علیہ السلام کی دعوتِ تبلیغ اور ثمود کی سرکشی وعدوان اور بالآخر عبرتناک طور پر عذابِ الٰہی سے ان کی ہلاکت کا بیان نہایت تفصیل سے مذکور ہوا ہے۔

یہ واضح رہے کہ ان کے طریقِ ہلاک کو قرآن مجید نے کہیں رجفہ (زلزلہ) کہیں صاعقہ (کڑک) کہیں صیحہ (چیخ) سے تعبیر کیا ہے، اور کہیں صرف عذاب بتایا ہے۔ یہ ایک ہی حقیقت کی مختلف تعبیرات ہیں، ایک کوندتی اور گرجتی ہوئی بجلی جب پوری قوت کے ساتھ لرزہ فگن انداز میں کسی مقام پر گرے تو بیک وقت زلزلہ، کڑک اور چیخ سب کچھ ہے، بعض مفسرین نے یہاں زلزلہ مراد لیا ہے اس لئے قرینِ قیاس ہے کہ یہ آتش فشاں زلزلہ ہو، کیونکہ جغرافیہ دانانِ قدیم وجدید کا اس پر اتفاق ہے کہ ارضِ ثمود آتش فشاں مادہ سے بھری ہوئی ہے (ملاحظہ ہو اَصْحٰبُ الْحِجْرِ، صَالِحٌ، نَاقَةُ اللّٰهِ، وَادِ) ۵ ع ۱۰ پ ۱۵ ع ۱۲ پ ۱۳ ع ۱۵ پ ۱۴ ع ۱۳ پ ۱۹ ع ۱۲ پ ۲۰ ع ۱۳ پ ۲۳ ع ۱۵ پ ۲۶ ع ۵ پ ۲۷ ع ۱۰ پ ۲۹ ع ۵ پ ۳۰ ع ۱۰

فصل الواو

ثَوَاب، ثواب، انعام، جزا، بدلا، ثَوَابٌ ثَوْبٌ سے مشتق ہے جس کے معنی کسی شے کے اپنی پہلی حالت کی طرف جس پر کہ وہ تھی یا اس حالت کی طرف کہ جو اول مرتبہ انسانی ذہن میں اس شے کے متعلق قائم ہوتی ہے لوٹنے اور رجوع کرنے کے ہیں اس لئے انسان کے اعمال کی جو جزا اس کی طرف راجع ہوا سے "ثواب" کہا جاتا ہے، اور لغوی حیثیت سے گو ثواب کا استعمال اچھے اور برے دونوں قسم کے اعمال کی جزا کے لئے ہوتا ہے لیکن عرف میں زیادہ تر نیک اعمال کی جزا کے لئے مستعمل ہے، پ ۴ ع ۱۱ پ ۴ ع ۱۹ پ ۴ ع ۱۱

ثُوِّبَ۔ بدلا دیا گیا، تَثْوِیْبٌ سے جس کے معنی بدلہ دینے کے ہیں، ماضی مجہول کا صیغہ، واحد مذکر غائب، تثویب کا استعمال قرآن مجید میں برے اعمال کی جزا ہی کے لئے ہوا ہے۔ ب

فصل الیاء المثناۃ

ثِیَاب۔ کپڑے، پوشاک، ثَوْبٌ کی جمع جس کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنی کپڑے کے ہیں، اس کی جمع اَثْوَابٌ بھی آتی ہے، پ ۱۷ ع ۲۹ ثِيَابًا ۱۵/۱۴

ثِيَابَكَ۔ تیرے کپڑے، ثِيَابَ مضاف لَكَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، آیت شریفہ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ (اور اپنے کپڑے پاک کر) میں بعض نے "ثیاب" سے اس کے حقیقی معنی (کپڑے) مراد لئے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ "ثیاب" نفس سے کنایہ ہے یعنی اپنی جان کو پاک رکھ جیسے شاعر کہتا ہے ع ثیاب بنی عوف طہاری نقیۃ (بنی عوف کے دل پاک صاف ہیں) کہ یہاں "ثیاب" سے مراد ان کے نفوس، دل اور جانیں ہیں۔ پ ۲۹ ع ۱۵

ثِيَابَكُمْ تمہارے کپڑے، تمہاری پوشاک ثیاب مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، پ ۱۸ ع ۱۲

ثِيَابَهُمْ۔ ان کے کپڑے، ان کی پوشاک ثِيَابَ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، پ ۱۱ ع ۱۲ پ ۲۹ ع ۹

ثِيَابَهُنَّ، ان کے کپڑے، ان کی پوشاک ثِيَابَ مضاف هُنَّ ضمیر جمع مونث غائب مضاف الیہ، پ ۲۸ ع ۱۲

ثَيِّبَاتٌ۔ بیاہی ہوئیں، بیوہ عورتیں۔ ثَيِّبٌ کی جمع، جس کے معنی بیاہی ہوئی اور نیز اس عورت کے ہیں جس کے خاوند نے اسے طلاق دیدی ہو یا وہ مر چکا ہو۔ پ ۲۸ ع ۱۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْجِيْمِ الْمُعْجَمَةِ

فصل الالف

جَاءَ۔ وہ آیا (ضَرَبَ) مجیٔ سے، جس کے معنی آنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب عربی میں جس معنی میں اِتْیَانٌ آتا ہے وہی معنی مجیٔ کے ہیں، لیکن مجیٔ اس سے زیادہ عام ہے کیونکہ اِتْیَانٌ کے معنی بہموت آنے کے ہیں۔ علاوہ ازیں اِتیان کا استعمال کبھی صرف ارادہ کے اعتبار سے ہی ہو جاتا ہے، اگرچہ اس کا حصول نہ ہو، اور مجیٔ کا استعمال اس کے حصول کے اعتبار سے ہوتا ہے، جَاءَ کا استعمال اعیان اور معانی اور خود آنے اور کسی کے حکم سے آنے سب کے لئے ہوتا ہے، نیز کسی جگہ یا کام یا وقت کا قصد کرنے کے لئے بھی آتا ہے، جب اس کے صلہ میں باء آئے تو یہ متعدی ہو جاتا ہے اور لانے کے معنی ہوتے ہیں۔ ۵ ۶ ۱۴ ۱۷ ۱۱ ۳ ۴ ۱۳ ۱۸ ۱۰

۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵
۲ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱ ۹

۱۶ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱
۲ ۳ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۲ ۱۳ ۱۴

۲۳ ۲۴ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹
۶ ۹ ۱۳ ۱۷ ۱۹ ۱۰ ۱۸ ۱۴ ۵ ۹

۳۰
۱۴ ۲۵

جَاءَتْ۔ وہ آئی، مجیٔ سے، ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۱۹ ۱۳ ۱۲ ۱۸

۲۱ ۲۶ ۳۰
۱۲ ۵ ۴

جَاءَتْكَ۔ وہ تیرے پاس آئی، اس میں كَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے ۲۳

جَاءَتْكُمْ۔ وہ تمہارے پاس آئی، اس میں كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے ۲ ۱۸ ۱۱ ۲۱

جَاءَ تْنَا۔ وہ ہمارے پاس آئی، اس میں نَا ضمیر جمع متکلم ہے، ۹

جَاءَتْهُ۔ وہ اس کے پاس آئی، اس میں هُ ضمیر واحد مذکر غائب ہے، ۲ ۱۲ ۱۴

جَاءَتْهَا۔ وہ اس کے پاس آئی، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے ۱۱ ۸

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَآءَتْهُمْ۔ وہ ان کے پاس آئی، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، پ۲ ع۳ پ۶ ع۹ پ۸ ع۲ پ۹ ع۶ پ۱۱ ع۵ پ۱۳ ع۱۴ پ۱۹ ع۱۶ پ۲۱ ع۴ پ۲۲ ع۱۵ پ۳۳ ع۱۳ پ۳۴ ع۴ پ۳۰ ع۲۳

جَآءَكَ۔ وہ تیرے پاس آیا۔ اس میں كَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے (ملاحظہ ہو جَآءَ) پ۱ ع۱۴ پ۲ ع۱ پ۳ ع۱۴ پ۶ ع۱۱ پ۷ ع۱۲ پ۱۰ ع۱۳ پ۱۲ ع۱۱ پ۱۳ ع۸ پ۲۸ ع۱۳

جَآءَكُمْ۔ وہ تمہارے پاس آیا۔ اس میں كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے پ۱ ع۱۹ پ۲ ع۴ پ۴ ع۲ پ۶ ع۷ پ۷ ع۱۸ پ۸ ع۱۹ پ۹ ع۱۹ پ۱۱ ع۱۳ پ۱۲ ع۱۹ پ۲۲ ع۱۰ پ۲۴ ع۹ پ۲۶ ع۷ پ۲۸ ع۸ پ۱۳

جَآءَنَا۔ وہ ہمارے پاس آیا۔ اس میں نَا ضمیر جمع متکلم ہے پ۷ ع۱۶ پ۱۲ ع۲۴ پ۹ ع۱۵ پ۲۹ ع۱

جَآءَنِيْ۔ وہ میرے پاس آیا۔ اس میں نون وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے، پ۱۶ ع۹ پ۱۹ ع۱۲ پ۲۴ ع۱۲

جَآءُوْ۔ وہ آئے۔ مَجِیْءٌ سے۔ ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ہے پ۲ ع۴ پ۹ ع۱۲ پ۱۸ ع۱۶ پ۲۰ ع۴ پ۲۸ ع۴

جَآءُوْكَ۔ وہ تیرے پاس آئے، اس میں كَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے پ۵ ع۹ پ۶ ع۹ پ۲۸ ع۲

جَآءُوْكُمْ۔ وہ تمہارے پاس آئے۔ اس میں كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے، پ۵ ع۹ پ۶ ع۱۳ پ۲۱ ع۱۸

جَآءُوْهَا۔ وہ اس کے پاس آئے، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے، پ۲۲ ع۵ و ۱۴

جَآءُوْهُمْ۔ وہ ان کے پاس آئے، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ۱۱ ع۱۳ پ۳۱ ع۸

جَآءَهٗ۔ وہ اس کے پاس آیا، اس میں هٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے ع۱۲ پ۱۱ ع۱۲ پ۱۸ ع۹ پ۲۱ ع۳ پ۳۰ ع۵

جَآءَهَا۔ وہ اس کے پاس آیا۔ اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے، پ۱۹ ع۱۹ پ۲۲ ع۱۹

جَآءَهُمْ۔ وہ ان کے پاس آیا۔ اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ۱ ع۱۲ پ۱۰ ع۱۲ پ۳ ع۱۶ پ۴ ع۲ پ۵ ع۸ پ۶ ع۱۴ پ۷ ع۸ پ۸ ع۸ پ۱۱ ع۱۵ پ۱۳ ع۲۱ پ۱۴ ع۴ پ۱۵ ع۲۰ و ۱۲ پ۱۵ ع۱۹ پ۱۶ ع۱۵ پ۱۸ ع۲ پ۲۱ ع۱۵ پ۲۲ ع۱۰ پ۲۳ ع۱۰ پ۲۴ ع۱۹ و ۸ پ۲۵ ع۳ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۸ پ۲۶ ع۱۵ پ۲۷ ع۴ پ۲۸ ع۴ و ۵

جَابُوْا۔ انہوں نے تراشا، (نَصَرَ) جَوْبٌ سے جس کے معنی تراشنے اور قطع کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، پ۳۰ ع۱۴

جٰثِمِيْنَ۔ اوندھے پڑنے والے، زانو کے بل گرنے والے، جُثُوْمٌ سے جس کے معنی سینہ کے بل اوندھے منہ زمین پر پڑنے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، جَاثِمٌ کی جمع، پ۸ ع۱۲ پ۹ ع۶ و ۸ پ۱۲ ع۱۹ پ۲۰ ع۱۶

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَاثِيَةً۔ زانو پر بیٹھنے والی، زانو پر گرنے والی، جُثُوٌّ اور جُثِيٌّ سے، جس کے معنی زانو پر بیٹھنے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ، واحد مؤنث غائب، یہاں لفظ "جاثیہ" جمع کی جگہ پر استعمال ہوا ہے جیسے جَمَاعَةٌ قَائِمَةٌ یا جَمَاعَةٌ قَاعِدَةٌ بولتے ہیں، پ۲۵

جَادَلْتُمْ۔ تم نے جھگڑا کیا، تم جھگڑے، مُجَادَلَةٌ سے جس کے معنی جھگڑا کرنے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو جِدَالٌ) پ۲۵

جَادَلْتَنَا۔ تو نے ہم سے جھگڑا کیا۔ جَادَلْتَ مُجَادَلَةٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر نا ضمیر جمع متکلم، پ۱۲

جَادَلُوْا۔ انھوں نے جھگڑا کیا۔ مُجَادَلَةٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، پ۲۴

جَادَلُوْكَ۔ انھوں نے تجھ سے جھگڑا کیا، اس میں لَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے پ۱۷

جَادِلْهُمْ۔ تو ان سے جھگڑا کر، تو ان کو الزام دے، تو ان سے مناظرہ کر، جَادِلْ مُجَادَلَةٌ سے، امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۱۴

جَارٌ۔ پڑوسی، ہمسایہ، جو پڑوس میں رہے وہ جار کہلاتا ہے، یہ اسماء متضائفہ میں سے ہے جس طرح کہ "اخ" (بھائی) اور صدیق (دوست) ہیں کہ جس کا یہ پڑوسی وہ اس کا پڑوسی، کبھی کبھی مجازاً "جار" بمعنی مددگار، حمایتی اور رفیق کے بھی آتا ہے۔ چنانچہ فِي جَارِكُمْ میں یہی معنی مجازی مراد ہیں، پ۵ پ۱۰

جٰرِيٰتٍ۔ چلنے والیاں جَرْيٌ سے جس کے معنی پانی کی روانی کی طرح تیز چلنے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ جمع مؤنث، جَارِيَةٌ کی جمع، پ۳۰

جَارِيَةٍ۔ کشتی، چلنے والی، بہنے والی، رواں جَرْيٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ، واحد مؤنث چونکہ کشتی سطح آب پر چلتی ہے، اس لئے جَارِيَة کہلاتی ہے، پ۲۹ پ۱۳

جَازٍ۔ کفایت کرنے والا، کام آنے والا، بدلہ دینے والا، جَزَآءٌ جس کے معنی کام آنے، کافی ہونے اور بدلہ دینے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، پ۲۱

جَاسُوْا۔ وہ گھس پڑے، وہ داخل ہو گئے (نصر) جَوْسٌ سے، جس کے معنی لوٹ مار کے لئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گھس پڑنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب، پ ۱ ع ۱۵

جَاعِلٌ۔ بنانے والا، کرنے والا، رکھنے والا، جَعْلٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر۔ (ملاحظہ ہو جَعَلَ) پ ۱ ع ۳ پ ۲۲ ع ۱۳

جَاعِلُكَ۔ تجھکو بنانے والا، تجھکو کرنے والا، تجھے رکھنے والا، جَاعِلٌ مضاف، كَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، پ ۱ ع ۱۵

جَاعِلُونَ۔ بنانے والے، کرنے والے، رکھنے والے، جَعْلٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ، جمع مذکر جَاعِلٌ کی جمع۔ پ ۱۵ ع ۱۲

جَاعِلُوهُ، اس کو کرنے والے، اس کو بنانے والے، جَاعِلُو مضاف، هُ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، اضافت کے سبب سے نون جمع گر گیا ہے (ملاحظہ ہو جَعَلَ) پ ۲۰ ع ۴

جَالُوتَ۔ ایک کافر بادشاہ کا نام ہے، یہ عجمی لفظ ہے، عربی میں اس کی کچھ اصل نہیں بحر روم کے کنارے کنارے مصر و فلسطین کے درمیان جو عمالقہ آباد تھے ان ہی میں سے تھا۔ بڑے زور و قوت کا فرمانروا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد ایک مدت تک بنی اسرائیل کا کام بنا رہا، پھر جب ان کی نیت بگڑی، دینداری میں فتور آیا تو غنیم مسلط ہوا، یہی جالوت ان پر چڑھ دوڑا ان کے اطراف کے شہر چھین لئے، بڑی لوٹ مار مچائی اور بہت قتل و غارت کیا، اور قورات کو فنا کر ڈالا، جو معزز اور سردار تھے ان کو گرفتار کر کے ساتھ لیتا تھا اور باقی کو رعایا بنا کر ان پر خراج مقرر کیا، جو لوگ باقی بچے وہ بھاگ کر بیت المقدس میں جمع ہوئے اور پیغمبر وقت سے درخواست کی کہ کوئی با اقبال بادشاہ ہم پر مقرر کر دیا جائے۔ چنانچہ بارگاہ الٰہی سے طالوت ان پر بادشاہ مقرر کیا گیا، اور طالوت کی سرکردگی میں بنی اسرائیل کی ایک مختصر سی جماعت جو تین سو تیرہ نفوس پر مشتمل تھی، جالوت کی افواج کے مقابل ہوئی، جالوت خود مقابلہ کو نکلا اور حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ سے مارا گیا، اور اس کے لشکر نے شکست فاش اٹھائی، جالوت اور طالوت کی جنگ اور جالوت کے قتل کا قصہ قرآن مجید سورۂ بقر میں تفصیل سے مذکور ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَامِدَۃً۔ جمی ہوئی، ٹھیری ہوئی، جُمُوْدٌ سے، جس کے معنی جمنے اور ٹھیرنے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۲۰

جَامِعُ۔ جمع کرنے والا، اکٹھا کرنے والا، جَمْعٌ سے جس کے معنی جمع کرنے اور اکٹھا کرنے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، پ۲۵ ع۱۵

جَانٌّ۔ جن، سانپ، جِنٌّ کی جمع ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جس طرح ابوالبشر (سارے انسانوں کے باپ) کا نام آدم ہے، اسی طرح ابوالجن (جنوں کے باپ) کا نام جَانٌّ ہے، قتادہ کا بیان ہے کہ جان ابلیس ہی ہے اور بعض علماء کا خیال ہے کہ جان ابوالجن اور ابلیس ابوالشیاطین ہے، جن مسلمان بھی ہوتے ہیں اور کافر بھی جس طرح بنی آدم کھاتے پیتے اور مرتے جیتے رہتے ہیں، یہی حال ان کا ہے، اور شیاطین مسلمان نہیں ہوتے نہ ابلیس کے مرنے سے پہلے ان کو موت آئے گی[1]۔ راغب کی رائے میں جان جن کی ایک خاص نوع ہے۔ سانپ کی سنک جو بہت لہراتی اور پھنپھناتی ہوا سے بھی عربی میں جان کہتے ہیں پ۱۴ ع۳ پ۱۹ ع۱۶ پ۲۰ ع۲ پ۲۶ ع۱۱ و ۱۲ و ۱۳

جَانِبٌ، جانب، کنارہ، طرف، کروٹ، رخ اصل میں جَنْبٌ پہلو کو کہتے ہیں، عرب کی عادت ہے کہ وہ اعضاء و جوارح ہی کو بطور استعارہ سمتوں کے لئے استعمال کرتے ہیں، چنانچہ یمین و شمال اصل میں دائیں بائیں ہاتھ کا نام ہے اور دائیں بائیں سمتوں کے لئے بھی استعمال ہوتے ہیں۔ اسی طرح پہلو کی سمت کو جَنْبٌ اور جَانِبٌ بولتے ہیں پ۱۵ ع۷ پ۱۶ ع۱۳ و ۱۴ پ۲۰ ع۸ و ۹ پ۲۳ ع۵

جَانِبَہٗ۔ اس کا بازو، اس کی کروٹ، اس کی جانب، جَانِبٌ مضاف ہ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ پ۱۵ ع۱۰ پ۲۵

جَاوَزَا۔ وہ دونوں آگے چلے، وہ دونوں گزرے، مُجَاوَزَۃٌ سے جس کے معنی کسی چیز سے گزر جانے اس کو پار کرنے اور آگے بڑھنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ تثنیہ مذکر غائب، پ۱۵ ع۱۱

جَاوَزْنَا۔ ہم نے پار کرایا۔ ہم نے پار اتارا مُجَاوَزَۃٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم، پ۹ ع۱۱

[1] تفسیر خازن ج۴ ص ۵۳۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَاوَزَهٗ۔ وہ اس کے پار اترا، وہ اس کے پار ہوا جَاوَزَ مُجَاوَزَةٌ سے، ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، ب ۱۶

جَاهِدْ۔ تو جہاد کر، تو لڑائی کر، مُجَاهَدَةٌ سے امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، مجاہدہ زبان اور ہاتھ دونوں سے ہوتا ہے (ملاحظہ ہو مُجَاهِدُوْنَ) ب ۱۰ ع ۲۸ ب ۲۰

جَاهَدَ۔ اس نے جہاد کیا، اس نے جنگ کی مُجَاهَدَةٌ سے، ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب، ب ۹ ب ۲۰

جَاهَدَاكَ۔ وہ دونوں تجھ سے لڑے، انھوں نے تجھ پر زور ڈالا، ان دونوں نے تجھ پر کوشش کی، جَاهَدَ مُجَاهَدَةٌ سے، ماضی کا صیغہ تثنیہ مذکر غائب، كَ ضمیر واحد مذکر حاضر ب ۱۳ ب ۱۱

جَاهَدُوْا۔ انھوں نے جہاد کیا، انھوں نے محنت کی، وہ لڑے، مُجَاهَدَةٌ سے، ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب، ب ۱۱ ب ۹ ب ۱۰ ع ۶ ۷ ۸ ب ۱۰ ب ۱۴ ب ۳ ب ۲۶

جَاهِدُوْا۔ تم محنت کرو، تم لڑو، تم جہاد کرو، مُجَاهَدَةٌ سے، امر کا صیغہ، جمع مذکر حاضر، ب ۱۰ ع ۱۷ ب ۱۰

جَاهِدْهُمْ، تو ان سے جہاد کر، تو اُن سے مقابلہ کر، جَاهِدْ فعل امر، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، ب ۱۰ ع ۱۹ ب ۱۳

جَاهِلُ۔ جاہل، بے خبر، نادان، جَهَالَةٌ سے اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر (ملاحظہ ہو جَهَالَةٌ) ب ۳

جَاهِلُوْنَ۔ نادان، جاہل، ان سمجھ، جَاهِلُ کی جمع، بحالت رفع، اسم فاعل کا صیغہ، جمع مذکر، ب ۱۳ ب ۹ ب ۱۳

جَاهِلِيَّةٌ۔ جاہلیت، نادانی، حالت جہل اسم ہے، جَهْلٌ سے مشتق ہے، قبل از اسلام کے حالات اور زمانے کو جاہلیت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ بیضاوی لکھتے ہیں۔

والمراد بالجاهلية	جاہلیت سے مراد
الملة الجاهلية	ملت جاہلیت یعنی
التي هي متابعة	اپنی خواہش پر چلنا
الهوى۔ [1]	ہے۔

ب ۴ ب ۶ ب ۱۱ ب ۲۶

[1] انوار التنزیل ج ۱ ص ۱۹۶۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جٰهِلِيْنَ۔ جاہل، نادان، بے عقل۔ جَاهِلٌ کی جمع بحالتِ نصب وجر، اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، ۹ ب ۱۰ ب ۱۲ ب ۱۳ ب ۱۴

جَائِرٌ۔ کج۔ ٹیڑھا، جَوْرٌ سے، جس کے معنی راہ سے ہٹنے اور کج ہونے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، ۱۴ ب

فصل الباء الموحدة

جُبّ۔ وہ گہرا کنواں، جس کی کوئی تعمیر نہ کی گئی ہو، اسم ہے۔ ۱۳ ب

جَبَّارٌ۔ سرکش، زور کرنے والا، زبردست دباؤ والا، خود اختیار، جَبْرٌ سے، مبالغہ کا صیغہ اہلِ لغت کی تصریح کے مطابق "جبر" کے معنی اصل میں ایک طرح کی زبردستی کے ساتھ کسی شئے کی اصلاح کرنے کے ہیں لیکن جبر کا استعمال صرف اصلاح یا محض زبردستی کے لئے بھی ہوتا ہے، انسانوں میں جبّار وہ شخص کہلاتا ہے کہ جو اپنے نقص کو علوِ مرتبت کے اس ادعا سے پورا کرنا چاہے جس کا وہ مستحق نہیں ہے، بایں معنی "جبار" کا استعمال بطور مذمت ہی ہوتا ہے، کبھی کبھی جبّار اس کو بھی کہتے ہیں جس کا دوسرے پر دباؤ اور زور ہو جیسے وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ (اور تیرا ان پر دباؤ نہیں، اور تو ان پر زور کرنے والا نہیں)۔

صفتِ باری تعالیٰ میں جو وصف جبّار مذکور ہے جیسے اَلْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ اس سلسلہ میں دو قول ہیں، ایک یہ کہ چونکہ باری تعالیٰ اپنے فیضانِ نعمت سے سب لوگوں کی حالتیں درست کرتا اور ان کے نقصانات پورے فرماتا ہے اس لئے اس کا نام "جبّار" ہے، یعنی نقصانات کا پورا کرنے والا احوال درست کرنے والا، عرب والے بولتے ہیں جبرت الفقیر یعنی میں نے فقیر کی حالت درست کر دی اُسے تونگر کر دیا۔

دوسرے یہ کہ چونکہ اللہ تعالیٰ اپنے ارادہ کے آگے سب کو مجبور کر دیتا ہے اس لئے وہ جبّار سے موسوم ہے، امام بیہقی کتاب الاسماء والصفات میں محمد بن کعب سے روایت کرتے ہیں۔

انما سمی الجبار	وہ "جبار" سے اس لئے موسوم ہے
لانہ یجبر الخلق	کہ مخلوق کو اپنے ارادہ کے
علی ما اراد (۲۳)	آگے مجبور کر دیتا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس توجیہ پر دو اعتراض کئے گئے ہیں، ایک بحیثیتِ لفظ، دوسرا بحیثیت معنی لفظی حیثیت سے تو بعض اربابِ لغت نے یہ اعتراض کیا ہے کہ مجبور کرنے کے معنی میں اِجْبَارٌ آتا ہے نہ کہ جَبْرٌ اور بابِ اِفْعَالٌ سے مبالغہ کا صیغہ بروزن فَعَّالٌ نہیں آسکتا، پس جَبَّارٌ کا صیغہ بابِ اِجْبَارٌ سے نہیں بن سکتا، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ جَبْرٌ سے بنا ہے، اِجْبَارٌ سے نہیں اور جَبْرٌ کے معنی بھی مجبور کرنے کے آتے ہیں، چنانچہ مروی ہے لا جبر ولا تفویض (نہ مجبور کرنا ہے، نہ سونپ دینا)۔ ابو النجم بیہقی نے تاج المصادر میں تصریح کی ہے کہ باب اِجْبَارٌ ہی سے ہے مگر خلاف قیاس ہے۔

دوسرا اعتراض معنوی حیثیت سے معتزلہ کی ایک جماعت نے کیا ہے، چنانچہ وہ اس معنی کو تسلیم کرنے سے انکار کرتی اور یہ کہتی ہے کہ اللہ کی شان اس سے بالاتر ہے کہ وہ بندوں کو مجبور کرے، حالانکہ یہ انکار کی بات ہی نہیں کیونکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ الٰہیہ کے اقتضاء کے مطابق بندوں کو بہت سی ایسی چیزوں پر مجبور کر رکھا ہے کہ جن سے ان کو رہائی نہیں مل سکتی۔ نادان اور گمراہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ایسا نہیں سو یہ نرا وہم ہے، بیماری، موت، حشر پرسب مجبور ہیں، اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو خاص صنعت اور خاص طریقۂ اعمال و اخلاق پر مسخر فرمایا ہے کہ بس اسی کی انجام دہی میں مصروف اور اسی کی دھن میں لگا ہوا ہے، بندہ مجبور بصورتِ مختار ہے۔ چنانچہ جو کوئی جس دھن میں لگا ہوا ہے اسی میں مگن ہے اُسی چھوڑنا نہیں چاہتا اور کوئی کسی کام سے بیزار ہے کڑھتا رہتا ہے مگر اس طرح کئے چلا جا رہا ہے کہ گویا اس کے بدلہ کوئی اور کام اس کو ملتا ہی نہیں، اسی کے متعلق ارشادِ الٰہی فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ (انھوں نے اپنا کام آپس میں پھوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر لیا، اور ہر فرقہ جو ان کے پاس ہے اس پر خوش ہو رہے ہیں) اور نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ (ہم نے دنیا کی زندگی میں ان کے درمیان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کی روزی کو تقسیم کیا اور بعض کو بعض پر بلند مرتبہ کیا ہے) اور اسی اعتبار سے اللہ کی صفت قَاهِرٌ ہے کیونکہ اس کا قہر اسی پر ہوتا ہے جس پر قہر کرنے کی اس کی حکمت مقتضی ہوتی ہے۔ [1]

امام حلیمی فرماتے ہیں۔

"کہ جو لوگ اس کو جَبَّرٌ سے جو کرّار کی نظیر ہے قرار دیتے ہیں وہ اس لئے کہ اس کے مفہوم میں کسی شئے کا نیست سے ہست کرنا داخل ہے کیونکہ جب کسی شئے کے ہونے کو چاہا اور وہ ہو گئی اور ہونے میں اور اس کے چاہنے میں دیر نہ لگی اور جو چاہا اس کے سوا دوسری بات کا ہونا ممکن نہیں تو اس طرح پر اس کا کسی چیز کو کرنا گویا مجبور ہی ہے، کیونکہ مراد کے حاصل ہونے میں جو رکاوٹ ہو اُس کے دفع کرنے کا طریقہ جَبْر کہلاتا ہے پس جب یہ ایک حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ جو چاہے اُسے کوئی نہ روک سکے تو یہ صورت میں جبر ہی ہوا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ثُمَّ اسْتَوٰى إِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَآ أَتَيْنَا طَآئِعِينَ ۝ (پھر وہ متوجہ ہوا آسمان کی طرف اور وہ دھواں ہو رہا تھا تو کہا اس کو اور زمین کو آؤ تم دونوں خوشی سے یا زور سے وہ بولے ہم آئے خوشی سے) جَبَّار کے، اس کے علاوہ اور معانی بھی کئے گئے ہیں۔ پس جو اس باب سے "جبار" کو ملاتا ہے وہ ابداع اور جبر میں فرق نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ کے بدایع ہونے کے اقرار ہی کو اس کے جبار ہونے کا اقرار قرار دیتا ہے۔"

امام ابوسلیمان خطابی فرماتے ہیں۔

الجبار الذی جبر الخلق علی ما اراد من امرہ ونھیہ یقال جبرہ السلطان واجبرہ الف یقال ھو الذی جبر مفاقر الخلق وکفاھم اسباب المعاش والرزق ویقال بل الجبار

جبار وہ ذات ہے جس نے اپنی مخلوق کو اپنے امر و نہی پر جس طرح چاہا مجبور کر دیا، چنانچہ بولتے ہیں جبر السلطان و اجبرہ بالف السلطان کے ساتھ یعنی بادشاہ نے اپنے حکم ماننے پر مجبور کر دیا، بعض کا قول ہے جبار وہ ذات ہے کہ جس نے اپنی مخلوق کی حاجتوں کو پورا کیا اور ان کے

[1] مفردات راغب۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العالی فوق معاش اور روزی کے اسباب کو کافی خلقہ من ہوا اور بعض کہتے ہیں بلکہ جبار کے قولہم معنی اس ذات کے ہیں جو اپنی مخلوق تجبر النبات سے اوپر ہو کیونکہ سبزہ جب بلند ہو جاتا اذا علا ہو تو تجبر النبات بولتے ہیں۔

علامہ خازن بغدادی نے تصریح کی ہے کہ جبار ذات باری کے لئے وصف مدح ہے اور انسانوں کے حق میں صفت ذم[۵۱]، ۱۲ ب ۱۳ ب ۱۴ ب ۱۷ ب ۲۶ ب ۲۹

جَبَّارًا ۱۶ ب ۲۰ ع ۵

جَبَّارِیْنَ۔ گردن کش، زور آور، زبردست، جَبَّارٌ کی جمع بحالت نصب وجر ۶ ب ۱۹ ب ۱۱

جِبَالٌ۔ پہاڑ، جَبَلٌ کی جمع ہے، ۵ ب ۱۲ ب ۱۳ ب ۱۹ ع ۱۰ ب ۱۴ ب ۱۵ ع ۱۴ و ۱۷ ب ۱۵ ب ۱۸ ع ۳ ب ۱۶ ب ۱۹ ع ۹ و ۱۵ ب ۱۷ ب ۶ ع ۹ و ۱۸ ب ۱۳ ب ۱۹ ب ۱۲ ب ۲۰ ب ۳ ب ۲۲ ب ۶ ع ۸ و ۱۶ ب ۲۳ ب ۱۱ ب ۲۷ ع ۳ و ۱۴ ب ۲۹ ع ۵ و ۷ و ۱۳ و ۲۱ ب ۳۰ ع ۱ و ۶ و ۱۳ و ۳۶

جِبَاهُهُمْ ان کی پیشانیاں، ان کے ماتھے جِبَاهٌ جَبْهَةٌ کی جمع، جس کے معنی پیشانی کے ہیں مضاف ہے، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ۱۱ ب

جِبْتٌ، بت، راغب لکھتے ہیں۔

"جبت اور جبس اس دھوئیں کو کہتے ہیں جو کسی کام کا نہ ہو اور کہا گیا ہے کہ تماثیل ہی کا بدل ہے، نیز ہر وہ چیز جس کے سوائے خدا کی پوجا کی جائے "جبت" کہلاتی ہے اور جادو اور کاہن کو بھی "جبت" کہتے ہیں"۔

اصل میں جبت کے معنی میں علماء کا اختلاف ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ "جبت" کے معنی جادو کے بتاتے ہیں۔ عکرمہ کا قول ہے کہ "جبت" حبشی زبان میں شیطان کو کہتے ہیں[۵۲]، ابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی روایت کیا ہے[۵۳]۔ طبری نے مجاہد سے جادو کے اور سعید بن جبیر اور ابو العالیہ سے جادوگر اور قتادہ سے شیطان اور حضرت

---

۵۱ حلیمی اور خطابی کے اقوال کے لئے ملاحظہ ہو کتاب الاسماء والصفات امام بیہقی ص ۲۲ - طبع انوار احمدی الہ آباد ۱۳۵۱ھ۔ ۵۲ لباب التاویل ج ۷، ص ۶۲۔

۵۳ صحیح بخاری کتاب التفسیر سورہ نساء، باب قولہ وان کنتم مرضی او علی سفر ۵۴ اتقان ج ۱ ص ۱۲۹ طبع مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابن عباسؓ سے بت کے معنی نقل کئے ہیں[1]۔
بغوی نے ابن سیرین اور مکحول کا قول نقل کیا ہے کہ جبت کاہن کو کہتے ہیں۔ ابو عبیدہ کا بیان ہے کہ ہر وہ معبود جس کی اللہ کے سوائے عبادت کی جائے "جبت" ہے[2]۔ امام ابن جریر طبری کا فیصلہ اس سلسلہ میں نہایت صاف ہے جس سے ان تمام مختلف اقوال میں توفیق ہو جاتی ہے، فرماتے ہیں۔

ان المراد بالجبت والطاغوت جنس من کان یعبد من دون اللہ سواء کان صنما او شیطانا جنیا او انسیا فیدخل فیہ الساحر والکاھن

یقیناً جبت اور طاغوت سے وہ جنس مراد ہے جس کی اللہ تعالیٰ کے سوائے پوجا کی جائے خواہ وہ بت ہو یا شیطان آدمی ہو یا جن، پس اس میں جادوگر اور کاہن بھی آجاتے ہیں۔

واللہ اعلم[3] واللہ اعلم

صحیح ابوداؤد میں حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان العیافۃ والطیرۃ والطرق من الجبت۔

میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ پرندوں کو اڑا کر شگون لینا اور بدفال لینا اور ریالوں کا خط کھینچنا "جبت" میں داخل ہے۔

[4]

ب

جبریل۔ جبریل علیہ السلام، اللہ تعالیٰ کے ایک مقرب فرشتے کا نام ہے، جبریل کے تلفظ میں تیرہ لغات ہیں، جن کی قرارت کی گئی ہے لیکن بیشتر قراتیں شاذ ہیں، ابوحیان نے البحر المحیط میں اور سمین نے اعراب القرآن میں ان سب کو ذکر کیا ہے جو حسب ذیل ہیں (۱) جِبْرِیل جیم کے زیر سے (۲) جَبْرِیل جیم کے زبر سے (۳) جَبْرَئِیلُ بروزن خندریس (۴) جَبْرَئِل ہمزہ کے بعد یا نہیں (۵) جَبْرَئِلُّ اس میں لام پر تشدید ہے (۶) جِبْرَائِیل (۷) جِبْرَائِل (۸) جَبْرَال (۹) جَبْرِیل۔ (۱۰) جِبْرَایِیل اس میں دو یا رہیں پہلی پر زیر ہے (۱۱) جَبْرِین (۱۲) جِبْرِین (۱۳) جَبْرَایِین ان میں سات کو امام جمال الدین بن مالکؒ نے

---

[1] ملاحظہ ہو فتح الباری ج ۸ ص ۱۸۹ و ۱۹۰ طبع امیریہ مصر و معالم التنزیل ج ۱ ص ۴۵۴ طبع مصر۔
[2] فتح الباری ج ۸ ص ۱۹۰۔ [3] سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۱۸۹ طبع نولکشور لکھنؤ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور نتیجہ چھ کو امام سیوطیؒ نے نظم کیا ہے ابن مالک کا شعر ہے۔

جبریل جبریل جبرائیل جبرائل
وجبرئیل وجبراں وجبرین

سیوطیؒ کہتے ہیں۔

جبرئل وجبرایل مع بدل
جبرائل وبیاء ثم جبرین

"مع بدل" سے جبرائین کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ یا کو ہمزہ سے بدلا گیا ہے اور لام کو نون سے۔"

علامہ ابن الجنی المحتسب میں فرماتے ہیں کہ "عرب جب کسی عجمی لفظ کا تلفظ کرتے ہیں تو گڑبڑ کرتے ہیں، اصل میں یہ نام گوریال تھا، گ سے جو کاف اور قاف کے درمیان ہے، اس کے بعد طول استعمال کی بنا پر اس میں وہ تبدیلی آگئی کہ جس نے اس قدر تفاوت تک اس کو لا ڈالا، اور "جبریل" کے معنی "عبداللہ" بندۂ خدا کے بتائے گئے ہیں، کیونکہ جبر بمنزلہ رجل یعنی مرد کے ہے، اور سو اللہ کا بندہ ہوتا ہے اور ال عبلی زبان میں اللہ تعالیٰ کا نام ہے[1]۔ اور جبر کا استعمال بھی بمعنی مرد صرف ابن احمدی کے اس شعر میں ہوا ہے۔

اشرب براودق حیث به
وانعم صباحا ایها الجبر"

علامہ ابوحیان کا بیان ہے۔

"جبریل" عجمی لفظ ہے جو علمیت اور عجمہ کی بنا پر غیر منصرف ہے اور ان لوگوں نے بڑی دور کی کہی جو اس طرف گئے کہ وہ جبروت اللہ سے مشتق ہے، یا اس طرف کہ وہ مرکب اضافی ہے، نیز جس نے یہ کہا کہ جبر بندہ اور ائل اللہ دونوں سے مل کر بنا ہے اور حضرموت کی طرح سے مرکب امتزاجی ہے۔" [2]

حافظ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری میں لکھتے ہیں۔

"یہ اگرچہ سریانی لفظ ہے۔ لیکن معنی کے اعتبار سے عربی زبان سے موافقت واقع ہوگئی ہے، کیونکہ جبر کے معنی بگڑی ہوئی چیز کی اصلاح کے ہیں اور جبریل بھی وحی پر مقرر ہیں جس کے ذریعہ اصلاح عام حاصل ہوتی ہے۔" [3]

[1] لیکن اس اعتبار سے "جبریل" کے معنی بجائے بندۂ خدا کے مرد خدا ہونے چاہئیں۔ [2] ان تمام حوالوں کیلئے ملاحظہ ہو تنویر الحوالک علی موطا مالک للسیوطی ج ۱ ص ۱۴ طبع مصر ۱۳۲۳ھ [3] فتح الباری ج ۶ ص ۲۱۷

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تفسیر ابن جریر میں جبریل کے معنی کے متعلق سلف سے حسب ذیل اقوال مروی ہیں۔

"عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، جبریل کے معنی عبداللہ، میکائیل کے معنی عبیداللہ، جس اسم میں ایل ہو، اس کے معنی اللہ کے بندگی کرنے والے کے ہیں۔"

"عکرمہ سعید معنی عبد (بندہ) اور ایل اللہ ہے، عبداللہ بن الحارث البصری، عبرانی میں "ایل" اللہ کو کہتے ہیں۔

علی بن الحسین زین العابدینؒ، جبریل کا نام عبداللہ میکائیل کا عبیداللہ اور اسرافیل کا عبدالرحمٰن ہے جس اسم میں ایل ہو وہ اللہ کا بندگی کرنے والا ہے

دیلمی نے مسند الفردوس میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے بھی مرفوعاً یہی روایت کی ہے[1]۔

حافظ ابن حجر فتح الباری میں ان روایات کو نقل کرکے فرماتے ہیں۔

"اور اس کے بالکل برعکس بھی معنی کئے گئے ہیں یعنی ایل کے معنی تو بندہ کے ہیں اور اس سے پہلے جو لفظ ہو وہ اللہ کا نام ہے جیسے عبداللہ، عبدالرحمٰن اور عبدالرحیم ہیں کہ لفظ عبد تو نہیں بدلتا اور اس کے بعد کے الفاظ بدلتے رہتے ہیں اگرچہ معنی ایک ہی رہتے ہیں، نیز اس بات کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ عربی کے علاوہ اور زبانوں میں اسم مضاف میں اکثر مضاف الیہ مضاف سے پہلے ہوتا ہے"[2]

علامہ سیوطی، حافظ صاحب کی اس عبارت کو ذکر کرکے فرماتے ہیں۔

قلت هذا ارجح میں کہتا ہوں یہ زیادہ راجح ہے

والآثار السابقة اور آثار سابقہ اس کی شہادت

تشهد له[3] دیتے ہیں۔

بہرحال معنی چاہے کچھ بھی ہوں یہ خیال رہے کہ فرشتوں کے نام عام آدمیوں کی طرح سے نہیں ہوتے کہ جو جی میں آیا نام رکھدیا، زنگی کا نام کافور اور فاسق کا صالح، بلکہ ان کے نام توفیقی یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کئے ہوئے ہیں (بلا تشبیہ عرض ہے کہ) جس طرح سے بادشاہوں کی طرف سے امیروں کو القاب اور خطابات بخشے جاتے ہیں جو ان کے منصب اور مرتبے پر دلالت کرتے ہیں، اسی طرح فرشتوں کے اسماء ہیں جو ان کے

[1] و [2] تنویر الحوالک ج ص ۱۴ و ۱۵۔ [3] فتح الباری ج ۸ ص ۲۲۶

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرتبۂ کمال کو بتلاتے ہیں۔

قرآن مجید نے جبریل امین کو روح القدس (پاک روح) روح الامین (فرشتہ معتبر) رسولِ کریم (پیغامبر گرامی قدر) ذو مرۃ (زور آور یا حسین) ذی قوۃ (صاحب طاقت) شدید القوی (سخت قوتوں والا) مکین (مرتبہ والا) مطاع (سب کا مانا ہوا) امین (با امانت) جیسے گرانقدر اوصاف سے متصف کیا ہے، اور ان سے عداوت کو خدا سے عداوت کا سبب بتایا ہے۔

طبرانی نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل سے دریافت فرمایا تم کون سے کاموں پر مقرر ہو تو انھوں نے بتایا ہوا اور لشکروں پر یعنی ہواؤں کا چلانا، اور لشکروں کی فتح و شکست کا کام ان کے سپرد ہے[1]۔ صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام کو ان کی اصلی شکل پر دیکھا، ان کے چھ سو پر تھے۔

حضرت جبریل علیہ السلام کی پیدائش حضرت آدم علیہ السلام سے قبل ہوئی اور وفات ملک الموت کی موت سے پہلے ہوگی یہ امر متفق علیہ ہے کہ جبریل، میکائیل، اسرافیل ملک الموت علیہم السلام سب فرشتوں کے افسر اور ان سب میں اشرف ہیں، اور ان چاروں میں جبریل اور اسرافیل علیہما السلام ہیں اور ان دونوں کی تفضیل میں توقف ہے، جس کا سبب روایات کا اختلاف ہے، طبرانی کی معجم کبیر میں ایک حدیث آئی ہے افضل الملائکہ جبریل (سب فرشتوں میں جبریل بڑھکر ہیں) لیکن اس کی سند ضعیف نیز اس کے معارض روایت موجود ہے اس لئے اس بارے میں توقف ہی اولیٰ ہے[2]۔ حافظ ابو الشیخ کی کتاب العظمۃ فرشتوں کے ذکر پر مشتمل ہے اور اس میں ان کے متعلق بہت سی حدیثیں اور آثار مروی ہیں[3]۔ شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے بھی تفسیر فتح العزیز سورۂ بقر میں زیر آیت مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَ

[1] فتح الباری ج ۶ ص ۲۸۸ [2] تنویر الحوالک ج ۱ ص ۱۵۔ [3] فتح الباری ج ۶ ص ۲۸۸۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میکال فان اللہ عدو للکفرین۔ حضرت جبریل علیہ السلام کے حالات میں بہت سی حدیثیں ذکر کی ہیں تفصیل کے لئے ان کا مطالعہ کافی ہے، پ۱ ع۱۹

جَبَل۔ پہاڑ، اسم ہے، پ۹ ع۱۱ پ۱۳ ع۲۵

جِبِلًّا۔ خلق، بڑی جماعت، جَبَلٌ یعنی پہاڑ کے معنی میں چونکہ بڑائی اور عظمت کا تصور موجود ہے اس لئے بڑی جماعت کو جِبِلٌّ کہنے لگے، یعنی ایسی جماعت جو اپنی بڑائی میں مثل پہاڑ کے ہو، پ۱۹ ع۲۳

جِبِلَّة۔ خلقت، خلائق، یہاں اس کا استعمال بطور مبالغہ ہوا ہے، پ۱۹ ع۱۴

جَبِین: پیشانی، ماتھا، اسم ہے، پ۲۳ ع۲

فصل الثاء المثلثہ

جِثِیًّا۔ زانو پر گرے ہوئے، اوندھے گرے ہوئے جَاثٍ کی جمع ہے جس کے معنی زانو کے بل گرنے والے کے ہیں پ۱۶ ع۸

فصل الحاء المہملۃ

جَحَدُوْا۔ انھوں نے انکار کیا، وہ منکر ہوئے (فتح) جَحْدٌ اور جُحُوْدٌ سے، جس کے معنی دل میں جس چیز کا اثبات ہو اس کی نفی اور جس کی نفی ہو اس کا اثبات کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، پ۱۹ ع۱۲

جَحِیْم دوزخ، دہکتی ہوئی آگ، جَحْمٌ کے معنی آگ کے سخت بھڑکنے کے ہیں، جَحِیْمٌ اسی سے مشتق ہے، فَعِیْلٌ بمعنی فاعل ہے، امام ابن جریج سے مروی ہے کہ دوزخ کے سات طبقے ہیں (۱) جہنم (۲) لظیٰ (۳) حطمہ (۴) سعیر (۵) سقر (۶) جحیم (۷) ہاویہ[1]۔ پ۱ ع۱۴ پ۶ ع۴ پ۱۱ ع۱۴ پ۱۵ ع۶ پ۱۹ ع۴ پ۲۳ ع۹ و ۷ و ۴ پ۲۴ ع۱۲ پ۲۵ ع۲ و ۱۹ و ۱۸ پ۲۶ ع۱۴ پ۲۹ ع۲ و ۶ و ۷ و ۱۰ و ۱۲ پ۳۰ ع۱۰۔ **جَحِیْمًا** پ۱۹ ع۱۳

فصل الدال المہملۃ

جَدُّ۔ شان، عزت، فیض، اسم مصدر ہے پ۲۹ ع۱۱

جِدَارٌ۔ دیوار، اسم ہے، پ۱۵ **جِدَارًا** پ۱۶ ع۱۳

جِدَالَ۔ جھگڑا کرنا، باب مُفَاعَلَۃٌ کا مصدر ہے، باہم جھگڑنے اور ایک دوسرے پر چھا جانے کے لئے گفتگو کرنے کو جدال یعنی

[1] معالم التنزیل ج ۴ ص ۵۵۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دھاندلی کرنا کہتے ہیں۔ یہ جَدَلتُ الحبلَ سے ماخوذ ہے جس کا استعمال رسی بٹنے کے لئے ہوتا ہے، چونکہ جھگڑا کرنے میں بھی بڑے پیچ و تاب کھانے پڑتے ہیں اور ہر ایک دوسرے کی رائے کو اپنے ہی پیچ میں لانا چاہتا ہے، اس لئے اس طرح کی گفتگو کو جدال کہا جاتا ہے، بعض علماء کا قول ہے کہ اصل میں جدال کے معنی کشتی لڑنے اور مقابل کو زمین پر دے پٹکنے کے ہیں، جَدَالَۃٌ سخت زمین کو کہتے ہیں جدال اسی سے لیا گیا ہے ۲۴

جِدَالَنَا، ہم سے جھگڑنا، جِدَال مضاف نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ۳۲

جُدَدٌ۔ راستے، گھاٹیاں، جُدَّۃٌ کی جمع۔ جس کے معنی کھلے ہوئے راستہ کے ہیں، ۲۲/۱۴

جُدُرٍ، دیواریں، جِدَارٌ کی جمع، ۲۵

جَدَلًا۔ سخت جھگڑنا، باب سَمِعَ کا مصدر ہے جس کے معنی شدید خصومت کرنے کے آتے ہیں اور جَدَلٌ اسم بھی ہے سخت جھگڑنے کے معنی میں آتا ہے، ۲۵/۱۳

جَدِیْدٍ، نیا، جَدٌّ سے، جس کے معنی قطع کرنے کے ہیں، بروزن فَعِیْلٌ بمعنی مَفْعُوْلٌ ہے اصل میں کٹے ہوئے کپڑے کو ثوب جدید کہتے ہیں اور چونکہ ہر کپڑے کو کاٹا جاتا ہے وہ عموماً نیا ہوتا ہے اس لئے ہر نئی چیز کو جدید کہنے لگے ۱۳/۵ ۱۴/۱۲ ۱۷/۴۹ ۲۶/۱۴ جَدِیْدًا۔ ۱۵/۱۱

فصل الذال المعجمة

جُذَاذًا۔ ریزہ ریزہ، ٹکڑے ٹکڑے، بروزن فُعَالٌ بمعنی مَفْعُوْلٌ ہے جَذٌّ سے مشتق ہے جس کے معنی کاٹنے اور توڑنے کے ہیں، ۲۱/۵۸

جِذْعِ۔ تنا، ٹہنا، شاخ، جُذُوْعٌ کا مفرد ہے، ۲۰/۷۱

جَذْوَۃٍ، چنگاری، انگارا، شعلہ جُذًی اور جِذَاءٌ جمع، ۲۸/۲۹

جُذُوْعِ۔ تنے، شاخیں، جِذْعٌ کی جمع ہے ۲۰/۷۱

فصل الراء المهملة

جَرَادٌ۔ ٹڈے، ٹڈیاں، ملخ، اسم جنس، جَرَادَۃٌ اس کا واحد جس کے معنی ٹڈی کے ہیں، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ اصل ہو اور اسی سے جَرَادٌ الارض (زمین کو ٹڈیاں صاف کر گئیں) مشتق ہو، اور یہ بھی ممکن ہے یہ خود جَرَدٌ سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشتق ہو، جس کے معنی ننگا کرنے اور کھال اتار لینے کے ہیں اور چونکہ ٹڈیاں کھیتوں کو برباد اور درختوں کو چاٹ کر صاف کر دیتی اور ان کے پوست کھا کر زمین ننگی کر دیتی ہیں اس لئے ان کو جَرَاد کہا جاتا ہے۔ ۹ ب ۲۷

جَرَحْتُمْ۔ تم نے کمایا (فتح) جَرْحٌ سے، جس کے معنی زخمی کرنے، کمانے اور کسی میں طعن کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، یہاں کمانے کے معنی میں استعمال ہوا ہے ۶ ب ۱۳

جُرُزِ۔ بنجر، چٹیل، جَرْزٌ سے جس کے معنی کاٹ دینے اور کھا کر صاف کر دینے کے ہیں صفتِ مشبہ کا صیغہ ہے، یعنی وہ زمین جس کے درخت اور گھاس چھانٹ دیئے گئے ہوں، اور چونکہ چٹیل میدان اور بنجر زمین درختوں اور گھاس سے خالی ہوتی ہے اس لئے جُرُزٌ کہلاتی ہے، ۲۱ ب ۱۴۔ جُرُزًا ۱۵ ب ۱۳

جُرُفٍ۔ کھائیاں، اصل میں نالہ یا نہر کا وہ کنارہ جس کو پانی کے بہاؤ نے کاٹ کر کھوکھلا کر دیا ہو اور وہ گرنے کے قریب ہو جُرْفَۃٌ کہلاتا ہے جُرُفٌ اس کی جمع ہے، ۱۰ ب ۱۱

جَرَائِمَ کے لئے ملاحظہ ہو لا جَرَمَ، ۱۲ ب ۱۴ ب ۱۴ و ۱۵ ب ۱۳

جُرُوْحَ۔ زخم، جُرْحٌ کی جمع ہے، جس کے معنی زخم کے ہیں، ۶ ب ۱۱

جَرَيْنَ۔ وہ چلیں، وہ جاری ہوئیں، جَرْیٌ سے، جس کے معنی رواں ہونے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع مؤنث غائب، ۱۱ ب ۸

فصل الزاء المعجمة

جُزْءٌ۔ حصہ، اَجْزَاءٌ جمع، ۱۴ ب ۳

جُزْءًا ۳ ب ۲۵

جَزَآءٌ۔ جزا دینا، بدلہ دینا، سزا دینا، وہ معاوضہ یا بدلہ جو مقابلہ سے مستغنی کر دے خیر کے بدلے میں خیر اور شر کے بدلہ میں شر جزاء کہلاتا ہے، مصدر ہے ۱ ب ۸ ب ۲

۶ ب ۱ و ۷ ب ۳ ب ۱۰ ب ۸ ب ۱۲ ب ۱۲ ب ۱۶ ب ۱۱ ب ۳۳ و ۱۸ ب ۳۳

۲۵ ب ۵ ب ۲۴ ب ۱۳ ب ۲۵

جَزَاءٌ۔ ۱ ب ۲ ب ۱۰ ب ۱۱ ب ۱۲ ب ۱۶ ب ۱۵ ب ۱۷ ب ۲۱ ب ۲

۲۴ ب ۷ و ۸ و ۱۴ ب ۲۶ ب ۱۱ و ۳۰ ب ۳

جَزَاؤُكُمْ۔ تمہاری جزا، تمہاری سزا، تمہارا بدلہ، جَزَاءٌ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضاف الیہ، ۱۵/۱۱

جَزَآؤُهٗ۔ اس کی جزاء، اس کی سزا، اس کا بدلہ، جَزَآءُ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۵/۱۳

جَزَآؤُهُمْ، ان کی سزا، ان کی جزاء، ان کا بدلہ، جَزَآءُ مضاف، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۳/۱۳ ۴/۱۳ ۱۵/۱۳ ۱۶/۱۳ ۳۶/۱۳

جَزَاهُمْ، ان کو بدلہ دیا، ان کو جزا دی، (ضَرَبَ) جَزْیٌ جَزَاءٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، واضح رہے کہ قرآن مجید میں جَزٰی ہی کا استعمال ہوا ہے جَازٰی کا نہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ مُجَازَاۃٌ کے معنی مکافات کے ہیں اور اس میں دونوں طرف کے مقابلہ ہوتا ہے، مکافات کے معنی ہیں برابر کا بدلہ کرنے کے یعنی ہر نعمت کے مقابلہ میں ویسی ہی نعمت دینا اور اللہ کی نعمتیں ایسی نہیں ہوتیں کہ جن کے مقابلہ میں کوئی چیز آسکے اس لئے ظاہر ہے کہ اللہ عزوجل کے لئے مکافات کا لفظ کس طرح استعمال کیا جاسکتا ہے، ۲۹/۱۹

جَزِعْنَا ہم نے بیقراری کی، ہم نے اضطراب کیا، (سَمِعَ) جَزْعٌ سے جس کے معنی بے صبری کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع متکلم، ۱۳/۱۴

جَزُوْعًا گھبرا جانے والا، اضطراب کرنے والا جَزْعٌ سے بروزن فَعُوْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ، ۱۹/۷۰۔

جِزْیَةٌ، وہ رقم جو ذمیوں سے لی جاتی ہے، جزیہ کے معنی لغت میں جزاء کے ہیں، یہ کافر کے قتل کا بدلہ ہے کہ اگر جزیہ نہ دیتا تو قتل کیا جاتا اس کی جمع جُزًی ہے جیسے لِحْیَۃٌ کی لُحًی "جزیہ" کی دو قسمیں ہیں، جزیہ صلحی اور جزیہ قہری جو جزیہ بطور صلح متعین ہوا ہو وہ جزیہ صلحی ہے اس کی کوئی مقدار مقرر نہیں ہوتی، باہمی رضامندی سے جو طے ہو جائے وہی لیا جاتا ہے اور اس میں کمی بیشی یا تبدیلی روا نہیں ہے کیونکہ اس کو بدل ڈالنا عہد شکنی ہے، اور جو جزیہ کہ کافروں کے مغلوب ہو جانے کے بعد اور ان کو ان کی املاک پر قائم رکھنے کے بعد لیا جائے وہ جزیہ قہری ہے، یہ جزیہ ہر کمانے والے محتاج سے جو زر و سیم کے کمانے پر قادر ہو ہر ماہ میں ایک درہم یعنی تخمیناً پانچ آنے (۵) ہر مہینہ، اور متوسط الحال سے جو نہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقیر ہو نہ غنی ہو ہر ماہ میں دو درم یعنی دس آنے مہینہ اور غنی کثیر المال سے ہر ماہ میں چار درم یعنی سوا روپیہ مہینہ لیا جائیگا، امام ابوالحسن کرخیؒ نے تصریح کی ہے کہ جو ذی دس ہزار درم یا زیادہ کا مالک ہو وہ غنی ہے اور جو دو سو درم یا زیادہ کا مالک ہو وہ متوسط الحال ہے اور جو دو سو درم سے کمتر کا مالک ہو، یا کسی چیز کا مالک نہ ہو وہ فقیر اور محتاج ہے اور امام ابو جعفر طحاویؒ نے عرف کو معتبر رکھا ہے یعنی جس کو اہل شہر غنی یا متوسط یا فقیر کہتے ہوں وہی معتبر ہے نابالغ بچہ، عورت غلام، مدبر، مکاتب، ام ولد کے لڑکے اپاہج اندھے اور اس فقیر پر جو کماتا نہ ہو جزیہ نہیں ہے۔[1] ت

جَزَيْنٰهُمْ میں نے ان کو بدلہ دیا، میں نے ان کو جزا دی، جَزَيْتُ جَزَاءً سے ماضی کا صیغہ واحد متکلم، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۱۲

جَزَيْنٰهُمْ ہم نے ان کو بدلا دیا، ہم نے ان کو سزا دی، جَزَيْنَا جَزَاءً سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے ۱۲

فصل السین المهملة

جَسَدًا۔ دھڑ، بدن، جسد کے معنی جسم ہی کے ہیں مگر یہ اس سے اخص ہے کیونکہ "جسد" وہ ہے جس میں رنگ ہو اور جسم کا استعمال اس کے لئے بھی ہوتا ہے جس کا رنگ ظاہر نہ ہو جیسے پانی اور ہوا، اَجْسَادٌ جمع ۴ پ ۱۶ ت ۱۲

جِسْمِهٖ جسم، بدن، جس میں لمبائی چوڑائی اور گہرائی پائی جائے وہ "جسم" کہلاتا ہے اَجْسَامٌ جمع، ۲ پ ۱۲

فصل العین المهملة

جَعَلَ۔ اس نے کیا، اس نے بنایا، اس نے ٹھیرایا، جَعْلٌ سے جس کے معنی کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، امام راغب لکھتے ہیں۔

"جَعَلَ ایسا لفظ ہے جو تمام افعال کے لئے عام ہے، یہ فَعَلَ، صَنَعَ اور اس قسم کے تمام افعال سے اعم ہے، اس کا استعمال پانچ طرح پر ہوتا ہے۔

[1] ملاحظہ ہو درمختار کتاب الجہاد فصل فی الجزیہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) صار اور طفق (ہو گیا، لگا) کی جگہ استعمال ہوتا ہے، اس وقت متعدی نہیں ہوتا، جیسے جعل زید یقول کذا (زید یہ کہنے لگا) شاعر کہتا ہے۔

وقد جعلت قلوص بنی سہیل
من الاکوار مرتعها قریب

(بنی سہیل کی اونٹنی ایسی ہو گئی کہ گلوں سے اس کی چراگاہ قریب ہے)۔

(۲) اوجد (اس نے ایجاد کیا، اس نے پیدا کیا) کی بجائے آتا ہے، اس صورت میں اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہوتا ہے جیسے وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ (اور اس نے پیدا کیا اندھیرا اور اجالا) اور جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ (اور اس نے بنا دیئے تمہارے واسطے کان اور آنکھیں اور دل)

(۳) ایک شے کو دوسری شے سے پیدا کرنے اور بنانے کے لئے جیسے وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا (اور اللہ نے بنا دیں تمہارے لئے تمہاری قسم سے عورتیں) اور وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا (اور بنا دیں تمہارے واسطے پہاڑوں میں چھپنے کی جگہیں) اور وَجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا (اور رکھدیں تمہارے واسطے اس میں راہیں)۔

(۴) کسی شے کو دوسرے حالت کی بجائے ایک حالت پر کر دینے کے لئے جیسے جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا (اس نے کیا تمہارے واسطے زمین کو بچھونا) اور وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا (اور اللہ نے کیا تمہارے واسطے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کے سایے) اور وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا (اور کیا چاند کو ان میں روشن) اور اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا (بیشک ہم نے کیا ہے اس کو عربی قرآن)۔

(۵) کسی چیز کے متعلق کسی بات کا تجویز کرنا خواہ وہ حق ہو یا باطل، حق کی مثال جیسے اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (ہم اس کو تیری طرف پھیر لانے والے اور اس کو پیغمبروں میں سے کرنے والے ہیں) اور باطل کی مثال جیسے وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا (اور اللہ کی پیدا کی ہوئی کھیتی اور مویشی میں اللہ کا ایک حصہ ٹھیرایا) اور وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ (اور مقرر کرتے ہیں اللہ کے واسطے بیٹیاں) اور اَلَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ (انھوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کیا)۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب ۴ ع ۱۳ ب ۵ ع ۴ ب ۶ ع ۱۳ ب ۸ ع ۱۳ ب ۹ ع ۱۲ ب ۱۰ ع ۱۲ ب ۱۱ ع ۱۲ ب ۱۲ ع ۱۰ ب ۱۳ ع ۳ ب ۱۴ ع ۱۴ ب ۱۵ ع ۱۱ ب ۱۶ ع ۱۱ ب ۱۷ ع ۷ ب ۱۸ ع ۱۴ ب ۱۹ ع ۳ ب ۲۰ ع ۱۳ ب ۲۱ ع ۱۴ ب ۲۳ ع ۱۵ ب ۲۳ ع ۱۴ ب ۲۴ ع ۱۶ ب ۲۵ ع ۱۹ ب ۲۶ ع ۱۲ ب ۲۹ ع ۱۸

جُعِلَ۔ مقرر کیا گیا، ٹھیرایا گیا، لازم کیا گیا، جَعَلٌ سے، ماضی مجہول کا صیغہ، واحد مذکر غائب، ب ۱۴ ع ۱۴

جَعَلَا۔ ان دونوں نے ٹھیرایا، ان دونوں نے مقرر کیا، جَعَلٌ سے، ماضی کا صیغہ تثنیہ مذکر غائب، ب ۹ ع ۱۲

جَعَلْتُ۔ میں نے کیا، میں نے بنایا، میں نے پیدا کیا۔ جَعَلٌ سے ماضی کا صیغہ واحد متکلم ب ۳۹ ع ۱۵

جَعَلْتُمْ۔ تم نے کیا، تم نے ٹھیرایا۔ تم نے بنایا۔ جَعَلٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر ب ۱ ع ۱۱ ب ۱۴ ع ۱۹

جَعَلَتْهُ۔ اس نے اس کو کر دیا، اس نے اس کو بنا دیا، جَعَلَتْ جَعَلٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب هُ ضمیر واحد مذکر غائب ب ۲۴ ع ۱۲

جَعَلَكُمْ۔ اس نے تم کو کیا، اس نے تم کو بنایا، جَعَلَ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ب ۸ ع ۱۱ ب ۶ ع ۱۶ و ۱۷ ب ۸ ع ۱۹ ب ۱۴ ع ۱۴ ب ۲۲ ع ۱۴ ب ۲۷ ع ۱۷

جَعَلْنَا۔ ہم نے کیا، ہم نے کر دیا، ہم نے ٹھیرایا، ہم نے مقرر کیا، جَعَلٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم، ب ۱ ع ۱۵ ب ۵ ع ۹ ب ۶ ع ۱۱ ب ۷ ع ۹ ب ۸ ع ۱ و ۲ و ۱۹ ب ۱۲ ع ۱۳ ب ۱۳ ع ۵ ب ۱۴ ع ۲ و ۳ و ۵ و ۶ و ۱۳ و ۱۶ و ۱۹ و ۲۰ ب ۱۵ ع ۱۴ ب ۱۶ ع ۱۹ و ۵ ب ۱۷ ع ۱۲ ب ۱۸ ع ۱۲ ب ۱۹ ع ۳ و ۱۵ ب ۲۰ ع ۳ و ۱۶ ب ۲۱ ع ۱۶ ب ۲۲ ع ۱۸ و ۱ ب ۲۳ ع ۲ و ۷ ب ۲۵ ع ۱۰ و ۹ ب ۲۶ ع ۳ ب ۲۷ ع ۱۵ ب ۳۰ ع ۱۵

جَعَلْتَ۔ تو نے کیا، تو نے بنایا، تو نے ٹھیرایا، جَعَلٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر ب ۱۹ ع ۳ ب ۲۵ ع ۱۸

جَعَلْتُمُوهُ۔ تم نے اس کو کیا، تم نے اس کو بنایا، اس میں کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے ب ۱۱ ع ۱۴ ب ۲۶ ع ۱۴

جَعَلْنَاهُ۔ ہم نے اس کو کیا، ہم نے اس کو بنایا ہم نے اس کو مقرر کیا، ہم نے اس کو کر ڈالا، ہم نے اس کو رکھا، اس میں هُ ضمیر واحد مذکر غائب ہے، واضح رہے کہ فرق مبتدعہ، جہمیہ، معتزلہ، امامیہ اور بعض زندیہ اور بعض خوارج نے جو خلقِ قرآن کے قائل ہیں آیت شریفہ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا (ہم نے رکھا اس کو قرآن عربی زبان کا) کو اپنے دعویٰ کی دستاویز سمجھ رکھا ہے، جس کو ہمیشہ برہانِ جلی کے طور پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے مدعا کے اثبات میں پیش کیا جاتا رہا ہے چنانچہ ربیع الاول ۲۱۸ھ میں جب خلیفہ مامون الرشید عباسی نے اپنے عقیدہ خلقِ قرآن کی حمایت میں حکومت کی طاقت سے کام لینا چاہا اور گورنر بغداد، اسحٰق بن ابراہیم خزاعی کو ایک مبسوط خط کے ذریعہ حکم دیا کہ وہ تمام علمائے وقت کو جمع کر کے خلق قرآن کے مسئلہ میں ان کے خیالات دریافت کرے اور جو لوگ اس کے منکر ہوں انھیں سخت سے سخت سزا دی جائے، تو اسی آیت سے استدلال کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

وقد قال اللہ تعالیٰ	اور خداوند عالم اپنی کتاب
فی محکم کتابہ الذی	محکم میں جس کو اس نے سینوں
جعلہ لما فی الصدور	کی بیماریوں کے لئے شفا اور
شفاء وللمؤمنین	اہل ایمان کے لئے رحمت و
رحمۃ وھدی	ہدایت قرار دیا ہے، ارشاد
اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا	فرماتا ہے ہم نے کیا ہے اس کو
فکل ما جعلہ اللہ	عربی قرآن پس ہر وہ چیز جو
فقد خلقہ وقال	خدا کی کی ہوئی ہے اس کو مخلوق
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ	ہے چنانچہ فرمایا "حمد ہے اس

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	اللہ کے لئے جس نے خلق
وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ	کیا زمین اور آسمان اور بنایا
الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ[1]	تاریکی اور روشنی کو"

بشر مریسی نے عبدالعزیز بن یحییٰ کنی سے مناظرہ میں اسی آیت کو پڑھ کر کہا تھا کہ "یہ قرآن کے مخلوق ہونے میں نص ہے" ہمیں فاضل یمنی پر ہی تعجب ہوتا تھا کہ وہ جب اپنے مدعا پر کسی آیت کو دلیل گردانتے ہیں تو ان کی عربی دانی پر بے اختیار ہنسی آنے لگتی ہے۔ مگر ان واقعی عربی دانوں سے بھی جب اس قسم کی حرکت سرزد ہو تو پھر غیروں کا کیا شکوہ بے شک جَعَلَ کا استعمال پیدا کرنے کے لئے بھی ہوتا ہے لیکن کتنا پوچ ہے یہ دعویٰ کہ کل ما جعلہ اللہ فقد خلقہ یعنی جہاں جعل اللہ ہو پیدا کرنے ہی کے معنی ہیں" ہم پوچھتے ہیں فَجَعَلْنٰهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ پھر کر ڈالا ان کو جیسے بس کھایا ہوا بھوسا یہاں کس کا خلق مراد ہے اور قَوْمَ نُوْحٍ لَمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً (اور نوح کی قوم نے جب رسولوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو غرق

[1] تاریخ الامم والملوک ابن جریر طبری ج ۱۰ ص ۲۸۴ طبع مصر ۵۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور لوگوں کے حق میں نشانی کر دیا) اب یہاں غرق کرنے کے بعد پھر ان کو پیدا کیا گیا تھا حقیقت یہ ہے کہ جس طرح "توفی" کے معنی سمجھنے میں منکرین حیاتِ مسیح نے غوطے کھائے ہیں اسی طرح ان بدعت پرستوں کو جَعَلَ کے معنی سمجھنے میں دھوکہ ہوا ہے، جس کا اصلی سبب قرآن مجید کے محاورات اور عرب کے استعمالات پر غور نہ کرنا ہے، ہمارا دعویٰ ہے کہ ایک جگہ بھی قرآن یا غیر قرآن میں جعل بمعنی خَلَقَ نہیں ہے وہ ایک عام مفہوم ہے معنی کرنے کے جو بحیثیت مصداق کبھی تصییر یعنی کر دینے کبھی ایجاب یعنی لازم کرنے کبھی حکم لگانے کبھی کہنے اور موسوم کرنے اور کبھی پیدا کرنے وغیرہ پر منطبق ہوتا ہے، چنانچہ امام راغب کی تصریحات سابق میں منقول ہو چکی ہیں۔ آیتِ مذکورہ میں بھی جَعَلَ کا استعمال بمعنی تصییری ہے، ذرا سے غور سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اگر صرف جَعَلَہٗ ہوتا تو بیشک پیدا کرنے کے معنی بن سکتے تھے لیکن ایسا نہیں بلکہ جَعَلَہٗ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا ارشاد ہے جس کے معنی اس کے عربی قرآن کر دینے کے ہیں نہ کہ

پیدا کرنے کے، شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ اپنے ایک فتویٰ[1] میں جو مسئلہ کلام باری کے متعلق ہے تحریر فرماتے ہیں

قولہ جَعَلْنٰہُ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا	ارشاد الٰہی ہے جَعَلْنٰہُ قُرْءٰنًا
لم یقل جعلنہ فقط حتی	عَرَبِیًّا صرف جَعَلْنٰہُ
یظن انہ بمعنی خلقنہ	نہیں فرمایا کہ گمان ہوتا بمعنی
ولکن قال جَعَلْنٰہُ	خلقناہ ہے بلکہ جَعَلْنٰہُ
قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا ای صیرنا	قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا فرمایا یعنی
عربیا لانہ قد کان	ہم نے اس کو عربی قرآن رکھا
قادرا علی ان ینزلہ	کیونکہ اللہ کو اس پر قدرت تھی
عجمیا وینزلہ عربیا	کہ وہ اس کو عجمی زبان فرماتا
فلما انزلہ عربیا کان	عربی نازل کرتا پس جب اس کو
قد جعلہ عربیا[2]	عربی نازل کیا تو اس کو عربی
عجمی (ص ۲۳)	رکھا عجمی نہیں

پ ۱۵ ع ۱۱ پ ۲۲ ع ۱۴ پ ۲۵ ع ۶ و ۷ پ ۲۷ ع ۱۵ پ ۲۹ ع ۱۴ و ۲۱

جَعَلْنٰہُمْ ہم نے اس کو بنایا، ہم نے ان کو کر دیا ہم نے ان کو کیا، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے،

پ ۱۱ ع ۱۳ پ ۱۷ ع ۲ و ۱ پ ۱۸ ع ۳ و ۱ پ ۲۰ ع ۷ پ ۲۵ ع ۱۱

جَعَلْنٰھُنَّ۔ ہم نے ان کو کیا، ہم نے ان کو بنایا اس میں ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب ہے، پ ۲۷ ع ۱۴

[1] یہ فتویٰ لاہور میں ۱۲۹۶ھ میں چھپا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَعَلَنِیْ۔ اس نے مجھ کو کیا، اس نے مجھ کو بنایا، اس نے مجھ کو ٹھیرایا، اس میں نون وقایہ ی ضمیر واحد متکلم ہے، پ ۱۶ ع ۴ ص ۲۳

جَعَلُوْا۔ انھوں نے کیا، انھوں نے کرلیا، انھوں نے ٹھیرایا، انھوں نے مقرر کیا جَعْلٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، امام بیہقی مقاتل سے روایت کرتے ہیں کہ جَعَلُوْا کی تفسیر دو طرح پر ہے۔

(۱) جَعَلُوْا لِلّٰہِ یعنی وصفوا للہ یعنی انھوں نے اللہ کے لئے بنایا، انھوں نے اللہ کے لئے بیان کیا، چنانچہ سورۂ انعام میں اللہ فرماتا ہے وَجَعَلُوْا لِلّٰہِ شُرَکَآءَ (اور انھوں نے اللہ کے لئے شریک بنائے) اور سورہ زخرف میں ارشاد ہے۔ وَجَعَلُوْا لَہٗ مِنْ عِبَادِہٖ جُزْءًا (اور انھوں نے حق تعالیٰ کے لئے اس کے بندوں میں سے ایک جزء یعنی اولاد بتائی) نیز وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِکَۃَ الَّذِیْنَ ھُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا (اور انھوں نے فرشتوں کو جو رحمٰن کے بندے ہیں عورت بنایا)

(۲) جَعَلُوْا یعنی قد فعلوا بالفعل یعنی انھوں نے اپنے عمل کے ذریعہ کرڈالا، چنانچہ سورۂ انعام میں ارشادِ الٰہی ہے وَجَعَلُوْا لِلّٰہِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِیْبًا (اور انھوں نے اللہ کے لئے اس نے جو کھیتیاں اور مویشی پیدا کئے ان میں اس کا ایک حصہ لگایا) یعنی انھوں نے اپنے عمل سے اس کے لئے ایک حصہ لگایا۔[1] پ ۸ ع ۱۸ ص ۱۳۲ و ۱۱ و ۱۲ پ ۸ ع ۱۸ ص ۱۴۷ پ ۹ ع ۲۳ ص ۱۸۰ پ ۹ ع ۲۵ ص ۱۹۳

جَعَلَہٗ۔ اس نے اس کو کیا۔ اس نے اس کو کرڈالا، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے پ ۱ ع ۹ ص ۱۵ پ ۱۲ ع ۹ ص ۱۹۰ پ ۱۳ ع ۲ ص ۲۰۱

جَعَلَھَا۔ اس نے اس کو کیا، اس نے اس کو کردیا، اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے پ ۱۳ ع ۵ ص ۲۰۱

جَعَلَھُمْ۔ اس نے ان کو کیا، اس نے ان کو کرڈالا، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے پ ۱۷ ع ۲ ص ۲۵۰

فصل الفاء

جُفَآءً ناکارہ، ناچیز، وہ جھاگ اور کوڑا جو

[1] کتاب الاسماء والصفات ص ۱۷۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نالہ کے بیاؤ میں دونوں کناروں پر آکر جم جاتا ہے، یا دیگچی کے اُبھان کے ساتھ اوپر آکر رہ جاتا ہے، اسم ہے، پ۱۳

جِفَانٍ، لگن، جَفْنَۃٌ کی جمع، جس کے معنی لگن کے ہیں، پ۲۲

فصل اللام

جَلَاءٌ۔ جلاوطنی، جلاوطن ہونا، اجڑنا، جَلَا یَجْلُوْ کا مصدر ہے، پ۲۸

جَلَابِیْبِہِنَّ۔ ان کی بڑی چادریں۔ جَلَابِیْبُ جِلْبَابٌ کی جمع، جس کے معنی بڑی چادر کے ہیں جو قمیص اور کرتے وغیرہ پر اوڑھی جاتی ہے، مضاف ہے، ہِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ، پ۲۲

جَلَالِ۔ بزرگی، عظمت، بلند مرتبہ ہونا، جَلَّ یَجِلُّ کا مصدر ہے، جَلَالَۃٌ کے معنی عظمتِ قدر یعنی بلند مرتبہ ہونے اور جَلَالٌ کے معنی عظمت قدر کی انتہا کے ہیں اور اسی لئے یہ اللہ کی مخصوص صفت ہے، چنانچہ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام اسی کو کہا جاتا ہے دوسرے کیلئے استعمال نہیں کیا جاسکتا پ۲۷ ۱۲ و ۱۳

جَلْدَۃٌ۔ درّہ مارنا، کوڑے مارنا، کھال پر مارنا جَلَدَ یَجْلِدُ کا مصدر ہے، پ۱۸

جُلُوْد۔ کھالیں، چمڑے، جِلْدٌ کی جمع، جس کے معنی کھال کے ہیں، آیت شریفہ اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ (اللہ نے اتاری بہتر بات، یکساں کتاب ہے، دوہرائی جانے والی، اس سے ان لوگوں کی کھال پر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں، پھر ان کے چمڑے اور ان کے دل اللہ کی یاد پر نرم ہوجاتے ہیں) میں جُلُوْد سے مراد بدن اور قلوب سے مراد نفوس اور جانیں ہیں، پ۲۴ ۱۲

جُلُوْدًا پ۵

جُلُوْدِکُمْ۔ تمہارے چمڑے، تمہاری کھالیں جُلُوْدُ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، مضاف الیہ پ۲۴

جُلُوْدُهُمْ۔ ان کے چمڑے، ان کی کھالیں جُلُوْدُ مضاف، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ پ۲۴

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَلّٰهَا: اس کو روشن کیا، اس کو ظاہر کیا، جَلّٰی تَجْلِیَۃٌ سے جس کے معنی ظاہر کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب پ ۳۰

فصل المیم

جَمًّا: جی بھر کر، بہت، مصدر ہے، ہر شے کی کثرت اور زیادتی کے لئے آتا ہے، پ ۳۰

جَمَالٌ: رونق، جمال، آبرو، خوبی کا ہونا، مصدر ہے، حسنِ کثیر یعنی بہت خوبی کو جمال کہتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں (۱) وہ خوبی جو انسان کی ذات یا اس کے بدن یا اس کے فعل سے مخصوص ہو (۲) وہ خوبی جو اس سے دوسرے کو پہنچے۔ چنانچہ حدیث شریف میں جو وارد ہے ان اللہ جمیل یحب الجمال (بیشک اللہ خوبیوں والا ہے اور خوبی کو دوست رکھتا ہے) اس میں اسی بات کو بتلایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی سے ساری خوبیاں جاری ہوتی ہیں اس لئے جو خوبیوں سے متصف ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کا محبوب ہوتا ہے، پ ۱۴

جِمٰلَتٌ: اونٹ، جِمَالَۃٌ کی جمع، اور جِمَالَۃٌ جَمَلٌ کی جمع ہے، جَمَلٌ اس اونٹ کو کہتے ہیں جس کی کھونٹیاں نکل آئی ہوں، امام راغب کی رائے میں ممکن ہے کہ جَمَلٌ جَمَالٌ ہی سے ماخوذ ہو، کیونکہ عرب اونٹوں کے ہونے کو اپنے لئے آبرو اور رونق سمجھتے تھے چنانچہ قرآن مجید نے بھی ان کے اس خیال کی طرف اشارہ فرمایا ہے، ارشاد ہے وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ (اور تم کو ان سے رونق ہے جب شام کو پھیر لاتے ہو اور جب چراتے ہو) پ ۱۴

جَمْعٌ: اکٹھا ہونا، جمع ہونا، اکٹھا کرنا، جمع کرنا، جماعت، فوج، جَمَعَ یَجْمَعُ کا مصدر ہے معنی جماعت اور فوج کے بھی آتا ہے، اس کی جمع جُمُوعٌ ہے، پ ۲۵ پ ۳۰ پ ۱۵

جَمْعًا: پ ۱۶ پ ۲۰ پ ۱۱ پ ۲۵ پ ۳۰

جَمَعَ: اس نے جمع کیا، اس نے فراہم کیا اس نے اکٹھا کیا، جَمْعٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، پ ۱۶ پ ۲۹ پ ۳۰ پ ۲۹

جُمِعَ: وہ اکٹھا کیا گیا، وہ جمع کیا گیا، جَمْعٌ سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب، پ ۲۹ پ ۲۷

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَمْعَيْنِ، دو گروہ، دو فوجیں، دو جماعتیں، جَمْعٌ کا تثنیہ، بحالتِ رفع ۴/۹ ب ۱۰/۱۸

جُمُعَةِ جمعہ، چونکہ اس دن سب مسلمان نماز کے لئے ایک جگہ جمع ہوتے ہیں اس لئے "جمعہ" کہلاتا ہے۔ ۲۵/۱۱

جَمْعُكُمْ۔ تمہارا جمع کرنا، تمہاری جمعیت جَمْعٌ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۵/۱۳

جَمَعْنٰكُمْ۔ ہم نے تم کو جمع کیا، جَمَعْنَا جَمْعٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع متکلم، کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، ۲۹/۲۱

جَمَعْنٰهُمْ۔ ہم نے ان کو جمع کیا، ہم نے ان کو اکٹھا کیا، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، ۳/۱۱ ب ۱۶/۲

جَمَعُوْا۔ وہ جمع ہوئے، وہ اکٹھے ہوئے۔ جَمْعٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، ۴/۳

جَمْعَهٗ، اس کا جمع کرنا، اس کا اکٹھا کرنا جَمْعَ مضاف هٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۱۷/۷۵

جَمَعَهُمْ۔ اس نے ان کو جمع کیا، اس نے ان کو اکٹھا کیا، جَمَعَ صیغہ ماضی، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، ۲/۱۰

جَمْعِهِمْ، ان کو اکٹھا کرنا، ان کو جمع کرنا، جَمْعِ مصدر مضاف، هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ۲۵/۴

جَمَلٌ۔ اونٹ، اس کا استعمال زیادہ تر مذکر کے لئے ہوتا ہے (ملاحظہ ہو جِمٰلَتٌ) ۵/۱۲

جُمْلَةً۔ اکٹھا، سارا، جَمْلٌ سے مشتق ہے۔ جس کے معنی اکٹھا ہونے کے ہیں، ۱۹/۳۲

جَمِيْعٌ سب، سارے، جَمْعٌ سے، بروزن فَعِيْلٌ بمعنی مَجْمُوْعٌ ہے ۱۹/۸ ب ۲۲/۱۰ ب ۲۷/۱

جَمِيْعًا ۱/۱۰۹ ب ۲/۴ ب ۴/۴ ب ۵/۱۵ د ۶/۳ د ۶/۴ ب ۶/۹ د ۱۱ ب ۷/۴ ب ۸/۱۱ د ۱۲ ب ۹/۱۸ د ۱۰ ب ۱۰/۴ ب ۱۱/۱۵ د ۱۸ ب ۱۲/۴ ب ۱۳/۸ د ۱۲ د ۱۳ د ۱۵ ب ۱۵/۱۳ ب ۱۶/۱۹ ب ۱۸/۱۰ د ۱۳ ب ۲۱/۱۱ د ۱۲ ب ۲۲/۳ د ۲۴ ب ۲۵/۱۸ ب ۲۸/۵ د ۲۹ ب ۲۹/۴

جَمِيْلٌ، بہتر، خوبتر، جَمَالٌ سے بروزن فَعِيْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ ۱۲/۴ ب ۱۳/۴ ب ۱۴/۴

جَمِيْلًا ۲۱/۴ ب ۲۲/۳ ب ۲۹/۱۳ د ۷

فصل النون

جَنَّ۔ اس نے ڈھانپ لیا، اس نے چھپا لیا، (نَصَرَ) جَنٌّ سے جس کے معنی کسی چیز کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حواس سے چھپ جانے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، پ۱۵

جِنٌّ جن، اور مخلوقات کی طرح یہ بھی اللہ تعالیٰ کی مستقل مخلوق ہیں ان کی پیدائش آگ سے ہوئی ہے، لیکن ان کی تخلیق کی تفصیلی کیفیت سے ہم کو آگاہی نہیں ہے، ہماری طرح یہ بھی احکامِ شرعیہ کے مکلف ہیں ان میں توالد و تناسل کا سلسلہ بھی ہے اور نیک و بد بھی ہیں، جَنٌّ سے مشتق ہے چونکہ یہ عام طور پر نظروں سے غائب رہتے ہیں، اس لئے ان کا نام "جن" ہوا۔ امام راغب فرماتے ہیں۔

"لفظ "جن" کا استعمال دو طرح پر ہوتا ہے، ایک بمقابلہ انسان ان تمام روحانیوں کے لئے جو حواس سے پوشیدہ ہیں" اس صورت میں فرشتہ اور شیاطین بھی اس میں آجاتے ہیں۔ پس ہر فرشتہ جن ہے لیکن ہر جن فرشتہ نہیں، اور اسی اعتبار سے ابو صالح نے کہا ہے کہ سب فرشتے جن ہیں اور بعض کا قول ہے کہ نہیں بلکہ جن روحانیوں کی ایک قسم ہیں کیونکہ روحانیوں کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) اخیار، یعنی نیک ہی نیک، یہ فرشتے ہیں،
(۲) اشرار، یعنی سرتاسر بد، یہ شیاطین ہیں،
(۳) اوسط، یعنی درمیانی، ان میں نیک بھی ہیں اور شریر بھی یہ "جن" ہیں، چنانچہ ارشاد الٰہی قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ سے لیکر وَاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقَاسِطُوْنَ (یعنی ہم میں حکمبردار بھی ہیں اور بے انصاف بھی) اس بات کو بتلا رہا ہے[1]

تمام ارباب مذاہب کے نزدیک جو کسی آسمانی مذہب کے قائل ہیں "جن" کا وجود مسلم ہے، لیکن بعض دانش فروشوں نے ان کے ماننے سے انکار کر دیا ہے، حالانکہ عقلاً کوئی وجہ انکار نہیں، سوائے اس کے کہ وہ ہماری نظروں سے اوجھل ہیں اور ہمیں دکھائی نہیں دیتے۔ لیکن کسی چیز کا ہم کو نظر نہ آنا یا اس کی کیفیت کا ہمیں معلوم نہ ہونا اس کے نہ ہونے کی دلیل کب ہے، قرآن مجید و احادیث متواترہ کے نصوص جب صراحت کے ساتھ "جن" کے وجود کو ثابت کر رہے ہیں اور بہت سی حدیثوں میں رویتِ جن کا ذکر بھی ہے تو پھر کسی مسلمان کا ان کو ماننے سے انکار کرنا

[1] مفردات امام راغب۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا معنی، خصوصاً جبکہ ہر زمانے میں بکثرت ایسے سچے لوگ بھی موجود ہیں جو بیان کرتے ہیں کہ ہم نے جن کو مختلف صورتوں میں دیکھا ہے، ایسی صورت میں ان کے وجود سے وہی شخص انکار کرے گا جو بدیہیات کو جھٹلائے اور دیدہ و دانستہ ہٹ دھرمی پر اتر آئے۔

ابن حبان اور حاکم نے ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنوں کی تین قسمیں ہیں، ایک قسم کے پر ہیں وہ ہوا میں اڑتی ہے، دوسری سانپ اور بچھوؤں کی ہے، تیسری قسم (ایک مقام پر کچھ عرصہ) اترتی اور چل دیتی ہے۔[1]

حافظ الحدیث قاضی بدرالدین شبلی حنفیؒ المتوفی ۷۶۹ھ کی کتاب احکام المرجان نے احکام الجان جنوں کے حالات میں ایک مستقل تصنیف ہے جو چھپ کر شائع ہو چکی ہے۔ "جن" کے متعلق تفصیلی معلومات کے لئے اس کا مطالعہ کافی ہے، قادیانیوں نے قرآن میں جہاں جہاں "جن" کا ذکر ہے اس سے انسان ہی مراد لئے ہیں جس کی وجہ سے ان کو جگہ جگہ ایسی تاویلیں کرنی پڑیں کہ ان کو پڑھکر بے اختیار ہنسی آنے لگتی ہے اتنا نہیں سمجھتے کہ قرآن میں ان کی تخلیق شعلۂ آتش سے بیان کی گئی ہے تو کیا انسان بھی آگ سے پیدا ہوئے ہیں حالانکہ حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق صاف تصریح موجود ہے خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ (اللہ نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا) پھر یہ آگ سے پیدا شدہ انسان کون سے آدم کی نسل سے ہیں، پ ۱۸ ب ۸ ب ۹ ب ۱۵ ب ۱۹ ب ۲۲ ب ۲۳ اور ۲ و ۳ و ۱۱ ۱۲ ۱۶ و ۱۸ ۱۷ و ۱۸ ۱۱ و ۱۸ ۱۷ و ۱۸ پ ۲۶ ۲ و ۳ پ ۲۷ ۱۲ پ ۲۹ ۱۱

جَنًّا۔ میوہ، جو عمدہ چیز پھل یا سونا، یا شہد وغیرہ کی جنس سے حاصل کی جائے، وہ جَنًا کہلاتی ہے یہاں میوہ مراد ہے، اَجْنَاءٌ اور اَجْنٍ جمع ہے، پ ۳۰ ۱۳

جَنّٰتٍ، جنتیں، بہشتیں، باغات، جَنَّةٌ کی جمع، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ جَنّٰتٍ بلفظ جمع اللہ تعالیٰ نے اس لئے ارشاد فرمایا ہے کہ جنتیں سات ہیں (۱) جنۃ الفردوس (۲) عَدْن (۳) جنۃ النعیم (۴) دارالخلد (۵) جنۃ المأوی (۶) دارالسلام

[1] فتح الباری ج ۶ ص ۲۴۶۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۷) علیین۔ پ ۳ ع ۳ پ ۴ ع ۱۳ پ ۵ ع ۱۵ پ ۶ ع ۱۳

پ ۷ ع ۱۸ پ ۸ ع ۴ پ ۹ ع ۱۵ پ ۱۰ ع ۱۶ پ ۱۱ ع ۶ پ ۱۲ ع ۱۰ پ ۱۳ ع ۱۰

پ ۱۵ ع ۱۹ پ ۱۶ ع ۱۳ پ ۱۷ ع ۱۴ پ ۱۸ ع ۷ پ ۱۹ ع ۱۲ پ ۲۱ ع ۱۵

پ ۲۲ ع ۱۹ پ ۲۳ ع ۱۳ پ ۲۴ ع ۶ پ ۲۵ ع ۱۶ پ ۲۶ ع ۱۸

پ ۲۰ ع ۱۴ پ ۲۸ ع ۴ پ ۲۹ ع ۱۹ پ ۳۰ ع ۲۳

جُنَاحٌ۔ گناہ، جُنُوحٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی ایک طرف مائل ہونے کے ہیں، اس لئے وہ گناہ جو انسان کو حق سے مائل کردے اور دوسری طرف جھکادے "جُناح" سے موسوم ہوا اور پھر ہر گناہ کے لئے اس کا استعمال ہونے لگا، پ ۲ ع ۲ پ ۲ ع ۱۵

پ ۵ ع ۱۲ پ ۶ ع ۱۳ پ ۱۸ ع ۱۷ پ ۲۱ ع ۳ پ ۲۲ ع ۳ پ ۲۸ ع ۸

جَنَاحٌ۔ بازو، اَجْنِحَۃٌ جمع "جناح" پرندہ کا پر، کسی شے کی جانب اور پہلو اور بازو اور ہاتھ، تینوں معنی کے لئے آتا ہے پہلے معنی کی مثال وَلَا طٰٓئِرٌ یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْہِ (اور نہ پرندہ کہ اُڑتا ہے اپنے دو پروں سے) دوسرے کی مثال وَاضْمُمْ یَدَکَ اِلٰی جَنَاحِکَ (اور ملالے اپنا ہاتھ اپنے پہلو سے) تیسرے کی مثال وَاضْمُمْ اِلَیْکَ جَنَاحَکَ (اور ملا اپنی طرف اپنا ہاتھ) ہے، اور قرآن مجید میں جو وَاخْفِضْ لَہُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَۃِ (اور ان دونوں کے لئے ذلت کا بازو مہربانی سے بچھادے) وارد ہے یہ استعارہ ہے، کیونکہ ذلت کی دو قسمیں ہیں ایک ذلت انسان کو گراتی ہے اور دوسری بڑھاتی ہے اور یہاں چونکہ دوسری قسم کی ذلت مقصود ہے، جس سے اس کا مرتبہ بجائے گھٹنے کے بڑھتا ہے اس لئے جناح کا لفظ بطور استعارہ استعمال کیا گیا ہے یعنی ان کے سامنے ذلت اختیار کر کے رحم و کرم کا وہ برتاؤ پیش کر کہ جو تجھ کو اڑا کر اللہ کی رحمت کے بلند مقام پر پہنچادے، پ ۱۵ ع ۳

جَنَاحِکَ۔ تیرا بازو، تیرا ہاتھ، تیرا پہلو، جَنَاحٌ مضاف لِکَ ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مضاف الیہ، پ ۱۴ ع ۱۶ پ ۱۵ ع ۱۲

جَنَاحَیْہِ۔ اس کے دونوں بازو، جَنَاحَیْ جَنَاحٌ کا تثنیہ ہے، اضافت کے سبب نون تثنیہ حذف ہوگیا ہے ہ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، پ ۷

لہ مفرداتِ راغب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَنْبٌ۔ طرف، پہلو، "الصاحب بالجنب" سے پہلو کا رفیق یعنی قریبی دوست مراد ہے ارشاد الٰہی اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ یّٰحَسْرَتٰی عَلٰی مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْۢبِ اللّٰهِ (ایسا نہ ہو کہ کوئی نفس کہنے لگے اے افسوس اس پر کہ میں نے کمی کی اللہ کی طرف سے) میں جَنْبٌ سے مراد اللہ کا حکم اور اس کی وہ حد ہے جو اس نے ہمارے لئے مقرر فرمائی ہے (ملاحظہ ہو جَانِبٌ) پ ۲۴ س ۳۳

جُنُبٌ۔ دور، اجنبی، جنبی، جَنْبٌ سے فعل کا استعمال معنی کے لئے ہوتا ہے ایک اپنے پہلو پر چل دینا یعنی دور کرنا دور ہونا۔ دوسرے اپنے پہلو پر جھکنا یعنی مائل اور مشتاق ہونا، یہاں جُنُبٌ اول معنی کے اعتبار سے بمعنی مخاطب ہے یعنی دور ایک طرف نذکر مؤنث، مفرد جمع سب کے لئے استعمال ہوتا ہے، جنبی جسے جنابت لاحق ہو، یعنی جس پر غسل واجب ہو، جنبی کو جُنُبٌ اس لئے کہا جاتا ہے کہ جب تک وہ غسل نہ کرے نماز اور مسجد سے دور رہتا ہے۔ پ ۴ ع ۴

جُنُبًا پ ۵ ع ۶

جَنْبِهٖ۔ اس کا پہلو، جَنْبٌ مضاف + ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ (ملاحظہ ہو جَانِبٌ) پ ۱۱ ع ۱

جُنَّةٌ۔ سپر، ڈھال، آڑ، پردہ، جُنَنٌ جمع جَنٌّ سے مشتق ہے، چونکہ ڈھال سے بدن کو چھپایا جاتا ہے، اس لئے اس کو جُنَّةٌ کہتے ہیں۔ پ ۲۸ ع ۲

جَنَّةٌ۔ بہشت، جنت، باغ، جَنٌّ سے مشتق ہے، درختوں والا ہرا بھرا باغ جس کے درخت زمین کو چھپالیں جنت کہلاتا ہے، جنت کو جنت یا تو دنیوی باغات سے تشبیہ دیکر کہا گیا اگرچہ دونوں میں بون بعید ہے یا اس لئے کہ جنت کی نعمتیں ہماری آنکھوں سے مستور ہیں، ارشاد ہے فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ (پس کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے واسطے چھپائی گئی ہے) پ ۱ س ۲ ع ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲ ع ۱۴ و ۱۵ و ۱۶ پ ۲ س ۳ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۴ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۵ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۶ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۷ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۸ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۹ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۰ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۱ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۲ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۳ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۴ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۵ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۶ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۷ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۸ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۱۹ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۰ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۱ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۲ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۳ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۴ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۵ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۶ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۷ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۸ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۲۹ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ پ ۲ س ۳۰ ع ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جِنَّةٌ۔ جنون، سودا، دیوانگی، جَنٌّ سے مشتق ہے، چونکہ دیوانگی عقل کو چھپا دیتی ہے اس لئے اسے جِنَّةٌ کہتے ہیں، پ۹ ع۱۳ پ۱۸ ع۲ پ۲۲ ع۱۲

جِنَّةٍ۔ جنوں کی جماعت، جِنِّیٌّ کی جمع، پ۱۲ ع۱۵ پ۲۱ ع۱۳ پ۳۰ ع۱۲

جَنَّتَيْنِ۔ دو جنتیں، دو بہشتیں، دو باغ، جَنَّةٌ کا تثنیہ بحالت رفع، پ۸ ع۱۳ پ۱۵ ع۱۲

جَنَّتَكَ، تیرا باغ، جَنَّةٌ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، پ۱۵ ع۱۷

جَنَّتَهُ، اس کا باغ، جَنَّةٌ مضاف، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، پ۱۵ ع۱۷

جَنَّتِي، میری جنت، میری بہشت، جَنَّةٌ مضاف۔ ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ پ۳۰ ع۱۲

جَنَّتَيْنِ۔ دو جنتیں، دو بہشتیں، دو باغ، جَنَّةٌ کا تثنیہ بحالت نصب وجر، پ۸ ع۱۳ پ۱۵ ع۱۲

جَنَّتَيْهِمْ۔ ان کے دو باغ، جَنَّتَيْ مضاف هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ن تثنیہ اضافت کے سبب سے حذف ہو گیا ہے پ۲۲ ع۱۲

جَنَحُوا۔ وہ جھکے، جُنُوحٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو اجْنَحْ) پ۱۰ ع۱۲

جُنُدٌ۔ لشکر، فوج، جُنْدٌ سے ماخوذ ہے، جَنَدٌ اس سخت زمین کو کہتے ہیں جس میں پتھروں کا ڈھیر ہو، پھر ہر گروہ اور جماعت کو جُنُدٌ کہنے لگے، پ۲۳ ع۱۰ پ۲۵ ع۱۴ پ۲۹ جُنْدًا ع۱۶

جُنْدَنَا، ہمارا لشکر، ہماری فوج، جُنْدَ مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، پ۲۳ ع۹

جَنَفًا۔ ظلم، کجی، طرفداری، فیصلہ میں ایک طرف جھک پڑنا، مصدر ہے، پ۲ ع۲

جُنُوبِكُمْ۔ تمہارے پہلو، جُنُوبٌ، جَنْبٌ کی جمع مضاف ہے، كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ (ملاحظہ ہو جَنْبٌ اور جَانِبٌ) پ۵

جُنُوبُهَا، ان کے پہلو، جُنُوبٌ مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ پ۱۷

جُنُوبُهُمْ ان کے پہلو، جُنُوبٌ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ پ۴ ع۱۱ پ۱۱ ع۲ پ۱۴ ع۱۵

جُنُودٌ۔ لشکر، فوجیں، جُنْدٌ کی جمع پ۲ ع۱۲ پ۳ ع۱۲ پ۴ ع۱۱ پ۱۰ ع۹ پ۱۰ ع۱۴ پ۱۱ ع۱۸ پ۲۱ ع۴ پ۲۶ ع۴ پ۲۷ ع۱۴ پ۲۸ ع۱۰ جُنُودًا۔

جُنُودِهِ۔ اس کے لشکر، اس کی فوجیں، جُنُودِ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ پ۱۶ ع۱۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جُنُودَهُمَا۔ ان دونوں کے لشکر، ان دونوں کی فوجیں، جُنُودَ مضاف، هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب مضاف الیہ ۲۰

جَنِيًّا۔ تازہ چنا ہوا میوہ جَنْيٌ سے، بروزن فَعِيلٌ صفت مشبہ کا صیغہ ہے، ۱۶

فصل الواو

جَوٍّ۔ ہوا، جَوَاءٌ اور اَجْوَاءٌ جمع، ۱۴

جَوَابٌ، جواب، جَوْبٌ سے مشتق ہے جس کے معنی قطع کرنے کے ہیں چونکہ جواب بھی فضا کو قطع کر کے کہنے والے کے منہ سے سننے والے کے کانوں تک پہنچتا ہے، اس لئے جواب کہلاتا ہے، اَجْوِبَةٌ جمع لیکن جواب ابتدائی گفتگو کے لئے نہیں بلکہ بعد کے کلام کے ساتھ مخصوص ہے جو سوال کے مقابلہ میں واقع ہو۔

۵ ۱۴ ۲۰ ۱۵

جَوَابٍ تالاب، حوض، جَابِيَةٌ کی جمع ہے جس کے معنی بڑے حوض کے ہیں، ۳۲

جَوَارٍ کشتیاں، جہاز، جَارِيَةٌ کی جمع (ملاحظہ ہو جَارِيَة) ۲۵ ۲۷ ۳۲

جَوَارِح۔ شکاری جانور، زخمی کرنے والے جَارِحَةٌ کی جمع جس کے معنی شکاری جانور کے ہیں خواہ پرندہ ہو یا درندہ جَرْحٌ سے مشتق ہے جس کے معنی زخمی کرنے کے ہیں۔ "جوارح" کو جوارح اسی لئے کہا جاتا ہے کہ وہ زخمی کر دیتے ہیں، ۶

جُودِيّ۔ ایک پہاڑ کا نام ہے جو ملکِ شام میں ہے، مجاہد سے صحیح بخاری میں روایت ہے کہ جودی جزیرہ میں ایک پہاڑ ہے۔[1] ۴۴

جُوعٌ، بھوک، ۲ ۱۱۲ ۱۲۶ ۲۰ ۳۱۵

جَوْفٌ اس کے اندر، اس کا پیٹ، اندرونی حصہ جو خالی ہو جَوْفٌ کہلاتا ہے، مضاف ہے ہ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۲۱۷

فصل الهاء

جِهَادٍ۔ جہاد، اللہ کی راہ میں لڑنا، محنت کوشش، جَاهَدَ يُجَاهِدُ کا مصدر ہے، دشمن کے مقابلہ میں جو کچھ بن سکے کر گزرنے کا نام جہاد ہے۔ جہاد تین طرح کا ہوتا ہے، دشمنانِ دین سے، شیطان سے، اور نفس سے اور

[1] صحیح بخاری کتاب الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تین چیزوں سے کیا جاتا ہے زبان سے ہاتھ سے اور دل سے، پ۱۰ ع۱۲ ۲۵

جِهَادِهٖ۔ اس کی محنت، اس کا جہاد، جِهَادِ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ پ۱۷ ع۱۲

جِهَارًا۔ پکارنا، بلند آواز کرنا علی الاعلان کھلم کھلا، برملا، جَاهَرَ یُجَاهِرُ کا مصدر ہے۔ پ۲۹ ع۹

جِهَازِهِمْ۔ سان کا سامان، ان کا اسباب، جس سازوسامان کی تیاری کی جائے جَهَازٌ کہلاتا ہے، اَجْهِزَةٌ جمع ہے مضاف ہے، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، پ۱۳ ع۳ ۲

جَهَالَةٍ۔ نادانی۔ جَهِلَ یَجْهَلُ کا مصدر ہے۔ جہالت کی تین قسمیں ہیں (۱) علم سے خالی ہونا، یہ اصل معنی ہیں (۲) کسی شئے کے متعلق غلط اعتقاد رکھنا (۳) کسی فعل کے انجام دینے کا جو حق ہے اس طرح انجام نہ دینا خواہ اس فعل کے متعلق اعتقاد صحیح ہو یا غلط مثلاً دیدہ ودانستہ نماز کا چھوڑ دینا، آیت شریفہ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو اللہ فرماتا ہے تم کو ذبح کرو ایک گائے، بولے کیا تو پکڑتا ہے ہم کو شئے میں، کہا پناہ اللہ کی اس سے کہ میں ہوں نادانوں میں) میں جو شئے کو جہالت قرار دیا گیا وہ اسی اعتبار سے ہے کہ شئے کے طور پر گائے کی قربانی کے لئے کہہ دینا ایک نازیبا فعل ہے جو جہالت میں داخل ہے، یہ بھی واضح رہے کہ جَاهِل کا لفظ ہمیشہ مذمت ہی کے لئے نہیں آتا بلکہ کبھی کبھی بغیر مذمت کے بھی اس کا ذکر ہوتا ہے جیسے يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاۗءَ مِنَ التَّعَفُّفِ (جاہل نہ مانگنے کے سبب سے ان کو دولتمند سمجھے) کہ سیاق بتلاتا ہے کہ یہاں جاہل کی مذمت مقصود نہیں ہے پ۴ ع۱۴ پ۱۲ ع۲۱ پ۱۳ ع۲۶

جَهْدَ۔ تاکید، پوری کوشش، طاقت، مشقت جَهَدَ یَجْهَدُ کا مصدر ہے، اس کے معنی پورے طور پر کوشش ومشقت کرنے کے ہیں، اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ (یعنی انھوں نے پوری کوشش سے قسمیں کھائیں) پ۶ ع۱۹ پ۱۱ ع۱۴ پ۱۸ ع۱۲ پ۲۲ ع۱۷

جُهْدَهُمْ۔ ان کی مشقت، ان کی محنت جُهْدَ مضاف، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ پ۱۰ ع۱۱

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَهَرَ زور سے کہنا، ظاہر کرنا، اصل میں دیکھنے یا سننے میں کسی چیز کے کھلم کھلا ظاہر ہونے کا نام ہے۔ ب ۶ ع ۱۴ ب ۹ ع ۱۳ ب ۲۶ ع ۱۲ ب ۲۰ ع ۱۲

جَهْرًا ب ۱۶ ع ۱۴

جَهَرَ اس نے ظاہر کیا۔ اس نے زور سے کہا **جَهَرَ** سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ب ۸ ع ۱۳

جَهْرُكُمْ تمہارا ظاہر کرنا، تمہارا زور سے کہنا، تمہارا کھلا، **جَهْرَ** مضاف، **كُمْ** ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، ب ۷

جَهْرَةً آشکارا، روبرو، کھلم کھلا، **جَهَرَ يَجْهَرُ** کا مصدر ہے، ب ۲ ب ۶ ع ۱۴

جَهَّزَهُمْ اس نے ان کے لئے تیار کر دیا **جَهَّزَ تَجْهِيزٌ** سے، جس کے معنی سامان تیار کر دینے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب **هُمْ** ضمیر جمع مذکر غائب ب ۱۳ ع ۲

جَهَنَّمَ جہنم۔ دوزخ کے ایک طبقہ کا نام ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ اصل میں فارسی لفظ تھا۔ جہنام معرب کر لیا گیا ہے، ب ۲ ب ۸ ع ۱۱ ب ۵ ب ۶ ب ۹ ع ۱۲ ب ۱۰ ب ۱۳ ع ۱۲ ب ۱۵ ع ۱۲ ب ۱۶ ع ۲ ب ۱۷ ع ۱۴ ب ۱۹ ع ۱۲

ب ۲۱ ع ۱۵ ب ۲۲ ع ۱۴ ب ۲۴ ع ۱۳ ب ۲۵ ع ۱۶ ب ۲۶ ع ۱۴ ب ۲۸ ع ۱۲ ب ۲۹ ع ۱۲ ب ۳۰ ع ۱۲

جَهُولًا بڑا نادان، بڑا جاہل، **جَهْلٌ** اور **جَهَالَةٌ** سے بروزن **فَعُولٌ** مبالغہ کا صیغہ، ب ۲۲

فصل الیاء المثناۃ

جِيَادُ خاصے، تیز رو، **جَوَادٌ** کی جمع **جَوَادٌ** اس تیز رو گھوڑے کو کہتے ہیں جو اپنی پوری دوڑ ختم کر ڈالے۔ ب ۲۳

جَيْبِكَ تیرا گریبان، **جَيْبٌ** بمعنی گریبان مضاف ہے، **كَ** ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ ب ۱۶ ع ۱۱ ب ۱۷ ع ۲

جِئْتَ تو لایا، تو آیا، **مَجِيءٌ** سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو **جَاءَ**) ب ۸ ع ۹ ب ۱۵ ع ۱۲

جِئْتِ تو لائی، تو آئی، **مَجِيءٌ** سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث حاضر، ب ۱۶

جِئْتُكَ میں تیرے پاس لایا، میں تیرے پاس آیا **جِئْتُ جِئْتَ** سے ماضی کا صیغہ واحد متکلم **كَ** ضمیر واحد مذکر حاضر ب ۱۹ ع ۱۲

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جِئْتُكُمْ۔ میں تمہارے پاس لایا، میں تمہارے پاس آیا، اس میں کم ضمیر جمع مذکر حاضر ہے

ب ۳ ع ۳ ۲۵

جِئْتُمْ۔ تم آئے، تم لائے، مجئ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ب ۱۱ ع ۹

جِئْتُمُونَا۔ تم ہمارے پاس آپہنچے، اس میں واو اشباع کا نا ضمیر جمع متکلم ہے، ب ۱۲ ع ۱۸

جِئْتَنَا۔ تو ہمارے پاس آیا، تو ہمارے پاس لایا جِئْتَ ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر، نا ضمیر جمع متکلم ہے ب ۵ ع ۹ ب ۱۱ ع ۱۲ ب ۱۲ ع ۱۵ ب ۱۳ ع ۳

جِئْتُهُمْ۔ تو ان کے پاس آیا، تو ان کے پاس لایا، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، ب ۵ ع ۹

جِيدِهَا، اس کی گردن جِيدٌ معنی گردن، جُيُودٌ اور أَجْيَادٌ جمع، جِيدِ هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ ب ۳۰ ع ۳۶

جُيُوبِهِنَّ، ان کے گریبان، جُيُوبِ جَيْبٌ کی جمع مضاف ہے، هِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ ب ۱۸

جِيءَ، وہ لایا گیا، مجئ سے، ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب، ب ۱۲ ع ۳۰

جِئْنَا۔ ہم آئے، مجئ سے۔ ماضی کا صیغہ جمع متکلم ب ۵ ع ۹ ب ۱۳ ع ۳ ب ۱۳ ع ۱۵ ب ۱۳ ع ۱۶ ب ۱۳ ع ۲۵

جِئْنَاكَ۔ ہم تیرے پاس لائے ہیں، ہم تیرے پاس آئے ہیں، اس میں كَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے ب ۱۲ ع ۱۱ ب ۱۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب الحاء المهملة

فصل الالف

حَاجَّ۔ اس نے جھگڑا کیا، مُحَاجَّۃٌ سے جس کے معنی باہم حجت کرنے یعنی ہر ایک کے دوسرے کو اس کی دلیل اور راہ سے ہٹانے کی خواہش کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۳/۳

حَاجِّ۔ حاجی، حج کرنے والے، اسم جمع ہے بمعنی حُجَّاجٌ کے، ۲۲/۱

حَاجَةً، حاجت، ضرورت، خواہش، خطرہ، کام، غرض، حَوَائِجُ اور حَاجَاتٌ جمع۔ ۳/۲ ۱۳/۱۴ ۲۵/۴

حَاجَجْتُمْ۔ تم نے جھگڑا کیا، تم نے حجت کی مُحَاجَّۃٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر ۳/۱۵

حِجَابًا۔ حجاب، پردہ، اوٹ، روک، آڑ، حَجْزٌ سے جس کے معنی دو چیزوں کو آڑ کے ذریعہ ملنے سے روک دینے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر، ۲۲/۱

حَاجِزِيْنَ۔ باز رکھنے والے، روکنے والے حَاجِزٌ کی جمع بحالت نصب و جر، ۲۹/۶

حَاجَّكَ۔ اس نے تجھ سے جھگڑا کیا، حَاجَّ مُحَاجَّۃٌ سے، ماضی کا صیغہ ۳ ضمیر واحد مذکر حاضر، ۳/۱۴

حَاجُّوْكَ۔ انھوں نے تجھ سے جھگڑا کیا، حَاجُّوْا مُحَاجَّۃٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۳ ضمیر واحد مذکر حاضر، ۳/۳

حَاجَّهٗ۔ اس نے جھگڑا کیا، حَاجَّ ماضی کا صیغہ ۳ ضمیر واحد مذکر غائب، ۳/۶۵

حَادَّ۔ وہ مخالف ہوا، اس نے مقابلہ کیا۔ مُحَادَّۃٌ سے جس کے معنی لڑنے اور مخالفت کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۲۵/۲

حٰذِرُوْنَ۔ ڈرنے والے، خطرہ رکھنے والے مسلح، ہتھیار لگانے والے، حَذَرٌ سے جس کے معنی کسی خوفناک بات سے بچنے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، حَاذِرٌ کی جمع ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَاذِرُوْنَ کے معنی اصل میں خطرہ سے بچنے والے کے ہیں اور چونکہ ہتھیار خطرہ سے بچنے ہی کے لئے باندھتے ہیں اس لئے ہتھیار بند اور مسلح کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے یہاں دونوں معنی بن سکتے ہیں، پ۱۹ ع۸

حَارَبَ۔ اس نے جنگ کی، وہ لڑا۔ مُحَارَبَۃٌ سے، جس کے معنی باہم جنگ کرنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب پ۱۱ ع۲

حَاسَبْنٰهَا۔ ہم نے اس سے حساب لیا، حَاسَبْنَا مُحَاسَبَۃٌ سے، جس کے معنی باہم حساب کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ، جمع متکلم ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب، پ۱۸ ع۲

حَاسِبِیْنَ۔ حساب لینے والے، حِسَابٌ سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر حِسَابٌ کی جمع بحالتِ نصب و جر (ملاحظہ ہو حساب) پ۱۷ ع۴

حَاسِدٍ۔ حسد کرنے والا، ہونے والا حَسَدٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر (ملاحظہ ہو تَحْسُدُوْنَنَا) پ۳۰ ع۲۸

حَاشَ۔ حاشا، پاک ہے، دور ہے۔ امام راغب فرماتے ہیں۔

"ابو عبیدہ کا بیان ہے کہ حاش کا مطلب تنزیہ اور استثنا ہے، ابو علی فسوی کہتے ہیں کہ حاش اسم نہیں ہے کیونکہ حرف جر اس جیسے لفظ پر نہیں آتا اور نہ حرف ہے کیونکہ حرف جب تک مضاعف نہ ہو اس میں سے حذف نہیں ہوتا۔ حالانکہ حاش اور حاشیٰ دونوں طرح بولتے ہیں۔ پس بعض تو حاش کو اس کے باب کی اصل قرار دیکر لفظ حوش (یعنی وحشی) سے مشتق مانتے ہیں جس سے کہ حوشی الکلام (کلام وحشی) ہے۔ . . . اور بعض اس پر محمول کرتے ہیں کہ یہ حشی کا مقلوب ہے جس سے "حاشیہ" بنا ہے۔[1]

امام جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں۔

"ارشاد الٰہی حَاشَا لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْءٍ (پاکی ہے اللہ کے لئے ہم نہیں جانتے اس پر کچھ برائی) اور حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا (پاکی ہے اللہ کے واسطے نہیں یہ شخص آدمی) میں "حاشا" اسم ہے فعل اور حرف نہیں ہے، دلیل یہ ہے کہ بعض کی قرارت حَاشَا لِلّٰهِ تنوین کے ساتھ ہے۔ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرارت حَاشَا اللّٰهِ اضافت کے ساتھ ہے جیسے معاذ اللہ اور

[1] مفردات امام راغبؒ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبحان اللہ نیز وہ قرأت سبعہ میں لام پر داخل ہوا ہے، حالانکہ جار جار پر داخل نہیں ہوتا اور قرأت سبعہ میں جو تنوین متروک ہے وہ اس سبب سے ہے کہ چونکہ وہ حاشا حرفیہ سے لفظوں میں مشابہ ہے اس لئے بنی ہے۔ اس کے مبنی ہونے کی بنا پر ہی ایک جماعت کا خیال ہے کہ یہ اسم فعل ہے جس کے معنی ابتراء اور تبرأت کے ہیں یعنی میں بیزار ہوں لیکن اس خیال کو اس بنا پر رد کر دیا گیا کہ وہ بعض لغات میں معرب بھی استعمال ہوا ہے اور مبرد اور ابن جنی نے اس کو فعل سمجھا ہے اور آیت کے معنی کئے ہیں جانب یوسف للعصمۃ لاجل اللہ (یوسف اللہ کے لئے معصیت سے دور رہے) مگر حاش اللہ کے یہ معنی دوسری آیت میں نہیں بن سکتے۔ فارسی کا بیان ہے کہ حاشا فعل ہے حشا سے بنا ہے جس کے معنی ناحیہ یعنی طرف کے ہیں اس اعتبار سے اس کے معنی ہوئے صار فی ناحیۃ (وہ ایک طرف رہا) یعنی جو الزام ان کو لگایا گیا اس سے دور اور علیحدہ رہے اور نہ اس فعل کا ارتکاب کیا اور نہ اس سے ملوث ہوئے۔ قرآن مجید میں حاشا بہر حال استثنائیہ ہی ہے۔ پ ۱۲ ع ۱۴ و ۱۶

حٰشِرِیْنَ۔ نقیب، اکٹھے کرنے والے، جمع کرنے والے، حَشْرٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، بحالت نصب وجر، ملاحظہ ہو اُحْشُرْ پ ۹ ع ۱۲ پ ۱۹ ع ۸

حَاصِبًا۔ بادسنگبار، پتھروں کا مینہ، ہوا کا پتھراؤ۔ سخت آندھی، نیز وہ پتھراؤ جو تند ہوا میں ہو خاصب کہلاتا ہے، حَصْبَاءُ سے مشتق ہے۔ حصباء کنکریوں کو کہتے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر پ ۱۵ ع ۱۹ پ ۲۷ ع ۲

حَاضِرًا۔ حاضر، سامنے، روبرو، حُضُوْرٌ سے جس کے معنی حاضر ہونے اور سامنے موجود ہونے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ، واحد مذکر پ ۱۵ ع ۱۸

حَاضِرَةَ الْبَحْرِ۔ لب دریا، سمندر کے کنارے حَاضِرَةَ حُضُوْرٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث مضاف ہے اَلْبَحْرِ مضاف الیہ بحر قلزم مراد ہے، پ ۹ ع ۱۱

حَاضِرِی باشندے، رہنے والے، حَضَارَةٌ سے جس کے معنی شہر میں رہنے کے ہیں۔

۱؎ اتقان فی علوم القرآن ج ۱ ص ۱۶۱ و ۱۶۲ طبع مصر ۲؎ صحیح البخاری کتاب بدء الخلق باب صفۃ النار وانہا مخلوقۃ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، اصل میں حَافِظِیْنَ تھا، اضافت کے سبب نون جمع حذف ہوگیا۔ ۲ ب

حَافِرَۃ۔ پہلی حالت، اُلٹے پاؤں، زمین، حَفْرٌ سے جس کے معنی زمین کھودنے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث عرب میں "حافرہ" اُلٹے پاؤں لوٹنے اور پہلی حالت پر پلٹنے کے لئے ضرب المثل ہوگیا ہے انسان جس راستہ آیا اُلٹے پاؤں اسی راستہ پلٹا تو چلنے کے سبب قدموں کے نشانات سے جو زمین کھدی اسی نسبت سے "حافرہ" کہلائی، یا قابل کو فاعل سے تشبیہ دیکر "حافرہ" کہدیا، امام بغوی لکھتے ہیں۔

"اور بعض کا قول ہے کہ "حافرہ" کے معنی روئے زمین کے ہیں جس میں ان کی قبریں کھدتی ہیں، اس کا نام حافرہ بمعنی محفورہ ہے جیسے عیشۃ راضیۃ بمعنی مرضیہ کے ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ "حافرہ" یوں نام پڑا کہ وہ مستقر حوافر ہے یعنی سموں اور کھروں کے ٹکنے کی جگہ ہے"[1] ۳ ب

حَافِظٌ۔ نگہبان، حفاظت کرنے والا حِفْظٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر "حفظ" کبھی تو اس ہیئت نفس کو کہا جاتا ہے جس کے ذریعے جو چیز سمجھ میں آتی ہے قائم رہتی ہے اور کبھی دل میں یاد رکھنے کو کہتے ہیں جس کی ضد نسیان ہے اور کبھی قوت حافظہ کے کام میں لانے کے لئے استعمال ہوتا ہے، نیز ہر قسم کی جستجو اور نگہبانی اور نگرانی کے لئے بھی بولا جاتا ہے اور یہاں یہی اخیر معنی مراد ہیں ۱۱ س

حَافِظًا۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔ امام حلیمی نے اس کے معنی لکھے ہیں الصائن عبدہ عن اسباب الھلکۃ فی دینہ ودنیاہ (جو اپنے بندے کو دینی اور دنیوی معاملات میں ہلاکت کے اسباب سے بچائے) ۲ ب ۱۳ س

حَفِظٰتٍ۔ نگہبانی کرنے والیاں، حَافِظَۃٌ کی جمع، حِفْظٌ سے اسم فاعل کا صیغہ، جمع مؤنث، ۵ ب ۱۲ س۔

حَافِظُوْا۔ تم خبردار رہو، تم محافظت کرو تم نگرانی رکھو۔ مُحَافَظَۃٌ سے جس کے معنی

---

[1] معالم التنزیل ج ۷ ص ۱۰۱ طبع مصر۔ [2] کتاب الاسماء والصفات امام بیہقی ص ۲۰ طبع انوار احمدی الہ آباد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسی چیز کی نگہداشت اور نگرانی کرنے کے ہیں، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ ۱۲

حَافِظُوْنَ۔ نگرانی کرنے والے، نگاہ رکھنے والے، حفاظت کرنے والے، نگہبان حَافِظٌ کی جمع حِفْظٌ سے اسم فاعل کا صیغہ، جمع مذکر بحالت رفع پ ۱۲ پ ۱۳ پ ۱۴ پ ۱۵ پ ۱۹

حَافِظِيْنَ۔ نگہبانی کرنے والے، حفاظت کرنے والے۔ حَافِظٌ کی جمع بحالت نصب و جر پ ۱۳ پ ۱۷ پ ۱۲ پ ۳۰

حَافِيْنَ۔ گرداگرد، گھیرنے والے، حَفٌّ سے جس کے معنی ارد گرد سے گھیر لینے کے ہیں، اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، پ ۲۴

حَاقَ۔ اس نے گھیر لیا، وہ الٹ پڑا، وہ نازل ہوا، (ضَرَبَ) حَيْقٌ سے، جس کے معنی گھیر لینے اور نازل ہونے کے ہیں، ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب، بعض کا خیال ہے کہ یہ اصل میں حَيَقَ تھا جو بدل کر حَاقَ ہو گیا۔ جیسے زَلَّ اور زَالَ اور ذَمَّ اور ذَامَ، پ ۷ پ ۱۲ پ ۱۴ پ ۱۷ پ ۱۲ و ۱۴ پ ۲۴ پ ۲۵ پ ۲۶

حَاقَّةُ۔ حق ہونے والی، ثابت ہونے والی حَقٌّ سے، جس کے معنی حق اور ثابت ہونے کے ہیں۔ اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث، یہاں روز قیامت مراد ہے، پ ۲۹

حٰكِمِيْنَ۔ حکم کرنے والے، فیصلہ کرنے والے حُكْمٌ سے بمعنی فیصلہ کرنے کے اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، پ ۸ پ ۱۱ پ ۱۲ پ ۱۳ پ ۳۰

حَالَ۔ وہ حائل ہو گیا، وہ بیچ میں آ پڑا (نَصَرَ) حَوْلٌ سے جس کے معنی کسی شے کے متغیر ہونے اور دوسرے سے جدا ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، اور چونکہ حائل ہونے اور بیچ میں آ پڑنے میں دوسرے سے جدائی ضروری ہے، اس لئے اس معنی میں بھی اس کا استعمال ہوتا ہے، پ ۱۲

حَامٍ۔ حامی، جگالنے والا اونٹ، شاہ عبدالقادر صاحب موضح القرآن میں فرماتے ہیں، "جس اونٹ کی پشت سے دس بچے پورے ہوتے لائق سواری کے اور بوجھ کے اس باپ کو لادنا موقوف کرتے اور چارے پانی پر سے نہ ہانکتے وہ "حامی" تھا" پ ۷

حَامِدُوْنَ۔ تعریف کرنے والے، شکر کرنے والے، سراہنے والے۔ حَمْدٌ سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر، حَامِدٌ کی جمع (ملاحظہ ہو حَمْدٌ) پ ۱۱

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَمِلَتْ۔ اٹھانے والیاں، حَامِلَۃٌ کی جمع حَمْلٌ سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مؤنث، (ملاحظہ ہو تَحْمِلُ اور حَمْلًا) ۱۸/۲۶

حَامِلِيْنَ۔ اٹھانے والے، حَامِلٌ کی جمع، حَمْلٌ سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر ۱۳/۲۰

حَامِيَةً دہکتی ہوئی، جلتی ہوئی، حَمِیٌّ سے، جس کے معنی دہکنے اور گرم ہونے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ واحد مؤنث، ۱۳/۲۰ و ۱۶/۲۰

فصل الباء الموحدۃ

حُبٌّ۔ محبت، حَبَّ یَحِبُّ کا مصدر ہے، جو چیز پسند ہو یا جو شے اچھی معلوم ہو اس کے چاہنے کا نام حُب اور محبت ہے، محبت کی تین صورتیں ہیں یا تو کسی لذت کے سبب سے ہوتی ہے جیسے مرد کا عورت سے محبت کرنا آیت شریفہ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا (اور اس کی محبت میں محتاج کو کھانا کھلاتے ہیں) میں اسی محبت کا ذکر ہے، یا کسی نفع کے باعث جس طرح کہ نفع دینے والی چیزوں سے محبت کرتے ہیں، آیت شریفہ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ (اور ایک بات جس کو تم چاہتے ہو مدد اللہ کی طرف سے اور فتح نزدیک) میں یہی محبت مراد ہے، یا کسی فضیلت کی بنا پر جس طرح کہ اہل علم باہم علم کی وجہ سے محبت رکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے بندہ سے محبت کرنے کا مطلب اس پر انعام و نوازش فرمانا ہے اور بندے کے اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے کے معنی اس کا قرب طلب کرنے کے ہیں ۲/۲ ۳/۳ ۱۳/۳ ۲۵/۳

حُبًّا ۲/۲ ۱۲/۲ ۱۴/۳

حَبٌّ۔ دانہ، غلہ، اناج، گندم اور جو وغیرہ اناج کے دانہ کو حَبٌّ اور حَبَّۃٌ کہتے ہیں

حُبُوْبٌ جمع، ۱۸/۶ ۱۵/۲۶ ۱۱/۲۷

حَبًّا ۱۸/۷ ۲/۷۸ ۱۵/۳۰

حَبَّةٍ ۳/۳۱ ۱۲/۷۱ ۱۱/۲۱

حِبَالُهُمْ۔ ان کی رسیاں، حِبَالٌ حَبْلٌ کی جمع ہے جس کے معنی رسی کے ہیں مضاف ہُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ۱۳/۲۶ ۱۱/۲۸

حَبَّبَ۔ اس نے محبت ڈالی، اس نے پیارا کر دیا۔ اس نے محبوب بنا دیا، تَحْبِيْبٌ سے جس کے معنی دوست بنا دینے اور محبوب کر دینے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۲۶/۱۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَبِطَ۔ وہ اکارت ہوا، وہ ضائع ہوا، وہ نابود ہوا، وہ مٹ گیا، (سمع) حَبْطٌ سے، جس کے معنی کام کے اکارت ہونے اور ضائع ہو جانے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو اَحْبَطَ) ۲ پ ۲ ع ۱۳

حَبِطَتْ۔ وہ اکارت ہو گئے، وہ مٹ گئے وہ ضائع ہو گئے، حَبْطٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب (ملاحظہ ہو بُتَّتْ) ۲ ع ۲۱ ۳ ع ۲ ۹ ع ۱۵ ۱۰ ع ۱۳

حُبُكِ۔ راہیں، یا تو حَبِيْكَةٌ کی جمع ہے جیسے طَرِيْقَةٌ اور طُرُقٌ ہے یا حِبَاكٌ کی جمع ہے جیسے مثال اور مُثُلٌ ہے۔ حَبِيْكَةٌ اور حِبَاكٌ دونوں کے معنی ستاروں کی راہ کے آتے ہیں، ۲۶ ع ۱۸

حَبْل۔ رسی، عہد، پیمان، حَبْلٌ کے معنی اصل میں تو رسی کے ہیں مگر مجازاً عہد و پیمان کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، ۴ ع ۱۳ ۳۰ ع ۳۶

حَبْلُ الْوَرِيْدِ۔ رگِ جان۔ شہ رگ، دھڑکتی رگ، گردن کی رگ مراد ہے جس میں جان پھرتی ہے، دل سے دماغ تک اس کے کٹنے سے موت ہے[1]۔ چونکہ رگ بھی ہیئت میں رسی سے ملتی جلتی ہے اس لئے شہ رگ کو "حبل الورید" کہتے ہیں۔ ۲۶ ع ۱۶

حُبِّهٖ۔ اس کی محبت، حُبِّ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۳ ع ۲۹ ۱۴

فصل التاء المثناة

حَتْمًا۔ ضرور، لازم، قضاء مقدر۔ یعنی طے شدہ فیصلہ الٰہی کا نام "حتم" ہے، ۱۶ ع ۸

حَتّٰى، جب تک، یہاں تک، علامہ سیوطی لکھتے ہیں "حَتّٰى حرف جر ہے اِلٰی کی طرح انتہاء غایت کے لئے آتا ہے مگر چند باتوں میں دونوں الگ ہو جاتے ہیں، منجملہ ان کے حَتّٰى جن باتوں میں جدا ہے وہ یہ ہیں کہ وہ صرف اسم ظاہر اور اس اسم آخر کو جر دیتا ہے کہ جس سے پہلے ذی اجزاء یعنی تقسیم ہونے والا ہو اور یہ اس سے ملا ہوا ہو جیسے سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (سلامتی ہے وہ یہاں تک کہ فجر طلوع ہو) اور اس کی پہلے جو فعل تھا اس کے فاعل کو اکر کے ختم ہو جانے کا پتہ دیتا ہے اور ابتداء غایت کے مقابل استعمال

[1] موضح القرآن

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوتا اور اس کے بعد مضارع جو اَنْ مقدرہ کے سبب منصوب ہو واقع ہوتا ہے اور دونوں مصدر مجرور کے معنی میں ہوتے ہیں۔ اس صورت میں حَتّٰی تین معنی میں آتا ہے (۱) اِلٰی (تک) کے ہم معنی ہوتا ہے جیسے لَنْ نَّبْرَحَ عَلَیْهِ عٰكِفِیْنَ حَتّٰی یَرْجِعَ اِلَیْنَا مُوْسٰی (ہم اسی پر لگے بیٹھے رہیں گے جب تک موسیٰ ہمارے پاس پھر کر آئے) کہ اِلٰی رجوعہ (اس کی واپسی تک کے معنی ہیں (۲) کی تعلیلیہ (تاکہ) کے ہم معنی جیسے وَلَا یَزَالُوْنَ یُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰی یَرُدُّوْكُمْ (اور وہ تو لگے ہی رہتے ہیں تم سے لڑنے کو یہاں تک کہ تم کو پھیر دیں) اور لَا تُنْفِقُوْا عَلٰی مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَنْفَضُّوْا (مت خرچ کرو ان پر جو پاس رہتے ہیں رسول اللہ کے یہاں تک کہ بھاگ جائیں) اور کسی جگہ دونوں کے معنی بن سکتے ہیں جیسے فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰی تَفِیْٓءَ اِلٰٓی اَمْرِ اللّٰهِ (تو سب لڑو اس چڑھائی والے سے جب تک کہ پھر آئے اللہ کے حکم کی طرف) (کہ یہاں اِلٰی اور کَیْ دونوں کے معنی صحیح ہیں)

(۳) اِلَّا کے ہم معنی استثنا میں ابن مالک وغیرہ نے اس کی مثال وَمَا یُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰی یَقُوْلَآ (اور وہ دونوں کسی کو نہیں سکھاتے یہانتک کہ کہدیتے ہیں) کو قرار دیا ہے۔

حَتّٰی ابتدائیہ بھی ہوتا ہے یعنی ایسا حرف کہ جس کے بعد جملوں کی ابتدا ہوتی ہے۔ چنانچہ اسمیہ، فعلیہ، مضارع، ماضیہ سب پر آتا ہے جیسے حَتّٰی یَقُوْلَ الرَّسُوْلُ (لام کے) پیش کے ساتھ اور حَتّٰی عَفَوْا وَّقَالُوْا۔ اور حَتّٰٓی اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ۔ ابن مالک نے یہ ادعا کیا ہے کہ وہ اس آیت میں اِذَا کا اور اگلی دو آیتوں میں اَنْ مضمرہ کا جارہ واقع ہوا ہے لیکن اکثر کی رائے اس کے برخلاف ہے اور حَتّٰی عاطفہ بھی آتا ہے مگر میرے علم میں قرآن کے اندر عطف کے لئے نہیں آیا ہے، کیونکہ اس کے ذریعہ عطف بہت کم ہوتا ہے اسی لئے کوفیوں نے تو سرے سے اس کے عاطفہ ہونے ہی سے انکار کر دیا ہے[1]

۱	۲	۳
۱۲ و ۱۳ و ۱۴	۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴	۱ و ۶ و ۱۰
۴	۵	۶
۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۴	۴ و ۶ و ۷ و ۹	۸ و ۱۲
۷		
۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲		

[1] الاتقان ج ۱ ص ۱۶۲ طبع مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب ۲ د ۵ د ۶ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۴ و ۱۸ ب ۹ ۲ و ۱۶ ب ۱۰ ۳ و ۵ و ۶ و

ب ۱۰ ۷ و ۹ و ۱۰ و ۱۳ ب ۱۱ ۳ و ۸ و ۱۴ و ۱۵ و ۱۶ ب ۱۲ ۴ و ۱۴

ب ۱۳ ۲ و ۴ و ۶ و ۸ و ۱۰ ب ۱۴ ۲ و ۴ ب ۱۵ ۲ و ۴ و ۱۰ و ۲۱ و ۲۲

ب ۱۶ ۱ و ۳ و ۸ و ۱۴ ب ۱۷ ۳ و ۴ و ۷ و ۱۴ ب ۱۸ ۳ و ۴ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۵ و ۱۷

ب ۱۹ ۱۵ و ۱۸ ب ۲۰ ۳ و ۶ و ۹ ب ۲۲ ۹ و ۲ ب ۲۳ ۹ و ۱۲ ب ۲۴ ۵ و ۹ و ۱۷

ب ۲۵ ۱ و ۹ و ۱۰ و ۱۳ ب ۲۶ ۲ و ۵ و ۶ و ۸ و ۱۳ ب ۲۷ ۴ و ۱۸ ب ۲۸ ۷ و ۱۳ و ۱۷

ب ۲۹ ۸ و ۱۴ و ۱۹ ب ۳۰ ۲۲ و ۲۳ و ۲۴

یہ بھی واضح رہے کہ اگر حتّٰی کے بعد دخولِ غایت کے لئے کوئی دلیل موجود ہو تب تو اس پر عمل ظاہری ہے اور اگر کوئی دلیل موجود نہ ہو تو اصح یہ ہے کہ غایت داخل سمجھی جائیگی۔

فصل الثاء المثلثة

حَثِيثًا۔ دوڑتا ہوا، شتاب، جلد، حَثٌّ سے، جس کے معنی کسی کام پر ابھارنے اور رغبت دلانے کے ہیں، بروزن فَعِيلٌ بمعنی فاعل یعنی حَاثٌّ (رغبت کرتے ہوئے) یا بمعنی مفعول یعنی مَحْثُوثٌ (جسے رغبت دلائی گئی ہو) صفتِ مشبہ کا صیغہ ہے جس کا استعمال سریع یعنی جلد اور شتاب کے معنی میں ہوتا ہے، ب ۸ ع ۱۴

فصل الجيم المعجمة

حَجَّ۔ حج کرنا۔ حَجَّ یَحُجُّ کا مصدر ہے، اصل لغت میں حج قصدِ زیارت کو کہتے ہیں، اور اصطلاح شرع میں حج کی نیت سے اول احرام باندھ کر طواف اور وقوف کو اوقات مخصوصہ میں ادا کرنا اس کا نام حج ہے۔ ب ۲ ع ۸ ب ۱۰ ع ۱۱

حِجٌّ۔ حج کرنا، حج، یہ بھی مصدر ہے، اور اسم ہو کر بھی مستعمل ہوتا ہے، ب ۴

حَجَّ۔ اس نے حج کیا، حَجٌّ اور حِجٌّ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ب ۳

حِجَاب۔ پردہ، اوٹ، ملنے سے روکنا، مصدر ہے، حُجُبٌ جمع، آیت شریفہ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ (اور دونوں کے بیچ میں پردہ ہے) میں حجاب سے ایسا پردہ مراد نہیں ہے جو دیکھنے سے روک دے، بلکہ وہ آڑ مراد ہے جو جنت کی لذت و نعمت کو دوزخیوں تک پہنچنے سے مانع ہے اور وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ (اور کسی آدمی کی طاقت نہیں کہ اللہ اس سے بات کرے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مگر اشارہ سے یا پردہ کے پیچھے) میں حجاب سے وہ پردہ مراد ہے جو رویت سے مانع ہو ۱۲ پ ۴ ۲۲ ۱۳ ۲۳ ۱۵ ۲۴ ۲۵ ۶ حِجَارَۃ۔ پتھر، حجرٌ کی جمع، پ ۱ ۱۹ ۹ ۱۸ ۱۲ ۲ ۱۴ ۱۵ ۲ ۲۱ ۲۸ ۳۰ ۳۰ حُجَّتُنَا۔ ہماری دلیل۔ حُجَّۃٌ مضاف ناضمیر جمع متکلم مضاف الیہ (ملاحظہ ہو حُجَّتَہ) پ ۱۲ حُجَّتُھُمْ۔ ان کی دلیل، حُجَّۃٌ مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ پ ۲۵ ۱۹ ۳۲ حِجَجٍ۔ برس، سال، حِجَّۃٌ کی جمع ہے، جس کے معنی سال کے ہیں، پ ۱۰ حَجَرٌ۔ پتھر، اَحْجَارٌ اور حِجَارَۃٌ جمع پ ۹ ۲ حِجْرٌ۔ ممنوع، عقل، اصل میں جس مکان کا احاطہ پتھروں سے بنایا جائے وہ "حجر" کہلاتا ہے۔ اسی لئے ثمود کی آبادیاں چونکہ پتھروں کو تراش کر بنائی گئی تھیں "حجر" کہلائیں، ارشاد ہے کَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِیْنَ (حجر والوں نے رسولوں کو جھٹلایا) ۹ھ ہجری میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تبوک جاتے ہوئے اس شہر سے گزرے تھے۔ دولتِ عثمانیہ کے زمانہ میں یہ حجاز ریلوے کا اسٹیشن تھا۔ اور

چونکہ پتھروں کے احاطہ سے مقصود حفاظت اور روک تھام ہوتی ہے اور عقل بھی انسان کی حفاظت کرتی اور اس کو روکتی رہتی ہے اس لئے اس کو بھی "حجر" کہا جاتا ہے، ارشاد ہے ھَلْ فِیْ ذٰلِکَ قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ (کیا ان میں عقل والوں کے لئے قسم ہے) اور اسی وجہ سے وہ چیز جس سے روکا اور منع کیا جائے "حجر" کہلاتی ہے جیسے ھٰذِہٖٓ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ (یہ مویشی اور کھیتی منع ہے) اور حِجْرًا مَّحْجُوْرًا (اوٹ روکی ہوئی) پ ۱۸ ۱۴ ۱۱ ۱۳ ۱۴ ۱۹ ۲۳ ۱۰ ۱۱ ۱۹ ۲۳ حُجُرٰتِ۔ حجرے، گھروں کی چار دیواری حُجْرَۃٌ کی جمع، پ ۲۶ ۱۳ حُجُوْرِکُمْ۔ تمہاری گودیاں، حُجُوْرٌ، حِجْرٌ کی جمع، جس کے معنی حفاظت کے ہیں اور چونکہ گود میں بھی بچہ کی حفاظت ہوتی ہے اس لئے اس کو حجر کہتے ہیں۔ مضاف ہٗ کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ پ ۴ حُجَّۃ۔ دلیل، حجت، مُحَجَّجٌ جمع، پ ۲ ۶ ۵ ۲۵ ۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل الدال المهملة

حِدَاد - تیز۔ حَدِیْدٌ کی جمع، ۲۱/۱۸

حَدَائِق - باغات، حَدِیْقَۃٌ کی جمع جس کے معنی اس باغ کے ہیں جس کے گرد چار دیواری کھنچی ہو، باغ کا نام حدیقہ اس مناسبت سے رکھا گیا کہ وہ اپنی ہیئت و شکل میں حدقہ یعنی آنکھ کی پتلی کے مشابہ ہے جس طرح وہ گھری ہوئی اور یا رونق اور یا آب و تاب ہوتی ہے اسی طرح حدیقہ ہوتا ہے، ۲۰/۱ ۳۰/۲۷

حَدَبٍ - اونچان، بلندی، مصدر ہے، حَدِبَ الرجل اس وقت بولتے ہیں جبکہ آدمی کبڑا ہو جائے اور اس کی کمر اوپر کو اٹھ آئے اسی بات سے تشبیہ کی بنا پر اونچی اور بلند زمین کو حَدَبٌ کہتے ہیں ۱۷/۲

حَدِیْث - تو بیان کر، تَحْدِیْثٌ سے جس کے معنی بیان کرنے کے ہیں۔ امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ۳۰/۱۸

حُدُوْد - حدیں۔ حَدٌّ کی جمع۔ حد، اس آڑ اور روک کو کہتے ہیں جو دو چیزوں کو آپس میں ملنے سے روکے، "حدود اللہ" سے مراد احکام الٰہی ہیں، ۲/۱۳ ۲/۱۳۰ ۲۸/۱۷

حُدُوْدَہٗ - اس کی حدیں، حُدُوْدَ مضاف کا ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۴/۱۳

حَدِیْث - بات (ملاحظہ ہو اَحَادِیْث) ۵/۱۴ ۴/۱۴ ۹/۱۳ ۱۵/۱۳ ۱۶/۱۰ ۲۱/۱۰ ۲۲/۱۴ ۲۳/۱۴ ۲۵/۱۴ ۲۶/۱۹ ۲۴/۱۶ ۲۹/۲۳ ۳۰/۱۳ ۳۰/۱۰ ۳۰/۱۳

حَدِیْثًا ۵/۸ ۱۳/۶ ۲۸/۹

حَدِیْد - تیز، لوہا، "حدید" لوہے کو بھی کہتے ہیں اور نیز ہر وہ چیز جو بذاتہ باریک ہو، خواہ باعتبار خلقت کے خواہ باعتبار معنی کے حدید کہلاتی ہے، اس صورت میں یہ حِدَّۃٌ سے جس کے معنی تیز ہونے کے ہیں۔ بروزن فَعِیْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ ہے، ۱۶/۲ ۱۷/۹ ۳۲/۸ ۳۶/۱۶ ۲۷/۱۱ حَدِیْدًا ۱۵/۵

فصل الذال المعجمة

حَذَرَ - ڈر، ڈرنا، حَذِرَ یَحْذَرُ کا مصدر ہے ۲/۴ ۱/۴

حِذْرَکُمْ - تمہارا بچاؤ، جس کے ذریعہ بچاؤ ہو "حذر" کہلاتا ہے، مضاف ہے، کُمْ ضمیر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع مذکر حاضر مضاف الیہ پ۵

حِذْرَهُمْ۔ ان کا بچاؤ. حِذْرَ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، پ۵

فصل الراء المهملة

حُرٌّ۔ آزاد۔ اَحْرَارٌ جمع، پ۲

حَرٌّ۔ گرمی، حُرُوْرٌ جمع پ۱۰/۱۱ پ۲۲/۱۴ حَرًّا پ۲۹/۱۴

حَرَامٌ، حرام، حرمت والا، ممنوع، حُرُمٌ جمع، امام راغب لکھتے ہیں۔

"جس چیز سے منع کر دیا جائے وہ حرام ہے، خواہ تسخیر الٰہی ممنوع ہو یا بہ منع قہری یا عقل کی رو سے یا شرع کی طرف سے یا اس شخص کی وجہ سے جس کا حکم مانا جاتا ہے"

تسخیر الٰہی کے سبب سے حرام ہونے کی مثال وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ (اور ہم نے دائیوں کا دودھ اس پر حرام کر دیا ہے) کہ اللہ نے اپنی تسخیر سے دائیوں کا دودھ پینے سے روک دیا، اور منع قہری سے حرمت کی مثال اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (بیشک اللہ نے ان دونوں کو کافروں پر حرام کیا ہے) یعنی بزور وقوت کافروں کو اس سے محروم کر دیا باقی وجوہ حرمت کی مثالیں ظاہر ہیں، ملاہی کے حرام کو بھی حرام اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان وقتوں میں بعض ان چیزوں کو حرام کر دیا ہے جو دوسرے اوقات میں حلال ہیں، اسی طرح بیت الحرام اور شعر الحرام کو (ملاحظہ ہو بَيْتُ الْحَرَامِ) پ۲/۲و۸و۱۰ پ۲/۹و۱۱ پ۶/۵ پ۷/۳ پ۹/۱۸ پ۱۰/۸و۹و۱۰ پ۱۴/۲۱ پ۱۵/۱ پ۱۷/۷و۱۰ پ۲۶/۱۲و۲ حَرَامًا پ۱۱/۱۱

حَرْبٌ۔ لڑائی، جنگ، حُرُوْبٌ جمع۔ پ۴/۹ پ۶/۱۲ پ۱۰/۲ پ۲۶/۵

حَرْثٌ۔ کھیتی، زراعت، حَرَثَ يَحْرُثُ کا مصدر ہے۔ اس کے معنی بیج ڈالنے اور کھیتی کرنے کے ہیں اور کھیت کو بھی کہتے ہیں آیتِ شریفہ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ (تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں) میں عورتوں کو بطور تشبیہ کھیتی سے تعبیر کیا گیا ہے کہ جس طرح کھیت میں بیج ڈالنے سے غلہ پیدا ہوتا ہے اسی طرح رحم میں نطفہ قرار پانے سے اولاد پیدا ہوتی ہے پ۱/۸ پ۲/۱۲و۹ پ۳/۱۰ پ۲۵/۳ پ۲۸/۳ پ۲۷/۹

حَرْثُكُمْ۔ تمہاری کھیتی حَرْثُ مضاف كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ پ۲/۱۲ پ۲۹/۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَرْثِہٖ اس کی کھیتی، حَرْثٌ مضاف، ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۲/۲۵

حَرَجَ - تنگی، مضائقہ، گناہ، تنگ، اصل میں تو "حرج" کے معنی کسی چیز کے مجتمع ہونے کی جگہ کے ہیں اور ایک جگہ جمع ہونے میں چونکہ تنگی کا تصور موجود ہے، اس لئے تنگی اور گناہ کو حرج کہا جاتا ہے ۶/۵ ۵/۱۸ ۱۷/۱۷ ۱۵/۱۴ ۲۲/۳۲ ۳۶/۵ حَرَجًا ۵/۲

حَرْدٍ - تیزی اور غصہ کے ساتھ روکنا۔[1] امام بغوی لکھتے ہیں۔

"حرد کے معنی لغت میں قصد کرنے روکنے اور غصہ ہونے کے ہیں، حسن، قتادہ، اور ابوالعالیہ نے سعی و کوشش سے تفسیر کی ہے، قرظی، مجاہد اور عکرمہ نے اس طے شدہ معاملہ کو بتایا ہے جس کی باہم قرارداد کرلی ہو، یہ دونوں تفسیریں قصد کے معنی پر مبنی ہیں کیونکہ جس کسی چیز کا ارادہ رکھتا ہے وہ کوشش سے کام لیتا اور معاملہ کے متعلق طے کرلیتا ہے، ابوعبیدہ، قتیبی کا بیان ہے کہ (غَدَوْا عَلٰی حَرْدٍ) یعنی مسکینوں کو روکنے کے لئے اپنے گھر سے سویرے چلے، چنانچہ بارش نہ ہو تو عرب والے بولتے ہیں حاردت السنۃ (یعنی امسال پانی رک گیا) اور جب ناقہ کے دودھ نہ رہے تو کہتے ہیں حاردت الناقۃ (اونٹنی نے دودھ روک دیا) شعبی اور سفیان نے مسکینوں پر گھٹنے اور غصہ کرنے کے معنی کئے ہیں[2] ۲۹/۲

حَرَسًا - پاسبان، چوکیدار، حَارِسٌ کی جمع جس کے معنی پاسبان اور چوکیدار کے ہیں حَرَسٌ اور حِرَزٌ کے جس طرح الفاظ ملتے جلتے ہیں ایسے ہی معنی بھی ملتے جلتے ہیں، فرق اتنا ہے کہ حِرَزٌ کا استعمال سامان اور اسباب کی حفاظت کے لئے ہوتا ہے اور حَرَسٌ کا مکان کی پاسبانی اور چوکیداری کے لئے ۲۶/۱۱

حَرَصْتَ - تو للچایا، تو نے حرص کی۔ حِرْصٌ سے۔ ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر (ملاحظہ ہو فتح حِرْص) ۱۳/۱۲

حَرَصْتُمْ - تم نے حرص کی، تم نے لالچ کیا، حِرْصٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۵/۱۶

حَرِّضْ - تو رغبت دلا، تو تاکید کر، تَحْرِیْضٌ سے جس کے معنی کسی کام پر رغبت دلانے اور ابھارنے کے ہیں امر کا صیغہ واحد مذکر حاضر ۸/۵ ۸/۶۵

---

[1] مفردات راغب۔ [2] معالم التنزیل ج ۷، ص ۱۱۲ طبع مصر ۱۳۳۲ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَرَضًا مضمحل، بیمار، بیکار، جو چیز نکمی اور بیکار ہو جائے اور در خور اعتنا نہ رہے "حرض" کہلاتی ہے۔ یہ اصل میں مصدر ہے، ۱۳/۱۲

حَرْفٍ۔ کنارہ، طرف، رخ، اَحْرُفٍ اور حُرُوْفٍ جمع، ۱۱/۲۲

حَرِّقُوْهُ۔ اس کو جلاؤ، حَرَّقُوْا تحریق سے جس کے معنی اچھی طرح سے جلا دینے کے ہیں امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، ۱۷/۵ ۲۰/۱۵

حَرَّمَ۔ اس نے حرام کیا، اس نے منع کیا، تحریم سے جس کے معنی حرام کر دینے اور سختی سے روک دینے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو حرام) ۲/۵ ۳/۶ ۴/۱ ۶/۱۴ ۸/۲۶ اور ۲۴ و ۲۵ ۱۰/۱۱ و ۱۱۹ ۱۲/۲۱ ۱۵/۹۵ ۹/۳

حُرِّمَ۔ حرام کیا گیا، منع کیا گیا تحریم سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب ۳/۱۳ ۱۸/۴

حُرُمٌ۔ احرام باندھنے والے، حرام، ادب والے، حَرَامٌ کی جمع۔ چونکہ حالتِ احرام میں انسان کو بہت سی باتوں سے رکنا پڑتا ہے اس لئے اس کو حرام کہتے ہیں، اسی طرح ماہِ حرام ہے (ملاحظہ ہو حَرَام) ۲/۵ ۹۵/۳ ۱۱۹/۷ ۱۰/۱۱ ۹/۳

حُرُمَاتٌ

حَرَمًا۔ حرم، پناہ کی جگہ، ادب کا مقام مکہ معظمہ کا ایک مخصوص حصہ جس کی حدود میں اللہ تعالیٰ نے اس کے ادب کی وجہ سے بعض چیزوں کو حرام کر دیا ہے۔ علامہ ابن ملقن نے حدودِ حرم کو نظم کیا ہے فرماتے ہیں۔

وللحرم التحديد من ارض طيبة
ثلثة اميال اذا رمت اتقانه

حرم کی حد مدینہ طیبہ کی جانب سے تین میل ہے جبکہ اے مخاطب تو اس کے حفظ کا قصد کرے

وسبعة اميال عراقٌ وطائفٌ
وجُدَّة عشر ثم تسع جعرانه

اور سات میل عراق اور طائف کی طرف سے ہے اور جدہ کی طرف سے دس میل ہے پھر جعرانہ کی طرف سے نو میل ہے۔

ومن يمن سبع بتقديم سينها
وقد كملت فاشكر لربك احسانه[1]

[1] الدر المختار، کتاب الحج،

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یمن کی طرف سے سات میل ہے اور البتہ حدود حرم کی پوری ہوگئیں سو تو اپنے رب کے احسان کا شکر ادا کر۔ (ناظم نے کہا کہ اخیر شعر) سبع بتقدیم سین ہے تاکہ تسع سے مشتبہ نہ ہو (ملاحظہ ہو بَیْتَ الْحَرَام) پ۲ ع۱۲

حُرُمٰتٌ۔ حرمتیں، بزرگیاں، حُرْمَۃٌ کی جمع، حرمت اس چیز کو کہتے ہیں جس کا ادب ضروری ہو۔ پ۱۷ ع۱۱

حُرِّمَتْ وہ حرام کی گئی، تَحْرِیْمٌ سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مؤنث غائب پ۶ ع۱۲ پ۶

حَرَّمْنَا ہم نے حرام کردیا۔ تَحْرِیْمٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم پ۷ ع۱۱ پ۸ ع۱۱ پ۸

حَرَّمُوْا۔ انھوں نے حرام ٹھیرایا، تَحْرِیْمٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، یہ واضح رہے کہ جو چیز اللہ کی طرف سے حرام نہ ہو اس کی تحریم لانے محض ہے، پ۸

حَرَّمَهَا اس کو حرمت دی، اس کا ادب رکھا حَرَّمَ فعل ماضی ہے، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب پ۲۰

حَرَّمَهُمَا۔ اس نے ان دونوں کو حرام کردیا۔ اس میں هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب ہے، پ۸

حَرُوْرٌ۔ لُو دھوپ، گرم ہوا، اسم ہے۔ پ۲۲ ع۱۵

حَرِیْرٍ، ریشم، اسم ہے پ۱۷ ع۱۲ پ۲۲ ع۱۲ **حَرِیْرًا** پ۱۹ ع۱۲

حَرِیْصٌ۔ حرص کرنے والا، تلاش رکھنے والا، حِرْصٌ سے بروزن فَعِیْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ (ملاحظہ اَحْرَصَ اور تَحْرِیْصٌ) پ۱۳ ع۱۱

حَرِیْقٍ۔ آگ، جلانے والا، جلا ہوا، حَرْقٌ سے جس کے معنی جلانے کے ہیں، بروزن فَعِیْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ، فاعل اور مفعول دونوں کے معنی دیتا ہے، یہاں بمعنی فاعل آگ کے معنی میں ہے، پ۳۰ پ۱۷ ع۱۲ پ۳۰

فصل الزاء المعجمة

حِزْبٌ۔ گروہ، جماعت، اَحْزَابٌ جمع۔ پ۲ ع۱۲ پ۲۱ ع۱۳

حِزْبَهٗ۔ اس کا گروہ، اس کی جماعت، حِزْبٌ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، پ۲۲ ع۱۲

حِزْبَیْنِ، دو فرقے، دو جماعتیں، دو گروہ، حِزْبٌ کا تثنیہ بحالت نصب وجر، پ۱۵ ع۱۲

حُزْنٍ۔ غم، بیقراری، رنج، اندوہ اَحْزَانٌ جمع۔ پ۱۳ ع۱۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَزَنٌ۔ رنج، اندوہ، بیقراری، غم، اَحْزَانٌ جمع، ۱۲ پ ۱۰ ۔ حَزَنًا ۱۸ پ ۲۰

حُزْنِیْ۔ میرا غم، میرا رنج، میری بیقراری

حُزْنِ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ ۱۳ پ ۴

فصل السین المهملة

حِسَاب۔ حساب، شمار، گننا۔ حَسَبَ یَحْسُبُ کا مصدر ہے، آیت شریفہ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ (اور اللہ روزی دیتا ہے جس کو چاہے بے شمار) کے متعلق امام راغب نے حسب ذیل وجہیں لکھی ہیں (۱) استحقاق سے زیادہ عطا فرماتا ہے۔ (۲) عطا فرماتا ہے اور لیتا نہیں (۳) اس قدر عطا فرماتا ہے کہ بشر کے لئے اس کی عطاؤں کا شمار ناممکن ہے (۴) بلا مضائقہ اور بغیر کسی تنگی کے دیتا ہے (۵) انسان کے گمان سے زیادہ دیتا ہے (۶) جس قدر اپنی مصلحت سمجھتا ہے، عطا فرماتا ہے انسانوں کے حساب پر نہیں رکھتا۔ (۷) مومن کو دیتا ہے اور دے کر حساب نہیں لیتا (۸) اللہ تعالیٰ قیامت میں ایمان والوں کو ان کے استحقاق سے زیادہ ان کو بدلہ عطا فرمائیگا، اسی طرح جہاں اور مقامات پر قرآن مجید میں بِغَیْرِ حِسَابٍ واقع ہے سمجھنا چاہیے، ۲ پ ۲ ۱۰ پ ۳ ۱۱ و ۱۲ پ ۶ پ ۱۱ ۲۳ و ۱۲ و ۱۳ پ ۱۳ ۱۸ و ۱۹ پ ۱۵ پ ۱۱ ۱۲ و ۱۳ و ۱۹ پ ۲۳ ۸۸ و ۹ و ۱۲ و ۱۸ و ۱۹ پ ۲۴ ۸۰ و ۸۱ پ ۲۵ پ ۱۸ ۱۲ و ۱۳ و ۱۹ پ ۳۰

حِسَابِكَ۔ تیرا حساب، حساب مضاف کی ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، پ ۱۲

حِسَابُهٗ۔ اس کا حساب، حِسَاب مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، پ ۱۸ ۱۶

حِسَابُهُمْ۔ ان کا حساب، حِسَاب مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ۔ پ ۱۲ ۱۳ و ۱۴ پ ۱۵ پ ۱۲

حِسَابِیَهْ۔ میرا حساب، حِسَابُ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، اور اس میں وقف کی ہے جیسے مَالِیَهْ اور سُلْطَانِیَهْ میں ہے۔ پ ۲۹

حِسَانٌ۔ خوبصورت، حسین، نفیس، عمدہ حَسَنٌ، حَسِیْنٌ، حَسَنَهٌ اور حُسْنًا کا واحد، پ ۱۳

حَسِبَ۔ گمان کیا، سمجھا، خیال کیا، (ماضی اور مضارع دونوں میں عین کلمہ کو کسرہ) حِسْبَانٌ سے جس کے معنی گمان کرنے اور سمجھ بیٹھنے کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، راغب لکھتے ہیں۔

حُسبان یہ ہے کہ دو نقیضوں میں سے کسی ایک کے متعلق اس طرح رائے قائم کر لی جائے کہ بس اسی کا گمان ہو اور اسی پر انگلی اٹھے، دوسری کا دل میں خطور بھی نہ آنے پائے اور اس میں شک پیدا ہونے کی گنجائش رہے۔ ظن بھی اس کے قریب قریب ہی ہے لیکن ظن کے اندر دل میں دونوں نقیضوں کا خیال موجود ہوتا ہے، اور ایک کا خیال دوسرے پر غالب رہتا ہے۔

حُسبان، حساب، شمار، حَسَبَ یَحْسِبُ کا مصدر ہے، آیت شریفہ وَیُرْسِلَ عَلَیْهَا حُسْبَانًا (اور بھیج دے اس پر عذاب) میں حُسبان کی دو تفسیریں کی گئی ہیں، ایک آگ یا بجلی کا دوسرے عذاب اور حقیقت میں حساب کے مطابق سزا مراد ہے ۱۸/۴۰ حُسْبَانًا ۱۵/۱۲

حَسِبْتَ، تو نے سمجھا، تو نے گمان کیا حِسْبَانٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ۱۵/۱۲

حَسِبْتُمْ۔ تم نے گمان کیا، تم نے جانا حِسْبَانٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۲/۲

۲/۲

حَسِبَتْهُ۔ اس کو خیال کیا، اس کو گمان کیا اس کو جانا حَسِبَتْ حِسْبَانٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب

www.KitaboSunnat.com

۵/۱۸

حَسِبْتَهُمْ۔ تو نے ان کو جانا، تو نے ان کو خیال کیا، تو نے ان کو گمان کیا، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، ۲۹/۱۹

حَسْبُكَ۔ تجھ کو کفایت ہے، تجھ کو بس ہے، حَسْبُ حَسَبَ یَحْسِبُ کا مصدر ہے مگر بمعنی کافی ہونے کے استعمال ہوتا ہے مضاف ہے، کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، ۶۴/۸

حَسْبُنَا۔ ہم کو کافی ہے، ہم کو بس ہے، حَسْبُ مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ۶۴/۸

۶۴/۸

حَسِبُوْا۔ انھوں نے جانا، انھوں نے گمان کیا حِسْبَانٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۶۲/۱۲

حَسْبُكَ۔ اس کو بس ہے، اس کو کفایت ہے حَسْبُ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۲/۲۸

حَسْبُهُمْ۔ ان کو بس ہے، ان کو کافی ہے حَسْبُ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ
ب۱۵ ع۲۵

حَسْبِیَ۔ مجھ کو بس ہے، مجھ کو کافی ہے،
حَسْبُ مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ
ب۱۱ ع۲۳

حَسَدَ۔ اس نے حسد کی، اس نے ہونا، حَسَدٌ
سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو
تَحْسُدُوْنَنَا) ب۳ ع۳۸

حَسَدًا۔ ہونا، حسد کرنا، حَسَدَ یَحْسُدُ
کا مصدر ہے، ب۱ ع۱۳

حَسَرٰتٍ۔ افسوس، پشیمانیاں، حَسْرَةٌ کی
جمع ہے، ب۲ ع۱۳

حَسْرَتَنَا۔ ہماری پشیمانی، ہمارا افسوس،
حَسْرَةٌ مضاف، نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ
ب۷ ع۱

حَسْرَتٰی وا دریغا۔ اے افسوس، حَسْرَةٌ
مصدر ہے، اور ی ندبہ کی ہے جیسے لَهْفٰی اور
وَیْلَتٰی میں ہے، ب۱۲ ع۳

حَسْرَةً۔ افسوس، پشیمانی، پچھتاوا، حَسِرَ یَحْسَرُ
کا مصدر ہے، ب۷ ع۱۸ ب۹ ع۵ ب۱۶ ع۳ ب۲۹ ع۶

حُسْن۔ اچھا ہونا، عمدہ ہونا، حَسُنَ یَحْسُنُ
کا مصدر ہے ب۳ ع۳ ب۱۳ ع۱۲ و ۱۳ ب۲۳ ع۱۱ و ۱۲

حُسْنًا ب۱ ع۱۴ ب۲ ع۱۶ ب۱۱ ع۱۳ ب۱۲ ع۱۵

حَسُنَ خوب ہوا، اچھا ہوا، حُسْنٌ سے
ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ب۶۔

حَسَنٍ، اچھا، عمدہ، خوب، حُسْنٌ سے
صفت مشبہ کا صیغہ، ہر خوش کن اور پسندیدہ چیز
"حسن" کہلاتی ہے اس کی تین قسمیں ہیں (۱)
وہ چیز جو عقل کے اعتبار سے مستحسن ہو (۲) وہ جو
خواہش کے لحاظ سے پسندیدہ ہو، (۳) وہ جو
محسوس ہونے میں عمدہ معلوم ہو ب۱۲ ع۳

حَسَنًا ب۲ ع۱۲ ب۳ ع۲ ب۶ ع۱۲ ب۹ ع۱۱ ب۱۱ ع۸ ب۱۴ ع۱۵ و ۱۶

ب۱۵ ع۱۳ ب۱۶ ع۱۵ ب۱۷ ع۲ ب۱۸ ع۱۳ ب۲۰ ع۱۲ ب۲۱ ع۱۸ ب۲۵ ع۱۸ ب۲۶ ع۱۲ ب۲۹ ع۱۲

حَسَنٰتِ خوبیاں، بھلائیاں، نعمتیں، نیکیاں
حَسَنَةٌ کی جمع، ب۹ ع۱۱

حَسُنَتْ، وہ اچھی ہوئی، وہ خوب ہوئی حُسْنٌ
سے، ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب ب۱۵ ع۱۹

حَسَنَةٌ۔ خوبی، بھلائی، نیکی، نعمت، ہر وہ نعمت
جو انسان کو اس کی جان یا بدن یا حالات
میں حاصل ہو کر اس کے لئے مسرت کا سبب
بنے "حسنہ" کہلاتی ہے "سیئہ" اس کی
ضد ہے، یہ دونوں اسم جنس ہیں جن کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحت مختلف انواع داخل ہیں چنانچہ ارشاد ہے وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ (اور اگر ان کو کچھ بھلائی پہنچتی ہے تو کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے) یہاں حسنہ سے مراد فصل کی عمدگی اور فراخی و کامیابی ہے اور وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ (اور اگر پہنچتی ہے ان کو برائی) میں "سیئہ" سے قحط تنگی اور ناکامی مراد ہے، اسی طرح وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ (اور جو تجھ کو بھلائی پہنچے سو اللہ کی طرف سے) میں "حسنہ" سے ثواب اور مَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ (اور جو تجھ کو برائی پہنچے سو تیرے نفس کی طرف سے) میں سیئہ سے عتاب مراد ہے، حَسَنٌ حَسَنَةٌ اور حُسْنٰی میں فرق یہ ہے کہ "حَسَنٌ" اعیان (ذوات واشخاص) اور احداث (معاملات واقعات) دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، اسی طرح "حسنۃ" جبکہ صفت ہو کر مستعمل ہو تو دونوں کے لئے بولی جاتی ہے اور اسم ہو کر مستعمل ہو تو صرف احداث ہی میں اس کا استعمال متعارف ہے اور "حسنیٰ" کا استعمال صرف احداث میں ہوتا ہے، اعیان میں نہیں ہوتا، ب ۲ ع ۴ ب ۵ ع ۸ و ۲ ب ۶ ع ۲ و ۱۹ ب ۱۰ ع ۳ ب ۱۲ ع ۱۰ و ۲۲ ب ۱۳ ع ۷ ب ۱۴ ع ۱۲ و ۲۳ ب ۱۹ ع ۳ و ۹ و ۲۳ ب ۲۰ ع ۱۹ ب ۲۱ ع ۱۲ و ۲۳ ب ۲۲ ع ۱۳ ب ۲۵ ع ۳ ب ۲۶ ع ۲۔

حُسْنُهُنَّ۔ ان کا حُسن، ان کی خوبصورتی، حُسْنٌ مضاف، هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ، ب ۱۲ ع ۲۲

حُسْنٰی۔ اچھی، عمدہ، بروزن فُعْلٰی حُسْنٌ سے۔ افعل التفضیل کا صیغہ واحد مؤنث ب ۵ ع ۹ و ۱۲ ب ۱۱ ع ۸ و ۲ ب ۱۳ ع ۸ ب ۱۴ ع ۱۲ ب ۱۵ ع ۱۲ ب ۱۶ ع ۱۰ و ۲ ب ۱۷ ع ۲۵ ب ۲۰ ع ۱۷ و ۹ ب ۲۶ ع ۲۰

حُسْنَيَيْنِ۔ دو اچھی چیزیں (یعنی فتح یا شہادت) حُسْنٰی کا تثنیہ، ب ۱۰ ع ۱۲

حُسُوْمًا۔ سخت نحس، جڑ سے کاٹنے والے جڑ سے کاٹ دینا عرب کے محاورے میں جو نحوست جڑ سے اکھیڑ دے "حسوم" کہلاتی ہے یہ حَسَمَ يَحْسِمُ کا مصدر بھی ہو سکتا ہے جس کے معنی جڑ سے کاٹ دینے اور زخم کو مسلسل داغ دینے کے ہیں اور حَاسِمٌ کی جمع بھی جو اسم فاعل کا صیغہ ہے جیسے شَاهِدٌ کی جمع شُهُوْدٌ ہے، اس صورت میں اس کے دو ترجمے کئے گئے ہیں ایک "جڑ کاٹنے والے"

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا لگاتار، اس معنی میں یہ دانے کے تسلسل کے اعتبار سے استعمال ہوتا ہے، ۱۲ پ

حَسِیْبًا حساب لینے والا، حساب کرنیوالا، حِسَابٌ سے بروزن فَعِیْلٌ بمعنی فاعل ہے جیسا کہ اسماء حسنیٰ کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کی صفت میں استعمال ہو تو امام حلیمی لکھتے ہیں اس کے معنی ہیں بغیر حساب لگائے ان اجزاء اور مقداروں کا ادراک کرنے والا جن کو بندے اپنے حساب سے معلوم کرتے ہیں کیونکہ حساب کرنے والا تو اجزاء کو ایک کے بعد دیگرے ادراک کرتا جاتا ہے اور حساب کے ختم پر جملہ میزان معلوم کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کا علم کسی چیز کی بابت کسی بات کے واقع ہونے اور حالت کے پیدا ہونے پر موقوف نہیں، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حَسِیْبٌ بمعنی کافی ہے فَعِیْلٌ بمعنی مُفْعِلٌ ہے۔ عرب والے کہتے ہیں نزلت بفلان فاکرمنی واحسبنی یعنی میں فلاں کے پاس اترا تو اس نے میری عزت کی اور مجھے اتنا دیا کہ جو مجھے کافی ہو گیا اور میں کہہ اٹھا کہ مجھے بس ہے۔ ۱۵ پ ۵ پ ۱۲ پ

حَسِیْرٌ تھکا ہوا، درماندہ، حَسْرٌ سے، جس کے معنی تھکنے اور عاجز ہونے کے ہیں۔ بروزن فَعِیْلٌ صفت مشبہ کا صیغہ بمعنی فاعل بھی ہو سکتا ہے یعنی تھکنے والا اور عاجز اور بمعنی مفعول بھی یعنی تھکا ہوا اور درماندہ، ۱۷ پ

حَسِیْسَهَا۔ اس کی آواز، اس کا کھٹکا، اس کی آہٹ، حرکت اور آہٹ کو حسیس کہتے ہیں۔ مضاف ہے، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، ۱۷ پ

حَشْرٌ۔ لوگوں کا اکٹھا کرنا، ان کو گھیرنا۔ حَشْرَ یَحْشُرُ کا مصدر ہے (ملاحظہ ہو اُحْشُرُوْا) ۱۹ پ ۲۳ پ

حَشَرَ۔ اس نے اکٹھا کیا، اس نے جمع کیا۔ حَشْرٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۳۰ پ

حُشِرَ، اکٹھا کیا گیا، جمع کیا گیا، حَشْرٌ سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۷ پ ۱۱ پ ۱۲ پ ۳۰ پ

حُشِرَتْ۔ وہ اکٹھی کی گئی، وہ جمع کی گئی، وہ اکٹھے کئے گئے، وہ جمع کئے گئے۔ حَشْرٌ سے۔ ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، (ملاحظہ ہو کُبِّتْ) ۱۹ پ

۱؎ کتاب الاسماء والصفات امام بیہقی ص ۳۴ طبع انوار احمدی / الہ آباد۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَشَرْتَنِیْ۔ تو نے مجھے اٹھایا۔ تو نے مجھے گھیر بلایا حَشَرَتْ حَشْرٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر، ن وقایہ ی ضمیر واحد متکلم، ۱۶/۲۰

حَشَرْنَا۔ ہم نے اکٹھا کیا، ہم نے جمع کیا حَشْرٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع متکلم، ۶

حَشَرْنٰھُمْ۔ ہم نے ان کو اکٹھا کیا، ہم نے ان کو گھیر بلایا، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، ۱۵/۱۸

فصل الصاد المهملة

حَصَادِہٖ۔ اس کی کٹائی، اس کا کاٹنا حَصَادٌ حَصَدَ یَحْصُدُ کا مصدر ہے جس کے معنی کھیتی کاٹنے کے ہیں مضاف ہے، ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۶/۵

حَصَبُ ایندھن، ۱۷/۲۱

حَصْحَصَ وہ کھل گیا، وہ ظاہر ہو گیا۔ حَصْحَصَۃٌ سے جس کے معنی ظاہر و ہویدا ہونے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب ۱۲/۱۴

حَصَدْتُّمْ، تم نے کاٹا، حَصَادٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۳/۱۴

حَصِرَتْ۔ وہ تنگ ہو گئی، وہ رک گئی، وہ تنگ ہو گئے، وہ رک گئے، (سَمَعَ) حَصْرٌ سے جس کے معنی تنگ ہونے اور پہنچنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۹۰/۴

حُصِّلَ۔ وہ حاصل کیا گیا، وہ ظاہر کیا گیا تَحْصِیْلٌ سے، جس کے معنی چھلکے میں سے گودہ نکالنے کے ہیں جیسے کان میں سے سونا نکالنا یا خوشہ میں سے گندم نکالنا۔ ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۳۰/۲۵

حَصُوْرًا عورت کے پاس نہ جانے والا، عورتوں سے بے رغبت، رکنے والا، جو عورت کے پاس نہ جائے، خواہ نامردی کے باعث خواہ پاکبازی اور عفت کی وجہ سے وہ "حصور" ہے۔ آیت میں دوسرے معنی مراد ہیں کیونکہ یہ لفظ مقام مدح میں استعمال ہوا ہے، حَصْرٌ سے بروزن فَعُوْلٌ مبالغہ کا صیغہ ہے، ۳/۳

حُصُوْنُھُمْ، ان کے قلعے، حُصُوْنٌ حِصْنٌ کی جمع، جس کے معنی قلعہ کے ہیں، مضاف ہے، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ۲۶/۲

حَصِیْدًا۔ کھیتی کٹی ہوئی، جڑ سے کٹا ہوا،

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَصَادٌ سے بروزن فَعِیلٌ بمعنی مفعول صفتِ مشبہ کا صیغہ ہے، پ۱۲ ع۱۵ پ۲۶

حَصِیدًا۔ پ۱۷ ع۱

حَصِیرًا۔ زندان خانہ، قید خانہ، تبدی خانہ حَصْرٌ سے، بروزن فَعِیلٌ صفتِ مشبہ کا صیغہ بمعنی فاعل بھی ہو سکتا ہے کیونکہ قید خانہ روکنے والا ہوتا ہے اور بمعنی مفعول بھی، کیونکہ وہ رکا ہوا ہوتا ہے، پ۱۵

فصل الضاد المعجمة

حَضَرَ۔ وہ آیا، وہ حاضر ہوا۔ (نَصَرَ) حُضُورٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو حَاضِرًا) پ۱ ع۱۶ پ۲ ع۱۴ پ۳ ع۱۲ پ۴

حَضَرُوْهُ۔ وہ اس کے پاس آئے۔ حَضَرُوْا حُضُوْرٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب کا ضمیر واحد مذکر غائب پ۲۳

فصل الطاء المهملة

حُطَامًا۔ ریزہ ریزہ، چورا، روندن، جو چیز چورا ہو کر ریزہ ریزہ ہو جائے اور روندی جانے لگے "حطام" کہلاتی ہے، حَطْمٌ سے مشتق ہے جس کے معنی توڑنے کے ہیں، پ۲۳ ع۱۴ پ۲۷ ع۱۵ و ۱۹

حَطَبٌ۔ لکڑی، ایندھن، ہیزم، اَحْطَابٌ جمع، پ۳۰ ع۱۲۔ حُطَبًا پ۲۹

حِطَّةٌ۔ ہم بخشش مانگتے ہیں، تو ہمارے گناہ جھاڑ، گناہ اتر، حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں "اس کلمہ کے معنی میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں یہ (اترنے) کی ہیئت کا نام ہے (یعنی آثار کا) حَطٌّ سے مشتق ہے (جس کے معنی بلندی سے کسی چیز کے نیچے اترنے کے ہیں) جیسے جِلْسَةٌ (بیٹھک) ہے اور بعض کہتے ہیں اس کے معنی توبہ کے ہیں چنانچہ شاعر کہتا ہے۔

فازبالحطة التی صیر الله بها ذنب عبده مغفورا

فوز اس توبہ پر فائز ہوا کہ جس کے ذریعہ اللہ نے اپنے بندہ کے گناہ کو بخشدیا) اور بعض کا قول ہے کہ اس کے معنی معلوم نہیں محض امتثال امر مقصود تھا۔ اور ابن ابی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما وغیرہ سے روایت کی ہے کہ ان سے کہا گیا تھا کہ تم مغفرت مانگو۔" [1] پ۱ پ۹

[1] فتح الباری ج ۸ ص ۲۲۹ طبع امیریہ مصر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حُطَمَةٌ۔ روندنے والی، حَطْمٌ سے مشتق ہے دوزخ کے ایک طبقہ کا نام ہے۔ پ ۳۰ ع ۲۹

فصل الظاء المعجمة

حَظٌّ حصہ، نصیب، مقررہ حصہ کو حظ کہتے ہیں۔ حُظُوظٌ جمع اور احظہ پ ۴ ع ۱۱ پ ۳ ع ۱۴ حَظًّا پ ۴

فصل الفاء

حَفَدَةً۔ پوتے، حَافِدٌ کی جمع ہے جو حَفْدٌ سے جس کے معنی خدمت کے لئے دوڑتے ہوئے حاضر ہونے کے ہیں اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر ہے۔ ہر وہ شخص جو خوشی سے دوڑتے ہوئے خدمت کے لئے حاضر ہو خواہ رشتہ دار ہو یا اجنبی، حافد کہلاتا ہے، مفسرین کا بیان ہے کہ حفدہ سے پوتے وغیرہ مراد ہیں کیونکہ ان کی خدمت زیادہ سچی ہوتی ہے، پ ۱۴ ع ۲

حُفْرَةٍ۔ گڑھا۔ حَفْرٌ سے مشتق ہے جس کے معنی زمین کھودنے کے، حُفَرٌ جمع، پ ۴

حَفِظَ۔ اس نے نگرانی کی، اس نے حفاظت کی، حِفْظٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو حَافِظٌ) پ ۴

حِفْظًا۔ بچاؤ، حفاظت، حَفِظَ یَحْفَظُ کا مصدر ہے (ملاحظہ ہو حَافِظًا) پ ۱۳ ع ۱۲ پ ۱۲ ع ۱۲

حَفِظْنٰهَا۔ ہم نے اس کو محفوظ رکھا۔ ہم نے اس کو بچائے رکھا، حَفِظْنَا حِفْظٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع متکلم، ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب، پ ۱۷

حَفَظَةً۔ نگہبان، حفاظت کرنے والے، حَافِظٌ کی جمع ہے، پ ۷ ع ۱۳

حِفْظُهُمَا، ان دونوں کی حفاظت، ان دونوں کی نگرانی، حِفْظٌ مصدر مضاف ہے، ھُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب، پ ۳

خُذْهُ ۔ اس کو پکڑو، اس کو لو، اس میں هُ ضمیر واحد مذکر غائب ہے پ۲۹ پ۲۹

خُذْهَا ۔ اس کو پکڑ، اس کو لے، اس میں هَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے، پ۱۶

خُذُوْهُمْ ۔ ان کو پکڑو، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، پ۲۹

فصل الراء المهملة

خَرَّ ۔ وہ گر پڑا، خَرٌّ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، (ملاحظہ ہو تَخِرُّ) پ۹ پ۱۴ پ۱۷ پ۲۳ پ۲۳

خَرَابَهَا ۔ اس کا اجاڑنا، اس کا ویران کرنا خَرَاب، خَرِبَ یَخْرَبُ کا مصدر ہے مضاف ہے، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، پ۱۲

خَرَاج ۔ حاصل، مال، مزدوری، خراج، اَخْرَاجٌ اور اَخْرِجَةٌ جمع، اصل میں خراج محصول اور مالگزاری کو کہتے ہیں، یہاں اجر و ثواب اور اللہ کا دیا ہوا رزق مراد ہے، پ۱۸

خَرَّاصُوْنَ ۔ اٹکل دوڑانے والے، جھوٹ بکنے والے، خَرَّاصٌ کی جمع، خَرَّاصٌ خَرْصٌ سے مبالغہ کا صیغہ ہے (ملاحظہ ہو تَخْرُصُوْنَ) پ۲۷

خَرَجَ ۔ وہ نکلا، خُرُوْجٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو خُرُوْجٌ) پ۴ پ۱۰ پ۱۵ پ۲۰

خَرْجًا ۔ محصول، باج، مال، اَخْرَاجٌ جمع، پ۱۶

خَرَجْتَ ۔ تو نکلا، خُرُوْجٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ۲

خَرَجْتُمْ ۔ تم نکلے، خُرُوْجٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، پ۲۵

خَرَجْنَ ۔ وہ (عورتیں) نکلیں، خُرُوْجٌ سے ماضی کا صیغہ، جمع مؤنث غائب، پ۲۸

خَرَجْنَا ۔ ہم نکلے، خُرُوْجٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع متکلم، پ۱۲

خَرَجُوْا ۔ وہ نکلے، خُرُوْجٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، پ۲ پ۶ پ۱۰ پ۱۰ پ۲۸

خَرْدَل ۔ رائی، خَرْدَلَةٌ واحد، پ۱۷ پ۲۱

خُرْطُوْم، سونڈ، خَرَاطِیْمُ جمع، آیت کریمہ سَنَسِمُهٗ عَلَی الْخُرْطُوْمِ (اب داغ دیں گے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم اس کی سونڈ پر) یہ اس کے رسوا کرنے کا کنایہ ہے۔ پ۲۹

خَرَقْتَهَا۔ تو نے اس کو پھاڑ ڈالا، تو نے اس کو قطع کر دیا، (ضَرَبَ) خَرْقٌ خَرَقَ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب، (ملاحظہ ہو تَخْرِقُ) پ۱۵

خَرَقُوْا۔ انھوں نے تراشا، خَرَقَ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، پ۸

خَرَقَهَا۔ اس کو پھاڑ ڈالا، اس کو قطع کر دیا، خَرَقَ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب هَا ضمیر واحد مؤنث غائب، پ۸

خَرُّوْا۔ وہ گر پڑے، خَرَّ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَخِرُّ) پ۱۳ ع۱۶ پ۱۵ ۲۱

خُرُوْج۔ نکلنا، خَرَجَ یَخْرُجُ کا مصدر ہے، خروج کے معنی نکلنے کے ہیں، خواہ اپنی قرارگاہ سے نکلے یا اپنی حالت سے اور قرارگاہ خواہ گھر ہو یا شہر یا خیمہ اور حالت خواہ اندرون میں ہو یا اسبابِ خارجی میں سب کے لئے خروج کا استعمال ہوتا ہے، پ۱ ع۱۲ و ۱۷ پ۱۳ ع۴ پ۲۶ ع۱۵ و ۱۹

فصل الزاء المعجمة

خَزَآئِنُ۔ خزانے، خِزَانَةٌ اور خَزِيْنَةٌ کی جمع، پ۷ ع۱۳ پ۱۱ ع۱۵ پ۱۳ ع۲ پ۲۷ ع۱۲

خَزَآئِنُهٗ۔ اس کے خزانے، خَزَآئِنُ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، پ۱۲ ع۲

خَزَنَةٍ۔ خزانچی، نگہبان، چوکیدار، داروغہ خَازِنٌ کی جمع، پ۲۴

خَزَنَتُهَا۔ اس کے داروغہ، اس کے چوکیدار، اس کے نگہبان، خَزَنَةٌ مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، پ۲۴، پ۲۹

خِزْيٌ، ذلت، خواری، رسوائی، خَزِيَ یَخْزٰی کا مصدر ہے، پ۱ ع۱۴ و ۱۹ پ۶ ع۱۰ پ۱۱ ع۱۵ پ۱۲ ع۴ پ۱۴ ع۱۲ پ۲۳ ع۱۷ پ۲۴ ع۱۹

فصل السین المهملة

خَسَارًا۔ زیان۔ نقصان، ٹوٹا، خَسِرَ یَخْسَرُ کا مصدر ہے، پ۱۵ ع۱۲ پ۲۹ ع۱۰

خُسْرٍ۔ زیان، نقصان، ٹوٹا، خَسِرَ یَخْسَرُ کا مصدر ہے خُسْرٌ خَسَارٌ خُسْرَانٌ تینوں مصدر ہیں اور تینوں کے معنی خسارہ کے ہیں یعنی پونجی گھٹ جانا اور سرمایہ میں گھاٹا اور ٹوٹا پڑ جانا، یہ بھی واضح رہے کہ کبھی تو خسارہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی نسبت انسان کی طرف کی جاتی ہے چنانچہ کہتے ہیں فلانے کو گھاٹا ہوگیا ہے اور کبھی فعل کی طرف چنانچہ بولتے ہیں اس کی تجارت گھٹ گئی اور کبھی خارجی چیزوں کی طرف جیسے مال وجاہ دنیوی وغیرہ ہیں اور خسارہ کا استعمال بیشتر ان ہی خارجی اشیاء کے متعلق ہوتا ہے، اور کبھی نفیس اور گرانقدر نعمتوں کی طرف جیسے صحت اور تندرستی عقل وہوش ایمان وثواب وغیرہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے خُسْرَانٌ مُّبِیْنٌ ان ہی گراں قدر نعمتوں کے خسارے کو فرمایا ہے ۱۸ پ ۲۵ خُسْرًا ۱۸ پ

خَسِرَ۔ اس نے ٹوٹا پایا، وہ گھاٹے میں رہا، اس نے گنوایا، خُسْرٌ خَسَارٌ اور خُسْرَانٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۵ پ ۱۵ ۳ پ ۵ پ ۱۱ ۱۳ پ ۲۴ ۱۴ پ ۱۷ پ

خُسْرَانٌ۔ گھاٹا، ٹوٹا، زیان، نقصان خَسِرَ یَخْسَرُ کا مصدر ہے، ۱۴ پ ۳۳ ۱۹

خَسِرُوْا۔ انھوں نے ٹوٹا پایا، انھوں نے نقصان اٹھایا، خُسْرٌ خَسَارٌ اور خُسْرَانٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب ۷ پ ۸ ۱۳۹ ۱۲ پ ۱۵ پ ۲۲ پ ۲۵ خُسْرَانًا ۵ پ ۱۵

خَسَفَ۔ وہ گہن میں آیا، (ضَرَبَ) خُسُوْفٌ سے جس کے معنی چاند کے گہن میں آنے کے ہیں ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۲۹ پ ۱۷

خَسَفَ۔ اس نے دھنسایا، (ضَرَبَ) خَسْفٌ سے، جس کے معنی زمین میں دھنسانے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۲۰ پ ۱۱

خَسَفْنَا۔ ہم نے دھنسایا، خَسْفٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع متکلم، ۲۰ پ ۱۱ ۱۶۹

فصل الشین المعجمۃ

خُشُبٌ۔ لکڑیاں، خَشَبٌ کی جمع، ۲۸ پ ۱۴

خُشَّعًا۔ عاجزی کرنے والے، خشوع کرنے والے خَاشِعٌ کی جمع جو خُشُوْعٌ سے، اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر غائب ہے (ملاحظہ ہو تَخْشَعَ) ۲۷ پ ۸

خَشَعَتْ۔ دب گئی، نیچی ہوگئی، پست ہوگئی عاجز ہوگئی، خُشُوْعٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، ۱۶ پ ۱۵

خُشُوْعًا۔ عاجزی، فروتنی، خَشَعَ یَخْشَعُ کا مصدر ہے، ۱۵ پ ۱۳

خَشِیَ۔ وہ ڈرا، اس نے خوف کھایا (سَمِعَ) خَشْیَۃٌ ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب ۴ ع ۱۸ ب ۱۲ ع ۱۲ ب ۱۳

خَشِيْتُ۔ میں ڈرا۔ خَشْيَةٌ سے ماضی کا صیغہ واحد متکلم، ب ۱۶ ع ۱۴

خَشْيَةٌ۔ خوف، ڈر، ہیبت، خشیت اس خوف کو کہتے ہیں جس میں تعظیم شامل ہو، یہ بات اکثر حالات میں جس کا ڈر ہو اس کے علم سے ہوتی ہے، اسی بنا پر آیہ شریفہ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا (اللہ سے ڈرتے وہی ہیں اس کے بندوں میں جو عالم ہیں) میں علماء کو خشیت سے مخصوص کیا گیا ہے۔ ب ۱ ع ۵ ب ۱۵ ع ۱۱ ب ۱۸ ع ۳ ب ۲۸

خَشْيَتِهٖ۔ اس کی ہیبت، اس کا خوف، اس کا ڈر، خَشْيَةٌ مصاف ہ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ب ۷ ع ۳

خَشِيْنَا۔ ہم ڈرے۔ خَشْيَةٌ سے ماضی کا صیغہ جمع متکلم، ب ۱۶ ع ۱

فصل اصاد المهملة

خَصَاصَةٌ۔ احتیاج، بھوک، تنگی، فاقہ، خَصَّ يَخُصُّ کا مصدر ہے، ب ۲۸

خِصَامٍ۔ جھگڑا کرنا جھگڑا کرنے والے اول معنی کے اعتبار سے باب مُفَاعَلَةٌ کا مصدر ہے اور دوسرے معنی کے لحاظ سے خَصْمٌ کی جمع ہے، ب ۲۵ ع ۸

خَصْمٌ۔ خصومت کرنے والا، جھگڑنے والا، واحد تثنیہ، جمع اور مؤنث سب کے لئے استعمال ہوتا ہے، خُصُوْمٌ خِصَامٌ اور اَخْصَامٌ جمع، ب ۲۳ ع ۱۳

خَصْمٰنِ۔ دو جھگڑنے والے، خَصْمٌ کا تثنیہ ب ۲۳ ع ۱۱

خَصِمُوْنَ۔ جھگڑالو، خصومت کرنے والے خَصِمٌ کی جمع، جو خَصْمٌ سے جس کے معنی جھگڑنے کے ہیں صفت مشبہ کا صیغہ ہے ب ۲۵ ع ۱۲

خَصِيْمٌ۔ سخت جھگڑنے والا، خَصْمٌ سے بروزن فَعِيْلٌ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ بمعنی کثیر المخاصمت اَخْصَامٌ خُصَمَآءُ اور خُصَمَاءُ جمع، ب ۱۴ ع ۲۳۔ خَصِيْمًا، ب ۱۳

فصل الضاد المعجمة

خُضْتُمْ۔ تم نے بحث کی، تم نے قدم ڈالے خَوْضٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر (ملاحظہ ہو خَوْضٌ) ب ۱۰ ع ۱۵

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خُضْرٍ۔ سبز، ہرے، اَخْضَرُ اور خَضْرَاءُ کی جمع ۷۶/۱۳ خُضْرٌ ۳۹/۷۶

خَضِرًا۔ سبزہ، سبز، سبزی، خَضِرٌ سے، جس کے معنی سبز اور ہرے ہونے کے ہیں، صفتِ مشبہ کا صیغہ، ۱۸/۱۲

فصل الطاء المهملة

خَطَأً۔ چوک، چوک جانا، گناہ کرنا، خَطِئَ یَخْطَأُ کا مصدر ہے، امام راغب نے خطا کے معنی لکھے ہیں العدول عن الجهة یعنی اصلی رخ سے ہٹ جانا، اس کی مختلف صورتیں ہیں (۱) ایسی چیز کا ارادہ کرے جس کا کرنا اچھا نہیں اور پھر اس کو کر ڈالے، یہ خطا مکمل خطا ہے کہ جس پر انسان سے باز پرس ہوگی، اس کے لئے خَطِئَ یَخْطَأُ خِطْأٌ اور خِطْأَةٌ بولا جاتا ہے۔ ارشاد ہے۔ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَ هَامَانَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ (بیشک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر خطا کار تھے) یہاں خطا سے یہی خطا مراد ہے جو سراسر قابلِ مذمت ہے (۲) ارادہ تو اچھے کام کا کیا لیکن چوک جانے سے بلا ارادہ اس کے خلاف ہوگیا، اس کے لئے اَخْطَأَ خَطَأً وَ مُخْطِئٌ آتا ہے اور کبھی خَطِئَ یَخْطَأُ کا استعمال بھی اسی معنی میں ہوتا ہے یہاں خطا سے یہی مراد ہے، اس شخص سے فعل میں خطا ہوگئی لیکن ارادہ نیک ہی تھا اس لئے شرعاً اس خطا پر باز پرس نہیں ارشاد ہے لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (اور گناہ نہیں تم پر جس چیز میں چوک جاؤ، لیکن گناہ وہ ہے جس پر دل سے ارادہ کیا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے) (۳) ارادہ برے فعل کا کیا لیکن اتفاق سے اس کے خلاف سرزد ہوگیا، اس کا فعل گو درست ہے لیکن ارادہ میں خطا رہی اس لئے یہ شخص قابلِ مذمت ہے اس کا قصد بھی مذموم ہے اور فعل بھی قابلِ ستائش نہیں کیونکہ نادانستہ طور پر سرزد ہوا ہے۔

بہرحال جس شخص نے کسی چیز کا ارادہ کیا اور اتفاق سے اس کے خلاف واقع ہوگیا تو "خطا" ہے اور جو اس کے ارادہ کے مطابق ہو تو صواب ہے اور کبھی خطا کا استعمال اس کیلئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی ہوتا ہے جس نے کسی برے فعل کا ارتکاب کیا، یا برے ارادہ کا قصد کیا، غرض یہ لفظ مشترک ہے اور متعدد معانی میں مستعمل ہے اس لئے جو لئے حقیقت کو اس کے معنی میں تامل کرنا ضروری ہے (ملاحظہ ہو اَخْطَأَ ثُمَّ ب۵)

خِطْأٌ گناہ، چوک، خطا، خَطِئَ یَخْطَأُ کا مصدر ہے، بمعنی گناہ کرنے کے آتا ہے، ۱۵

خِطَابٌ۔ کلام، سخن، بات، گفتگو، باب مُفَاعَلَةٌ کا مصدر ہے، ۳۱ **خِطَابًا** ب۳

خَطِيْئَكُمْ۔ تمہارے گناہ، تمہاری خطائیں تمہاری تقصیریں، خَطَايَا خَطِيْئَةٌ کی جمع مضاف ہے، کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، مضاف الیہ (ملاحظہ ہو خَطِيْئَةٌ) ۱۲

خَطَايَانَا۔ ہمارے گناہ، ہماری خطائیں، ہماری تقصیریں، خَطَايَا مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ۱۶ ۱۲

خَطِيْئَاتِهِمْ۔ ان کے گناہ، ان کی خطائیں ان کی تقصیریں، خَطَايَا مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ۲۰

خَطْبُكَ۔ تیرا حال، تیری حقیقت، تیرا معاملہ وہ اہم معاملہ جس کے متعلق لوگوں میں کثرت سے بات چیت ہو خَطْبٌ کہلاتا ہے خَطْبُ مضاف كَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، ۱۶ ۱۴

خَطْبُكُمْ۔ تمہاری مہم، تمہارا معاملہ، تمہاری خبر، خَطْبُ مضاف كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، ۱۴ ۲۷

خَطْبُكُمَا۔ تم دونوں (عورتوں) کا حال، تمہارا کام، خَطْبُ مضاف كُمَا ضمیر تثنیہ مذکر حاضر مضاف الیہ ۲۰

خَطْبُكُنَّ۔ تمہارا حال، تمہاری حقیقت خَطْبُ مضاف، كُنَّ ضمیر جمع مؤنث حاضر مضاف الیہ ۱۲

خِطْبَةٌ۔ پیغام نکاح، منگنی، نکاح کی بات چیت کو خطبہ کہتے ہیں، خَطَبَ یَخْطُبُ کا مصدر ہے، ۲۴

خَطِفَ، اس نے اچک لیا، یہ اگرچہ ضَرَبَ اور سَمِعَ دونوں سے مستعمل ہے اور دونوں بابوں سے اس کی قرأت ہوتی ہے لیکن سَمِعَ سے زیادہ فصیح ہے خَطْفَةٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، ۳۳

خِطْفَةَ۔ جھپٹ سے اچک لینا، خَطِفَ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یَخْطَفُ کا مصدر ہے پ ۲۳

خُطُوٰتِ، قدم، خُطْوَۃٌ کی جمع ہے پ ۲ ع ۲۱ پ ۱۸ ع ۴

خَطِیْئٰتِکُمْ، تمہارے گناہ، تمہاری خطائیں، تمہاری تقصیریں، خَطِیْئَاتٌ خَطِیْئَۃٌ کی جمع مضاف ہے، کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، پ ۹

خَطِیْئٰتِہِمْ، ان کی خطائیں، ان کی تقصیریں، ان کے گناہ، خَطِیْئَاتٌ مضاف ہُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، پ ۲۹

خَطِیْئَۃٌ، خطا، تقصیر، "خطیئہ" اور "سیئہ" دونوں کے معنی قریب قریب ہیں، لیکن "خطیئہ" کا استعمال بیشتر اس فعل کے متعلق ہوتا ہے جو خود بذاتہ مقصود نہیں ہوتا، بلکہ فعل کے وقوع کا سبب ہوتا ہے جیسے شکار کو نشانہ بنایا گولی خطا کر کے انسان کو جا لگی، یا کسی نشیلی چیز کا استعمال کیا اور نشہ کی حالت میں کوئی قصور کر بیٹھا، غرض سبب کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جس کا انجام دینا ممنوع ہے جیسے نشہ کرنا، اس صورت میں جو خطا ہو قابل گرفت ہے۔ دوسرا وہ جو منع نہیں، جیسے شکار کرنا، آیت شریفہ وَمَنْ یَّکْسِبْ خَطِیْئَۃً اَوْ اِثْمًا (اور جو کوئی کمائے تقصیر یا گناہ) میں "خطیئہ" سے وہ فعل مراد جو بلا قصد سرزد ہوا ہے، پ ۵

خَطِیْئَتُہٗ، اس کا گناہ، اس کی خطا، خَطِیْئَۃٌ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، پ ۲

خَطِیْئَتِیْ۔ میری خطا، میرا گناہ، میری تقصیر، خَطِیْئَۃٌ مضاف، ی ضمیر واحد متکلم، مضاف الیہ، پ ۱۹

فصل الفاء

خِفَافًا، سبکبار، ہلکے، خَفِیْفٌ کی جمع، (ملاحظہ ہو خَفِیْفًا) پ ۱۱

خَفَّتْ، وہ ہلکی ہوئی، (ضَرَبَ) خِفَّۃٌ سے جس کے معنی ہلکا اور سبک ہونے کے ہیں۔ ماضی کا صیغہ واحد مؤنث غائب، پ ۸ ع ۱۵ پ ۲۳

خِفْتُ۔ میں ڈرا، مجھے خوف ہے، خَوْفٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد متکلم، (ملاحظہ ہو اَخَافُ) پ ۱۶

خِفْتِ۔ تو ڈری، خَوْفٌ سے، ماضی کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مؤنث حاضر، پ۱۶

خِفْتُكُمْ، میں تم سے ڈرا، اس میں کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے، پ۱۹

خِفْتُمْ۔ تم ڈرے، تم کو ڈر ہوا، خوفٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر پ۲ ع۱۴ پ۱۰ ع۱۲ پ۵ ع۱۲ پ۱۰

خَفَّفَ۔ اس نے تخفیف کی۔ اس نے ہلکا کر دیا تَخْفِيفٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب (ملاحظہ ہو تَخْفِيفٌ) پ۱۰

خَفِيٌّ پوشیدہ، چھپی ہوئی، خَفَاءٌ سے جس کے معنی پوشیدہ ہونے اور چھپنے کے ہیں۔ صفت مشبہ کا صیغہ پ۲۵ خَفِيًّا پ۱۶

خُفْيَةً پوشیدہ، چھپی ہوئی، خَفِيَ۔ يَخْفٰى کا مصدر ہے۔ پ۸ پ۱۲

خَفِيفًا۔ ہلکا، سبک، خِفَّةٌ سے، جس کے معنی ہلکا اور سبک ہونے کے ہیں، بروزن فَعِيلٌ صفت مشبہ کا صیغہ ہے، خَفِيفٌ، ثَقِيلٌ کے مقابلہ میں بولا جاتا ہے، ان دونوں کا استعمال حسب ذیل معانی میں ہوتا ہے (۱) وزن کے اعتبار سے ایک کو "خفیف" اور دوسرے کو "ثقیل" کہا جاتا ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں یہ ہلکا ہے وہ بھاری ہے (۲) زمانہ کی مناسبت کے اعتبار سے چنانچہ ایک مقررہ وقت میں جب ایک گھوڑا دوسرے سے زیادہ دوڑے تو کہتے ہیں فرس خفیف اور فرس ثقیل۔ (۳) جو لوگوں کو بھلا معلوم ہو اس کو خفیف (آسان) اور جو برا معلوم ہو اس کو ثقیل (گراں) بولتے ہیں، اس صورت میں خفیف مدح اور ثقیل ذم ہے اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ (اب تخفیف کی اللہ نے تم سے) اور حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا (حمل رہا ہلکا سا حمل) اسی کی مثالیں ہیں (۴) جو طیش میں آجائے اسے خفیف اور جس میں وقار ہو اسے ثقیل کہتے ہیں، اس معنی میں خَفِيفٌ مذمت ہے اور ثَقِيلٌ مدح ہے (۵) جن اجسام کا رخ اوپر کی جانب ہو جیسے آگ وغیرہ خفیف ہیں اور جن کا رخ نیچے کی جانب رہے جیسے پانی وغیرہ ثقیل ہیں (ملاحظہ ہو اِثَّاقَلْتُمْ اور ثِقَالًا) پ۱۰

www.KitaboSunnat.com

فصل اللام

خَلَا۔ وہ تنہا ہوا، وہ اکیلا ہوا، وہ خلوت میں ہوا، (نَصَرَ) خَلَاءٌ سے، جس کے معنی خلوت میں ہونے اور اکیلے ہونے کے ہیں، ماضی کا صیغہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحد مذکر غائب، پ۱

خَلَا۔ وہ گزرا، وہ ہو چکا، (نصر) خُلُوٌّ سے جس کے معنی گزرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، پ۳ ع۱۵

خِلَافٍ۔ خلاف، الٹا، مخالفت، پیچھا باب مُفَاعَلَۃٌ کا مصدر ہے، آیہ کریمہ اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْھِمْ وَاَرْجُلُھُمْ مِنْ خِلَافٍ (یا کاٹے جائیں ان کے ہاتھ اور پاؤں الٹی طرف سے) میں دایاں ہاتھ اور بایاں پاؤں مراد ہیں، پ۶ ع۹ پ۱۰ ع۱۲ پ۱۶ ع۹

خِلَافَكَ۔ تیرے خلاف، تیرے پیچھے خِلَافٌ مضاف لَکَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ پ۱۰ ع۱۵

خَلَاقَ۔ حصہ، اپنی خلق اور عادت سے جو فضیلت انسان حاصل کرے اس کا نام خلاق ہے، پ۱ ع۱۲ پ۲ ع۹ پ۳ ع۱۹

خَلَّاقُ۔ پیدا کرنے والا، اصل بنانے والا، خَلْقٌ سے، مبالغہ کا صیغہ، امام حلیمی نے اس کے معنی لکھے ہیں الخالق خلقا بعد خلق[1]۔ (ایک مخلوق کے بعد دوسری کو پیدا کرنے والا) اسماء حسنیٰ الٰہیہ میں سے ہے (ملاحظہ ہو خَلْقٌ) پ۱۴ ع۲۳

خَلَاقِكُمْ۔ تمہارا حصہ، خَلَاقٍ مضاف، کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، پ۱۰ ع۱۵

خَلَاقِهِمْ۔ ان کا حصہ، خَلَاقٍ مضاف ھِمْ ضمیر جمع مذکر غائب، پ۱۰ ع۱۵

خِلَّ۔ دوستی، باب مُخَالَّۃٌ کا مصدر ہے نیز خُلَّۃٌ کی جمع بھی ہو سکتی ہے۔ جس کے معنی دوستی کے ہیں اور خَلِیْلٌ کے بھی جس کے معنی گہرے دوست کے ہیں، پ۱۳ ع۱۲

خِلَلَ۔ درمیان، بیچ، وسط، خَلَلٌ کی جمع ہے جس کے معنی دو چیزوں کی درمیانی کشادگی کے ہیں، پ۱۸ ع۱۵

خِلٰلِكُمْ۔ تمہارے درمیان۔ خِلَالِ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، پ۱۰ ع۱۳

خِلٰلِهٖ۔ اس کے درمیان، خِلَالِ مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ پ۱۳ ع۱۲ پ۲۱ ع۸

خِلٰلِهَا۔ اس کے درمیان، خِلَالِ مضاف ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ پ۱۳ ع۱۵

[1] کتاب الاسماء والصفات امام بیہقی ص ۱۸، طبع انوار احمدی الٰہ آباد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خِلٰلَهُمَا۔ ان دونوں کے درمیان خِلَالَ مضاف هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب مضاف الیہ، ۱۵/۴

خَلِیْفَ۔ جانشین، نائب، قائم مقام، خَلِیْفَةٌ کی جمع، ۵/۱۱ ۲۴/۱۴

خَلَتْ۔ وہ گزر گئی، خُلُوٌّ سے ماضی کا صیغہ، واحد مونث غائب (ملاحظہ ہو خَلَا) ۱۴/۱

۲۴/۹ ۲۴/۱۰ ۲۴/۱۱ ۲۴/۱۳ ۲۴/۱۴ ۲۶/۱۱ ۲۶/۱۳ ۲۶/۱۴

خُلْدِ۔ ہمیشہ رہنا۔ دوام، بقا، (ملاحظہ ہو خُلُوْدٌ) ۱۱/۱۹ ۱۲/۱۹ ۱۳/۱۹ ۱۴/۱۹ ۱۵/۱۹ ۱۸/۲۱ ۱۸/۲۲

خَلَصُوْا۔ وہ اکیلے ہوئے (نَصَرَ) خُلُوْصٌ سے، جس کے معنی خالص ہونے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب، یہاں خالص ہونے سے مراد تنہا بیٹھنا اور اکیلے میں ہونا ہے، ۱۳/۸۰

خُلَطَآءِ۔ شرکا، شرکت والے، خَلِیْطٌ کی جمع، جس کے معنی شریک کے ہیں، ۲۳/۳۸

خَلَطُوْا۔ انھوں نے ملایا، (ضَرَبَ) خَلْطٌ سے، جس کے معنی ملانے اور آمیزش کرنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ، جمع مذکر غائب، ۱۱/۲۴

خَلَفَ۔ وہ جانشین ہوا، وہ پیچھے آیا، (نَصَرَ) اول معنی کے اعتبار سے خِلَافَةٌ سے، جس کے معنی جانشین ہونے کے ہیں۔ اور دوسرے معنی کے اعتبار سے خَلْفٌ سے جس کے معنی کسی کے پیچھے آنے کے ہیں، ماضی کا صیغہ، واحد مذکر غائب، ۹/۱۶

خَلْفٌ۔ ناخلف، برے جانشین، امام بغوی لکھتے ہیں۔

"خلف اس قرن (نسل) کو کہتے ہیں جو دوسرے قرن کے بعد آتا ہے، ابو حاتم کا بیان ہے کہ خَلْفٌ لام کے سکون سے بمعنی اولاد ہے، واحد اور جمع دونوں کے لئے یکساں مستعمل ہے، اور خَلَفٌ لام کے زبر سے بمعنی بدل خواہ اولاد ہو یا کوئی اجنبی ہو، ابن الاعرابی کا قول ہے کہ خَلَف زبر کے ساتھ نیک کے لئے آتا ہے اور جزم کے ساتھ بد کے لئے، نضر بن شمیل کہتے ہیں کہ خَلَف لام کی حرکت اور سکون کے ساتھ تو بری نسل کے لئے استعمال ہوتا ہے، لیکن اچھی نسل کے لئے بغیر لام کی حرکت کے نہیں آتا، محمد بن جریر نے تصریح کی ہے کہ اکثر مدح میں تو لام کا زبر مستعمل ہے اور ذم میں اس کا سکون اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مذمت میں متحرک ہوتا ہے اور مدح میں ساکن" [1] ۹/۱۶

[1] معالم التنزیل ج ۲ ص ۲۵۰۔ طبع مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خُلَفَاءَ جانشین، خَلِیفَۃٌ کی جمع ۲/۳۰ ۷/۶۹ ۱۰/۱۴ ۲۷/۶۲

خِلْفَۃً آگے پیچھے آنے والے، اصل میں مصدر ہے، ہیئتِ فعل کو بتاتا ہے، خَلْفٌ کے معنی ہیں کسی کے پیچھے آنے کے۔ اور خِلْفَۃٌ کے معنی ہیں لگاتار ایک دوسرے کے پیچھے آنا، ۲۵/۶۲

خَلَفْتُمُونِی تم نے میری جانشینی کی، تم نے میری نیابت کی، خَلَفْتُمْ خِلَافَۃٌ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر حاضر، واو اشباع کا ہے، ن وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم، ۷/۱۵۰

خَلْفَكَ تیرے پیچھے، خَلْفَ بمعنی پیچھے، قُدَّامَ کی ضد ہے، ظروفِ غایات میں سے ہے۔ مضاف ہے کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، ۱۰/۹۲

خَلْفَكُمْ تمہارے پیچھے، خَلْفَ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، ۲۳/۳۲

خَلْفَنَا ہمارے پیچھے، خَلْفَ مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ۴/۹۲

خُلِفُوا وہ پیچھے چھوڑے گئے، تَخْلِیفٌ سے جس کے معنی پیچھے چھوڑنے کے ہیں، ماضی مجہول کا صیغہ جمع مذکر غائب، ۹/۱۱۸

خَلْفَهُ اس کے پیچھے، خَلْفَ ظرف مضاف ہے ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۱۳/۱۱ ۴۰/۳۳ ۳۶/۳۱ ۲۹/۱۲

خَلْفَهَا اس کے پیچھے، خَلْفَ مضاف ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، ۷۹/۲۹

خَلْفَهُمْ ان کے پیچھے، خَلْفَ مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۲/۳ ۴/۱۲ ۵/۳ ۱۲/۱۵ ۱۶/۷۳ ۱۶/۱۸۸ ۲۷/۱۸ ۲۳/۱۷

خَلْقٌ آفرینش، پیدائش، بنانا، پیدا کرنا، خَلَقَ، یَخْلُقُ کا مصدر ہے، اصل میں تو "خلق" کے معنی تقدیرِ مستقیم یعنی صحیح اندازہ ٹھیرانے کے ہیں اور اس کا استعمال کسی چیز کے بغیر نمونہ اور پیروی کے ایجاد کرنے کے لئے بھی ہوتا ہے، چنانچہ ارشاد ہے خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (اس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو) کہ یہاں خلق کا استعمال ابداع یعنی بے مثال اور بے نمونہ سابق بنانے کے لئے ہوا ہے، چنانچہ آیت بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (بنا نکالنے والا آسمانوں اور زمین کا) اس بات پر دلالت کر رہی ہے، نیز ایک شے کے دوسری شے سے بنانے اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایجاد کرنے کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ (اس نے تم کو پیدا کیا ایک جان سے) اور خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ (بنایا آدمی کو ایک بوند سے)۔

"خلق" بمعنی ابداع ذاتِ باری کی مخصوص صفت ہے، آیت شریفہ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (بھلا جو پیدا کرے برابر ہے اس کے جو پیدا نہ کرے کیا تم سوچتے نہیں) میں اسی فرق کو واضح کیا گیا ہے، البتہ دوسرے معنی کہ جس میں ابداع نہیں بلکہ استحالہ ہوتا ہے بعض اوقات اللہ تعالیٰ نے اس سے غیر کو بھی موصوف فرمایا ہے جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہ ان کے معجزہ کے متعلق ارشاد ہے وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ (اور جب تو بناتا تھا مٹی سے جانور کی صورت میرے حکم سے) اور عام لوگوں کے لئے جو "خلق" کا استعمال ہوتا ہے تو صرف دو معنی کے لئے ہوتا ہے، ایک تو اندازہ کرنے کے لئے اور دوسرے جھوٹ گڑھنے[1] کے لئے ارشاد ہے وَتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا (اور تم جھوٹی باتیں گھڑتے ہو) چنانچہ کلام کی صفت میں جہاں بھی خلق کا لفظ آئیگا اس سے جھوٹ ہی مراد ہوگا امام راغب لکھتے ہیں

ومن هذا الوجه	اسی بنا پر بہت لوگ
امتنع كثير من	قرآن کے متعلق خلق
الناس من اطلاق	کا لفظ استعمال
لفظ الخلق على	کرنے سے رک گئے
القرآن۔	

آیت کریمہ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ (سو بڑی برکت اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا ہے) میں خلق کا استعمال اندازہ کرنے اور صورت گری کے معنی میں ہوا ہے ابداع و ایجاد کے معنی میں نہیں، اور آیت کریمہ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ (اور میں ان کو حکم دونگا کہ وہ اللہ کی خلق کو بدلیں) میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ حسن بصری، مجاہد، قتادہ، سعید بن المسیب اور ضحاک نے "خلق اللہ" کی تفسیر "دین اللہ" سے کی ہے، یعنی دین کی وضع جو اللہ نے رکھی ہے اسے بدل کر حرام کو حلال اور حلال کو

[1] گھڑنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرام قرار دیا جائے اور عکرمہ اور مفسرین کی دوسری جماعت کا قول ہے کہ خلق اللہ کی تبدیلی سے صورت بدلنا مراد ہے مثلاً خصی ہونا بدن گودوانا کان چیرنا وغیرہ[1] اسی طرح لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ (بدلنا نہیں اللہ کے بنائے کو) میں بعض نے خلق اللہ سے قضا و قدر الٰہی مراد لیا ہے اور بعض نے احکام ملت، اور بعض نے تبدیلِ خلقت۔

خلق کا استعمال بمعنی مخلوق بھی ہوتا ہے اور خَلْقٌ اور خُلُقٌ اصل میں دونوں ایک ہی ہیں جیسے شُرْبٌ اور شُرُبٌ اور صَرْمٌ اور صُرُمٌ مگر اتنا فرق ہے کہ خلق کا استعمال خلقت کے لئے مخصوص ہے اور خُلُقٌ کا عادت و خصلت کے لئے، پ۱۲ ع۱۱ پ۵ ع۱۵ پ۱۱ ع۱۲ و ۱۶ پ۸ ع۱۱ و ۹ و ۶ پ۱۱ ع۸ و ۱۵ پ۱۳ ع۱۵ پ۱۴ ع۱۷ پ۱۶ ع۱۴ پ۲۰ ع۱۴ و ۵ و ۶ و ۷ پ۲۱ ع۷ و ۱۳ و ۱۵ پ۲۲ ع۱۴ و ۱۵ پ۲۳ ع۱۱ پ۲۴ ع۱۵ پ۲۵ ع۱۹ خَلْقًا پ۱۵ ع۵ و ۱۱ پ۱۸ ع۱۵ پ۲۳ ع۵ و ۱۵ پ۳۰ ع۴

خَلَقَ۔ اس نے بنایا، اس نے پیدا کیا، خَلْقٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، پ۱ ع۲ پ۲ ع۱۲ پ۴ ع۷ و ۱۶ پ۸ ع۴ پ۹ ع۱۴ پ۱۰ ع۱۱ پ۱۱ ع۱۳ پ۱۵ ع۱۱ پ۱۶ ع۱۰ پ۱۷ ع۱۲ و ۱۷ پ۱۸ ع۱۲ پ۱۹ ع۱۳ پ۲۰ ع۱۷ پ۲۱ ع۲ و ۳ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۳ پ۲۲ ع۱ و ۱۶ پ۲۳ ع۲ و ۱۵ پ۲۴ ع۱ و ۱۶ پ۲۵ ع۱۹ و ۷ پ۲۶ ع۴ پ۲۷ ع۷ و ۱۱ و ۱۶ پ۲۸ ع۱۵ و ۱۸ پ۲۹ ع۱ و ۹ و ۱۸ پ۳۰ ع۱۲ و ۷ و ۲۱ و ۲۸

خُلِقَ۔ وہ بنایا گیا، وہ پیدا کیا گیا، خَلْقٌ سے ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب، پ۵ ع۱۲ پ۲۹ ع۱۱ پ۳۰ ع۱۱

خُلُقٌ۔ عادت، خصلت، خو، خلق اَخْلَاقٌ جمع، پ۱۹ ع۱۱ پ۲۹ ع۳

خَلَقْتَ۔ تو نے بنایا، تو نے پیدا کیا خَلْقٌ سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر حاضر، پ۲۳ ع۱۱ پ۲۷ ع۱۵

خَلَقْتُ۔ میں نے بنایا، میں نے پیدا کیا خَلْقٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد متکلم، پ۲۳ ع۱۴ پ۲۴ ع۱۵

خُلِقَتْ۔ وہ پیدا کی گئی، وہ بنائی گئی، خَلْقٌ سے، ماضی مجہول کا صیغہ، واحد مؤنث غائب پ۳۰ ع۱۳

خَلَقْتُكَ۔ میں نے تجھ کو بنایا، میں نے تجھ کو پیدا کیا، اس میں کَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے، پ۱۶ ع۴

خَلَقْتَنِيْ۔ تو نے مجھے پیدا کیا، تو نے مجھے

[1] معالم التنزیل ج ۱ ص ۴۹۹ طبع مصر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بنایا، اس میں نون وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم ہے

خَلَقْتَهٗ۔ تو نے اس کو پیدا کیا، تو نے اس کو بنایا، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے،

خَلَقَكَ۔ اس نے تجھ کو بنایا، اس نے تجھے پیدا کیا، اس میں کَ ضمیر واحد مذکر حاضر ہے (ملاحظہ ہو خَلَقَ)

خَلَقَكُمْ۔ اس نے تم کو بنایا۔ اس نے تم کو پیدا کیا۔ اس میں کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے،

خَلْقِكُمْ تمہیں بنانا، تم کو پیدا کرنا، خَلْقٌ مصدر مضاف ہے اور کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ،

خَلَقْنَا۔ ہم نے بنایا، ہم نے پیدا کیا، خَلَقَ سے، ماضی کا صیغہ جمع متکلم،

خَلَقْنٰكُمْ۔ ہم نے تم کو بنایا، ہم نے تم کو پیدا کیا، اس میں کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر ہے،

خَلَقْنٰهُمْ۔ ہم نے ان کو بنایا، ہم نے ان کو پیدا کیا، اس میں هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے

خَلَقْنٰهُمَا۔ ہم نے ان دونوں کو بنایا، ہم نے ان دونوں کو پیدا کیا، اس میں هُمَا ضمیر تثنیہ مذکر غائب ہے۔

خَلَقَنِيْ۔ اس نے مجھے بنایا، اس نے مجھے پیدا کیا، خَلَقَ صیغہ ماضی ن وقایہ، ی ضمیر واحد متکلم ہے،

خَلَقُوْا۔ انھوں نے بنایا، انھوں نے پیدا کیا، خَلَقٌ سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب

خُلِقُوْا۔ وہ بنائے گئے، وہ پیدا کئے گئے خَلَقٌ سے، ماضی مجہول کا صیغہ جمع مذکر غائب

خَلَقَهٗ۔ اس کو بنایا، اس کو پیدا کیا، اس میں ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب ہے (ملاحظہ ہو خَلَقَ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خَلْقَهٗ۔ اس کا بنانا، اس کا پیدا کرنا خَلْقَ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۳ پ ۱۱ ع ۲۳

خَلَقَهَا۔ اس کو بنایا، اس کو پیدا کیا، اس میں ھَا ضمیر واحد مؤنث غائب ہے، ۳۰ پ ۱۲

خَلَقَهُمْ۔ ان کو بنایا، ان کو پیدا کیا، اس میں ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب ہے، ۲۳ پ ۱۸

۲۳ پ ۲۴ ع ۱۳

خَلْقَهُمْ۔ ان کا بنانا، ان کا پیدا کرنا خَلْقَ مضاف، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، مضاف الیہ، ۲۵ پ ۸

خَلَقَهُنَّ۔ اس نے ان کو بنایا، اس نے ان کو پیدا کیا، اس میں ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب ہے، ۲۴ پ ۲۵

خَلْقِهِنَّ۔ ان کا بنانا، ان کا پیدا کرنا، خَلْقِ مضاف، ھِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ، ۲۴ پ ۲۵

خَلَوْا۔ وہ تنہا ہوئے، وہ اکیلے ہوئے، خَلَا سے، ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو خَلَا) ۲ پ ۳

خَلَوْا۔ وہ گزرے، وہ پہلے ہو چکے، خُلُوٌّ سے ماضی کا صیغہ جمع مذکر غائب (ملاحظہ ہو خَلَا)

۲ پ ۱۱ ع ۱۵ پ ۱۸ ع ۲ ۲۲ ع ۵

خَلَوْا۔ تم چھوڑ دو، تَخْلِیَةٌ سے، جس کے معنی اصل میں تو کسی خالی مکان میں چھوڑنے کے ہیں مگر پھر ہر طرح پر چھوڑنے کو تَخْلِیَةٌ کہا جانے لگا، امر کا صیغہ جمع مذکر حاضر، ۱۰ پ

خُلُوْدٍ۔ ہمیشہ رہنا، خَلَدَ یَخْلُدُ کا مصدر ہے کسی شے کے بربادی سے بچنے اور اپنی اصلی حالت پر باقی رہنے کا نام خلود ہے، اسی بنا پر اہل عرب عام طور پر خلود کا استعمال اس چیز کے لئے کرتے ہیں کہ جو دیرپا ہو، اور اس میں تغیر و فساد مدت کے بعد پیدا ہو، چنانچہ چولھے کے ان تین پتھروں کو جن پر دیگ چڑھائی جاتی ہے اسی لئے خَوَالِدُ کہتے ہیں کہ وہ دیر تک قائم رہتے ہیں، عالم آخرت کے لئے جہاں خُلُوْدٌ کا استعمال ہوتا ہے، وہاں اس کے اصلی معنی یعنی تمام اشیاء کا اپنی اپنی حالت پر برقرار رہنا مراد ہیں، ۲۶ پ ۱۶

خُلَّةٌ۔ دوستی، آشنائی۔ قاضی بیضاوی لکھتے ہیں خُلَّةٌ خِلَالٌ سے مشتق ہے (جس کا استعمال اندرون اور درمیان کے لئے ہوتا ہے) کیونکہ وہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس محبت کا نام ہے جو نفس کے اندر پیوست ہو کر
مل گئی ہو، اور بعض کا قول ہے کہ خَلَلٌ سے
ماخوذ ہے کیونکہ جب دو شخص دوست ہوئے تو
ہر ایک دوسرے کے خلل کو روکتا ہے یا خَلٌّ سے
لیا گیا ہے جس کے معنی ریگستانی راستہ کے ہیں،
کیونکہ دو دوست راہ کے رفیق ہوتے ہیں، یا
خَلَّةٌ سے جس کے معنی خصلت کے ہیں کیونکہ
دو دوستوں کی خصلتیں ملتی جلتی ہوتی ہیں[1] ۳۔
خَلِيْفَةٌ جانشین، قائم مقام، نائب، تا
اس میں مبالغہ کے لئے ہے۔ خُلَفَآءُ اور
خُلَائِفُ جمع، پ ۱ ع ۱۳

خَلِيْلًا وہ دوست جس کی محبت دل کی
گہرائیوں میں جاگزیں ہو، خِلَالٌ اور مُخَالَّةٌ
سے جس کے معنی کسی سے دوستی کرنے کے
ہیں، صفتِ مشبہ کا صیغہ، حافظ ابن حجر عسقلانی
فرماتے ہیں۔
خَلِيْلٌ بروزن فَعِيْلٌ بمعنی فاعل ہے خُلَّةٌ
بالضم سے ماخوذ ہے جس کے معنی اس دوستی اور محبت
کے ہیں کہ جو دل کے اندر گھس کر اس کے وسط میں
جا پہنچی ہو، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل میں
اللہ تعالیٰ کی محبت کا جو اثر تھا اس کے اعتبار سے
یہ بالکل صحیح ہے، اور اللہ تعالیٰ کے لئے جو اس کا
استعمال کیا گیا ہے تو بطور مقابلہ ہے اور بعض کا قول
ہے کہ خلت کے معنی اصل میں استصفا یعنی
برگزیدگی کے ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل
کے لقب سے اس لئے ملقب ہوئے کہ آپ کی دوستی
اور دشمنی اللہ کے لئے تھی، اور ان کے ساتھ
اللہ تعالیٰ کی خلت کا مطلب ان کی مدد کرنا اور
ان کو پیشوا بنانا تھا اور بعض کا قول ہے کہ وہ خَلَّةٌ
بفتح خا سے مشتق ہے جس کے معنی حاجت کے ہیں
اور ان کا نام خلیل اس لئے ہوا کہ وہ اپنے رب کے
ہی ہوئے تھے اور ساری حاجتیں اسی کے سپرد
کر دی تھیں[2] خازن بغدادی لکھتے ہیں۔
وخلته الله للعبد هی اللہ کا بندہ کو خلیل بنانے کا مطلب
تمکینه من طاعته وعصمته اس کو اپنی طاعت پر قادر عطا فرمانا،
وتوفیقه وستر خلله و عصمت سے سرفراز فرمانا، توفیق عنایت
نصره والثناء عليه[3] کرنا، اس کے خلل کو چھپانا، اس کی مدد کرنا
اور اس پر ثنا کہنا ہے، پ ۵ ع ۱۴

[1] تفسیر انوار التنزیل ج ۱ ص ۱۷۴ طبع میمنیہ مصر۔ [2] فتح الباری ج ۶ ص ۵۷ طبع امیریہ مصر
[3] لباب التاویل ج ۱ ص ۵۰۲ طبع مصر ۱۳۳۱ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل المیم

خَمْرٍ۔ شراب انگوری، اصل میں تو انگور کے کچے پانی کا نام جبکہ وہ نشہ آور ہو خمر ہے لیکن مجازاً ہر نشیلی شراب کو خمر کہدیتے ہیں، علامہ بغوی سید محمد مرتضیٰ زبیدی صاحب تاج العروس شرح قاموس نے قسطراز ہیں۔

واعلم ان کون	اور یہ جان لینا چاہئے کہ
الخمر اسما للنئ من	باتفاق ائمہ لغت انگور کے کچے
ماء العنب اذا صار	پانی کا جب کہ وہ نشہ آور ہو
مسکرا حقیقۃ	خمر نام ہونا حقیقت ہے
بالاتفاق من ائمۃ	حتی کہ خمر کا استعمال اس میں
اللغۃ حقا شائع	مشہور ہے۔ دوسری
استعمالہ فیہ وفی	شرابوں میں کہ جو مختلف
غیرہ سمی باسامی	ناموں سے موسوم ہیں اس کا
مختلفۃ مجازا اھ	استعمال مجازاً ہے۔

خمر یا تو اَخْتِمَارٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی خمیر اٹھنے کے ہیں، چونکہ اس میں بھی خمیر اٹھ کر جوش پیدا ہوتا اور جھاگ آنے لگتے ہیں اس لئے اس کا نام خمر ہوا یا مُخَامَرَۃٌ سے مشتق ہے جس کے معنی چھپا لینے کے ہیں۔ چونکہ یہ وسواس کو گم کردیتی اور عقل و ہوش کو چھپا دیتی ہے اس لئے خمر سے موسوم ہوئی، ابو عبید نے ضحاک تابعی سے اَعْصِرُ خَمْرًا کی تفسیر میں روایت کیا ہے کہ خمر اہل عمان کی زبان میں انگور[۲] کو کہتے ہیں، اس اعتبار سے شراب انگوری کو خمر کہنے کی مناسبت ظاہر ہے، خمر کا استعمال عربی میں مؤنث ہو کر شائع ذائع ہے اور گو اس کی تذکیر کو بعض ائمہ لغت نے جائز رکھا ہے لیکن لغت فصیح تانیث ہی ہے ۲ پ ۲ ع ۲۶

خَمْرًا ۱۲ پ ۱۵

خُمُرِهِنَّ، ان کی اوڑھنیاں، خُمُرٌ خِمَارٌ کی جمع، مضاف ہے هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ، اصل میں خَمَرٌ کے معنی ہیں کسی شے کے پوشیدہ ہونے کے اور جس چیز کے ذریعہ پوشیدہ ہوا جائے وہ "خمار" ہے لیکن عرف میں خمار اس چیز کا نام ہے جس کے ذریعہ عورت اپنے سر کو چھپاتی ہے یعنی اوڑھنی اور دوپٹہ، ۱۸ پ

---

[۱] عقود الجواہر المنیفہ ج ۲ ص ۱۰۸ طبع مصر۔ [۲] الاتقان فی علوم القرآن ج ۱ ص ۱۳۵ طبع میمنہ مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خَمْسَةٌ۔ پانچ، اسم عدد ہے، مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے، ۲ ۱۰ ۱۲ ۲۲

خُمُسَهٗ۔ اس کا پانچواں حصہ، خُمُس اسم مضاف ہے ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۸ ۱۰

خَمْسِيْنَ۔ پچاس، اسم عدد ہے، مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ ۲۹ ۴

خَمْطٍ۔ کسیلا، بدمزہ، امام بغوی لکھتے ہیں۔ خمط بیلو اور اس کا پھل ہے اس کو بدمزہ بولتے ہیں، یہی اکثر مفسرین کا قول ہے، مبرد اور زجاج کا بیان ہے کہ ہر وہ سبزی جس کے مزہ میں اتنی تلخی پیدا ہو جائے کہ اس کو کھایا نہ جا سکے، وہ خمط ہے، ابن الاعرابی کہتے ہیں کہ خمط ایک درخت کا پھل ہے جس کو فسوۃ الضبع کہا جاتا ہے، خشخاش کی طرح ہوتا ہے اور جھڑ جاتا ہے، اس سے کوئی نفع اندوز نہیں ہوتا۔ ۱ ۳۴ ۱۶

فصل النون المعجمة

خَنَازِيْرَ۔ سور، خِنْزِيْرٌ کی جمع، راغب اصفہانی لکھتے ہیں۔

"ارشاد خداوندی وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ (اور کے ان میں سے بندر اور سور) کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس سے مخصوص جانور کو مراد لیا ہے، اور یہ بھی قول ہے کہ اس سے وہ شخص مراد ہے کہ جس کے اخلاق اور افعال اس جانور کے مشابہ ہوں نہ یہ کہ جس کی خلقت اس طرح کی ہو، اور آیت میں دونوں باتیں مراد ہیں، کیونکہ مروی ہے کہ ایک قوم کی خلقت مسخ ہو گئی تھی، اسی طرح انسانوں میں ایسی جماعت موجود ہے کہ جب ان کے اخلاق کو جانچا جائے تو وہ بندروں اور سوروں کی طرح نکلیں گے اگرچہ ان کی صورتیں انسانوں کی سی صورتیں ہیں"۔ ۱ ۱۳ ۱۰

خَنَّاسِ۔ پیچھے ہٹ جانے والا، چھپ جانے والا، خَنْسٌ سے، جس کے معنی چھپنے اور پیچھے ہٹنے اور رک جانے کے ہیں، مبالغہ کا صیغہ، یہ شیطان کا لقب ہے، کیونکہ جب اللہ کا ذکر ہو تو وہ رک جاتا ہے، تیرہ وسوسہ

۱ معالم التنزیل ج ۵ ص ۲۳۶۔ طبع مصر ۱۳۳۲ھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈال کر غائب ہو جاتا ہے، پ ۳۰

خِنْزِیْر سور پ ۲ ع ۵ پ ۷

خُنَّس۔ پیچھے ہٹ جانے والے، پھر جانے والے، رک جانے والے، چھپ جانیوالے خَانِسٌ کی جمع، جو خَنَسٌ سے اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر ہے، بعض مفسرین کے نزدیک اس سے ستارے مراد ہیں کیونکہ وہ دن میں چھپ جاتے ہیں اور بعض کے نزدیک چاند اور سورج کے علاوہ پانچوں سیارے کہ جن کو "خمسہ متحیرہ" کہتے ہیں، یعنی مریخ، زحل، عطارد، زہرہ اور مشتری کیونکہ ان کی چال کچھ اس ڈھب سے ہے کہ کبھی یہ مشرق سے مغرب کو چلتے ہیں اور کبھی ٹھٹک کر الٹے پھرتے ہیں اور کبھی سورج کے پاس آکر غائب رہتے ہیں، اور بعض کے نزدیک نیل گائے کیونکہ اس میں بھی پیچھے ہٹنے پھر جانے رُکنے اور چھپنے کی صفت موجود ہے، یہ تینوں تفسیریں سلفِ صحابہ اور تابعین سے مروی ہیں۔" [1] پ ۳۰

فصل الواو

خُوَارٌ۔ گائے کی آواز، اصل میں تو یہ لفظ گائے کی آواز کے لئے مخصوص ہے مگر کبھی کبھی بطور استعارہ اونٹ یا بکری یا ہرن یا تیروں کی آواز کے لئے بھی استعمال ہو جاتا ہے پ ۹ ع ۱۶

خَوَالِفَ، پیچھے رہنے والیاں، خَالِفَةٌ کی جمع ہے، خَالِفَةٌ اصل میں خیمے کے پچھلے ستون کو کہتے ہیں اور عورت سے بھی کنایہ ہے۔ کیونکہ وہ کوچ کرنے والوں سے پیچھے رہتی ہے، پ ۱۰ ع ۱۸

خَوَّانٍ۔ خیانت کرنے والا، دغاباز، خِیَانَةٌ سے مبالغہ کا صیغہ (ملاحظہ ہو تَخُوْنُوْا) پ ۱۰ ع ۱۳۔ خَوَّانًا۔ پ ۵ ع ۱۳

خَوْضٍ۔ بیہودہ گوئی، باتیں بنانا، گھسنا، خَاضَ یَخُوْضُ کا مصدر ہے، اصل میں خَوْضٌ کے معنی پانی میں گھسنے کے ہیں اور بطور استعارہ سب کاموں میں گھسنے کے لئے اس کا استعمال ہوتا ہے (ملاحظہ ہو خُضْتُمْ) پ ۱۰ ع ۱۲

[1] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو فتح الباری ج ۸ ص ۵۳۳ طبع میریہ بولاق مصر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خَوْضِهِمْ ان کی بحث، ان کی بک بک، خَوْضِ مضاف، هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ۲ پ

خَوْف۔ ڈر، خوف، خَافَ یَخَافُ کا مصدر ہے (ملاحظہ ہو اَخَافُ) ۱ پ ۲ پ ۳ پ ۴ پ ۵ پ ۶ پ ۷ پ ۸ پ ۹ پ ۱۰ پ ۱۱ پ ۱۲ پ ۱۳ پ ۱۴ پ ۱۵ پ ۱۶ پ ۱۷ پ ۱۸ پ ۱۹ پ ۲۰ پ ۲۱ پ ۲۲ پ ۲۳ پ ۲۴ پ ۲۵ پ ۲۶ پ ۲۷ پ ۲۸ پ ۲۹ پ ۳۰ پ

خَوْفِهِمْ۔ ان کا ڈر، ان کا خوف، خَوْفِ مضاف، هِمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ ۲۸ پ

خَوَّلْنٰكُمْ۔ ہم نے تم کو عطا کیا، ہم نے تم کو دیا خَوَّلَنَا تَخْوِيْلٌ سے، جس کے معنی کسی چیز کا مالک بنانے کے ہیں، ماضی کا صیغہ جمع متکلم كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، ۷ پ

خَوَّلْنٰهُ۔ ہم نے اس کو بخشا، ہم نے اس کو عطا کیا، اس میں هُ ضمیر واحد مذکر غائب ہے ۲۴ پ

خَوَّلَهٗ۔ اس کو عطا کیا، اس کو دیا۔ خَوَّلَ تَخْوِيْلٌ سے، ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب هٗ ضمیر واحد مذکر غائب، ۲۳ پ

فصل الیاء المثناۃ

خِيَاطِ۔ سوزن، سوئی، اسم ہے، ۸ پ

خِيَامِ۔ ڈیرے، خیمے، خَيْمَةٌ کی جمع، ۲۷ پ

خِيَانَةً۔ خیانت، دغا، خَانَ يَخُوْنُ کا مصدر ہے (ملاحظہ ہو تَخُوْنُوْا) ۱۰ پ

خِيَانَتَكَ۔ تجھ سے دغا کرنی، خِيَانَةَ مضاف كَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ

خَيْرٌ۔ بہتر، بھلا، نیکی، بھلائی، نیک کام، جو چیز سب کو پسند ہو، وہ "خیر" ہے عقل، عدل، فضل اور اشیا نافعہ، شر اس کی ضد ہے، خیر کی دو قسمیں ہیں، ایک "خیر مطلق" کہ جو ہر حال میں اور ہر ایک کے نزدیک پسندیدہ ہو جیسے کہ جنت ہے، دوسرے "خیر مقید" جو ایک کے لئے خیر ہو اور دوسرے کے لئے شر جیسے دولت کہ زید کے حق میں خیر ہوتی ہے اور عمرو کے حق میں شر، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے مال کے متعلق دونوں وصف بیان کئے ہیں، چنانچہ ایک جگہ تو ارشاد ہے اِنْ تَرَكَ خَيْرًا (اگر کچھ خیر یعنی مال چھوڑے) اور دوسرے مقام پر فرمایا ہے اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۙ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرَاتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۔ (کیا خیال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رکھتے ہیں کہ یہ جو ہم ان کو دیئے جاتے ہیں مال اور اولاد، تو شتابی کرتے ہیں، ان کی بھلائیوں میں بلکہ یہ لوگ سمجھتے نہیں) قرآن مجید میں جہاں مال کے لئے خیر کا لفظ استعمال ہوا ہے، اس کے متعلق بعض علماء نے تصریح کی ہے کہ اس سے مراد وہ مال ہے جو کثیر ہو اور بوجہ حلال جمع کیا گیا ہو۔

الفاظ خیر و شر کا دو طرح پر استعمال ہوتا ہے، ایک اسم ہو کر جیسے وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ إِلَى الْخَيْرِ (اور تم میں ایک جماعت ہونی چاہئے کہ جو نیک کام کی طرف بلائے) دوسرے وصف ہو کر اس صورت میں افعل التفضیل کے معنی ہوتے ہیں جیسے فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى (پس بلاشبہ بہترین زاد راہ تقویٰ ہے) کہ یہاں خیرا افضل کے معنی میں آیا ہے، آیت شریفہ نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا (ہم لاتے ہیں اس سے بہتر) اور اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ (روزہ رکھو تو تمہارا بھلا ہے) میں خیر اسم بھی ہو سکتا ہے اور معنی افعل بھی۔ یہ واضح رہے کہ خیر کا استعمال کبھی شر کے مقابلہ میں ہوتا ہے اور کبھی ضر یعنی تکلیف اور سختی کے مقابل میں جیسے وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (اور اللہ اگر تجھ کو کچھ سختی پہنچائے تو کوئی اس کا دور کرنے والا نہیں اور اگر تجھے کچھ بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے)

۱	۲	۳
ب ۶ و ۷ و ۱۳	ب ۷ و ۹ و ۱۰ و ۱۱	ب ۳ و ۵ و ۶ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳
۴	۵	۶
ب ۳ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۱	ب ۵ و ۸ و ۱۴ و ۱۶	ب ۵ و ۸ و ۱۰ و ۱۳
۸	۹	۱۰
ب ۹ و ۱۰ و ۱۸	ب ۹ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۶ و ۱۸	ب ۷ و ۱۲ و ۱۴
۱۱	۱۲	۱۳
ب ۲ و ۷ و ۱۱ و ۱۶	ب ۸ و ۱۵	ب ۱ و ۳ و ۶
۱۴	۱۵	۱۶
ب ۱۰ و ۱۶ و ۱۹ و ۲۲	ب ۲ و ۳ و ۱۴ و ۱۸	ب ۲ و ۸ و ۱۲ و ۱۷
۱۷	۱۸	۱۹
ب ۳ و ۶ و ۹ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۵	ب ۲ و ۳ و ۶ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۷	ب او ۱۸ و ۲۰
۲۰	۲۱	۲۲
ب ۳ و ۹ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۴	ب ۷ و ۱۸	ب ۶ و ۱۱
۲۳	۲۴	۲۵
ب ۶ و ۱۲ و ۱۴	ب ۱۹	ب ۵ و ۹ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۵
۲۶	۲۷	۲۸
ب ۲ و ۱۰ و ۱۲	ب ۱۹	ب ۲ و ۳ و ۸ و ۱۴
۲۹	۳۰	
ب ۳ و ۷ و ۱۴	ب ۱۲ و ۱۸ و ۲۲ و ۲۳ و ۲۵	

خَيْرًا

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ب ۳ و ۶	ب ۵	ب ۳ و ۹ و ۱۳	ب ۶	ب ۶	ب ۳ و ۱۰	ب ۱۷	ب ۴	ب ۱۷
۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸
ب ۱۶ و ۱۹	ب ۳	ب ۱۷	ب ۱۱	ب ۱۷	ب ۱۷	ب ۱	ب ۸ و ۱۰ و ۱۷	ب ۱۹
۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
ب ۲ و ۳ و ۱۴	ب ۱۹	ب ۱۹	ب ۱۹	ب ۱۹	ب ۱۹	ب ۱۹	ب ۱۹ و ۲۰	ب ۲۴
۲۸	۲۹	۳۰						
ب ۳ و ۸ و ۱۴	ب ۲۴	ب ۲۴						

خَيْرَاتٌ۔ نیکیاں، بھلائیاں، خوبیاں، نیک عورتیں، اچھی عورتیں، خَيْرَةٌ کی جمع ہے، آیہ شریفہ فِيْهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(اُن میں نیک عورتیں ہیں خوبصورت) میں بعض علماء کا قول ہے کہ خَیِّرَاتٌ اصل میں خَیْرَاتٌ ہے جس کی تخفیف کر لی گئی ہے کیونکہ خیر کا استعمال جب افعل التفضیل کے معنی میں ہو تو اس کی جمع نہیں آتی، خَیِّرَاتٌ خَیِّرَۃٌ کی جمع ہے جس کے معنی اس عورت کے ہیں جو خیر کے ساتھ مخصوص ہو، ۲۷ ۲۴ ۲۲ ۲۱ ۲۰ ۱۷ ۱۵ ۱۴ ۱۳ ۱۲ ۱۱ ۱۰ ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱

خِیَرَۃٌ۔ اختیار، خَارَ یَخِیْرُ کا مصدر ہے ۲۲ ۱۰

خَیْطٌ۔ رشتہ، تاگا، دھاری، قرآن مجید میں خیط ابیض سے سپیدۂ صبح اور خیط اسود سے ظلمتِ شب مراد ہے، ۲

خِیْفَۃٌ۔ خوف، ڈر، خَافَ یَخَافُ کا مصدر ہے راغب لکھتے ہیں، خِیْفَۃٌ اس حالت کا نام ہے جو انسان کو خوف کی حالت میں ہوتی ہے آیہ شریفہ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ (اور پڑھتی ہے گرج اس کی خوبیاں اور سب فرشتے اس کے ڈر سے) میں خیفہ کا استعمال بجائے خوف کے ہوا ہے جو اس امر پر تنبیہ ہے کہ خوف ہر وقت ان کے شامل حال ہے، ایک آن اُن سے جدا نہیں ہوتا۔ ۱۳ ۱۲ ۱۱ ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱

خِیْفَتِکُمْ۔ تمہارا ڈرنا، خِیْفَۃٌ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، یہاں بھی خِیْفَۃٌ کا استعمال خوف کے لئے ہوا ہے، ۲۱

خِیْفَتَہٗ۔ اس کا ڈر، اس کا خوف خِیْفَۃٌ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۱۳

خَیْلٍ۔ گھوڑے، سوار، اصل میں خَیْل گھوڑوں کا نام ہے۔ مجازاً سواروں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، خُیُوْلٌ اور اَخْیَالٌ جمع، ۳ ۱۰ ۱۴ ۲۵

خَیْلِکَ۔ تیرے سوار، تیرے گھوڑے خَیْلِ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ۔ یہاں خیل سے سوار مراد ہیں۔ ۱۵

95

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ حسن سہیل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحیح بخاری شریف

(عربی متن مع اُردو ترجمہ)

ہر مسلمان اس بات سے واقف ہے کہ قرآن کریم کے بعد شریعت اسلامی کی اساس و بنیاد حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اخلاق تہذیب تمدن اور قانون کے سوتے انھیں مبارک چشموں سے پھوٹتے ہیں۔

قرآن کریم کا عملی نمونہ رسول اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات ہے۔ آپ کے اقوال و اعمال اور افعال قرآن کریم کی صحیح تشریح ہیں۔

بخاری شریف ایک ایسی ہی کتاب ہے جس میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سات ہزار بانوں (۷۰۵۲) احادیث مبارکہ جمع کر دی گئی ہیں۔ تمام علماء کرام اور محدثین کرام کا متفقہ فیصلہ ہے کہ کتاب اللہ کے بعد دُنیا میں صحیح ترین کتاب جامع الصحیح للبخاری ہے!

احادیث نبوی سے محبت رکھنے والوں کیلئے

یہ ایک نادر تحفہ ہے

کتاب کے شروع میں حدیث اور اُس کا مفہوم اور اقسام علوم حدیث پر مفصل بحث کی گئی ہے!

سفید کاغذ گلیز، کتابت عمدہ، دیدہ زیب طباعت اور تین مضبوط سنہری پارچہ جلدوں میں دستیاب ہے!

ہدیہ صرف -/۱۵۰ روپے

مشکوٰۃ شریف

دُنیائے اسلام کا ہر فرد واقف ہے کہ کلام الٰہی کے بعد اسلام کی بُنیاد و اساس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال مبارک ہیں جنھیں عرف عام میں حدیث کہا جاتا ہے۔

حدیث کی چھ کتابیں جنھیں اہل علم صحاح ستہ کے نام سے جانتے ہیں بخاری، مسلم، نسائی، ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ ہیں۔ لیکن ان تمام کتابوں کا مطالعہ ہر شخص کے لئے آسان نہیں ہے۔ چنانچہ امام ابو محمد حسین البغوی نے مذکورہ بالا کتابوں اور ان کے علاوہ دیگر کئی معتبر کتب حدیث سے ایک اہم اور عین ضرورت کے مطابق مجموعہ تیار کیا جو علماء میں بہت مقبول ہوا۔ لیکن بعد میں یہ محسوس ہوا کہ اس کتاب میں کئی طرح کی کمی رہ گئی ہے۔

لہٰذا محدث شہیر کے بعد شیخ الاسلام امام ولی الدین خطیب تبریزی نے احادیث کا یہ مجموعہ نہایت تحقیق و اسناد کے ساتھ مشکوٰۃ المصابیح کے نام سے پیش کیا۔

یہ مجموعہ مقبول

اس قدر مقبول عام ہوا کہ کیا علماء اور کیا عوام سبھی نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ یہاں تک کہ درس نظامیہ کے طالب علموں کے لئے اس کا درس لازمی قرار دے دیا۔

اس وقت سے لیکر آجتک کتاب درس نظامی میں شامل ہے۔

سفید کاغذ، تین مضبوط سنہری جلدوں میں

دستیاب ہے!

ہدیہ مکمل -/۱۰۰ روپے

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ حسن سہیل ۱۸ راحت مارکیٹ اردو بازار لاہور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ